5274 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

عوف سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5275 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِيمَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن عوف سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5276 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، وَوَهْبِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبَاءَ عَلَى كُلْثُومِ بْنِ هَرِمٍ اَخِي بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَيُقَالُ: بَلْ نَزَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، فَاَقَامَ فِي بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالثُّلَاثَاءِ وَالْاَرْبِعَاءِ وَالْخَمِيسِ، وَاَسَّسَ مَسْجِدَهُمْ، وَخَرَجَ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَاَدْرَكَتْهُ الْجُمُعَةُ فِي بَنِي سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ، فَصَلَّى الْجُمُعَةَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي بِبَطْنِ الْوَادِي ، قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ: ثُمَّ نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَبِي اَيُّوبَ، وَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَاءِ مَسْجِدِهِ فِي تِلْكَ السَّنَةِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کلثوم بن ھرم بنی عمرو بن عوف کے قباء میں تھے کہا جاتا ہے: بلکہ آپ سعد بن خیثمہ کے پاس آئے آپ بنی عمرو بن عوف میں پیر اور منگل اور بدھ جمعرات تک ٹھہرے آپ نے ان کی مسجد کی بنیاد رکھی بنی عمرو بن عوف سے نکلے تو ابھی بنی سالم بن عوف میں تھے کہ جمعہ آ گیا بطن وادی کی مسجد میں نمازِ جمعہ پڑھایا۔ ابن اسحاق فرماتے ہیں: پھر حضور ﷺ ابوایوب کے گھر آئے اسی سال رسول اللہ ﷺ نے اپنی مسجد بنانے کا حکم دیا۔

5277 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی غنم بن

الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ بْنِ جَارِيَةَ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

سلم بن مالک بن اوس بن حارثہ سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5278 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَوَارِيُّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ كَاَنَّ رَحْمَةً وَقَعَتْ بَيْنَ بَنِي سَالِمٍ وَبَيْنَ بَنِي بَيَاضَةَ ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَفَنَنْتَقِلُ اِلَى مَوْضِعِهَا؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِ اقْبُرُوا فِيهَا ، فَقَبَرُوا فِيهَا مَوْتَاهُمْ

حضرت سعد بن خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دیکھا گویا رحمت بنی سالم اور بنی بیاضہ کے درمیان گری ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اس جگہ منتقل ہو جائیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ اس جگہ قبرستان بناؤ' اس جگہ اپنے مُردوں کو دفن کرو۔

5279 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ كَعْبِ بْنِ النَّحَّاطِ بْنِ كَعْبِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ بن حارث بن مالک بن کعب بن نحاط بن کعب بن حارثہ بن غنم بن سلم بن امرء القیس بن مالک بن اوس کا بھی ہے۔

5280 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا

حضرت کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ ہم اس حج کے لیے نکلے' جب ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت

5278- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه13 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يعقوب بن محمد الزهري وفيه كلام كثير وقد وثق .

يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مَعْبَدُ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا فِي الْحِجَّةِ الَّتِي بَايَعْنَا فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ نَقِيبَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

کی تو بنی عمرو بن عوف کے نقیب حضرت سعد بن خیثمہ بھی تھے۔

5281 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: تَخَلَّفْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، حَتَّى مَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلْتُ حَائِطًا، فَرَأَيْتُ عَرِيشًا قَدْ رُشَّ بِالْمَاءِ، وَرَأَيْتُ زَوْجَتِي، فَقُلْتُ: مَا هَذَا بِالْإِنْصَافِ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّمُومِ وَالْحَمِيمِ، وَأَنَا فِي الظِّلِّ وَالنَّعِيمِ، فَقُمْتُ إِلَى نَاضِحٍ فَاحْتَقَبْتُهُ، وَإِلَى تُمَيْرَاتٍ فَتَزَوَّدْتُهَا، فَنَادَتْ زَوْجَتِي: إِلَى أَيْنَ يَا أَبَا خَيْثَمَةَ؟ فَخَرَجْتُ أُرِيدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، لَحِقَنِي عُمَيْرُ بْنُ وَهْبٍ الْجُمَحِيُّ، فَقُلْتُ: إِنَّكَ رَجُلٌ جَرِيءٌ، وَإِنِّي أَعْرِفُ حَيْثُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنِّي

حضرت سعد بن خیثمہ فرماتے ہیں کہ میں غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک نہ ہوا' رسول اللہ ﷺ گئے' میں باغ میں داخل ہوا' میں نے سایہ دار جگہ دیکھی' اس جگہ پانی چھڑکا ہوا تھا' اپنی بیوی کو دیکھا' میں نے کہا: یہ کیا انصاف ہے؟ رسول اللہ ﷺ گرمی اور دھوپ میں اور میں سایہ اور نعمتوں میں ہوں' میں اس جگہ سے اُٹھا' سواری کی طرف آیا' میں نے تھیلی لی' کھجوروں کی طرف جا کر زادِ راہ لیا' اے ابوخیثمہ! کہاں جا رہے ہو؟ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس جا رہا ہوں' میں ابھی راستہ میں تھا کہ مجھے عمیر بن وہب جمحی ملے' میں نے کہا: تُو بڑا طاقتور آدمی ہے' میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ چلے گئے ہیں' اور میں گنہگار آدمی ہوں' مجھ سے پیچھے رہو حتیٰ کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس خلوت پالوں' عمیر مجھ سے پیچھے رہ گیا' جب میں نے لشکر دیکھا تو لوگوں نے دیکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوخیثمہ ہے؟ میں آیا' میں نے

5281- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 192 وقال: رواه الطبراني وفيه يعقوب بن محمد الزهري وهو ضعيف .

رَجُلٌ مُذْنِبٌ، فَتَخَلَّفَ عَنِّي حَتَّى اَخْلُوَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَخَلَّفَ عَنِّي عُمَيْرٌ، فَلَمَّا اطَّلَعْتُ عَلَى الْعَسْكَرِ، فَرَآى النَّاسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْ اَبَا خَيْثَمَةَ، فَجِئْتُ فَقُلْتُ: كِدْتُ اَهْلِكُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَحَدَّثْتُهُ حَدِيثِي، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا، وَدَعَا لِي

عرض کی: قریب تھا کہ میں ہلاک ہو جاتا' یارسول اللہ! میں نے اپنی بات سنائی' رسول اللہ ﷺ نے بہتر کہا اور میرے لیے دعا کی۔

سَعْدُ بْنُ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ

حضرت سعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ' یہ صحابی ہیں

5282 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ: اِنَّمَا سُمِّيَ نُوحٌ عَبْدًا شَكُورًا لِاَنَّهُ كَانَ اِذَا اَكَلَ وَشَرِبَ حَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کا نام اس لیے شکرگزار بندہ رکھا ہے کیونکہ جب آپ کھاتے اور پیتے تو اللہ کی حمد کرتے۔

سَعْدُ بْنُ عُمَارَةَ، وَيُقَالُ: عُمَارَةُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو سَعِيدٍ الزُّرَقِيُّ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت سعد بن عبادہ' آپ کا نام عمارہ بن سعد ابوسعید الزرقی انصاری رضی اللہ عنہ ہے

5283 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي الْفَيْضِ، عَنْ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ اشجع کے آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی:

5282- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه29 وقال: رواه الطبراني وتابعيه سعد بن سنان لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

5283- النسائي في سننه (المجتبى) جلد6صفحه108' رقم الحديث:3328 .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَشْجَعَ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ امْرَاَتِي تُرْضِعُ، وَاَنَا اَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ اَفَاَعْزِلُ عَنْهَا؟ فَقَالَ: مَا قُدِّرَ فِي الرَّحِمِ سَيَكُونُ

میری عورت بچے کو دودھ پلاتی ہے میں ناپسند کرتا ہوں کہ وہ حاملہ ہو کیا میں اس سے عزل کروں؟ آپ نے فرمایا: جومقدر میں لکھا گیا وہ ہوکر رہے گا۔

سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَشْهَلِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت سعد بن زید اشہلی بدری رضی اللہ عنہ

5284 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَبْدِ بْنِ كَعْبٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبد بن کعب بن عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن زید بن مالک بن عبد بن کعب ہے۔

5285 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن زید کا بھی ہے۔

5286 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنَّا يُقَالُ لَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مَحْمُودٍ، مِنْ وَلَدِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ زَيْدٍ الْاَشْهَلِيِّ، اَنَّهُ:

حضرت سعد بن زید الاشہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے تلوار تحفہ دی یا حضور ﷺ کو نجران کی تلوار بطور ہدیہ دی گئی جب آپ کے پاس محمد بن مسلمہ آئے تو آپ نے ان کو دی آپ نے فرمایا: اس کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو جب لوگوں میں اختلاف

5286- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه127، رقم الحديث: 4605 .

اَهْدَى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفًا مِنْ نَجْرَانَ، اَوْ اُهْدِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفٌ مِنْ نَجْرَانَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ اَعْطَاهُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: جَاهِدْ بِهٰذَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَاِذَا اخْتَلَفَتْ اَعْنَاقُ النَّاسِ، فَاضْرِبْ بِهِ الْحَجَرَ، ثُمَّ ادْخُلْ بَيْتَكَ، وَكُنْ حِلْسًا مُلْقًى، حَتّٰى تَقْتُلَكَ يَدٌ خَاطِئَةٌ، اَوْ تَاْتِيَكَ مَنِيَّةٌ قَاضِيَةٌ

ہو جائے تو اس کو پتھر پر مارنا' پھر اپنے گھر داخل ہو جانا اور ٹاٹ کے پڑے ہوئے ٹکڑے کی طرح ہو جانا' حتیٰ کہ تجھے کوئی خطا کرنے والا ہاتھ قتل کر دے یا فیصلہ شدہ موت تیرے پاس آ جائے۔

5287 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نُعِيَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ خَرَجَ مُتَلَفِّعًا فِي اَخْلَاقِ ثِيَابٍ عَلَيْهِ، حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَسَمِعَ النَّاسُ بِهِ، وَاَهْلُ السُّوقِ حَضَرُوا الْمَسْجِدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ احْفَظُونِي فِي هٰذَا الْحَيِّ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاِنَّهُمْ كِرْشِي الَّتِي آكُلُ فِيهَا وَعَيْبَتِي، اقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت زید بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو خبر دی گئی' آپ کپڑے پہن کر آئے' آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' لوگوں نے اس کو سنا اور بازار والے لوگ مسجد میں آئے' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! انصار کے اس قبیلہ کی حفاظت کرو کیونکہ یہ میری پلیٹ ہیں جس سے میں کھاتا ہوں اور میرے ہمراز ہیں' ان کی اچھائیاں قبول کرو اور بُرائیوں سے درگزر کرو۔

سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانِ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعد بن مالک بن سنان بن ثعلبہ ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ آپ مدینہ آئے تھے

5288 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ

5287- الآحاد والمثاني جلد3 صفحه 333' رقم الحديث: 1718 .

الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: تُوُفِّيَ سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ وَيُكْنَى أَبَا إِيَاسٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ

بن اکوع کا وصال ہوا' آپ کی کنیت ابوایاس ہے اور حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کا وصال ۷۴ ہجری میں ہوا۔

5289 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کا وصال ۷۴ ہجری میں ہوا۔

5290 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي هَارُونَ قَالَ: رَأَيْتُ لِحْيَةَ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ بَيْضَاءَ خِصَلًا

حضرت ابوہارون فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی داڑھی سفید تھی اور لٹیں بنی ہوئی تھیں۔

5291 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ

حضرت عثمان بن عبیداللہ بن رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے زرد رنگ کا خضاب لگایا تھا۔

5292 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمُّ سَعِيدٍ بِنْتُ مَسْعُودِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَهُوَ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ، أَنَّهَا: سَمِعَتْ أُمَّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بِنْتَ أَبِي سَعِيدٍ تُحَدِّثُ،

حضرت اُم عبدالرحمٰن بنت ابوسعید بیان کرتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا' حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ آگے بڑھے' رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک سے خون گر رہا تھا' آپ نے فرمایا: جس کو پسند ہو جس کے خون میں میرا خون شامل ہوا' وہ مالک بن سنان کو دیکھے۔

5292- اخرجه الحاكم فی مستدرکه جلد3صفحه651' رقم الحديث:6394 .

عَنْ اَبِيهَا، اَنَّهُ قَالَ: اُصِيبَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ، فَاسْتَقْبَلَهُ مَالِكُ بْنُ سِنَانٍ فَمَصَّ جُرْحَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى مَنْ خَالَطَ دَمِى دَمَهُ فَلْيَنْظُرْ اِلَى مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ

5293 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری' سعد بن مالک بن سنان رضی اللہ عنہم۔

5294 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِى هَارُونَ الْعَبْدِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ مُمْعَطَ اللِّحْيَةِ، فَقُلْتُ: تَعَبَثُ بِلِحْيَتِكَ، فَقَالَ: لَا، هَذَا مَا لَقِيتُ مِنْ ظَلَمَةِ اَهْلِ الشَّامِ، دَخَلُوا عَلَيَّ زَمَنَ الْحَرَّةِ، فَاَخَذُوا مَا كَانَ فِي الْبَيْتِ مِنْ مَتَاعٍ اَوْ خُرْثِيٍّ، ثُمَّ دَخَلَتْ عَلَيَّ طَائِفَةٌ اُخْرَى، فَلَمْ يَجِدُوا فِي الْبَيْتِ شَيْئًا، فَاَسِفُوا اَنْ يَخْرُجُوا بِغَيْرِ شَيْءٍ، فَقَالَ: اَضْجِعُوا الشَّيْخَ، فَاَضْجَعُونِي، فَجَعَلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِي خُصْلَةً

حضرت ابوہارون العبدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ داڑھی مبارک لمبی تھی' میں نے عرض کی: آپ اپنی داڑھی سے کھیلتے ہیں؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: یہ وہ ہے' جو شام والوں کے ظالموں سے مجھ پر سخت زمانہ گزرا' انہوں نے میرے گھر کا سارا مال لیا ہے' پھر میں دوسرا گروہ میرے گھر میں آیا' میرے گھر میں کوئی شی نہیں تھی' انہوں نے کسی شی کے نہ نکلنے کا افسوس کیا' کہا: اس بزرگ کو لٹاؤ! مجھے انہوں نے لٹایا' ان میں سے ہر ایک میری داڑھی کے بالوں کا گچھا پکڑنے لگا۔

وَمَا اَسْنَدَ اَبُو سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ

5294- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه250 وقال: رواه الطبراني وأبو هارون متروك .

5295- الطبراني في الأوسط جلد9صفحه142' رقم الحديث: 9360 .

الْخُدْرِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

عنہ کی روایت کردہ احادیث

5295 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى، اَخْبَرَهُ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ يَقُولُ: يَخْرُجُ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ نَاسٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اس امت سے لوگ ایسے نکلیں گے جو دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

5296 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، اَنَّ جَمِيلَ بْنَ اَبِي الْمَضَاءِ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: كَيْفَ تَاْكُلُ؟ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا طَعِمَ اَحَدُكُمْ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَا يَمْسَحْ يَدَهُ، حَتَّى يَلْعَقَ اَصَابِعَهُ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي اَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ

حضرت جمیل بن ابی مضاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ مروان بن حکم حضرت زید بن ثابت سے عرض کی: آپ کھانا کیسے کھاتے ہیں؟ فرمایا: حضرت ابوسعید نے مجھے بیان کیا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اپنے ہاتھ (تولیہ یا رومال سے) نہ پونچھے یہاں تک کہ انگلیاں چاٹے کیونکہ اسے معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

5297 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات اس حالت میں گزاری کہ اس کے ہاتھ میں کوئی خوشبو لگی ہوئی تھی؛

وما اسند ابو سعيد الخدري

5296- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 28 وقال: رواه الطبراني وأبو المضاء وابنه جميل لم أعرفهما وبقية رجاله حديثهم حسن أو صحيح ورواه في الأوسط وفيه عبد الله بن محمد بن عمارة الأنصاري قال الذهبي وهو مستور وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح .

5297- ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1096' رقم الحديث: 3297 .

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِی سَعِیدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاتَ وَفِی یَدِهِ رِیحُ غَمَرٍ، فَاَصَابَهُ وَضَحٌ، فَلا یَلُومَنَّ اِلَّا نَفْسَهُ

اس کو کسی شی نے تکلیف پہنچائی' وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔

5298 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِیُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِیُّ، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی حَبِیبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا کَانَ اَحَدُکُمْ یُصَلِّی، فَلا یَرْفَعْ بَصَرَهُ اِلَی السَّمَاءِ لا یَلْتَمِعُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو وہ اپنی آنکھ آسمان کی طرف نہ اُٹھائے۔

5299 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِیُّ، ثنا حَیْوَةُ بْنُ شُرَیْحٍ، ثنا بَقِیَّةُ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطِیَّةَ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا النَّبِیُّ لا کَذِبٌ، اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَنَا اَعْرَبُ الْعَرَبِ، وَلَدَتْنِی قُرَیْشٌ، وَنَشَاْتُ فِی بَنِی سَعْدِ بْنِ بَکْرٍ، فَاَنَّی یَاْتِینِی اللَّحْنُ؟

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نبی ہوں جھوٹ نہیں' میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں' میں عربی ہوں' قریش میں پیدا ہوا ہوں اور بنی سعد بن بکر میں پرورش پائی ہے' کیونکہ لہجہ وزبان میرے پاس خود آتی ہے۔

5300 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِیسَی الطَّبَّاعُ، ثنا ابْنُ اَبِی فُدَیْكٍ، عَنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

5298- النسائی فی سننه (المجتبی) جلد3صفحه7' رقم الحدیث: 1194 .

5299- ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد8صفحه218 وقال: رواه الطبرانی وفیهم مبشر بن عبید وهو متروك .

5300- أورد نحوه الترمذی فی سننه جلد5صفحه109' رقم الحدیث: 2793 .

الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرِ الرَّجُلُ اِلَى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلَا تَنْظُرِ الْمَرْاَةُ اِلَى عَوْرَةِ الْمَرْاَةِ، وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ، وَلَا تُفْضِي الْمَرْاَةُ اِلَى الْمَرْاَةِ

فرمایا: آدمی آدمی کی شرمگاہ کو نہ دیکھے نہ عورت عورت کی شرمگاہ کو دیکھے نہ مرد دوسرے مرد کے ساتھ ایک بستر اور نہ ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک بستر میں سوئیں۔

5301 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو قَزَعَةَ، اَنَّ اَبَا نَضْرَةَ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ اَخْبَرَهُ: اَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، مَاذَا يَصْلُحُ لَنَا مِنَ الْاَشْرِبَةِ؟ قَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، اَوَتَدْرِي مَا النَّقِيرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْجِذْعُ يُنْقَرُ وَسَطُهُ، وَلَا فِي الدُّبَّاءِ، وَلَا فِي الْحَنْتَمَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْمُوكَا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیس کا وفد حضور ﷺ کے پاس آیا' اُنہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ نے ہم کو آپ پر قربان کیا ہے' ہمارے لیے کون سے مشروب بہتر ہیں؟ آپ نے فرمایا: نقیر میں نہ پیو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ ہمیں آپ پر قربان کرے! آپ بتائیں کہ نقیر کیا ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! بتاتا ہوں' لکڑی کو درمیان سے چیر لینا اور دباء' حنتم میں نہ پیؤ موکا نامی برتن میں پیو۔

5302 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا اَبُو نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَهِمَ الرَّجُلُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يَدْرِ اَزَادَ اَمْ نَقَصَ، فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی آدمی کو نماز میں شک ہو اور اسے معلوم نہ ہو کہ کم ہوئی ہیں یا زیادہ؟ تو بیٹھے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

5301- احمد في مسنده جلد3صفحه57' رقم الحديث: 11561 .

5302- ابن ماجه في سننه جلد1صفحه380' رقم الحديث: 1204 .

5303 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: نُهِيَ أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ وَهُوَ قَائِمٌ، وَأَنْ يَلْتَقِمَ فَمَ السِّقَاءِ فَيَشْرَبَ مِنْهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے کھڑے ہوکر پانی پینے سے منع کیا اور مشکیزہ کا منہ اپنے منہ میں ڈال کر پینے سے منع کیا۔

5304 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عَلَى بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَذَاكَرُ، يَنْزِعُ هَذَا بِآيَةٍ وَيَنْزِعُ هَذَا بِآيَةٍ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّمَا تَفَقَّأَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، فَقَالَ: يَا هَؤُلَاءِ أَبِهَذَا بُعِثْتُمْ؟ أَمْ بِهَذَا أُمِرْتُمْ؟ لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہﷺ کے دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ہم تکرار کر رہے تھے کبھی اس آیت کے متعلق کبھی دوسری آیت کے متعلق جھگڑ رہے تھے حضورﷺ ہمارے پاس آئے اس طرح کہ گویا آپ کے چہرے پر انار نچوڑا گیا ہو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں اس کام کے لیے بھیجا گیا ہے کیا تم کو اس کا حکم دیا گیا ہے؟ میرے بعد کافر نہ ہونا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اُڑانے لگو۔

5305 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، أنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سُوَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّهُ: سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ رَضِيَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام نے مجھے نماز کی امامت کروائی نمازِ ظہر پڑھائی جس وقت سورج ڈھل گیا اور نمازِ عصر جس وقت سورج قائم تھا اور نمازِ

5303- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه79 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

5304- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه156 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط والبزار وعن أنس مثله رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات أثبات وفي الأول سويد أبو حاتم ضعفه النسائي وابن معين في رواية وقال أبو زرعة ليس بالقوى حديثه حديث أهل الصدق .

5305- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه30' رقم الحديث: 11267 .

اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّنِي جِبْرِيلُ فِي الصَّلَاةِ، فَصَلَّى الظُّهْرَ حِينَ زَاغَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعَصْرَ حِينَ كَانَتْ قَامَةً، وَصَلَّى الْمَغْرِبَ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ، وَصَلَّى الصُّبْحَ حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اَمَّنِي فِي الْيَوْمِ الثَّانِي، فَصَلَّى الظُّهْرَ وَفَيْءُ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلُهُ، وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالْفَيْءُ قَامَتَانِ، وَصَلَّى الْمَغْرِبَ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ اِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ، وَصَلَّى الصُّبْحَ حِينَ كَادَتِ الشَّمْسُ تَطْلُعُ، ثُمَّ قَالَ: الصَّلَاةُ فِيمَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

مغرب جس وقت سورج غروب ہوگیا اور نمازِ عشاء جس وقت شفق غائب ہوئی اور نمازِ فجر جس وقت فجر طلوع ہوئی' پھر دوسرے دن مجھے امامت کروائی تو نمازِ ظہر پڑھائی جس وقت ہر شی کا سایہ ایک مثل ہوا اور نمازِ عصر جب ہر شی کا سایہ دو مثل ہوا اور نمازِ مغرب جس وقت سورج غروب ہوا اور نمازِ عشاء جس وقت رات کا ایک حصہ ختم ہوا اور نمازِ فجر سورج کے طلوع ہونے کے قریب' پھر عرض کی: ان دونوں وقتوں کے درمیان آپ کی نماز کا وقت ہے۔

5306 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، وَاَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرَيْطٍ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ اَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَاتٌ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پانچ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہیں۔

5307 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ لَهُ مُعْتَمَلٌ، بَيْنَ مَنْزِلِهِ وَمُعْتَمَلِهِ خَمْسَةُ اَنْهَارٍ، فَاِذَا انْطَلَقَ اِلَى

حضور ﷺ نے فرمایا: آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی محنت کرتا ہے اور اس کی محنت والی جگہ اور گھر کے درمیان نہر ہے' وہ کام کرتا ہے جتنی اللہ توفیق دیتا ہے'

5306- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **298** وقال: رواه البزار والطبراني في الأوسط والكبير وزاد فيه ثم صلى صلاة استغفر غفر الله له ما كان قبلها وفيه عبد الله بن قريط ذكره ابن حبان في الثقات وبقية رجاله رجال الصحيح .

مُعْتَمَلِهِ عَمِلَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَاَصَابَهُ الْوَسَخُ اَوِ الْعَرَقُ، فَكُلَّمَا مَرَّ بِنَهَرٍ اغْتَسَلَ، مَا كَانَ ذٰلِكَ مُنَقِّيًا مِنْ دَرَنِهِ، فَكَذٰلِكَ الصَّلَوَاتُ، كُلَّمَا عَمِلَ خَطِيئَةً اَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ صَلَّى صَلَاةً اسْتَغْفَرَ، غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ قَبْلَهَا

اسے پسینہ آتا ہے اور اس سے بدبو آتی ہے' جب وہ نہر کے پاس سے گزرتا ہے تو غسل کرتا ہے' اس کے جسم پر میل باقی رہے گی' اسی طرح پانچ نمازوں کی مثال ہے' جب کوئی گناہ ہو جائے تو وہ اُتر جاتا ہے' پھر نماز پڑھے اور بخشش مانگے' جو اس کے پہلے کے گناہ ہیں' اللہ معاف کر دے گا۔

5308 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَامُ رَمَضَانَ اِلَى رَمَضَانَ كَفَّارَةُ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

5309 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّ مُقْعَدًا ذُكِرَ مِنْهُ زَمَانَةٌ، كَانَ عِنْدَ جِدَارِ اُمِّ سَعْدٍ، فَظَهَرَ بِامْرَاَةٍ حَمْلٌ، فَسُئِلَتْ، فَقَالَتْ: هُوَ مِنْهُ، فَسُئِلَ فَاعْتَرَفَ، فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُجْلَدَ بِاَثْكَالِ عِذْقِ النَّخْلِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لولے آدمی نے ان سے اپاہج عورت کا ذکر کیا' جو اُم سعد کی دیوار کے پاس ہی تھا' عورت کا حمل ظاہر ہوا' اس سے پوچھا گیا تو اس نے کہا: اس کا ہے' بعد میں اس سے پوچھا گیا تو اس نے اعتراف کر لیا' حضور ﷺ نے حکم دیا: کھجوروں کی ٹہنیوں کے ساتھ کوڑے مارے جائیں۔

5310 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ، وَعَلِيٌّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5308- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه142 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن قريظ ذكره ابن أبي حاتم وقال يروى عنه يحيى بن أيوب وبقية رجاله رجال الصحيح .

5309- الدارقطني في سننه جلد3صفحه100' رقم الحديث: 66 .

بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيَّانِ قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنَّ صَاحِبَ تَمْرِكَ يَشْتَرِي صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَمْرِي كَذَا وَكَذَا، فَلَا يَأْخُذُوهُ إِلَّا أَنْ أَزِيدَهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْعَلْ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے اور چاندی چاندی کے بدلے گندم گندم کے بدلے جو جو کے بدلے کھجور کھجور کے بدلے نمک نمک کے بدلے برابر برابر جائز ہے جس نے اضافہ کیا یا اضافہ کروایا اس نے سود کیا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کا ساتھی ایک صاع کے بدلے دو صاع لیتا ہے۔ اس کی طرف بلوانے کے لیے بھیجا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری کھجور ایسی سی ہے اس سے اضافہ لیتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایسا نہ کرنا۔

سَعْدُ بْنُ عَائِذٍ الْقَرَظُ الْمُؤَذِّنُ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سعد بن عائذ القرظ المؤذن انصاری رضی اللہ عنہ

5311 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي حَسَّانَ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمَّارِ بْنِ سَعْدِ الْقَرَظُ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عمار بن سعد القرظ رسول اللہ ﷺ کے مؤذن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے از میرے دادا روایت کیا کہ حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں رکھیں کیونکہ ایسا کرنے سے تمہاری آواز اونچی ہوگی۔

5311- اورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد 1صفحه236 رقم الحديث: 710، والحاكم في مستدركه جلد 3صفحه703 رقم الحديث: 6554 .

بَلَالًا اَنْ يُدْخِلَ اَصْبُعَيْهِ فِي اُذُنَيْهِ، وَقَالَ: اِنَّهُ اَرْفَعُ لِصَوْتِكَ

5312 - وَاَنَّ اَذَانَ بِلَالٍ كَانَ مَثْنَى وَمَثْنَى، وَتَشَهُّدُهُ مُضَعَّفٌ، وَاِقَامَتُهُ مُفْرَدَةٌ، وَقَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ مَرَّةً وَاحِدَةً، وَاَنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِلْجُمُعَةِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كَانَ الْفَيْءُ مِثْلَ الشِّرَاكِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان کے کلمات دو مرتبہ پڑھتے اور اشہد ان لا الہ الا اللہ دو مرتبہ اور اقامت کے کلمات ایک مرتبہ اور قد قامت الصلوٰۃ ایک مرتبہ اور جمعہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں جمعہ کے لیے کہی جاتی ہے جب سایہ ایک مثل ہو جاتا تھا۔

5313 - وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْعِيدَيْنِ سَلَكَ عَلَى دَارِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، ثُمَّ عَلَى اَصْحَابِ الْفَسَاطِيطِ، ثُمَّ بَدَاَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ كَبَّرَ فِي الْاُولَى سَبْعًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، وَفِي الْآخِرَةِ خَمْسًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ، ثُمَّ انْصَرَفَ مِنَ الطَّرِيقِ الْآخَرِ، مِنْ طَرِيقِ بَنِي زُرَيْقٍ، فَذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ عِنْدَ طَرَفِ الزُّقَاقِ بِيَدِهِ بِشَفْرَةٍ، ثُمَّ خَرَجَ عَلَى دَارِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَدَارِ اَبِي هُرَيْرَةَ بِالْبَلَاطِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب عیدین کے لیے نکلتے تو جاتے وقت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے گھر جاتے' پھر اصحاب کے خیموں کے پاس جاتے' پھر خطبہ سے پہلے نماز پڑھاتے' پھر قرأت سے پہلے پہلی رکعت میں سات مرتبہ تکبیریں کہتے' دوسری میں قرأت سے پہلے پانچ دفعہ تکبیریں کہتے تھے' پھر لوگوں کو خطبہ دیتے' پھر دوسرے راستے سے واپس آتے بنی زریق کے راستے سے اور زقاق کی طرف اپنے ہاتھ سے قربانی ذبح کرتے' پھر حضرت عمار بن یاسر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کے گھر جاتے بلاط میں۔

5314 - وَكَانَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيدَيْنِ مَاشِيًا، وَيَرْجِعُ مَاشِيًا، وَكَانَ يُكَبِّرُ بَيْنَ اَضْعَافِ الْخُطْبَةِ، وَيُكْثِرُ التَّكْبِيرَ فِي الْخُطْبَةِ لِلْعِيدَيْنِ

آپ عیدین کے لیے پیدل نکلتے اور واپس بھی پیدل آتے' دونوں خطبوں کے شروع میں تکبیر کہتے' عیدین کے خطبہ میں کثرت سے تکبیریں کہتے تھے۔

5315 - وَكَانَ اِذَا خَطَبَ فِي الْحَرْبِ، خَطَبَ عَلَى قَوْسٍ، وَاِذَا خَطَبَ فِي الْجُمُعَةِ، خَطَبَ عَلَى عَصًا، وَاَنَّ بِلَالًا كَانَ اِذَا كَبَّرَ

آپ جب جنگ میں خطبہ دیتے تو کمان سے سہارا لے کر خطبہ دیتے' جب جمعہ کا خطبہ دیتے تو عصا کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' حضرت بلال رضی اللہ

بِالْاَذَانِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، مَرَّتَيْنِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ، وَيَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ يَنْحَرِفُ عَنْ يَمِينِ الْقِبْلَةِ، فَيَقُولُ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ يَنْحَرِفُ عَنْ يَسَارِ الْقِبْلَةِ، فَيَقُولُ: حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ، فَيَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

عنہ جب اذان دیتے تو آپ کا رُخ قبلہ کی طرف ہوتا' پھر آپ پڑھتے: اللہ اکبر' اللہ اکبر' اشہد ان لا الہ الا اللہ دو مرتبہ' دو مرتبہ اشہد ان محمداً رسول اللہ قبلہ رُخ ہو کر' پھر حی علی الصلوٰۃ کے وقت دائیں جانب پھرتے اور حی علی الفلاح کے وقت بائیں طرف پھرتے' دونوں دو دفعہ کہتے' پھر قبلہ کی طرف منہ کرتے اور پڑھتے: اللہ اکبر' اللہ اکبر' لا الہ الا اللہ' اللہ اکبر۔

5316 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، ثنا الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدِ الْقَرَظِ، اَنَّ اَبَاهُ، وَعُمُومَتَهُ اَخْبَرُوهُ: اَنَّ سَعْدًا الْقَرَظَ كَانَ مُؤَذِّنًا لِاَهْلِ قُبَاءَ، فَانْتَقَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاتَّخَذَهُ مُؤَذِّنًا، اِنَّ السُّنَّةَ فِي صَلَاةِ الْاَضْحَى وَالْفِطْرِ اَنْ يُكَبِّرَ الْاِمَامُ فِي الْاُولَى سَبْعَ تَكْبِيرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، وَيُكَبِّرَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ خَمْسَ تَكْبِيرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَاءَةِ

حضرت حفص بن عمر بن سعد القرظ سے روایت ہے کہ ان کے والد اور پھوپھی نے بتایا کہ حضرت سعد القرظ قباء والوں کی مسجد میں اذان دیتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کو منتقل کیا' مؤذن مقرر کیا' عید الفطر و الاضحیٰ میں سنت ہے کہ قرأت سے پہلے سات مرتبہ تکبیریں اور دوسری قرأت سے پہلے پانچ دفعہ تکبیریں پڑھتی ہیں۔

5317 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَنْ عَمَّارٍ، وَعُمَرَ ابْنَيْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، عَنْ سَعْدٍ، اَنَّ اَوَّلَ مَا

حضرت سعد فرماتے ہیں: انصار کے آدمی کو سب سے پہلے اذان خواب میں دکھائی گئیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا حکم دیا' انصاری نے بتایا: اللّٰہ اکبر' اللّٰہ اکبر' اشہد ان لا الہ الا اللّٰہ' اشہد ان لا الہ

5317- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 329 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الرحمن بن عمار بن سعد ضعفه ابن معين .

بَدَا الْاَذَانُ اَنَّهُ اُرِيَهُ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاَخْبَرَهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا اَنْ يُؤَذِّنَ ، فَاَلْقَاهُ عَلَيْهِ الْاَنْصَارِيُّ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ عَادَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ

الا اللّٰه' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه' پھر اشهد ان لا اله الا اللّٰه' اشهد ان لا اله الا اللّٰه' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰه' حی علی الصلوٰة' حی علی الصلوٰة' حی علی الفلاح' حی علی الفلاح' اللّٰه اکبر' اللّٰه اکبر' لا اله الا اللّٰه ۔

5318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، ثنا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، ثنا الْحَوْضِيُّ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ لَهُ اَذَانًا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے اذان دینے کے لیے مقرر کیا۔

5319 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عَائِذٍ الْقَرَظُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَنْ عَمَّارٍ، وَعُمَرَ ابْنَيْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، عَنْ سَعْدِ الْقَرَظِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

حضرت سعد القرظ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کسی وقت قباء آتے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیتے' لوگوں کو بتانے کے لیے رسول اللہ ﷺ آئے ہیں' لوگ جمع ہو جاتے' ایک دن آپ آئے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے پاس نہیں تھے' آپ نے دیکھا ایک دوسرے کو نصیحت کرنے لگے

5319- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه336 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الرحمٰن بن سعد بن عمار وهو ضعيف .

اَىَّ سَاعَةٍ اَتَى قُبَاءَ اَذَّنَ بِلَالٌ بِالْاَذَانِ، لِاَنْ يَعْلَمَ النَّاسُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَاءَ، فَيَجْتَمِعُوا اِلَيْهِ، فَاَتَى يَوْمًا وَلَيْسَ مَعَهُ بِلَالٌ فَنَظَرَ زُنُوجُ النُّضحِ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضٍ، فَرَقَى سَعْدٌ فِى عِذْقِ الْاَذَانِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى اَنْ تُؤَذِّنَ يَا سَعْدُ، قَالَ: بِاَبِى وَاُمِّى، رَاَيْتُكَ فِى قِلَّةٍ مِنَ النَّاسِ، وَلَمْ اَرَ بِلَالًا مَعَكَ، وَرَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ الزُّنُوجِ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضٍ وَيَنْظُرُونَ اِلَيْكَ، فَخَشِيتُ عَلَيْكَ مِنْهُمْ، فَاَذَّنْتُ، قَالَ: اَصَبْتَ يَا سَعْدُ، اِذَا لَمْ تَرَ بِلَالًا مَعِى فَاَذِّنْ، فَاَذَّنَ سَعْدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فِى حَيَاةِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں اوپر چڑھا اذان دینے کے لیے۔ حضورﷺ نے فرمایا: اے سعد! آپ کو اذان دینے کے لیے کس نے اُبھارا؟ عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں نے لوگوں کو کم دیکھا اور آپ کے ساتھ بلال کو نہیں دیکھا' یہ لوگ ایک آدمی کو دیکھ رہے ہیں' میں نے ان پر خوف کیا' میں نے اذان دی' آپ نے فرمایا: اے سعد! اچھا کیا' جب تُو بلال کو میرے ساتھ نہ دیکھے تو اذان دیا کر۔ میں نے رسول اللہﷺ کے زمانہ میں تین مرتبہ اذان دی۔

5320 - وَبِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ، بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِى الْمَطَرِ

حضورﷺ نے بارش کی وجہ سے نمازِ مغرب و عشاء کو اکٹھا پڑھا۔

5321 - وَبِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّجَاشِىَّ بَعَثَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثِ عَنَزَاتٍ، فَاَمْسَكَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً لِنَفْسِهِ، وَاَعْطَى عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاحِدَةً، وَعُمَرَ وَاحِدَةً، وَكَانَ بِلَالٌ يَمْشِى بِهَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَيَرْكُزُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ فِى الْعِيدَيْنِ، فَيُصَلِّى اِلَيْهَا

اسی سند کے ساتھ ہے کہ حضرت نجاشی نے رسول اللہﷺ کی طرف تین تیر بھیجے' حضورﷺ نے ایک اپنے لیے رکھا اور ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اسے لے کر آپ کے آگے چلے' آپ کے آگے گاڑتے' عیدین میں آپ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔

5321- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد2صفحه58 وقال: رواه الطبرانى فى الكبير وفى اسناده من لم يسم .

سَعْدُ بْنُ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

5322 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ اَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ: سَمِعَ زِيَادَ بْنَ سَعْدِ بْنِ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ مُحَلِّمَ بْنَ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيَّ قَتَلَ رَجُلًا مِنْ اَشْجَعَ فِي الْاِسْلَامِ، وَذَلِكَ اَوَّلُ غِيَرٍ قَضَى بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَكَلَّمَ عُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ فِي قَتْلِ الْاَشْجَعِيِّ لِاَنَّهُ رَجُلٌ مِنْ غَطَفَانَ، وَتَكَلَّمَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ دُونَ مُحَلِّمِ بْنِ جَثَّامَةَ، لِاَنَّهُ رَجُلٌ مِنْ خِنْدِفٍ، قَالَ: فَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ، وَكَثُرَتِ الْخُصُومَةُ وَاللَّغَطُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تَقْبَلُ الْغِيَرَ يَا عُيَيْنَةُ؟، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، حَتَّى اُدْخِلَ عَلَى نِسَائِهِ مِنَ الْحَرْبِ وَالْحَزَنِ مِثْلَ مَا اَدْخَلَ عَلَى نِسَائِي، قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، اِلَى اَنْ قَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ يُقَالُ لَهُ: مُكَيْتِلٌ، فِي يَدِهِ دَرَقَةٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنِّي لَمْ اَجِدْ لِمَا فَعَلَ هَذَا فِي غُرَّةِ الْاِسْلَامِ، اِلَّا غَنَمٌ وَرَدَتْ، فَرُمِيَ اَوَّلُهَا، فَنَفَرَ آخِرُهَا، فَاسْنُنِ الْيَوْمَ وَغَيِّرْ غَدًا، فَقَالَ

حضرت سعد بن ضمیرہ السلمی رضی اللہ عنہ آپ مدینہ آئے تھے

حضرت عروہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ محلم بن جثامہ لیثی سے اسلام میں قبیلہ اشجع کا ایک آدمی قتل ہوگیا' یہ غِیَر کے پہلے شخص تھے جن کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فیصلہ کیا۔ راوی کا بیان ہے: عیینہ بن بدر نے اشجعی کے قتل کے متعلق بات کی کیونکہ یہ بنوغطفان سے ایک آدمی تھا۔ اقرع بن حابس نے محلم بن جثامہ کے علاوہ گفتگو کی' کیونکہ یہ خندف کے آدمی تھے اور آوازیں اونچی ہوئیں' جو جھگڑا اور لغو بُرا بھلا کہنے سے زیادہ ہونے لگیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عیینہ! کیا آپ غِیَر کو قبول نہیں کریں گے؟ حضرت عیینہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! نہیں یہاں تک کہ اس کی عورتوں پر حرب اور غم نہ داخل کر دوں جیسے اس نے میری عورتوں پر داخل کی ہے۔ دو مرتبہ یہ باتیں کہیں' یہاں تک کہ بنی لیث سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس کا نام مکیتل تھا' اس کے ہاتھ میں ڈھال تھی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اسلام نہیں پاتا ہوں اس کیلئے جو یہ کام کرے مگر بکریاں جو داخل ہوں۔ اس نے شروع سے تیر مارا' جو اس کا آخری بھاگ گیا' کچھ آج کے دن رکھا گیا کچھ کل کے دن' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو پچاس فوراً دوا اور پچاس جب ہم

5322- اوردہ ابو داؤد فی سننہ جلد4صفحہ171' رقم الحدیث:4503 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسُونَ فِي فَوْرِنَا هَذَا، وَخَمْسُونَ إِذَا قَدِمْنَا ، وَذَلِكَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَمُحَلِّمٌ رَجُلٌ ضَرْبٌ، طَوِيلٌ، آدَمٌ، فِي طَرَفِ النَّاسِ، قَالَ: فَلَمْ يَزَالُوا بِهِ حَتَّى قَامَ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ كَانَ مِنَ الشَّأْنِ الَّذِي بَلَغَكَ، وَإِنِّي أَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَاسْتَغْفِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَتَلْتَهُ بِسِلَاحِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ، اللّٰهُمَّ لَا تَغْفِرْ لِمُحَلِّمٍ ، بِصَوْتٍ عَالٍ، قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَقُولُ: قَتَلْتَهُ بِسِلَاحِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ، اللّٰهُمَّ لَا تَغْفِرْ لِمُحَلِّمٍ

آئیں' یہ کسی سفر میں ہوا؟ محلم مارنے والا آدمی لمبے قد کا آدمی تھا' لوگوں کی ایک طرف رہتا تھا' راوی کا بیان ہے: یہ مسلسل ہوتا رہا یہاں تک کہ کھڑا ہوا اور حضورﷺ کے آگے بیٹھا' اس کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' عرض کی: یارسول اللہ! یہ معاملہ جو آپ کو پہنچا ہے' آپ کو معلوم ہی ہے کہ میں اللہ سے توبہ کرتا ہوں' یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں' حضورﷺ نے فرمایا: تُو نے اسلام کی روشن ابتداء میں اسے اپنے اسلحہ سے قتل کیا' اے اللہ! محلم کو نہ بخشا! بلند آواز سے تین مرتبہ کہا' ہر مرتبہ یہ کہا: تمہارے اسلحہ سے اسلام کی روشن ابتدا میں وہ قتل ہوا' اے اللہ! محلم کو نہ بخشا۔

5323 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ دَفَنَهُ قَوْمُهُ، فَلَفِظَتْهُ الْأَرْضُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَأَلْقَوْهُ بَيْنَ ضَوَاحِي جَبَلٍ، وَرَبَوْا عَلَيْهِ بِالْحِجَارَةِ، فَأَكَلَتْهُ السِّبَاعُ، قَالَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ: بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خُبِّرَ أَنَّ الْأَرْضَ لَفِظَتْهُ قَالَ: أَمَا إِنَّ الْأَرْضَ تَقْبَلُ مَنْ هُوَ شَرٌّ مِنْهُ، وَلَكِنَّ اللّٰهَ أَرَادَ أَنْ يُرِيَكُمْ عِظَمَ الدَّمِ عِنْدَهُ

حضرت حسن بن حسن فرماتے ہیں کہ ہماری قوم میں ایک آدمی مر گیا (تین مرتبہ دفن کیا) تین مرتبہ زمین نے باہر پھینک دیا) اس کو پہاڑ کی چوٹی پر سے پھینک دیا گیا' پتھروں کے اوپر اس کو درندوں نے کھایا۔ ابن ابوزیاد فرماتے ہیں کہ مجھے خبر معلوم ہوئی کہ حضورﷺ کو جب خبر ہوئی کہ سرزمین نے اس کو پھینک دیا' آپ نے فرمایا: زمین تو اس سے زیادہ بُروں کو بھی قبول کر لیتی ہے' لیکن اللہ عزوجل نے دکھانے کا ارادہ کیا کہ تم کو اپنی طرف سے بڑا خوف دکھائے۔

5324 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ مجھے میرے

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: سَمِعْتُ زِيَادَ بْنَ سَعْدِ بْنِ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيَّ يُحَدِّثُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَجَدِّي وَكَانَا قَدْ شَهِدَا حُنَيْنًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَا: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ الظُّهْرَ، ثُمَّ جَلَسَ إِلَى ظِلِّ الشَّجَرَةِ، فَقَامَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ، وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ فَطَلَبَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ بِدَمِ الْأَشْجَعِيِّ عَامِرِ بْنِ الْأَحْبَطِ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ سَيِّدُ قَيْسٍ، وَالْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ يَدْفَعُ عَنْ مُحَلِّمِ بْنِ جَثَّامَةَ لِخِنْدِفٍ، فَاخْتَصَمَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَأْخُذُونَ الدِّيَةَ خَمْسِينَ فِي سَفَرِنَا هَذَا، وَخَمْسِينَ إِذَا رَجَعْنَا، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الزِّنَادِ

دادا اور والد نے بتایا کہ وہ دونوں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حنین میں شریک ہوئے تھے دونوں فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نمازِ ظہر پڑھائی' پھر آپ درخت کے سایہ میں بیٹھے' حضرت اقرع بن حابس اور عیینہ بن بدر رضی اللہ عنہما کھڑے ہوئے' حضرت عیینہ بن حابس نے عامر بن احبط اشجعی کے خون کا مطالبہ کیا' وہ اس دن قیس کے سردار تھے' اقرع بن حابس نے محلم بن جثامہ خندف کی وجہ سے دفاع کیا' دونوں اپنا جھگڑا رسول اللہ ﷺ کے سامنے لائے' دونوں کی بات رسول اللہ ﷺ نے سنی' آپ نے فرمایا: پچاس اونٹ بطور دیت اس سفر میں ہم سے لے لو اور پچاس واپس جا کر لے لینا۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن بن زیاد والی حدیث کی مثل ذکر کی۔

سَعْدُ بْنُ أَبِي ذُبَابٍ الدَّوْسِيُّ

حضرت سعد بن ابوذباب الدوسی رضی اللہ عنہ

5325 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْأَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعِ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَبَكْرُ

حضرت سعد بن ابوذباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں اسلام لایا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! قوم کے لیے مجھے مقرر کریں جو اسلام لائے ہیں' آپ نے ایسے ہی کیا' آپ نے

5325- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد4صفحه79' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 4صفحه127 رقم الحديث: 7253 .

بْنُ خَلَفٍ، وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ مُنِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ سَعْدِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمْتُ، وَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْعَلْ لِقَوْمِي مَا اَسْلَمُوا عَلَيْهِ، فَفَعَلَ، وَاسْتَعْمَلَنِي عَلَيْهِمْ، وَاسْتَعْمَلَنِي اَبُو بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَعْمَلَنِي عُمَرُ بَعْدَ اَبِي بَكْرٍ، فَقُلْتُ لِقَوْمِي: اِنَّهُ لَا خَيْرَ فِي مَالٍ لَا تُؤَدَّى صَدَقَتُهُ، فَاَدُّوا زَكَاةَ الْعَسَلِ، قَالُوا: كَمْ تَرَى؟ قُلْتُ: الْعُشْرَ، فَاَخَذْتُ مِنْهُمُ الْعُشْرَ، فَاَتَيْتُ بِهِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَبَاعَهُ وَجَعَلَهُ فِي صَدَقَاتِ الْمُسْلِمِينَ

مجھے ان پر مقرر کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے بعد مجھے مقرر کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد مجھے مقرر کیا' میں نے اپنی قوم کے مال میں بھلائی نہیں' جس کی زکوٰۃ نہ دی جائے' شہد کی زکوٰۃ ادا کرو' انہوں نے کہا: کتنی؟ میں نے کہا: دسواں حصہ۔ پس میں نے دسواں حصہ ان سے لیا' میں اس کو لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے اس کو فروخت کیا اور مسلمانوں کے زکوٰۃ کے مال میں رکھا۔

سَعْدُ بْنُ عُمَارَةَ السَّعْدِيُّ وَكَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعد بن عمارہ سعدی رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

الـدُّنيـا، اَخـوَانِ فِـي الْـجَـنَّةِ، فَلْيُسَلِّمْ كُلُّ وَاحِدٍ مِـنْـكُـمَا عَلَى صَاحِبِهِ وليُصَافِحْهُ ، فَاَخَذَ اَبُو بَكْرٍ بِيَدِ عُـمَـرَ، فَتَبَسَّمَ رَسُـولُ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ فَقَالَ: يَكُونُ قَبْلَهُ، يَمُوتُ قَبْلَهُ ، وَقَالَ: يَا زُبَيْـرُ يَـا طَـلْـحَةُ تعَالَا، اُمِرْتُ اَنْ أُوَاخِيَ بَيْنَكُمَا، فَـاَنْتُـمَـا اَخـوَانِ فِـي الـدُّنيـا، اَخـوَانِ فِي الْجَنَّةِ، فَـلْيُسَلِّمْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا عَلَى صَاحِبِهِ ، فَفَعَلَا، ثُـمَّ قَـالَ: يَـا عَـلِيُّ تَعَالَ، يَا عَمَّارُ تَعَالَ، اُمِرْتُ اَنْ أُوَاخِيَ بَيْنَكُمَا، فَاَنْتُمَا اَخوَانِ فِي الدُّنْيَا اَخوَانِ فِي الْـجَـنَّةِ، فَلْيُسَلِّمْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا عَلَى صَاحِبِهِ ، فَفَعَلَا، ثُمَّ قَالَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَلِابنِ مَسْعُودٍ مِثْلَ ذَلِكَ، فَـفَـعَلَا، ثُـمَّ قَـالَ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ، وَلِسَلْمَانَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَـفَعَلَا، ثُمَّ قَالَ لِسَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، وَلِـصُهَيْـبٍ مِثْلَ ذَلِكَ، فَفَعَلَا، ثُمَّ لِاَبِي ذَرٍّ وَلِبِلَالٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَفَعَلَا، ثُمَّ قَالَ: يَـا اُسَامَةُ، وَيَا اَبَا هِنْدٍ تعَالَا - حَـجَّامًا كَانَ يَحْجُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيشْرَبُ دَمَهُ - تعَالَا ، فَـقَـالَ لَهُمَا مِثْلَ ذَلِكَ، وَلِاَبِي اَيُّوبَ، وَلِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ مِثْلَ ذَلِكَ، فَفَعَلَا فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

گا۔ پھر فرمایا: اے زبیر! اے طلحہ! تم دونوں آؤ! مجھے تمہارے درمیان بھائی چارے کا حکم ہوا ہے۔ پس تم دونوں دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے بھائی ہو ایک دوسرے کو سلام کرو۔ دونوں نے ایسے ہی کیا' پھر فرمایا: اے علی! آؤ! اے عمار! آؤ! مجھے تمہارا بھائی چارہ کروانا ہے' وحی الٰہی کے حکم کے مطابق' تم دونوں دنیا اور جنت میں ایک دوسرے کے بھائی ہو' تم میں سے ہر ایک دوسرے کو سلام کرے' دونوں نے ایسا ہی کیا' پھر حضرت اُبی بن کعب اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے ایسے ہی کہا تو دونوں نے ایسے ہی کیا' پھر حضرت ابودرداء اور سلمان رضی اللہ عنہما سے ایسے ہی فرمایا' پھر حضرت سعد بن ابی وقاص اور صہیب رضی اللہ عنہما سے ایسے ہی فرمایا تو دونوں نے ایسے ہی کیا' پھر حضرت ابوذر اور بلال رضی اللہ عنہما' حضرت مغیرہ کے غلام سے یہی فرمایا تو دونوں نے ایسے ہی کیا' پھر فرمایا: اے اسامہ اور ابوہند! دونوں آؤ! ابوہند نے رسول اللہ ﷺ سے پچھنا لگوایا تھا' آپ کا خون نوش کیا تھا' دنوں آئے' دونوں سے اس کی مثل فرمایا' حضرت ابوایوب اور عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہما سے بھی ایسے ہی فرمایا۔ پھر حدیث ذکر کی۔

سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ

حضرت سعید بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ بن

شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

5381 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ: اَيُّ النَّاسِ اَفْصَحُ قَالُوا: سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ

عبد شمس بن عبد مناف رضی اللہ عنہ

حضرت مصعب بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ فصیح کون ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ۔

مَا اَسْنَدَ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ

5382 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ: اسْتَاْذَنَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشِهِ، لَابِسٌ مِرْطَ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لِاَبِي بَكْرٍ، وَهُوَ كَذَلِكَ، ثُمَّ قَضَى اِلَيْهِ حَاجَتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَ عُمَرُ، فَاَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ قَضَى اِلَيْهِ حَاجَتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ، قَالَ عُثْمَانُ: ثُمَّ اسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ، فَجَلَسَ

حضرت سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

حضرت یحییٰ بن سعید بن عاص فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے اجازت طلب کی اس حال میں کہ آپ اپنے بستر پر پہلو کے بل لیٹے ہوئے تھے‘ اپنی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی چادر لپٹی ہوئی تھی تو آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر کو اجازت دے دی اور اسی حال پر برقرار رہے پھر ان کی ضرورت پوری فرمائی‘ پھر وہ تشریف لے گئے‘ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے ان کو بھی اجازت دے دی اور اسی حال پر رہے‘ پھر ان کا کام کیا پھر وہ تشریف لے گئے۔ حضرت عثمان فرماتے ہیں: پھر میں نے اجازت طلب کی۔ پس آپ ﷺ اُٹھ کر بیٹھ گئے‘ اپنا

5382- أبو يعلى في مسنده جلد7 صفحه414‘ رقم الحديث: 4437.

فَجَمَعَ عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، فَقَضَيْتُ إِلَيْهِ حَاجَتِي، ثُمَّ انْصَرَفْتُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ لَمْ تَفْزَعْ لِأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ كَمَا فَزِعْتَ لِعُثْمَانَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُثْمَانُ رَجُلٌ حَيِيٌّ، وَخَشِيتُ إِنْ أَذِنْتُ لَهُ وَأَنَا عَلَى حَالَتِي تِلْكَ أَنْ لَا يَبْلُغَ فِي حَاجَتِهِ

کپڑا اکٹھا کرلیا اور میرا کام کیا' پھر میں واپس آ گیا۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا بات ہے! آپ نے حضرت ابوبکر وعمر کے لیے کوئی اہتمام نہیں کیا جس طرح حضرت عثمان کیلئے اہتمام فرمایا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت عثمان انتہائی حیاء والے آدمی ہیں' مجھے ڈر لگا کہ اگر میں اسی حالت پر ان کو اجازت دوں تو وہ اپنا کام کروانے کیلئے حاضر ہی نہ ہوں۔

5383 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشِهِ، لَابِسٌ مِرْطَ عَائِشَةَ فَأَذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ وَهُوَ كَذَلِكَ، فَقَضَى أَبُو بَكْرٍ حَاجَتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ قَالَ عُثْمَانُ: ثُمَّ اسْتَأْذَنْتُ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَمَعَ عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، ثُمَّ قَضَيْتُ إِلَيْهِ حَاجَتِي، ثُمَّ انْصَرَفْتُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ لَمْ تَفْزَعْ لِأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، كَمَا فَزِعْتَ لِعُثْمَانَ؟ فَقَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ، وَإِنِّي خَشِيتُ أَنْ لَوْ أَذِنْتُ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ أَنْ لَا يُلْقِيَ إِلَيَّ حَاجَتَهُ

حضرت ابن شہاب زہری سے روایت ہے' خبر دی مجھے یحییٰ بن سعید بن عاص نے کہ حضرت سعید بن عاص نے ان کو بتایا کہ رسول کریم ﷺ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی اس حال میں کہ آپ ﷺ اپنے بستر پر پہلو کے بل لیٹے ہوئے تھے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی چادر پہن کر' پس آپ نے اجازت دے دی' اس حال پر اور ان کا کام کر دیا پھر وہ چلے گئے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی تو آپ ﷺ اسی حال پر تھے (ان کو اجازت دے کر) ان کا کام کر دیا' پھر وہ چلے گئے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں: پھر میں نے اجازت مانگی' پس رسول کریم ﷺ اُٹھ کر بیٹھ گئے اور اپنے کپڑوں کو سمیٹ لیا' پھر میرا کام کر دیا تو میں چلا گیا۔ پس حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا وجہ ہے کہ آپ نے ابوبکر و عمر کے لیے کوئی تکلف نہیں کیا لیکن عثمان کیلئے تکلف کیا

ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: عثمان بہت زیادہ حیاء والا آدمی ہے اور مجھے ڈر ہوا کہ اگر میں ان کو اسی حال پر اجازت دیتا ہوں کہ وہ میرے سامنے اپنی حاجت ہی پیش نہیں کرے گا۔

5384 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا عُمَرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ لَنَا غُلَامٌ يُقَالُ لَهُ: ذَكْوَانُ اَوْ طَهْمَانُ، وَكَانَ لَهُ عَبْدٌ، فَاَعْتَقَ نِصْفَهُ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعْتَقُ فِي عِتْقِكَ، وَيُرَقُّ فِي رِقِّكَ

حضرت اسماعیل بن امیہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہمارا غلام تھا جس کا نام ذکوان یا طہمان تھا اس کا غلام تھا اس نے آدھا آزاد کر دیا اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا تو آپ نے آزاد بھی کیا اور غلام بھی رکھا۔

5385 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْعَبْشِيُّ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ الطَّائِفِيُّ مِنْ وَلَدِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، ثنا جَدِّي، عَنْ جَدِّهِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ اَبَا اُحَيْحَةَ جَدَّهُ كَانَ مَرِيضًا حِينَ بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ فِي مَرَضِهِ: لَا تَرْفَعُونِي مِنْ مَضْجَعِي، لَا يَعْدِلُ اِلَيْهِ ابْنُ اَبِي كَبْشَةَ بِمَكَّةَ، فَقَالَ ابْنُهُ وَهُوَ عِنْدَ رَاْسِهِ: اللّٰهُمَّ لَا تَرْفَعْهُ

حضرت ابوامیہ الطائفی حضرت سعد بن العاص کی اولاد فرماتے ہیں کہ مجھے میرے دادا سعید بن العاص نے بتایا کہ ابواحیحہ کا دادا بیمار تھا جس وقت رسول اللہ ﷺ نے اعلانِ نبوت کیا انہوں نے اپنے مرض میں کہا: میرے بستر سے مجھے نہ اُٹھانا ابن ابوکبشہ مکہ میں اس کی طرف نہ پھر جائیں ان کا بیٹے ان کے سر کے پاس موجود تھا اس نے عرض کی: اے اللہ! اس کو نہ اُٹھا!

5386 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا

حضرت سعید بن عاص فرماتے ہیں کہ حضرت

5384- الآحاد والمثانی جلد1صفحہ385؛ رقم الحدیث: 533 .

5385- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 6صفحہ19 وقال: قلت هكذا وجدته فی الأصل رواه الطبرانی واسناده منقطع .

5386- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد4صفحہ252 وقال: رواه الطبرانی وفيه ابراهيم بن زكريا وهو ضعيف .

اِبْرَاهِيمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ الطَّائِفِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ جَدِّهِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ: اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي فِي الِاخْتِصَاءِ، فَقَالَ لَهُ: يَا عُثْمَانُ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَبْدَلَنَا بِالرَّهْبَانِيَّةِ الْحَنِيفِيَّةَ السَّمْحَةَ، وَالتَّكْبِيرَ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ، فَاِنْ كُنْتَ مِنَّا فَاصْنَعْ كَمَا نَصْنَعُ

عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے خصی ہونے کی اجازت دیں! آپ نے فرمایا: اے عثمان! ہم نے رہبانیت کو بدل کر آسان دین کی طرف پھیر دیا' ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ اکبر کہو' اگر تو ہم سے ہے تو وہی کام کر جو ہم کرتے ہیں۔

5387 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا خَلَّادُ بْنُ عِيسَى الْاَحْوَلُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَدِمَتْ بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ مَكَّةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتِهِمْ فَاعْرِضْنِي عَلَيْهِمْ، فَاَتَاهُمْ اَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟، قَالُوا: بَنُو ذُهْلِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، قَالَ: لَيْسَ اِيَّاكُمْ اُرِيدُ، اَنْتُمُ الْاَذْنَابُ، فَقَامَ اِلَيْهِ دَغْفَلٌ، فَقَالَ: وَمَنْ اَنْتُمْ؟، قَالَ: رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، قَالَ: اَمِنْ بَنِي هَاشِمٍ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَمِنْ بَنِي اُمَيَّةَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَاَنْتَ مِنَ الْاَذْنَابِ؟ ثُمَّ عَادَ اِلَيْهِمْ اَبُو بَكْرٍ ثَانِيَةً فَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوا: بَنُو ذُهْلِ بْنِ شَيْبَانَ، قَالَ: اِيَّاكُمْ اُرِيدُ، فَعَرَضَ عَلَيْهِمْ، قَالُوا: حَتَّى يَجِيءَ شَيْخُنَا فُلَانٌ- قَالَ خَلَّادٌ: اَحْسَبُهُ قَالَ: الْمُثَنَّى بْنُ خَارِجَةَ- فَلَمَّا جَاءَ شَيْخُهُمْ عَرَضَ عَلَيْهِمْ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّ بَيْنَنَا

حضرت سعید بن عاص فرماتے ہیں کہ بکر بن وائل قبیلہ کے لوگ مکہ آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو میرے پاس لاؤ' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: کس قوم سے ہو؟ اُنہوں نے کہا: بنوذھل بن شعلبہ سے۔ فرمایا: میری مراد تم نہیں ہو' تم اذناب ہو' دغفل ان کی طرف کھڑا ہوا' اس نے کہا: تم کون ہو؟ قریش کے ایک آدمی نے کہا: کیا بنی ہاشم سے ہو؟ اس نے کہا: نہیں! کہا: بنی امیہ سے؟ کہا: نہیں! کہا: تم اذناب ہو؟ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے' فرمایا: کس قوم سے ہو؟ اُنہوں نے کہا: بنوذھل بن شیبان سے' کہا: تم کس کا ارادہ رکھتے ہو؟ ان کو ان پر پیش کیا' اُنہوں نے کہا: ہمارے بزرگ نہ آئے' خلاد نے کہا: میرا خیال ہے کہ مثنیٰ بن خارجہ' جب ان کا شیخ آیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے' کہا: ہمارے اور ان کے درمیان گھوڑوں کا مقابلہ ہے' جب ہم فارغ ہوں گے تو

5387- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه 211 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات رجال خلاد بن عيسى وهو ثقة .

وَبَيْنَ الْفُرْسِ حَرْبًا، فَإِذَا فَرَغْنَا مِمَّا بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ عُدْنَا فَنَنْظُرُ فِيمَا تَقُولُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَرَاَيْتَ اِنْ غَلَبْتُمُوهُمْ اَتَتْبَعُنَا عَلَى اَمْرِنَا؟ قَالَ: لَا نَشْتَرِطُ لَكَ هَذَا عَلَيْنَا، وَلَكِنْ اِذَا فَرَغْنَا مِمَّا بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ عُدْنَا فَنَظَرْنَا فِيمَا تَقُولُ، فَلَمَّا الْتَقَوْا يَوْمَ ذِي قَارٍ هُمْ وَالْفُرْسُ، قَالَ شَيْخُهُمْ: مَا اسْمُ الرَّجُلِ الَّذِي دَعَاكُمْ اِلَى مَا دَعَاكُمْ اِلَيْهِ؟ قَالُوا: مُحَمَّدٌ، قَالَ: فَهُوَ شِعَارُكُمْ، فَنُصِرُوا عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِي نُصِرُوا

ہمارے اور ان کے درمیان سے ہم تمہارے قول کا انتظار کریں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر غالب آئیں گے تو ہم آپ کی اتباع کریں گے اس نے ہم پر یہ شرط نہ لگائی جب ہم فارغ ہوئے تو ان کے درمیان اور ہمارے درمیان ہم انتظار کریں گے پس جب وہ ذی قار کے دن ملے تو وہ تھے اور گھوڑے ان کے بزرگ نے کہا: اس آدمی کا نام کیا ہے جو تم کو دعوت دیتا ہے؟ اُنہوں نے کہا: محمد! اس نے کہا: وہ تمہاری نشانی ہے اپنی قوم کے خلاف اُن کی مدد کی گئی۔ حضورﷺ نے فرمایا: میری وجہ سے اُن کی مدد کی گئی۔

سَعِيدُ بْنُ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعید بن سعد بن عبادہ انصاری رضی اللہ عنہ آپ مدینہ آئے تھے

5388 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: كَانَ بَيْنَ اَبْيَاتِنَا رُوَيْجِلٌ ضَعِيفٌ سَقِيمٌ مُخْدَجٌ، فَلَمْ يُرَعِ الْحَيُّ اِلَّا وَهُوَ عَلَى اَمَةٍ مِنْ اِمَائِهِمْ يَخْبُثُ بِهَا، فَذَكَرَ ذَلِكَ سَعْدٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى

حضرت سعید بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے گھروں میں ایک کمزور بیمار لاغر رہتا تھا لوگوں کو اس کے متعلق کوئی بات نہیں تھی مگر وہ ان کی لونڈی سے زنا کرتا اس نے اس کا ذکر رسول اللہﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ نے فرمایا: اس کو حد لگاؤ! عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس کو حد لگائیں گے تو یہ کمزور ہے مرجائے گا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس کو سو شاخوں والی

5388- ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 859 رقم الحديث: 2574؛ وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 222 رقم الحديث: 21985 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اضْرِبُوهُ حَدَّهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا إِنْ ضَرَبْنَاهُ حَدًّا قَتَلْنَاهُ إِنَّهُ ضَعِيفٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا لَهُ عِثْكَالًا فِيهِ مِائَةُ شِمْرَاخٍ، فَاضْرِبُوهُ بِهِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

ٹہنی مارو اس کے لیے ایک ہی بار مارو۔

5389 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: كَانَ بَيْنَ أَبْيَاتِنَا رَجُلٌ مُخْدَجٌ ضَعِيفٌ، فَلَمْ يُرَعْ إِلَّا وَهُوَ عَلَى أَمَةٍ مِنْ إِمَاءِ أَهْلِ الدَّارِ يَخْبُثُ بِهَا، فَرَفَعَ شَأْنَهُ سَعْدٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اجْلِدُوهُ مِائَةَ سَوْطٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هُوَ أَضْعَفُ مِنْ ذَاكَ، لَوْ ضُرِبَ مِائَةً مَاتَ، قَالَ: فَخُذُوا لَهُ عِثْكَالًا فِيهِ مِائَةُ شِمْرَاخٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

حضرت سعید بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے گھروں میں ایک کمزور بیمار لاغر رہتا تھا' لوگوں کو اس کے متعلق کوئی بات معلوم نہیں تھی مگر وہ ان کی لونڈی سے زنا کرتا' اس نے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ نے فرمایا: اس کو سو کوڑے حد لگاؤ! عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس کو حد لگائیں گے تو یہ کمزور ہے' مر جائے گا۔ حضور ﷺ نے اس کو سو شاخوں والی ٹہنی مارو' اس کے لیے ایک ہی حد ہو جائے گی۔

5390 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، أَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: خَرَجَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ، وَحَضَرَتْ أُمَّهُ الْوَفَاةُ بِالْمَدِينَةِ، فَقَالَ لَهَا: أَوْصِي، فَقَالَتْ: فِيمَ أُوصِي؟ إِنَّمَا الْمَالُ مَالُ

حضرت سعید بن عمرو بن شرحبیل بن سعید بن سعد بن عبادہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کے لیے نکلے' مدینہ میں ان کی والدہ کی وفات کا وقت آ گیا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وصیت کرو' کس چیز میں وصیت کروں؟ مال تو سعد کا مال ہے' وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے

5390- البيهقي في سننه الكبرى جلد6صفحه278' رقم الحديث: 12412.

سَعْدٍ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ يَقْدَمَ سَعْدٌ، فَلَمَّا قَدِمَ سَعْدٌ، ذُكِرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . فَقَالَ سَعْدٌ: حَائِطُ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ عَنْهَا لِحَائِطٍ سَمَّاهُ

آنے سے پہلے وصال کر گئیں' جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ آئے تو ان کو یہ بات بتائی گئی' حضرت سعد نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو ان کے لیے نفع ہوگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: فلاں فلاں باغ ان کی طرف سے صدقہ کیا۔ اس باغ کا بھی لیا۔

سَعِيدٌ اَبُو كِنْدِيرٍ

حضرت سعید ابوکندیر رضی اللہ عنہ

5391 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ كِنْدِيرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: حَجَجْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَهُوَ يَرْجُزُ، وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

رَبِّ رُدَّ اِلَيَّ رَاكِبِي مُحَمَّدًا
رُدَّهُ رَبِّ اِلَيَّ، وَاصْطَنِعْ عِنْدِي يَدًا

قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: هٰذَا عَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنُ هَاشِمٍ، ذَهَبَتْ اِبِلٌ لَهُ فَاَرْسَلَ ابْنَهُ فِي طَلَبِهَا فَاحْتَبَسَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يُرْسِلْهُ قَطُّ فِي حَاجَةٍ اِلَّا جَاءَ بِهَا، قَالَ: فَمَا بَرِحْتُ اَنْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت کندیر بن سعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے جاہلیت کے زمانہ میں حج کیا' ایک آدمی طواف کر رہا تھا' وہ رجز پڑھ رہا تھا:

''اے رب! میری طرف میرے سوار محمد ﷺ کو بھیج' اے رب! میرے پاس بھیج' اور مجھ پر احسان کر۔

میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبدالمطلب بن ہاشم ہے' اس کے اونٹ چلے گئے ہیں' اس نے اپنا بیٹا اُن کو تلاش کرنے کے لیے بھیجا ہے' اس کو روک لیا گیا حالانکہ جس کام کے لیے بھی اس کو وہ کام کر کے آیا' میں اس سے جدا نہ ہوا تھا کہ حضور ﷺ آئے اور ان کے ساتھ اونٹ آئے' کہا: اے میرے بیٹے! میں آپ کے لیے پریشان ہوا تھا' آپ مجھ سے کبھی جدا نہ ہوں۔

5391- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه659' رقم الحديث: 4184 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ بِالْإِبِلِ مَعَهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، لَقَدْ حَزِنْتُ عَلَيْكَ حُزْنًا لَا يُفَارِقُنِي اَبَدًا

سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَخْزُومِيُّ

كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ، وَهُوَ سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ، وَاُمُّهُ: عَاتِكَةُ بِنْتُ هِشَامِ بْنِ حِذْيَمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ رَبَابِ بْنِ سَهْمٍ

5392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ: كَانَ اَخِي سَعِيدٌ اَكْبَرَ مِنِّي

5393 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثٍ، وَكَانَ لَهُ صُحْبَةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ نِعْمَ الْاَخُ، فَكُنْتُ اَهْوَى الْكُوفَةَ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ فِي بَيْعِ الدَّارِ، فَاَذِنَ بِبَيْعِهَا، فَقَالَ لِي: يَا اَخِي، اَمْسِكْ يَدَكَ عَنْ ثَمَنِ هَذِهِ

حضرت سعید بن حریث مخزومی رضی اللہ عنہ

آپ کوفہ آئے تھے' ان کا نسب سعید بن حریث بن عمرو بن عثمان بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔ ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت ہشام بن حزیم بن سعد بن رباب بن سہم ہے۔

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے بھائی سعید مجھ سے بڑے تھے۔

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے بھائی سعید بن حریث نے بتایا کہ ان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہوا' میرا بھائی کتنا اچھا تھا' پس میں کوفہ کی خواہش رکھتا تھا' ان سے میں نے گھر خرید کرنے کے لیے اجازت مانگی' بیع کی اجازت دی' مجھے کہا: اے میرے بھائی! اپنا ہاتھ اس گھر کی قیمت سے روک رکھ' اور اس سے کوئی شی کم نہ کر' تُو طاقت رکھتا ہے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو تم

5393- الدارمی فی سننه جلد2صفحه353' رقم الحدیث: 2625 .

الدَّارِ، وَلَا تُنْقِصْ مِنْهُ شَيْئًا، وَأَنْتَ تَسْتَطِيعُ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَاعَ مِنْكُمْ دَارًا أَوْ عَقَارًا، فَمَا يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ إِلَّا أَنْ يَجْعَلَهُ فِي مِثْلِهِ، فَصَدَّقْتُ أَخِي بِقَوْلِهِ، وَالْتَمَسْتُ الْبَرَكَةَ بِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَابْتَعْتُ بَعْضَ دَارِنَا هَذِهِ مِنْ ذَلِكَ، فَأَعْقَبَنَا اللّٰهُ بِهَا مَا هُوَ خَيْرٌ

میں سے گھر یا زمین کرے اس کو اس میں برکت دی جائے گی کہ اس کے لیے اس کی مثل رکھا جائے میں نے اپنے بھائی کی تصدیق کی میں نے برکت تلاش کی حضور ﷺ کے فرمان سے اشارہ ہے میں نے اپنا بعض گھر خرید کیا ہم کو اللہ نے اس سے بہتر دے دیا۔

سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعٍ الصَّرْمُ الْمَخْزُومِيُّ

حضرت سعید بن یربوع الصرم المخزومی رضی اللہ عنہ

كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ، وَهُوَ سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعِ بْنِ عَنْكَثَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ مَخْزُومٍ، وَأُمُّهُ: هِنْدُ بِنْتُ رَبَابِ بْنِ سَهْمٍ

آپ مدینہ آئے ان کا نام سعید بن یربوع بن عنکثہ بن عامر بن مخزوم ہے ان کی والدہ ہند بنت رباب بن سہم ہیں۔

5394 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ عِشْرِينَ وَمِائَةٍ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن یربوع رضی اللہ عنہ کا وصال ۵۴ ہجری میں ہوا بوقتِ وصال ان کی عمر ۱۲۰ سال تھی۔

5395 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالُوا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي

حضرت سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم میں بڑا کون ہے؟ عرض کی: آپ بڑے ہیں آپ مجھ سے بہتر ہیں میں عمر کے لحاظ سے پہلے ہوں پس آپ نے اس کا نام سعید رکھا اور فرمایا: صرم ختم ہوگیا۔

5395- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه52 وقال: رواه الطبراني بأسانيد والبزار باختصار ورجاله ثقات .

جَدِّی، عَنْ اَبِیهِ سَعِیدٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: اَیُّنَا اَکْبَرُ؟ ، قَالَ: اَنْتَ اَکْبَرُ وَخَیْرٌ مِنِّی، وَاَنَا اَقْدَمُ سِنًّا، فَسَمَّاهُ سَعِیدًا، وَقَالَ: الصَّرْمُ قَدْ ذَهَبَ

5396 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِینِیِّ، وَحَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ هَارُونَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ حَرْبٍ الْمَوْصِلِیُّ، قَالَا: ثنا زَیْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِیدٍ الْمَخْزُومِیُّ، حَدَّثَنِی جَدِّی، عَنْ اَبِیهِ سَعِیدٍ، وَکَانَ یُسَمَّی الصَّرْمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ: اَرْبَعَةٌ لَا اُؤَمِّنُهُمْ فِی حِلٍّ وَلَا حَرَمٍ: الْحُوَیْرِثُ بْنُ نُفَیْلٍ، وَمِقْیَسُ بْنُ ضَبَابَةَ، وَهِلَالُ بْنُ خَطَلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِی سَرْحٍ ، فَاَمَّا حُوَیْرِثُ فَقَتَلَهُ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَمَّا مِقْیَسُ بْنُ ضَبَابَةَ فَقَتَلَهُ ابْنُ عَمٍّ لَهُ لِحَاءٌ، وَاَمَّا هِلَالُ بْنُ خَطَلٍ فَقَتَلَهُ الزُّبَیْرُ، وَاَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِی سَرْحٍ فَاسْتَاْمَنَ لَهُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَکَانَ اَخَاهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ، وَقَیْنَتَیْنِ کَانَتَا لِمِقْیَسٍ، تُغَنِّیَانِ بِهِجَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قُتِلَتْ اِحْدَاهُمَا، وَاَفْلَتَتِ الْاُخْرَی فَاَسْلَمَتْ

حضرت عمرو بن عثمان بن عبدالرحمٰن بن سعید مخزومی فرماتے ہیں کہ میرے دادا نے' اُنہوں نے اپنے والد سعید سے روایت کیا' ان کا نام صرم تھا کہ حضورﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: چار ایسے ہیں جن کو حرم اور حرم کے باہر امان نہیں ہے' حویرث بن نفیل' مقیس بن ضبابہ' ہلال بن خطل' عبداللہ بن سعد بن ابوسرح۔ حویرث کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا' مقیس بن جنابہ کو ان کے چچازاد لحاء نے قتل کیا' ہلال بن خطل کو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے قتل کیا' عبداللہ بن سعد بن ابوسرح کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امان مانگی' وہ حضرت عثمان کے رضائی بھائی تھے' مقیس کی دو لونڈیاں تھیں' دونوں رسول اللہﷺ کی ہجو کرتی تھیں' ان میں سے ایک کو قتل کیا گیا اور دوسری کو چھوڑا گیا' وہ مسلمان ہوگئی۔

5396- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3صفحه59 رقم الحديث: 2684 . والدارقطني في سننه جلد2صفحه301 رقم الحديث: 292' جلد4صفحه168 رقم الحديث: 29 .

سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت سعید بن ربیع بن عدی بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

5397 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جَحْجَبِيٍّ، سَعِيدُ بْنُ رَبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی جحجی سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن ربیع بن عدی بن بن مالک کا بھی ہے۔

5398 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعِيدُ بْنُ رَبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور اوس اور بنی عمرو بن عوف میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن ربیع بن عدی بن مالک کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ اِيَاسٍ اَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ مُخَضْرَمٌ

حضرت سعید بن ایاس ابوعمرو الشیبانی مخضرم رضی اللہ عنہ

5399 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُولُ: اَذْكُرُ اَنِّي

حضرت ابوعمرو الشیبانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں کاظمہ کے مقام پر اپنے گھر والوں کے اونٹ چراتا تھا۔

5399- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه7 وقال: رواه الطبراني وسماه سعيدا وصوابه سعد وفيه هشام بن عبد الله السلمي ولم أعرفه وبقية رجال الصحيح .

سَمِعْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَرْعَى اِبِلًا لِاَهْلِي بِكَاظِمَةَ

سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَضَبِ بْنِ جُشَمَ بْنِ الْخَزْرَجِ اَبُو عُبَادَةَ الزُّرَقِيُّ بَدْرِيٌّ، وَيُقَالُ: عُبَادَةُ، وَالصَّحِيحُ اَبُو عُبَادَةَ

حضرت سعید بن عثمان بن خالد بن مخلد بن حارثہ بن مالک بن عضب بن جشم بن خزرج ابوعبادہ الزرقی بدری انہیں عبادہ بھی کہا جاتا ہے صحیح ابوعبادہ ہے

5400 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُبَادَةَ الزُّرَقِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ كَانَ يَصِيدُ عَصَافِيرَ فِي بِئْرِ اِهَابٍ وَكَانَتْ لَهُمْ، فَرَآنِي عُبَادَةُ، وَقَدْ اَخَذْتُ عُصْفُورًا فَانْتَزَعَهُ مِنِّي وَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

حضرت یعلی بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عبادہ الزرقی بیان کرتے ہیں کہ وہ اہاب کے کنویں میں چڑیاں شکار کرتے تھے وہ کنواں ان کا اپنا تھا' مجھے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ میں اُنہوں نے چڑیاں پکڑیں' آپ نے چھوڑ دیں اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دے رہا ہوں۔

سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ الْقُرَشِيُّ ثُمَّ السَّهْمِيُّ

حضرت سعید بن حارث بن قیس القرشی سہمی' اجنادین کے دن

5400- أحمد في مسنده جلد5صفحه317 رقم الحديث: 22760' جلد5صفحه329 رقم الحديث: 22841 .

قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ

شہید کیے گئے تھے

5401 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي سَهْمٍ سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اجنادین کے دن مسلمانوں اور قبیلہ قریش' بنی سہم میں سے حضرت سعید بن حارث بن قیس کا نام بھی ہے۔

5402 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ، سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی سہم میں سے اجنادین کے دن جو شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن حارث بن قیس رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ

حضرت سعید بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ

5403 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الطَّائِفِ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، سَعِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ طائف کے دن قریش بنی امیہ بن عبد شمس سے جو مسلمانوں میں سے شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعید بن سعید بن عاص کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ اَبِي رَاشِدٍ

حضرت سعید بن ابو راشد رضی اللہ عنہ

5404 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سعید بن ابو راشد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5404- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه11 وقال: رواه الطبراني والبزار بنحوه وفيه عمرو بن مجمع وهو ضعيف .

الْحَضْرَمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُجَمِّعٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَاشِدٍ، وَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ سَائِبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي أُمَّتِي خَسْفًا، وَمَسْخًا، وَقَذْفًا

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت میں دھنسنا اور شکلوں کا بگڑنا اور تہمت لگانا ہوگا۔

سَعِيدٌ أَبُو عَبْدِ الْعَزِيزِ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت سعید ابو عبدالعزیز رضی اللہ عنہ جن کا نام نسب معلوم نہیں

5405 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْغَفُورِ يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِيهِ - قَالَ عُثْمَانُ: وَكَانَتْ لِأَبِيهِ صُحْبَةٌ - قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَجَبٌ شَهْرٌ عَظِيمٌ، يُضَاعِفُ اللّٰهُ فِيهِ الْحَسَنَاتِ، فَمَنْ صَامَ يَوْمًا مِنْ رَجَبٍ فَكَأَنَّمَا صَامَ سَنَةً، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ غُلِّقَتْ عَنْهُ سَبْعَةُ أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ ثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ عَشَرَةَ أَيَّامٍ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا نَادَى مُنَادٍ فِي السَّمَاءِ قَدْ غُفِرَ

حضرت عبدالعزیز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان جس کے والد صحابی تھے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رجب کا مہینہ بہت عظیم مہینہ ہے اس ماہ میں اللہ عزوجل نیکیوں میں اضافہ کر دیتا ہے جس نے رجب کا ایک روزہ رکھا اس نے گویا مکمل سال کے روزے رکھے جس نے رجب کے سات روزے رکھے اُس کے لیے جہنم کے دروازے بند کیے جائیں گے جس نے آٹھ روزے رکھے اُس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھولے جائیں گے جس نے دس روزے رکھے وہ اللہ سے کوئی بھی شی مانگے گا اللہ اُسے عطا کرے گا جس نے پندرہ روزے رکھے اُس کے لیے آسمان سے آواز دی جائے گی:

5405- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه188 جلد3صفحه191 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الغفور وهو متروك .

لَكَ مَا مَضَى فَاسْتَئْنِفِ الْعَمَلَ، وَمَنْ زَادَ زَادَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي رَجَبٍ حَمَلَ اللّٰهُ نُوحًا فِي السَّفِينَةِ فَصَامَ رَجَبًا، وَاَمَرَ مَنْ مَعَهُ اَنْ يَصُومُوا، فَجَرَتْ بِهِمُ السَّفِينَةُ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، آخِرُ ذٰلِكَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ اُهْبِطَ عَلَى الْجُودِيِّ فَصَامَ نُوحٌ وَمَنْ مَعَهُ وَالْوَحْشُ شُكْرًا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ اَفْلَقَ اللّٰهُ الْبَحْرَ لِبَنِي اِسْرَائِيلَ، وَفِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ تَابَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى آدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى مَدِينَةِ يُونُسَ، وَفِيهِ وُلِدَ اِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تیرے گزشتہ گناہ معاف کیے گئے ہیں' عمل نئے سے شروع کر۔ جس نے زیادہ روزے رکھے تو اللہ پاک نیکیوں میں اضافہ کرے گا' رجب کے مہینے میں اللہ عزوجل نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی میں اُٹھایا' آپ نے رجب کے روزے رکھے' اپنے ساتھ والوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا' آپ کی کشتی چھ ماہ تک چلتی رہی' آخر دس محرم شریف کو جودی پہاڑ پر اُتری' حضرت نوح اور آپ کے ساتھ جو تھے اُنہوں نے اللہ عزوجل کا شکر ادا کرنے کے لیے روزہ رکھا' عاشوراء کے دن بنی اسرائیل کے لیے اللہ عزوجل نے سمندر کو پھاڑا اور عاشوراء کے دن میں اللہ عزوجل نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی' حضرت یونس علیہ السلام کی توبہ اس ماہ میں قبول ہوئی اور اسی ماہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔

سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَزْدِيُّ

حضرت سعید بن یزید ازدی رضی اللہ عنہ

5406 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ الْاَزْدِيِّ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ تَسْتَحِيَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، كَمَا

حضرت سعید بن یزید ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل سے ایسے حیاء کرو جس طرح تم میں سے کوئی اپنی قوم کے نیک آدمی سے حیاء کرتا ہے۔

5406- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه284 وقال: رواه الطبراني ورجاله وثقوا على ضعف في بعضهم .

تَسْتَحِی مِنَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ مِنْ قَوْمِكَ

سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْقَارِئُ

5407 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَيْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ، وَكَانَ يُدْعَى فِی زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَارِءَ، وَكَانَ لَقِيَ عَدُوًّا فَانْهَزَمَ مِنْهُمْ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: هَلْ لَكَ فِی الشَّامِ لَعَلَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: لَا، اِلَّا الْعَدُوَّ الَّذِی فَرَرْتَ مِنْهُمْ، قَالَ: فَخَطَبَهُمْ بِالْقَادِسِيَّةِ فَقَالَ: اَلَا اِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا، وَاِنَّا مُسْتَشْهَدُونَ، فَلَا تَغْسِلُوا عَنَّا دَمًا، وَلَا نُكَفَّنُ اِلَّا فِی ثَوْبٍ كَانَ عَلَيْنَا

حضرت سعید بن عبید القاری رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت سعید بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں حضورﷺ کے زمانہ میں بھی قاری کہا جاتا تھا' آپ نے دشمن سے مقابلہ کیا اور وہ ان سے شکست کھا گئے' ان سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو ملک شام میں امیر مقرر کرتے ہیں' اللہ عزوجل آپ پر احسان کرے گا؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! مگر وہی دشمن جس سے میں بھاگا تھا۔ راوی کا بیان ہے: پس ان لوگوں کو آپ نے قادسیہ میں خطبہ دیا' فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو کل ہم دشمن سے لڑیں گے اور ہم شہید ہوں گے' تم ہمارے خون کو نہ دھونا اور کفن انہیں کپڑوں میں دینا جو ہم پر ہوں۔

سَعِيدُ بْنُ قَيْسِ بْنِ صَخْرٍ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

5408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، سَعِيدُ بْنُ قَيْسِ بْنِ صَخْرِ بْنِ حَرَامِ بْنِ

حضرت سعید بن قیس بن صخر انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعید بن قیس بن صخر بن حرام بن ربیعہ بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ کا بھی ہے۔

5407- ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد3 صفحه23 وقال: رواه الطبرانی فی الکبیر ورجاله رجال الصحیح .

رَبِيعَةَ بْنِ عَدِيّ بْنِ غَنْمِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَلَمَةَ

مَنِ اسْمُهُ سَهْلٌ

سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ حَكِيمٍ

وَيُقَالُ: عُكَيْمُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو يُكْنَى اَبَا ثَابِتٍ بَدْرِيٌّ تُوُفِّيَ بِالْكُوفَةِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

5409 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي صَبِيغَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَوْفٍ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو

5410 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ الْعُكَيْمِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَمْرٌو الَّذِي يُقَالُ لَهُ: بُخْرُجُ بْنُ حَنَشِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ

5411 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

جن کا نام سہل ہے

حضرت سہل بن حنیف بن واہب بن حکیم رضی اللہ عنہ

آپ کو عکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو بھی کہا جاتا ہے' آپ کی کنیت ابوثابت بدری ہے' آپ کا وصال کوفے میں ہوا' آپ کی نماز شہنشاہِ ولایت مولا مشکل کشا علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی صبیغہ بن زید بن مالک بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن حنیف بن واہب بن حکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو کا بھی ہے۔

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن حنیف بن واہب بن عکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو' اور عمرو بن بخرج بن حنش بن عوف بن عمرو بن عوف بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي صَبِيغَةَ بْنِ زَيْدٍ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ

صبیغہ بن زید میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

5412 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5413 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا فَقَالَ: اِنَّهُ بَدْرِيٌّ

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن جندل رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں پڑھیں' پھر ہماری طرف متوجہ ہوکر فرمایا: یہ بدری صحابی ہیں۔

5414 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: صَلَّى عَلِيٌّ عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5415 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5416 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: تُوُفِّيَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ بِالْكُوفَةِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کا وصال کوفہ میں ۳۸ ہجری میں ہوا۔

مَا اَسْنَدَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت سہل بن حنیف کی روایت کردہ احادیث، حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5417 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو شُرَيْحٍ اَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ، وَاِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو صدقِ دل سے شہادت کی دعا مانگتا ہے، اللہ عزوجل اس کو شہداء کے درجے پر فائز کرے گا، اگرچہ وہ اپنے بستر پر مرے۔

5418 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، وَمُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو شُرَيْحٍ اَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدِّدُوا عَلَى اَنْفُسِكُمْ، فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے اوپر سختی نہ کرو، تم سے پہلے لوگ اپنے اوپر سختی کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئے، ان کی نشانی ان کے گرجوں اور گھروں میں پاؤ گے۔

5417- الدارمي في سننه جلد2صفحه270، رقم الحديث: 2407 .

5418- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه62 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه عبد الله بن صالح كاتب الليث وثقه جماعة وضعفه آخرون .

قَبْلَكُمْ بِتَشْدِيدِهِمْ عَلَى أَنْفُسِهِمْ، وَسَتَجِدُونَ بَقَايَاهُمْ فِي الصَّوَامِعِ وَالدِّيَارَاتِ

5419 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَا يُهَرَاقُ مِنْ دَمِ الشَّهِيدِ يُغْفَرُ لَهُ ذَنْبُهُ كُلُّهُ إِلَّا الدَّيْنَ ،

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شہید کے سارے گناہ خون کے پہلے قطرے سے معاف ہو جاتے ہیں سوائے قرض کے۔

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، وَأَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيَّانِ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5420 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کسی کے پاس کسی مؤمن کو ذلیل کیا جا رہا ہو وہ اس کی مدد نہ کرے حالانکہ وہ اس کی مدد کرنے پر طاقت رکھتا تھا تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن تمام مخلوق کے سامنے رسوا کرے گا۔

5419- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه130' رقم الحديث: **2555** .

5420- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد3صفحه487' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7صفحه267 وقال رواه أحمد والطبراني وفيه ابن لهيعة وهو حسن الحديث وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات .

عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اُذِلَّ عِنْدَهُ مُؤْمِنٌ وَلَمْ يَنْصُرْهُ، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى اَنْ يَنْصُرَهُ، اَذَلَّهُ اللّٰهُ عَلَى رُءُوسِ الْاَشْهَادِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

5421 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِينَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اعْتَمَرَ وَكَانَ فِي الطَّرِيقِ قَالَ: لَوْ نَظَرْنَا اِلَى كُلِّ بَعِيرٍ سَمِينٍ فَنَحَرْنَاهُ وَاَكَلْنَاهُ حَتَّى يَرَوْا قُوَّتَنَا، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَلِ ادْعُ بِاَزْوَادِ الْقَوْمِ، ثُمَّ ادْعُ فِيهَا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُبَارِكُ فِيهَا، فَفَعَلَ ذٰلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَدِمْتُمْ فَارْمُلُوا الثَّلَاثَةَ الْاَشْوَاطَ الْاُوَلَ حَتَّى يَرَوْا قُوَّتَكُمْ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے جب عمرہ کیا تو آپ راستے میں تھے' آپ نے فرمایا: اگر ہم موٹے اونٹ دیکھیں تو ہم اس کو نحر کریں گے اور کھائیں گے یہاں تک کہ ہماری طاقت دیکھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ قوم کا زادِراہ منگوائیں پھر اس میں دعا کریں' اللہ عزوجل آپ کی دعا کی برکت سے (اس میں) اضافہ کرے گا۔ حضور ﷺ نے ایسے ہی کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم طواف کرو تو پہلے تین چکروں میں رمل کرو تا کہ وہ تم کو مضبوط دیکھیں۔

5422 - وَيَوْمَئِذٍ يَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرُوا النَّاسَ، اَنَّهُ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

اس دن آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو خوشخبری دو کہ جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

5423 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ

5421- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه **239** وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رشدين بن سعد وفيه كلام وقد وثق .

5423- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه **463**' رقم الحديث: **5736** .

الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْحِمْيَرِيُّ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ اَبِي: يَا بُنَيَّ، لَقَدْ رَاَيْتُنَا يَوْمَ بَدْرٍ، وَاِنَّ اَحَدَنَا لَيُشِيرُ بِسَيْفِهِ اِلَى رَاْسِ الْمُشْرِكِ فَيَقَعُ رَاْسُهُ عَنْ جَسَدِهِ قَبْلَ اَنْ يَصِلَ اِلَيْهِ

میرے والد نے کہا: اے میرے بیٹے! ہم نے بدر کے دن دیکھا کہ اگر ہم میں سے کوئی کسی مشرک کے سر کی طرف اشارہ کرتا تو اس کا سر تلوار لگنے سے پہلے جسم سے جدا ہوتا تھا۔

5424 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنِي اَبُو شَرِيكٍ يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ ضِمَادٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي يَحْيَى، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَوْلَى الرَّجُلِ اَخُوهُ وَابْنُ عَمِّهِ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کا غلام اس کا بھائی اور چچا کا بیٹا ہے۔

5425 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مُجَمِّعُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكِرْمَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَرَجَ حَتَّى يَاْتِيَ هَذَا الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّي فِيهِ - يَعْنِي مَسْجِدَ قُبَاءَ - كَانَتْ كَعَدْلِ عُمْرَةَ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نکلے یہاں تک کہ اس مسجد (قباء) میں آئے اور نماز پڑھے تو اس کے لیے عمرہ کے برابر ثواب ہوگا۔

5425- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه13، رقم الحديث: **4279** .

5427- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 11 وقال: قلت رواه ابن ماجه وغيره وقالوا كان كعدل عمرة وهنا كعدل رقبة رواه الطبراني في الكبير وفيه موسى بن عبيدة وهو ضعيف .

5426 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمِ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكَرْمَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى مَسْجِدَ قُبَاءَ، فَصَلَّى فِيهِ كَانَتْ عُمْرَةً

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے بیان کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو مسجد قباء میں آئے' نماز پڑھے تو اس کے لیے عمرہ کے برابر ثواب ہے۔

5427 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، اَخْبَرَنِي يُوسُفُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوءَهُ، ثُمَّ دَخَلَ مَسْجِدَ قُبَاءَ فَرَكَعَ فِيهِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، كَانَ ذَلِكَ عَدْلَ رَقَبَةٍ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اچھی طرح وضو کیا' پھر مسجد قباء میں آیا' اس میں چار رکعت نفل ادا کیے تو اس کو ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔

5428 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكَرْمَانِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ عُمْرَةً،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اچھی طرح وضو کیا' پھر مسجد قباء میں آیا' اس میں چار رکعت نفل ادا کیے تو اس کو ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے'

نحمَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكَرْمَانِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

وہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5429 - ثنا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ كُتِبَ لَهُ عِشْرُونَ حَسَنَةً، وَمَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ كُتِبَ لَهُ ثَلَاثُونَ حَسَنَةً

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے السلام علیکم کہا' اُسے دس نیکیوں کا ثواب ملے گا' جس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا اُس کے لیے بیس نیکیاں لکھی جائیں گی اور جس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا اُس کے لیے تیس نیکیاں لکھی جائیں گی۔

5430 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: جَاءَ عَلِيٌّ اِلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَوْمَ اُحُدٍ، فَقَالَ: اَمْسِكِي سَيْفِي هَذَا، فَقَدْ اَحْسَنْتُ بِهِ الضَّرْبَ الْيَوْمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتَ اَحْسَنْتَ بِهِ الْقِتَالَ، فَقَدْ اَحْسَنَهُ

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' اُحد کے دن کہا: میری یہ تلوار سنبھال کر رکھو' میں نے اس کے ساتھ آج کے دن خوب ضربیں لگائی ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو نے اس کے ساتھ اچھی لڑائی کی ہے تو عاصم بن ثابت اور سہل بن حنیف اور حارث بن صمہ نے بھی اچھی طرح لڑائی کی ہے۔

5429- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه31 وقال: رواه الطبراني وفيه موسى بن عبيدة الربذي وهو ضعيف .

5430- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه464' رقم الحديث: 5739 .

عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ، وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، وَالْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ

5431 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْاُمَوِيُّ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُقْعَدٍ زَنَى، فَضَرَبُوهُ بِاُثْكُولٍ، اَوْ اِثْكَالِ النَّخْلِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس زنا کرنے والے لائے گئے تو آپ نے ان کو کھجور کی چال کے ساتھ مارا۔

5432 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لَوْنَيْنِ مِنَ التَّمْرِ، الْجُعْرُورِ، وَلَوْنِ الْحُبَيْقِ، قَالَ: وَكَانَ النَّاسُ يَتَيَمَّمُونَ شِرَارَ ثِمَارِهِمْ، فَيُخْرِجُونَهَا فِي صَدَقَاتِهِمْ، فَنَزَلَتْ: (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: **267**)

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے دو رنگوں کی کھجوروں سے منع کیا' چھوٹی بے فائدہ کھجور اور ریحان یا پودینہ کے رنگ کی۔ اور فرمایا: لوگ اپنے پھلوں میں سے بُرے پھلوں کا ارادہ کرتے ہیں' پس وہ صدقہ دیتے وقت بھی وہی نکالتے ہیں' پس یہ آیت نازل ہوئی: ''ولا تیمموا الخبیث الی آخرہ''۔

5433 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ

حضرت سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ رسول کریمﷺ نے صدقہ کا حکم فرمایا تو ایک آدمی اس کھجور سے چند خوشے لگایا جس کی گٹھلی ابھی کچی تھی۔ پس اس نے وہ رکھ دیئے تو رسول کریمﷺ تشریف لائے۔

5431- أورد نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد**4**صفحه**313**' رقم الحديث: **7310** .

5432- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد**2**صفحه**110** رقم الحديث: **1607** . والدارقطني في سننه جلد**2** صفحه **131** رقم الحديث: **13** .

سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِكَبَائِسَ مِنْ هَذَا السُّخْلِ، فَوَضَعَهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ جَاءَ بِهَذَا؟، فَكَانَ لَا يَجِيءُ اَحَدٌ اِلَّا صَبَّ الَّذِي جَاءَ بِهِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: 267)، وَنَهَى يَوْمَئِذٍ عَنِ الْجُعْرُورِ، وَلَوْنِ ابْنِ الْحُبَيْقِ، اَنْ يُؤْخَذَ فِي الصَّدَقَةِ قَالَ الزُّهْرِيُّ: صِنْفَانِ مِنْ تَمْرِ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ عَبَّادٌ، قَالَ سُفْيَانُ: السُّخْلُ الشِّيصُ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کون لایا؟ پس کوئی ایک نہیں لا سکتا تھا مگر وہی جو اسے رونے کو خود پسند کرے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: ''یا ایها الذین امنوا الٰی آخرہ'' اور اس دن آپ نے چھوٹی بے فائدہ کھجور سے منع کیا اور پودینہ کے رنگ والی (کچی) کھجور سے کہ اسے صدقہ میں لیا جائے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: مدینہ کی کھجور کی دو قسمیں ہیں۔ اور حضرت عباد نے کہا: حضرت سفیان کا قول ہے: سخل کا معنی وہ کھجور ہے جس کی گٹھلی ابھی کچی ہو۔ (ردّی اور ناکارہ کھجور جس کا گابھا صحیح نہ لگا ہو)

5434 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: مَرِضَ رَجُلٌ حَتَّى صَارَ جِلْدًا، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ تَعُودُهُ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَضَاقَ صَدْرًا بِخَطِيئَتِهِ، فَجَاءَ الْقَوْمُ يَعُودُونَهُ، فَقَالَ: سَلُوا لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي قَدْ وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَةٍ حَرَامًا، فَلْيُقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ، وَلْيُطَهِّرْنِي،

حضرت ابوامامہ بن سہل حنیف فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بیمار ہوا اس کا جسم سخت ہوا ایک لونڈی اس کی عیادت کرنے کے لیے آئی اس نے اس سے زنا کیا اس کا سینہ گناہوں سے بھر گیا لوگ اس کی عیادت کے لیے آئے اس نے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرے بارے سوال کرو میں نے زنا کرلیا ہے اور وہ مجھ پر حد لگائیں اور مجھے پاک کریں اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں ہوا تو لوگوں نے کہا: اگر اس کو آپ کی طرف اُٹھا کر لے آئیں تو اس کی ہڈیاں بکھر جائیں

5434- النسائی فی السنن الکبری جلد 4 صفحہ 312 رقم الحدیث: 7307 جلد 4 صفحہ 313 رقم الحدیث: 7308.

فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: لَوْ حُمِلَ إِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ، وَلَوْ جُلِدَ لَمَاتَ، قَالَ: فَخُذُوا مِائَةَ شِمْرَاخٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

گی اگر کوڑے ماریں تو مر جائے گا' آپ نے فرمایا: سو شاخوں والی لکڑی پکڑو اور اس کو ایک ہی دفعہ مار دو۔

5435 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْجَلِيلِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَحْصَبِيُّ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ، حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فِي الْآيَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة:**267**)، قَالَ: هُوَ الْجُعْرُورُ، وَلَوْنُ ابْنِ حُبَيْقٍ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُؤْخَذَا فِي الصَّدَقَةِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اس آیت کے بارے میں جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "ولا تیمموا الخبيث الى آخره "فرمایا: اس سے مراد چھوٹی بے فائدہ کھجور اور پودینے کے رنگ والی ہے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ میں اسے لینے سے منع فرمایا۔

5436 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہوگیا ہے۔

5437 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل خبیث ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل

5436- مسلم في صحيحه جلد**4**صفحه**1765** رقم الحديث: **2250** . والبخاري في صحيحه جلد **5**صفحه**2285** رقم الحديث: **5825**' جلد**5**صفحه**2286** رقم الحديث: **5826** .

شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

سخت ہوگیا ہے۔

5438 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہوگیا ہے۔

5439 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اِذَا كَانَ بِالْخَرَّارِ، دَخَلَ مَاءً يَغْتَسِلُ، وَكَانَ رَجُلًا بَيْضَاءَ، فَمَرَّ بِهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ حُسْنَ شَيْءٍ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَمَا لَبِثَ سَهْلٌ اَنْ لُبِطَ، فَدَعَا لَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، مَنْ تَتَّهِمُونَ بِهِ؟ ، قَالُوا: عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَدَعَا عَامِرًا،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ نکلے' جب مقامِ خرار پر پہنچے تو یہ غسل کرنے کے لیے پانی کے پاس آئے' حضرت سہل سفید آدمی تھے' ان کے پاس سے حضرت عامر بن ربیعہ گزرے' عامر بن ربیعہ نے کہا: آج تک میں نے ان جیسی خوبصورت شی نہیں دیکھی' نہ پردہ میں رہنے والی عورت' کچھ دیر بعد حضرت سہل بیہوش ہو کر گر پڑے' حضور ﷺ نے حضرت سہل کو بلوایا' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنے کا ارادہ رکھتا ہے؟ تم شک کس پر کرتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا: عامر بن ربیعہ پر۔ آپ نے عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ نے پانی کا برتن منگوایا' عامر

5439- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1160 رقم الحديث: 3509 . ومالك في الموطأ جلد2صفحه938 رقم الحديث: 1678' جلد2صفحه939 رقم الحديث: 1679 .

وَدَعَا بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَأَمَرَ عَامِرًا، فَغَسَلَ وَجْهَهُ فِي الْمَاءِ، وَأَطْرَافَ يَدَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبْعَيْ إِزَارِ عَامِرٍ وَدَاخِلَتَهُ، فَغَمَرَهَا فِي الْمَاءِ، ثُمَّ أَفْرَغَ الْإِنَاءَ عَلَى رَأْسِ سَهْلٍ، وَأَكْفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ دُبُرِهِ، فَأَطْلَقَ سَهْلٌ لَا بَأْسَ بِهِ

کو حکم دیا' حضرت عامر نے پانی کے ساتھ اپنا چہرہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھ اور گھٹنے اور دونوں پاؤں کی طرفیں پھر حضور ﷺ نے حضرت عامر کا تہبند پکڑا' شرمگاہ پر پانی چھڑکا' پھر پانی کا برتن پکڑا' حضرت سہل سے فرمایا: کچھ پانی ان کے سر کے اوپر ڈالا' ان کی پیٹھ پیچھے سے برتن انڈیل دیا' حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی تکلیف ہی نہیں تھی۔

5440 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: رَأَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَعَجِبَ مِنْهُ، فَقَالَ: بِاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ مُخَبَّأَةً فِي خِدْرِهَا - أَوْ قَالَ: فَتَاةً فِي خِدْرِهَا - ، قَالَ: فَلُبِطَ بِهِ حَتَّى مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، قَالَ: فَذُكِرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ أَحَدًا؟ ، فَقَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِلَّا أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ قَالَ لَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَدَعَاهُ، وَدَعَا عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ إِذَا رَأَى مِنْهُ شَيْئًا يُعْجِبُهُ فَلْيَدْعُ لَهُ بِالْبَرَكَةِ ، قَالَ: ثُمَّ أَمَرَهُ فَغَسَلَ لَهُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَظَاهِرَ كَفَّيْهِ، وَمِرْفَقَيْهِ، وَغَسَلَ صَدْرَهُ، وَدَاخِلَةَ إِزَارِهِ، وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ فِي الْإِنَاءِ ظَاهِرَهُمَا، ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِهِ، وَكَفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ خَلْفِهِ - حَسِبْتُهُ قَالَ: وَأَمَرَهُ فَحَسَا مِنْهُ حَسَوَاتٍ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' ان کو پسند آیا تو حضرت عامر نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک باپردہ خاتون کو بھی اس جیسا نہیں دیکھا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' سر نہ اُٹھا سکے۔ اس کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں کیا گیا تو آپ نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! عامر بن ربیعہ کے علاوہ کوئی نہیں ہے' اس نے ایسے ایسے کہا ہے۔ آپ نے سہل اور عامر بن ربیعہ کو بلوایا اور فرمایا: اللہ پاک ہے' کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' جب تم میں سے کوئی کسی شی کو دیکھے جو اُسے اچھی لگے تو وہ اس کے لیے برکت کی دعا کرے۔ پھر آپ ﷺ نے حضرت عامر کو ان کیلئے غسل کا حکم دیا' پس اُنہوں نے اپنا چہرہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھوئے اور اپنا سینہ اور چادر کے اندر سے' گھٹنے اور پاؤں دھوئے برتن میں' پھر آپ نے حضرت سہل کے سر

- فَاَمَرَهُ فَقَامَ فَرَاحَ مَعَ الرَّكْبِ

پر پانی چھڑکنے کا حکم دیا اور ان کے پیچھے سے ان کے برتن کے لیے پانی ڈالا گیا۔ داؤد حدیث فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ چند چلّو پانی بہانے کا حکم دیا' حضرت سہل اس کے بعد کھڑے ہوئے اور قافلے کے ساتھ سوار ہو کر چل پڑے۔

5441 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ قَالَ: رَاَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَلُبِطَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ لَهُ اَحَدًا؟ ، قَالُوا: نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، اَلَا بَرَّكْتَ؟، اغْتَسِلْ لَهُ فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَاَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهِ فِي قَدَحٍ، ثُمَّ صَبَّ عَلَيْهِ، فَرَاحَ سَهْلٌ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک اس جیسی کوئی باپردہ خاتون بھی نہیں دیکھی' حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہم عامر بن ربیعہ پر۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ غصہ ہوئے' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' کیا برکت کی دعا نہیں کر سکتا ہے! عامر کو غسل کرنے کا کہا' حضرت عامر نے اپنا چہرہ دھویا اور کہنیاں اور گھٹنے اور پاؤں دونوں اطراف' پھر حضرت سہل رضی اللہ عنہ پر پانی ڈالا گیا تو حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی بیماری ہی نہیں ہے۔

5442 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت عامر بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ بنی عدی بن کعب کے بھائی' نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو دیکھا' یہ رسول

حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حَنِيفٍ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ اَخَا بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ رَاَى سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَهُوَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَرَّارِ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جَلْدَ مُخَبَّاةٍ، فَلُبِطَ سَهْلٌ، فَاُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ لَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ اَحَدٍ؟ ، قَالُوا: نَعَمْ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟، اَلَا بَرَّكْتَ؟، اغْتَسِلْ لَهُ ، فَغَسَلَ لَهُ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

اللہ ﷺ کے ساتھ مقامِ خراز پر تھے اور غسل کر رہے تھے' حضرت عامر نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج کے دن تک ان جیسی کوئی باپردہ خاتون ہی نہیں دیکھی' حضرت سہل رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ سہل بن حنیف کو نہیں دیکھ رہے کہ یہ اپنا سر نہیں اُٹھا رہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: عامر بن ربیعہ پر کہ وہ گزر رہے تھے اس حالت میں کہ یہ غسل کر رہے تھے اور اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے کوئی باپردہ خاتون بھی آج تک اس جیسی نہیں دیکھی ہے۔ حضور ﷺ نے حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کو بلوایا' غصہ ہوئے' فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' کیا تم برکت کی دعا نہیں کر سکتے؟ اس کیلئے غسل کرو' حضرت عامر نے غسل کیا' ' حضرت سہل بن حنیف قافلے کے ساتھ چل دیئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ بیماری ہی نہیں تھے۔

5443 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ الْعَدَوِيَّ مَرَّ عَلَى سَهْلٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ فِي الْخَرَّارِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاةٍ، فَلُبِطَ سَهْلٌ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے' ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری نے مجھے خبر دی کہ عامر بن ربیعہ عدوی' سہل کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ تالاب میں نہا رہے تھے تو انہوں نے کہا: قسم بخدا! میں نے آج کی طرح کسی کو نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی پردہ نشیں دوشیزہ کی جلد کو دیکھا (یہ وہ آدمی تھا جس کی نظر لگتی تھی) پس سہل گر گئے۔ پس ان کو رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِي سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ؟ ، قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَرَّ عَلَيْهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ إِنْ لَا تُبَرِّكْ اغْسِلْ لَهُ ، فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: الْغُسْلُ الَّذِي أَدْرَكْنَا عُلَمَاءَنَا يَصْنَعُونَ، أَنْ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ بِالَّذِي يُعِينُ صَاحِبَهُ بِالْقَدَحِ فِيهِ الْمَاءُ وَيُمْسِكُ لَهُ مَرْفُوعًا مِنَ الْأَرْضِ، فَيُدْخِلَ الَّذِي يُعِينُ يَدَهُ الْيُمْنَى فِي الْمَاءِ ، فَيَصُبُّ عَلَى وَجْهِهِ صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ الْيُسْرَى فِي الْمَاءِ، فَيَغْسِلُ يَدَهُ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُمْنَى فَيَغْسِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى صَبَّةً وَاحِدَةً إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَيْهِ جَمِيعًا فِي الْمَاءِ فَيَغْسِلُ صَدْرَهُ صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى فَيَغْرِفُ مِنَ الْمَاءِ فَيَصُبُّهُ عَلَى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى فَيَصُبُّ عَلَى مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، وَهُوَ فِي يَدِهِ إِلَى عُنُقِهِ، ثُمَّ يَفْعَلُ مِثْلَ ذَلِكَ فِي مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُسْرَى، ثُمَّ يَفْعَلُ مِثْلَ ذَلِكَ فِي

کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا اور عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! سہل حنیف کو کیا ہو گیا؟ قسم بخدا! وہ سر بھی نہیں اُٹھا سکتے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں کسی پر شک ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! یہ غسل کر رہے تھے اسی حال میں عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا: میں نے آج کی طرح کبھی نہیں دیکھا اور نہ پردہ نشین کنواری لڑکی کی جلد کو دیکھا۔ پس رسول کریم ﷺ عامر بن ربیعہ کو بلا کر ناراض ہوئے اور فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرنا چاہتا ہے؟ اگر تم برکت کی دعا نہیں کر سکتے' اب اس کی خاطر غسل کرو۔ پس عامر نے غسل کیا تو (حضرت سہل کو آرام آ گیا) وہ قافلے کے ساتھ چل پڑے۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: وہ غسل جو کرتے کراتے ہو' ہم نے اپنے علماء کو دیکھا ہے' وہ یہ کہ اس آدمی کو ایک بڑا پیالہ کے ساتھ لایا جائے جس نے اپنے ساتھی کو نظر لگائی ہے' اس میں پانی ہو' اس پیالے کو زمین سے اوپر اُٹھا کر اس کے سامنے روک لیا جائے' جس نے نظر لگائی ہے وہ اپنا دایاں ہاتھ پانی میں داخل کرے۔ پس ایک ہی بار اس کے چہرے پر یوں انڈیلا جائے کہ پانی واپس پیالے میں آئے پھر اپنا بایاں ہاتھ پانی میں داخل کرے۔ پس اپنا دایاں پیالے میں دھوئے' ایک ہی بار انڈیلنے سے پھر اپنا دایاں ہاتھ پانی میں داخل کر کے' ایک بار انڈیل کر اپنا بایاں ہاتھ کہنیوں

ظَهْرِ قَدَمِهِ الْيُمْنَى، مِنْ عِنْدِ أُصُولِ الْأَصَابِعِ وَالْيُسْرَى كَذَلِكَ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى، فَيَصُبُّ عَلَى ظَهْرِ رُكْبَتِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَفْعَلُ بِالْيُسْرَى مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَغْمِسُ دَاخِلَةَ إِزَارِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُومُ الَّذِي فِي يَدِهِ الْقَدَحُ بِالْقَدَحِ، فَيَصُبُّهُ عَلَى ظَهْرِ رُكْبَتِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُومُ الَّذِي فِي يَدِهِ الْقَدَحُ بِالْقَدَحِ، فَيَصُبُّهُ عَلَى رَأْسِ الْمَعْيُونِ مِنْ وَرَائِهِ، ثُمَّ يَكْفَأُ الْقَدَحَ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ مِنْ وَرَائِهِ

تک دھوئے' پھر دونوں ہاتھ اکٹھے پانی میں دھوئے' پھر ایک ہی بار اسی پیالے میں اپنا سینہ دھوئے پھر اپنا بایاں ہاتھ داخل کر لے پھر اس پانی سے ایک چلّو بھرے اور اس کو اپنی ہتھیلی کے ظاہر پر ڈالے' اسی پیالے میں پھر بایاں ہاتھ داخل کر کے اسی پیالے میں اپنی دائیں کہنی پر انڈیلے' اس حال میں کہ وہ اس کے ہاتھ میں ہو' اپنی گردن تک (دھو ڈالے)۔ پھر اسی کی مثل اپنی بائیں کہنی کے ساتھ کرے۔ پھر اسی کی مثل کر' انگلیوں کی جڑوں کے پاس سے لے کر اپنے دائیں پاؤں کے ظاہر سے کرے اور بائیں پاؤں سے اسی طرح کرے' پھر وہ اپنا بایاں ہاتھ داخل کر کے اپنے دائیں گھٹنے کے ظاہر پر ڈالے پھر بائیں سے اسی طرح کرے' پھر اپنی ازار کے اندر داخل کرے' پھر جس کے ہاتھ میں پیالہ ہو وہ پیالہ کو اُٹھائے۔ پس اس کو اپنے دائیں گھٹنے کے ظاہر پر انڈیلے' پھر وہ آدمی جس کے ہاتھ میں پیالہ ہے' وہ پیالے کو اُٹھائے جس کو نظر لگی ہے' اس کے سر کے پیچھے سے اس پر انڈیل دے پھر اس کے پیچھے سے' سطح زمین پر اس پیالے کو اوندھا کر دیا جائے۔

5444 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ وَلَا

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے جبکہ وہ غسل کر رہے تھے' انہوں نے کہا: میں نے کوئی پردہ نشین کنوری لڑکی بھی اس طرح نہیں دیکھی' پس وہ گر گئے حتیٰ کہ سخت درد کی وجہ سے صحیح طریقے سے نماز بھی نہ پڑھ سکے۔ پس نبی کریم ﷺ کو

جِلْدَ مُخَبَّاةٍ فَلُبِطَ بِهِ، حَتَّى مَا يُصَلِّي مِنْ شِدَّةِ الْوَجَعِ، فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: قَتَلْتَهُ، عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ أَلَا بَرَّكْتَ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنُوبٍ مِنْ مَاءٍ، فَقَالَ: اغْسِلُوهُ، فَاغْتَسَلَ، فَخَرَجَ مَعَ الرَّكْبِ

اس کی خبر دی گئی تو نبی کریم ﷺ نے ان کو بلایا' ان پر ناراض ہوئے اور فرمایا: تو نے اسے قتل کر دیا' کس بات پر تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے؟ تُو نے برکت کی دعا کیوں نہیں کی؟ پس نبی کریم ﷺ نے بڑے ڈول میں پانی منگوا کر فرمایا: تم (دونوں) غسل کرو' پس اُنہوں نے غسل کیا تو وہ قافلے کے ساتھ چل نکلے۔

5445 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْأُبُلِّيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ مَرَّ عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ فِي الْخَرَّارِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ، فَلُبِطَ بِهِ سَهْلٌ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِي سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَوَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ؟، قَالُوا: نَعَمْ، مَرَّ عَلَيْهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ لَهُ: عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ وَلَا يُبَرِّكُ غَسِلْ لَهُ، فَغَسَلَ عَامِرٌ فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ

حضرت عقیل سے روایت ہے کہ حضرت محمد بن مسلم بن شہاب نے مجھے خبر دی کہ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری نے ان کو خبر دی کہ عامر بن ربیعہ نے ان کو بتایا کہ وہ حضرت سہل بن حنیف کے پاس سے گزرے جبکہ وہ تالاب میں غسل کر رہے تھے تو اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! آج کی طرح میں نے کبھی کوئی کنواری پردہ نشین بھی نہیں دیکھی۔ پس اسی سے حضرت سہل گر گئے' پس انہیں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں لایا گیا' عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! سہل بن حنیف کو کیا ہو گیا۔ پس قسم بخدا! وہ اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکتے ہیں۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں کو کسی پر شک ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے ہیں جبکہ وہ غسل کر رہے تھے تو اُنہوں نے کہا: خدا کی قسم! (ہائے) میں نے آج تک کبھی کوئی پردہ نشین کنواری دوشیزہ بھی اس طرح نہیں دیکھی۔ پس رسول کریم ﷺ عامر بن ربیعہ کو بلا کر ان پر ناراض ہوئے اور ان سے فرمایا: کس

بات پر تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے اور اس کے لیے برکت کی دعا نہیں کرتا؟ اس کی خاطر غسل کرو۔ پس عامر نے غسل کیا تو حضرت سہل تندرست ہو کر قافلے کے ساتھ چل پڑے۔

5446 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَاهُ يَقُولُ: اغْتَسَلَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ بِالْخَرَّارِ، فَنَزَعَ جُبَّةً كَانَتْ عَلَيْهِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ يَنْظُرُ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلًا اَبْيَضَ حَسَنَ الْجِلْدِ، فَقَالَ لَهُ عَامِرٌ: مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، وَلَا جِلْدَ عَذْرَاءَ، فَوُعِكَ سَهْلٌ مَكَانَهُ، وَاشْتَدَّ وَعْكُهُ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْبِرَ اَنَّ سَهْلًا قَدْ وُعِكَ، وَاَنَّهُ غَيْرُ رَائِحٍ مَعَكَ، فَاَتَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ سَهْلٌ الَّذِي كَانَ مِنْ شَاْنِ عَامِرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ اَلَا بَرَّكْتَ، اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّاْ لَهُ، فَتَوَضَّاَ لَهُ عَامِرٌ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

حضرت محمد بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا' وہ فرما رہے تھے کہ حضرت سہل بن حنیف تالاب یا چشمے پر نہائے' پس اُنہوں نے وہ جبہ اُتارا جو ان پر تھا جبکہ عامر بن ربیعہ دیکھ رہے تھے' اُنہوں نے کہا جبکہ آپ سب سے زیادہ سفید اور سب سے زیادہ حسین جلد والے تھے تو حضرت عامر نے ان کے لیے کہا: آج کی طرح میں نے کوئی کنواری عورت بھی نہیں دیکھی۔ پس حضرت سہل اسی جگہ گر گئے اور ان کی تکلیف زیادہ ہوگئی۔ پس ان کی خبر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لائی گئی' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی گئی کہ سہل کو تکلیف ہوگئی ہے' وہ آپ کے ساتھ جانے کے قابل نہیں رہے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے' پس حضرت سہل نے حضرت عامر والے کام کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے؟ کیا تُو نے برکت کی دعا نہ کی؟ بے شک نظر لگنا حق ہے' اس کی خاطر وضو کرو۔ پس عامر نے ان کے لیے وضو کیا تو حضرت سہل' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل پڑے کہ ان کو کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔

5447 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ وَجُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْغَسِيلِ، حَدَّثَنِي مَسْلَمَةُ بْنُ خَالِدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، فَمَرَّ بِغَدِيرٍ، فَاغْتَسَلَ فِيهِ، وَكَانَ رَجُلًا حَسَنَ الْجِسْمِ، فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ - تَعَجُّبًا مِنْ خَلْقِهِ - فَلُبِطَ بِهِ، وَحُمِلَ مَحْمُولًا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ: مَرَّ بِي فُلَانٌ، فَقَالَ: كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَمْنَعُ أَحَدُكُمْ إِذَا رَأَى مِنْ أَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ مِنْ نَفْسِهِ أَوْ فِي مَالِهِ أَنْ يُبَرِّكَ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ

حضرت ابوامامہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کسی غزوہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' پس وہ ایک تالاب کے پاس سے گزرے تو اُنہوں نے اس میں غسل کیا جبکہ آپ خوبصورت جسم والے تھے' پس ان کے پاس سے ایک انصاری آدمی گزرے' اُنہوں نے کہا: آج کی طرح میں نے کوئی پردہ نشین کنواری دوشیزہ کو بھی نہیں دیکھا' ان کی تخلیق پر تعجب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ پس اسی سے آپ گر پڑے' انہیں اُٹھا کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' آپ ﷺ نے ان سے پوچھا تو اُنہوں نے اس بات کی خبر دی جو انصاری نے کہی تھی' پس اُنہوں نے عرض کی: فلاں آدمی میرے پاس سے گزرا تو اس نے اس اس طرح کی بات کی۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو کیا رکاوٹ ہے کہ جب وہ اپنے بھائی کی کوئی شی یا مال دیکھے اور اس پر اسے تعجب ہو تو وہ اس کیلئے برکت کی دعا کرے (یا ماشاء اللہ کہے) کیونکہ نظر لگنا برحق ہے۔

5448 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ الْخَرَّارَ، أَغْتَسِلُ، فَقَالَ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ خَلْقًا وَلَوْنًا كَأَنَّهُ خَلْقُ مُخَبَّأَةٍ، فَلُتِحَ بِي، فَحُمِيتُ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں: میں تالاب میں داخل ہوا تا کہ میں غسل کروں تو حضرت عامر بن ربیعہ نے کہا: میں نے آج کی طرح مخلوق اور رنگ کبھی نہیں دیکھا گویا پردہ نشین کنواری دوشیزہ ہے' پس مجھے تیز نظر سے دیکھا گیا تو مجھے بخار ہو گیا۔ پس نبی کریم ﷺ کے سامنے اس کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک کس بات پر اپنے بھائی کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، اِذَا اَعْجَبَهُ مِنْ اَخِيهِ شَيْءٌ، فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ ، وَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَغْسِلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَطَرَفَ اِزَارِهِ وَرُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ شَرِبَ مِنْهُ وَصَبَّ عَلَيْهِ، فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ

قتل کرتا ہے' جب اسے اپنے بھائی کی کوئی شی تعجب میں ڈالے تو وہ برکت کی دعا کرے اور نبی کریم ﷺ نے اس کو اپنا چہرہ' دونوں ہاتھ' ازار بند کے اندر کی ایک طرف اور اپنے گھٹنے دھونے کا حکم دیا' پھر وہ اس سے کچھ پیے اور پھر اس پر (نظر لگے آدمی پر) انڈیل دیا جائے' (یہ کام کرنے سے) وہ اُٹھ کر لوگوں کے ساتھ چل پڑے۔

5449 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ الْحَجَّاجِ الزُّبَيْدِيُّ، ثنا اَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ يَعُودُهُ مِنْ وَجَعٍ اَصَابَهُ مِنَ الشَّوْكَةِ، وَكَوَاهُ عَلَى عَاتِقِهِ، فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَيِّتٍ لِيَهُودَ، يَقُولُونَ: قَدْ دَاوَاهُ صَاحِبُهُ، فَلَمْ يَنْفَعْهُ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ حضرت سعد بن زرارہ کے پاس تشریف لائے تا کہ ان کی عیادت کریں' اس درد کے سبب جو کانٹا چبھنے کے سبب ان کو تھا اور ان کے کندھے پر داغا گیا تو فوت ہو گئے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہودیوں کے لیے بُری میت وہ ہے جس کے لیے وہ کہتے: اس کے ساتھی نے ان کو دوا دی لیکن دوا نے اس کو کوئی فائدہ نہ دیا۔

5450 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ وَبِهِ وَجَعٌ يُقَالُ لَهُ: الشَّوْكَةُ،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ حضرت سعد بن زرارہ کے پاس ان کی عیادت کرنے کیلئے تشریف لائے' اس درد کی وجہ سے جو کانٹا چبھنے کے سبب ان کو ہوا تھا' پس اس کے کندھے پر داغا گیا تو وہ فوت ہو گئے تو نبی کریم ﷺ

5449- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه98 وقال: رواه الطبراني وفيه زمعة بن صالح وقد ضعفه الجمهور ووثقه ابن معين في رواية وضعفه في غيرها .

فَكَوَاهُ عَلَى عَاتِقِهِ، فَمَاتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ الْمَيِّتُ لِلْيَهُودِ، يَقُولُونَ: قَدْ دَاوَاهُ صَاحِبُهُ اَفَلَا نَفَعَهُ

نے فرمایا: یہودیوں کیلئے بُرا میت وہ ہے جو کو اس کے دوست نے دوائی دی لیکن دوائی نے اس کو نفع نہ دیا۔

5451 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَرْزَنِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُجْرَتِهِ، اِذْ طَلَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَصَائِصِ الْبَيْتِ، فَنَظَرَ وَمَعَهُ مِدْرًى، فَقَالَ: لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي لَقُمْتُ حَتَّى اُدْخِلَ هَذَا فِي عَيْنَيْكَ، فَاِنَّمَا الْاِذْنُ لِيَكُفَّ الْبَصَرَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہٗ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے کسی حجرے میں تشریف فرماتے جبکہ آپ نے مکان کی درزوں میں سے جھانکا‘ پس آپ نے دیکھا اس حال میں کہ آپ کے ہاتھ میں گارا مٹی تھی۔ پس آپ نے فرمایا: اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تُو مجھے دیکھ رہا ہے تو میں یہ تیری آنکھوں میں ڈال دیتا‘ یہ جو اجازت لینے کا حکم دیا گیا ہے‘ اسی لیے ہے کہ آنکھ کو روکا جائے۔

5452 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا اَبُو سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ فُقَرَاءَ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، وَيَشْهَدُ جَنَائِزَهُمْ اِذَا مَاتُوا، فَتُوُفِّيَتِ امْرَاَةٌ مِنْ اَهْلِ الْعَوَالِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرَتْ فَآذِنُونِي فَاَتَوْهُ لِيُؤْذِنُوهُ، فَوَجَدُوهُ نَائِمًا، وَقَدْ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کے فقراء کی عیادت فرماتے اور ان کے جنازوں میں شریک ہوتے تھے جب وہ فوت ہو جاتے‘ اہل عوالی کی ایک عورت فوت ہو گئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جنازہ تیار ہو تو مجھے آگاہ کرنا‘ پس وہ آگاہ کرنے کی خاطر حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما رہے تھے جبکہ رات کا ایک حصہ گزر چکا تھا۔ پس انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جگانا پسند نہ کیا اور انہوں نے کہا: رات کی تاریکی ہے‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف ہوگی‘ رات کو زمین پر کیڑے وغیرہ بھی زیادہ

5452- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 36 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه سفيان بن حسين وفيه كلام وقد وثقه جماعة وبقية رجاله رجال الصحيح .

ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ، فَكَرِهُوا اَنْ يُوقِظُوهُ، وتَخَوَّفُوا عَلَيْهِ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ، وهَوَامَّ الْاَرْضِ، فَذَهَبُوا بِهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ سَاَلَ عَنْهَا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَيْنَاكَ لِنُؤْذِنَكَ، فَوَجَدْنَاكَ نَائِمًا، فَكَرِهْنَا اَنْ نُوقِظَكَ، وتَخَوَّفْنَا عَلَيْكَ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ وهَوَامَّ الْاَرْضِ، فَذَهَبُوا، فَمَشَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَبْرِهَا، فَصَلَّى عَلَيْهَا وَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عُثْمَانَ

ہوتے ہیں (روشنی کا انتظام بھی نہیں ہے) پس وہ جنازہ لے کر خود ہی چلے گئے پس جب صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے اس کے بارے میں سوال کیا' صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم آپ کو آگاہ کرنے آئے لیکن آپ آرام فرما رہے تھے' پس ہم نے آپ کو جگانا مناسب نہ سمجھا' ہمیں آپ پر رات کی تاریکی اور زمین کے کیڑوں کا خوف ہوا' پس وہ چلے گئے۔ سو رسول کریم ﷺ اس کی قبر تک چل کر گئے اور اس پر نماز ادا فرمائی اور چار تکبیریں کہیں۔ یہ الفاظ حضرت عثمان کی حدیث کے ہیں۔

5453 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا جَدِّي اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: مَرِضَ فِينَا رَجُلٌ، حَتَّى صَارَ جِلْدًا عَلَى عَظْمٍ، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ تَعُودُهُ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَقَالَ لِلْقَوْمِ الَّذِي يَعُودُونَهُ: سِيرُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنِّي وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَةٍ حَرَامًا لِيُقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ لِيُطَهِّرَنِي، فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالُوا: وَاللّٰهِ لَوْ حُمِلَ اِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ، وَلَوْ ضُرِبَ لَمَاتَ، فَقَالَ: خُذُوا لَهُ مِائَةَ شِمْرَاخٍ اِثْكُولٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے اندر ایک آدمی بیمار ہو گیا یہاں تک کہ اس کی ہڈیوں پر صرف چمڑہ ہی باقی رہ گیا (گوشت گل گیا) اتفاق سے ایک لونڈی اس کی بیمار پرسی کرنے کو آئی تو اس نے اس سے زنا کر لیا۔ اس کے بعد (اس پر خوف یوں طاری ہوا کہ) اس نے اپنی قوم والوں سے کہا: مجھے رسول کریم ﷺ کے پاس لے جاؤ کیونکہ میں نے ایک عورت سے زنا کر لیا ہے تاکہ آپ ﷺ مجھ پر حد قائم فرما کر مجھے پاک کر دیں۔ پس اس بات کا ذکر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا' پھر لوگوں نے عرض کی: قسم بخدا! اگر اس کو اُٹھا کر آپ کے پاس لاتے ہیں تو اس کی ہڈیاں بکھر جائیں گی اور اگر اسے کوڑے مارتے ہیں تو وہ مر جائے گا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کیلئے سو شاخوں والی چھڑی لو اور اسے

5454 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِيٍّ الْاَخْمِيمِيُّ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَنْبَسَةُ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ خَدِيجَةَ بِنْتَ خُوَيْلِدٍ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ عَتِيقِ بْنِ عَائِذٍ الْمَخْزُومِيِّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ بِمَكَّةَ عَائِشَةَ لَمْ يَتَزَوَّجْ بِكْرًا غَيْرَهَا، ثُمَّ تَزَوَّجَ بِالْمَدِينَةِ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ السَّكْنِ بْنِ عَمْرٍو اَخِي بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ اَبِي سُفْيَانَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ الْاَسَدِيِّ اَسَدِ خُزَيْمَةَ، ثُمَّ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ بِنْتَ اَبِي اُمَيَّةَ، وَكَانَ اسْمُهَا هِنْدٌ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الْاَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، ثُمَّ تَزَوَّجَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، ثُمَّ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ، وَسَبَى جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ضِرَارٍ، مِنْ بَنِي الْمُصْطَلِقِ، مِنْ خُزَاعَةَ، فِي غَزْوَتِهِ الَّتِي هَدَمَ فِيهَا مَنَاةَ غَزْوَةِ الْمُرَيْسِيعِ، وَسَبَى صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ مِنْ

ایک ہی ضرب مارو۔

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے مکہ میں حضرت خدیجہ بنت خویلد سے نکاح کیا' آپ ﷺ سے پہلے وہ عتیق بن عائذ مخزومی کی بیوی تھیں (وہ فوت ہوا) پھر مکہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا جبکہ آپ کنواریں تھیں' آپ کے علاوہ کسی کنواری سے نکاح نہ کیا' پھر مدینہ میں حضرت حفصہ بنت عمر سے نکاح کیا آپ ﷺ سے پہلے وہ خنیس بن حذافہ سہمی کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت سودہ بنت زمعہ سے نکاح فرمایا جبکہ وہ پہلے بنو عامر بن لوی کے بھائی سکن بن عمر کے نکاح میں تھیں' پھر آپ ﷺ نے حضرت اُم حبیبہ بنت ابوسفیان سے نکاح کیا جبکہ وہ پہلے عبیداللہ بن جحش اسدی اسد خزیمہ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت اُم سلمہ بنت ابوامیہ سے نکاح کیا جن کا اصل نام ہند تھا جبکہ آپ ﷺ سے پہلے وہ ابوسلمہ بن عبدالاسد بن عبدالعزیٰ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت زینب بنت جحش سے نکاح فرمایا جبکہ آپ ﷺ سے پہلے وہ زید بن حارثہ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت میمونہ بنت حارث سے شادی کی' پھر غزوۂ بنی مصطلق میں خزاعہ برادری کے بنو مصطلق قبیلے حضرت جویریہ بنت حارث بن ابوضرار قید ہوکر آئیں وہ غزوہ جس میں مریسیع کے

5454- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 252 وقال: رواه الطبراني عن شيخه القاسم بن عبد الله الأخميمي وهو ضعيف وقد وثق وبقية رجاله ثقات وقد رواه مرة باختصار موقوفا على يحيى بن ابي كثير ورجاله ثقات .

بَنِي النَّضِيرِ، وَكَانَتَا مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَقَسَمَ لَهُمَا، وَاسْتَسَرَ رَيْحَانَةَ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، ثُمَّ أَعْتَقَهَا، فَلَحِقَتْ بِأَهْلِهَا، وَاحْتَجَبَتْ وَهِيَ عِنْدَ أَهْلِهَا، وَطَلَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَالِيَةَ بِنْتَ ظَبْيَانَ، وَفَارَقَ أُخْتَ بَنِي عَمْرِو بْنِ كِلَابٍ، وَفَارَقَ أُخْتَ بَنِي الْجَوْنِ الْكِنْدِيَّةَ، مِنْ أَجْلِ بَيَاضٍ كَانَ بِهَا، وَتُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ خُزَيْمَةَ الْهِلَالِيَّةُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ، وَبَلَغَنَا أَنَّ الْعَالِيَةَ بِنْتَ ظَبْيَانَ تَزَوَّجَتْ قَبْلَ أَنْ يُحَرِّمَ اللّٰهُ نِسَاءَهُ، فَنَكَحَتِ ابْنَ عَمٍّ لَهَا مِنْ قَوْمِهَا، وَوَلَدَتْ فِيهِمْ

غزوہ کا بت گرا تھا اور صفیہ بنت حیی بن اخطب قید ہوئیں جن کا تعلق قبیلہ بنونضیر سے تھا اور یہ دونوں مال فئی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آئیں' پس آپ نے ان دونوں کے لیے باری تقسیم کی۔ بنوقریظہ سے ریحانہ قیدی بنیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو آزاد کر دیا' پس وہ اپنے گھر والوں کی طرف چلی گئیں اور پردے میں ہو گئیں جبکہ وہ اپنے اہل کے پاس تھیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عالیہ بنت ظبیان کو طلاق دے دی اور بنوعمرو بن کلاب کی بہن کو جدا کر دیا۔ بنوجون کندیہ کی بہن کو بھی جدا فرما دیا' اس کے جسم پر سفید رنگ کے دانوں کی صورت میں بیماری کی وجہ سے جبکہ زینب بنت خزیمہ ہلالیہ کا وصال ہو گیا۔ ابھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہری حیات کے ساتھ زندہ تھے' ہمیں یہ پتہ چلا کہ عالیہ بنت ظبیان کے ساتھ نکاح کر لیا' اس سے پہلے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی بیوی کو حرام فرمایا ہو۔ اُنہوں نے اپنی برادری میں اپنے چچا کے بیٹے سے نکاح کیا اور ان سے ان کی اولاد بھی ہوئی۔

أبو أمامة بن سهل بن حنيف عن أبيه

5455 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ

حضرت سہل بن حنیف سے ہے کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس آدمی کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کے قریب جاتا ہے تو اسے صرف مذی آتی (پانی)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس وہ اپنے عضو خاص کو دھو کر وضو کر لے' عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! اس میں سے جو کپڑے کو لگ جائے اس کا کیا حکم ہے؟

5455- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه247' رقم الحديث: 303 .

يَدْنُو مِنْ اَهْلِهِ فَيُمْذِى، قَالَ: يَغْسِلُ ذَكَرَهُ وَيَتَوَضَّأُ ،قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَصَابَ الثَّوْبَ مِنْهُ؟ قَالَ: يَتَحَرَّى مَكَانَهُ فَيَغْسِلُهُ

فرمایا: اس خاص جگہ کو تلاش کر کے جہاں وہ مواد لگا ہے بس اسے ہی دھولے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت عبداللہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5456 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعَانَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ غَارِمًا فِي عُسْرَتِهِ، اَوْ مُكَاتِبًا فِي رَقَبَتِهِ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلَّهُ

حضرت عبداللہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن حنیف نے ان کو حدیث سنائی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجاہد فی سبیل اللہ یا اپنی تنگ دستی کی حالت میں چٹی بھرنے والے یا اپنی گردن چھڑانے میں مالِ کتابت ادا کرنے والے کی مدد کی تو اللہ تعالیٰ اسے اس دن اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے عرش کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

5457 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن حنیف' نبی کریم ﷺ کے بارے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مدد کی' قرض دار کی اس کی تنگ دستی میں مدد کی اور مکاتب کی گردن چھڑانے میں اس کی مدد کی تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا' اس دن جس دن اس

5456- البيهقي في سننه الكبرى جلد10 صفحه320' رقم الحديث: 21410 .

وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعَانَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ غَارِمًا فِي عُسْرَتِهِ، اَوْ مُكَاتَبًا فِي رَقَبَتِهِ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ

کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن انصاری' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5458 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ اَهْلُ الْعَالِيَةِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا بُدَّ لَنَا مِنْ مَجَالِسَ، قَالَ: فَاَدُّوا حَقَّ الْمَجَالِسِ، قَالُوا: وَمَا حَقُّ الْمَجَالِسِ؟، قَالَ: ذِكْرُ اللّٰهِ كَثِيرًا، وَاَرْشِدُوا السَّبِيلَ، وَغُضُّوا الْاَبْصَارَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اہل عالیہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم (راستوں میں) بیٹھنے پر مجبور ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر مجالس کا حق ادا کرو۔ عرض کی: مجالس کا حق کیا ہے؟ فرمایا: کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا' راستہ بھولے کو راستہ بتانا اور اپنی آنکھوں کو جھکا کر رکھنا۔

عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

عبید بن السباق' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5459 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مذی کے بارے میں سوال کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی طرف سے آپ لوگوں کو وضو ہی کافی ہے' عرض کی: جو چیز کپڑوں پر لگ جائے

5458- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 62 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو بكر بن عبد الرحمن الأنصاري تابعي لم أعرفه وبقية رجاله وثقوا .

5459- أورده عبد بن حميد في مسنده جلد 1 صفحه 171' رقم الحديث: 468 .

وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ، فَقَالَ: يَكْفِيكَ مِنْهُ الْوُضُوءُ قَالَ: فَكَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا اَصَابَ ثَوْبِي؟ قَالَ: تَاْخُذُ كَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَتَنْضَحُ مِنْ ثَوْبِكَ حَيْثُ تَرَى اَنَّهُ اَصَابَهُ

اس کا کیا کریں؟ فرمایا: چلّو پانی لے کر کپڑے پر چھڑک دو جہاں تم دیکھتے ہو کہ وہ لگی ہے۔

5460 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ السَّبَّاقُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: كُنْتُ اَلْقَى مِنَ الْمَذْيِ شِدَّةً، وَكُنْتُ كَثِيرًا اَغْتَسِلُ مِنْهُ، فَسَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّمَا يَكْفِيكَ مِنْ ذٰلِكَ الْوُضُوءَ، زَادَ يَزِيدُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ بِمَا يُصِيبُ ثَوْبِي مِنْهُ، فَقَالَ: اِنَّمَا يَكْفِيكَ كَفٌّ مِنْ مَاءٍ، تَنْضَحُ بِهِ ثَوْبَكَ، حَيْثُ تَرَاهُ اَصَابَ،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے مذی کثرت سے آتی تھی اور میں کثرت سے غسل کرتا تھا صرف اس کی وجہ سے۔ پس میں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی وجہ سے تجھے وضو کر لینا ہی کافی ہے زیادہ سے زیادہ۔ میں نے عرض کی: جو میرے کپڑے پر چیز لگ جائے تو میں اس کا کیا کروں؟ فرمایا: پانی کا ایک چلّو تجھے کافی ہے اس کے ساتھ اس کے کپڑوں پر چھڑک دے جہاں تُو دیکھے کہ وہ چیز لگی ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عُثْمَانُ بْنُ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ عَنْ جَدِّهِ

حضرت عثمان بن ابی امامہ بن سہل اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

5461 - حَدَّثَنَا اَبُو يَعْلَى اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت

5461- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه173 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يزيد بن عياض وهو كذاب .

بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ حَقِّ الْجُمُعَةِ السِّوَاكُ، وَالْغُسْلُ، وَمَنْ وَجَدَ طِيبًا فَلْيَمَسَّ مِنْهُ

ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے حقوق یہ ہیں: (۱) مسواک کرنا (۲) غسل کرنا (۳) جس کو خوشبو میسر آئے تو وہ لگالے۔

رِفَاعَةُ بْنُ سَهْلٍ الْجُهَنِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت رفاعہ بن سہل جہنی' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کے صحابہ کی خبر دی' فرمایا: آپ کے صحابہ شہید ہو چکے ہیں' پس تم اپنی رائے قائم کرو۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عامر کے خلاف دعا کی' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا: اے اللہ! میری طرف سے عامر کو کافی ہو جا! پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اللہ اس کو کافی ہو گیا' (یوں کہ) وہ آگے بڑھ کر اپنے صحن میں اترا تو اللہ کی طرف سے سلول کی بیوی کے گھر میں اس کے حلق میں جان لیوا درد ہوا اور اُترتے ہوئے فرما رہے تھے: اے عامر کو اونٹ کی غدود کی مانند غدود ہو گئی ہے' سلولیہ کے گھر میں اس کو اس کے گھر میں مرنا پسند تھا' پس وہ مسلسل وہیں رہا حتیٰ کہ اس کے گھر میں مر گیا اور اربد بن قیس کو کڑک (آسمانی بجلی) نے آلیا' پس وہ جل گیا اور مر گیا اور جو اس کے ساتھ تھے' وہ سارے اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔

5593 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هُوَ وَأَبُو ذَرٍّ وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَجُلٌ آخَرُ، عَلَى أَنْ لَا يَأْخُذَهُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اور حضرت ابوذر اور حضرت ابوسعید الخدری اور محمد بن مسلمہ اور ایک اور آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی' اس بات پر کہ اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والی ملامت قبول نہیں کریں گے۔

5594 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد بننے سے پہلے لکڑی آگے رکھ کر نماز

5593- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**264**وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5594- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد**3**صفحه**1314**' رقم الحديث:**3392** .

بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَبْنِيَ الْمَسْجِدَ يُصَلِّي إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا بَنَى الْمَسْجِدَ، بَنَى لَهُ مِحْرَابٌ، فَتَقَدَّمَ إِلَيْهِ فَحَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ الْبَعِيرِ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ

پڑھتے تھے جب مسجد بنائی گئی تو اس کی محراب بنائی گئی آپ آگے ہوئے نماز پڑھانے کے لیے تو وہ لکڑی کا تنا اونٹ کی طرح رونے لگا' حضور ﷺ نے اس پر اپنا دست مبارک رکھا تو وہ خاموش ہو گیا۔

5595 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ: حَمَلَ دَرَجَةً مِنْ دَرَجِ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، حَتَّى وَضَعَهَا فِي الْمَسْجِدِ، وَأَنَّ عُودَ الْمِنبَرِ مِنْ أَثْلٍ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منبر کی سیڑھیاں غابہ لکڑی کی تھیں اور ان کو مسجد میں رکھا' منبر کی سیڑھیاں جماؤ کے درخت کی لکڑی کی تھیں۔

5596 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ وَالضُّفْدَعِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چیونٹی' شہد کی مکھی ہُد ہُد اور لٹور اور بیناء اور مینڈک کو مارنے سے منع فرماتے تھے۔

5597 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے تین گھوڑے میرے پاس تھے' میں ان کو چارہ ڈالتا اور فرمایا: میں نے اپنے والد سے سنا' وہ

5596- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه 41 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس بن سهل وهو ضعيف .

5597- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه 261 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ أَبِي ثَلَاثَةُ أَفْرَاسٍ يَعْلِفُهُنَّ، قَالَ: وَسَمِعْتُ أَبِي يُسَمِّيهِنَّ اللِّزَازَ، وَاللَّحِيفَ، وَالظَّرِبَ

ان جانوروں کے لداں لحیف اور طرب نام لیتے تھے۔

5598 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ، وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَخَذَ الرَّايَةَ فَقَالَ: أُعْطِي هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَتَطَاوَلَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ مَنْ يُعْطِيهَا فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَلِيٌّ أَرْمَدُ، فَبَصَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ، ثُمَّ أَعْطَاهَا إِيَّاهُ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

جب خیبر کا دن تھا تو ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے جھنڈا پکڑا' فرمایا: یہ جھنڈا اس کو دیا جائے گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا۔ لوگوں نے اس کو لینے کی اُمیدیں کیں' آپ ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو بلوایا' حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' حضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن آنکھوں میں ڈالا' پھر آپ نے جھنڈا دیا' اللہ عزوجل نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر فتح دی۔

5599 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللّٰهَ، فَإِنَّكُمْ إِنِ اتَّقَيْتُمُ اللّٰهَ، يُوشِكُ اللّٰهُ أَنْ يُشْبِعَكُمْ مِنْ زَيْتِ الشَّامِ وَقَمْحِ الشَّامِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو! اللہ عزوجل سے ڈرو' اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو اللہ عزوجل تمہیں ملک شام کے زیتون اور گندم سے سیر کرے گا۔

5600 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب لوگ زیادہ ہوئے تو آپ سے عرض کی گئی: لوگ

5598- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد1صفحه185 رقم الحديث: 1608' جلد4صفحه51 .

5599- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه325 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5600- أحمد في مسنده جلد5صفحه337' رقم الحديث: 22905 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَنِدُ إِلَى جِذْعٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَثُرُوا، فَلَوْ كَانَ مِنبَرٌ أَقْعُدُ عَلَيْهِ، قَالَ عَبَّاسٌ: فَذَهَبَ أَبِي فَقَطَعَ عِيدَانَ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، فَلا أَدْرِي عَمِلَهَا أَوِ اسْتَعْمَلَهَا

زیادہ ہو گئے ہیں' آپ منبر پر تشریف فرما ہوں۔ حضرت عباس فرماتے ہیں کہ میرے والد گئے' جنگل سے منبر کی لکڑیاں کاٹیں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ خود بنایا یا کسی سے بنوایا۔

5601 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ سَهْلٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَنْدَقِ، فَأَخَذَ الْكِرْزِينَ، فَحَفَرَ بِهِ، فَصَادَفَ حَجَرًا فَضَحِكَ، فَقِيلَ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ضَحِكْتُ مِنْ نَاسٍ يُؤْتُونَكُمْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَيُسَاقُونَ إِلَى الْجَنَّةِ وَهُمْ كَارِهُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' خندق میں آپ نے کدال پکڑی اور اس کے ساتھ خندق کھودی' ایک پتھر کو توڑا تو آپ مسکرائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان لوگوں کی وجہ سے ہنسا ہوں جو تمہارے پاس مشرق سے آئیں گے' وہ جنت کی طرف ہانکے جائیں گے' اس حال میں کہ وہ مجبور ہوں گے۔

5602 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا تَلاعَنَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْبِضْهَا إِلَيْكَ حَتَّى تَلِدَ، فَإِنْ تَلِدْهُ أَحْمَرَ مِثْلَ وَحَرَةٍ، فَهُوَ لِأَبِيهِ عُوَيْمِرٍ الَّذِي انْتَفَى مِنْهُ، وَإِنْ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ جب دونوں نے لعان کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے پاس رکھو یہاں تک کہ بچہ جن دے' اگر سرخ اونٹ کے بچہ کی طرح جنے تو یہ اپنے والد عویمر کا ہوگا جس کی یہ نفی کر رہی ہے' اگر سیاہ زبان و بال والا جنے تو یہ ابن سحماء کا ہے جس آدمی کی طرف اس کی نسبت کی جاتی تھی۔ حضرت عویمر

5601- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه333 وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال يؤتى بهم الى الجنة في كبول الحديد وفي رواية عنده يساقون الى الجنة وهم كارهون ورجاله رجال محمد بن يحيى الأسلمي وهو ثقة .

5602- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22888 .

تَلِدْهُ أَسْوَدَ اللِّسَانِ وَالشَّعْرِ، فَهُوَ لِابْنِ السَّحْمَاءِ، الرَّجُلِ الَّذِي يَرْمِي بِهِ، قَالَ عُوَيْمِرٌ: فَلَمَّا وَلَدَتْهُ أَتَيْتُ بِهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي مِثْلَ الْفَرْوَةِ السَّوْدَاءِ، ثُمَّ أَخَذْتُ بِلَحْيَيْهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي لِسَانُهُ مِثْلُ التَّمْرَةِ، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اس نے بچہ جنا تو میں اس کے پاس آیا' میں نے دیکھا کہ وہ کالا سیاہ دانہ کی طرح ہے' پھر میں نے اس کی ٹھوڑی پکڑی اور زبان دیکھی تو کھجور کی طرح تھی' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔

5603 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ذَهَبَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ، فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء جائے تو قبلہ رُخ اپنی پیٹھ اور منہ نہ کرے۔

5604 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، وَأَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ سَهْلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ قَبَائِلِ الْأَنْصَارِ دُورُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ، وَفِي كُلِّ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انصار کے قبائل میں بہتر بنی نجار کا قبیلہ ہے پھر بنی عبدالاشہل کا' پھر بنی حارث کا' پھر بنی ساعدہ کا' ہر انصاری بہتر ہے۔

5605 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت سہل انصاری ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے

5603- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 224 رقم الحديث: 265 . والبخاري جلد 1 صفحه 66 رقم الحديث: 144 .

5604- احمد في مسنده جلد 3 صفحه 497 .

الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِی حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِی حَازِمُ بْنُ تَمَامٍ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ الْأَنْصَارِیِّ ثُمَّ السَّاعِدِیِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ مَجْلِسِی، فَأَذْكُرَ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَدٍّ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ، هَكَذَا قَالَ الدَّبَرِیُّ: عَيَّاشٌ، وإِنَّمَا هُوَ عَبَّاسٌ

ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز پڑھ کر اسی جگہ بیٹھ جانا اور سورج طلوع ہونے تک اللہ کا ذکر کرنا' مجھے اللہ کی راہ میں کئی عمدہ گھوڑے باندھنے سے زیادہ پسند ہے۔ اسی طرح دبری نے کہا: عیاش اور یہی عباس ہیں۔

5606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِیُّ الْبَصْرِیُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِی أَبِی، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ أَحَدِ بَنِی مَالِكٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِیِّ أَنَّهُ كَانَ فِی مَجْلِسٍ فِيهِ أَبُوهُ، وَأَبُو هُرَيْرَةَ، وَأَبُو أُسَيْدٍ، وَأَبُو حُمَيْدٍ، وَأَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوا أَنَّهُ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت عباس بن سہل الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد اور حضرت ابوہریرہ' ابواُسید' ابوحمید رضی اللہ عنہم ایک مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کے متعلق مذاکرہ کر رہے تھے' انہوں نے ذکر کیا کہ آپ نماز میں دائیں و بائیں جانب سلام پھیرتے تھے۔

مَا رَوَى أَبُو حَازِمٍ سَلَمَةُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

وہ حدیثیں جو ابوحازم سلمہ بن دینار' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

رِوَايَةُ الْمَدَنِيِّينَ عَنْ أَبِی حَازِمٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

مدنی حضرات کی روایت' حضرت ابوحازم'

5606- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 146 وقال: قلت حديث ابی حميد فی الصحيح رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله موثقون .

عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ

عبیداللہ بن عمر سے ہے' وہ ابوحازم عبیداللہ بن عمر' ابوحازم وہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

5607 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ حَمَّادٌ: ثُمَّ لَقِيتُ أَبَا حَازِمٍ فَحَدَّثَنِي بِهِ، فَلَمْ أُنْكِرْ مِمَّا حَدَّثَنِي بِهِ شَيْئًا -فَذَكَرَ حَدِيثَ الصَّلَاةِ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: إِذَا نَابَكُمْ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ، فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ، وَلْتُصَفِّقِ النِّسَاءُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حماد نے فرمایا: میں ابوحازم سے ملا' آپ نے مجھے حدیث بیان کی' جو مجھے بیان کیا میں اس کا انکار نہیں کرتا ہوں' اس کے بعد نماز والی حدیث ذکر کی' کہا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی جرأت نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ہوتے ہوئے امامت کروائے۔ پھر آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے تو وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عمارہ بن غزیہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5608 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَمَا عَنْ شِمَالِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مؤمن تلبیہ پڑھتا ہے اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں یہاں تک کہ زمین یہاں اور یہاں سے ختم ہو' اعلیٰ درجات والے اپنے سے نیچے درجات والوں کو دیکھیں گے جس طرح آسمان میں ستارہ دیکھا جاتا ہے۔

5608- اورد نحوه الترمذي في سننه جلد 3صفحه189 رقم الحديث: 828 . وابن ماجه في سننه جلد 2صفحه974 رقم الحديث: 2921 .

مِنْ شَجَرٍ أَوْ حَجَرٍ، حَتَّى يَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هَهُنَا وَهَهُنَا، إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَرَاهُمْ مَنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ فِي السَّمَاءِ

5609 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُلَبٍّ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ وَشَجَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی تلبیہ پڑھتا ہے تو اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت محمد بن عجلان' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5610 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اسْتُصْرِخَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِشَيْءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ يُصْلِحُهُ، فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَانْتَظَرُوا، فَلَمَّا أَبْطَأَ تَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَفَّقَ الْقَوْمُ لِأَبِي بَكْرٍ لِيَتَأَخَّرَ، فَتَأَخَّرَ أَبُو بَكْرٍ، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، أَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: مَا بَالُ التَّصْفِيقِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کروانے کے لیے بلوایا گیا' آپ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' نماز کا وقت ہوا تو صحابہ کرام آپ کا انتظار کرنے لگے' جب دیر ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے' پھر رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ آ گئے' جب لوگوں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیچھے کرنے کے لیے تالیاں بجانے لگے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے اور رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کی تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے! تالیاں بجانے کی بجائے

إِنَّمَا التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

سبحان اللہ مردوں کے لیے اور عورتوں کے لیے تالیاں ہیں۔

مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5611 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ مِنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ، بِمَنْزِلَةِ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، يَأْلَمُ الْمُؤْمِنُ لِأَهْلِ الْإِيمَانِ، كَمَا يَأْلَمُ الْجَسَدُ لِمَا فِي الرَّأْسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایمان والوں کا آپس میں رشتہ ایسے ہے جس طرح سر کا تعلق جسم سے ہوتا ہے' ایک مؤمن کو تکلیف ہو تو سارے ایمان والوں کو ہونی چاہیے جس طرح سر کو تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کو ہوتی ہے۔

5612 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ سَلَمَةَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ مَأْلَفَةٌ، وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن محبت کرتا ہے' اس میں بھلائی ہی نہیں ہے جو نہ محبت کرتا ہے' نہ اس سے کی جاتی ہے۔

5611- أحمد في مسنده جلد5 صفحه340' رقم الحديث: 22928 .

5612- أحمد في مسنده جلد5 صفحه335' رقم الحديث: 22891 .

5613 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَإِذَا حَسٌّ فَنَظَرْتُ، فَإِذَا هُوَ بِلَالٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے آواز سنی' میں نے دیکھا تو وہ حضرت بلال تھے۔

5614 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا لا الہ الا اللہ پڑھنے تک' جب وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں گے تو اُنہوں نے مجھ پر اپنا خون اور اموال بچالیے مگر حق کے ساتھ' اس کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت ہشام بن سعد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5615 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ لِسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الشُّؤْمُ، فَقَالَ: إِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ فَهُوَ فِي

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو اکھڑ مزاج بیوی اور تنگ گھر اور سرکش

5613- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه299 وقال: رواه الطبراني في الصغير والكبير وفيه مصعب بن ثابت الزبيري وثقه ابن حبان وضعفه جماعة وبقية رجاله ثقات .

5614- مسلم جلد 1صفحه52 رقم الحديث: 21' جلد1صفحه53 رقم الحديث: 22 . والبخاري جلد 1صفحه17 رقم الحديث: 25' جلد1صفحه153 رقم الحديث: 385' جلد3صفحه1077 رقم الحديث: 2786 .

الْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالْفَرَسِ

گھوڑے میں ہوتی۔

5616 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5617 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فِي شَيْءٍ اخْتَلَفُوا فِيهِ، فَلَمْ يَأْتِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أُقِيمَتْ صَلَاةُ الظُّهْرِ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ لِيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ وَكَبَّرَ، ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَآهُ النَّاسُ، فَجَعَلُوا يُصَفِّقُونَ لِأَبِي بَكْرٍ، لِيَفْطِنَ بِدُخُولِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا سَمِعَ بِفَرْجِ الصُّفُوفِ خَلْفَهُ، عَرَفَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ، فَاسْتَأْخَرَ إِلَى الصَّفِّ فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَ كَتِفَيْ أَبِي بَكْرٍ، حَتَّى قَدَّمَهُ إِلَى مَقَامِهِ، فَثَبَتَ، أَبُو بَكْرٍ قَلِيلًا، ثُمَّ حَمَلَ حَمْلَةً وَاحِدَةً الْقَهْقَرَى، وَدَخَلَ فِي الصَّفِّ، فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ تَقَدَّمَ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ بنوعمر بن عوف کی طرف تشریف لے گئے تا کہ ان کے درمیان کسی معاملہ میں صلح کروائیں جس میں ان کا اختلاف ہو گیا تھا۔ پس آپ ﷺ نہ آئے حتیٰ کہ ظہر کی نماز کھڑی ہوگئی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مصلے پر کھڑے ہو گئے تا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں اور انہوں نے اللہ اکبر کہہ لی اس کے بعد رسول کریم ﷺ تشریف لائے پس لوگوں نے آپ ﷺ کو دیکھا تو انہوں نے حضرت ابوبکر کیلئے تالیاں بجانا شروع کر دیں تا کہ انہیں رسول کریم ﷺ کی تشریف آوری کا علم ہو جائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت یہ تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوا کرتے تھے پس جب انہوں نے اپنے پیچھے صفوں کے کھلا ہونے کی آواز سنی تو سمجھ لیا کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے ہیں۔ پس وہ پیچھے صف کی طرف ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر کے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھا یہاں تک کہ ان کو اپنی جگہ آگے کر دیا پس حضرت ابوبکر تھوڑی دیر ٹھہرے پھر

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى لَهُمْ حَتَّى قَضَى الصَّلَاةَ، ثُمَّ سَلَّمَ فَأَقْبَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ عَلَى مَا صَنَعْتَ، أَلَا ثَبَتَّ حِينَ قَدَّمْتُكَ؟ ، قَالَ: قَدْ أَرَدْتُ ذَلِكَ، ثُمَّ إِنَّهُ لَمْ أَرَ أَنَّهُ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَمَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: إِذَا نَابَتْكُمْ نَائِبَةٌ، فَعَلَيْكُمْ بِالتَّسْبِيحِ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

ایک دم پچھلے پاؤں پلٹے اور صف میں داخل ہو گئے، پس جب رسول کریم ﷺ نے یہ بات دیکھی تو آپ ﷺ نے آگے ہو کے لوگوں کو نماز پڑھائی حتیٰ کہ نماز مکمل ہو گئی، پھر آپ ﷺ نے سلام پھیرا، پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے، فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کس چیز نے اس پر اُبھارا جو تو نے کیا، جب میں نے تجھے آگے کر دیا تو تم اپنی جگہ ٹھہرے کیوں نہیں؟ آپ نے عرض کی: ایک بار میں نے ارادہ کیا پھر میں نے خیال کیا کہ ابوقحافہ کے بیٹے کیلئے مناسب نہیں کہ وہ رسول کریم ﷺ کے سامنے آگے ہو۔ پھر آپ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب تمہیں کوئی چیز پیش آئے تو تم پر سبحان اللہ کہنا لازم ہے کیونکہ تسبیح مردوں کیلئے ہے جبکہ تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

5618 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: إِنِّي جِئْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهَبُ لَكَ نَفْسِي، فَصَعَّدَ فِيهَا النَّظَرَ وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ سَكَتَ، فَقَامَ رَجُلٌ مَا عَلَيْهِ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ، عَاقِدٌ طَرَفَيْهِ عَلَى عُنُقِهِ، فَقَالَ: إِنْ

حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے فرمایا: اسی دوران کہ ہم رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھے تھے، آپ ﷺ کی طرف ایک عورت آئی، اس نے عرض کی: بے شک اے اللہ کے رسول! میں اپنا آپ تمہارے لیے وقف کرنے آئی ہوں۔ پس آپ ﷺ نے ایک نظر اُٹھا کر اس میں دیکھا، اپنی نظر کو سیدھا کیا پھر خاموشی اختیار کر لی۔ پس ایک ایسا آدمی کھڑا ہوا جس کے تن بدن پر صرف

5618- اخرج نحوه مسلم فی صحیحه جلد 2صفحه1040 رقم الحدیث: 1425 . والبخاری جلد 5صفحه1956 رقم الحدیث: 4799 .

لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ لَهُ: أَعِنْدَكَ شَيْءٌ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَلَا بُدَّ لَهَا مِنْ شَيْءٍ، فَاذْهَبْ فَالْتَمِسْ، فَذَهَبَ فَالْتَمَسَ، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا، فَرَجَعَ فَقَالَ: لَمْ أَجِدْ شَيْئًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ لَمْ أَجِدْهُ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟، فَقَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، فَقَالَ: قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

ایک ہی کپڑا تھا' اس نے اس کی دونوں طرفوں کو اپنی گردن سے باندھ رکھا تھا' اس نے عرض کی: اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو اس کی شادی مجھ سے فرما دیں۔ پس آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس عورت کو کوئی چیز دینا تو ضروری ہے' پس جا کر تلاش کر۔ پس اس نے جا کر تلاش کی تو کوئی چیز نہ پائی' پس وہ لوٹ کر آیا' عرض کی: میں نے کوئی چیز نہیں پائی۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: (ایک بار) جا کر تلاش کر' اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ پس وہ گیا پھر واپس آیا۔ عرض کی: لوہے کی انگوٹھی بھی مجھے نہیں ملی۔ پھر وہ بیٹھ گیا' پس رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا تیرے پاس قرآن میں سے بھی کچھ نہیں ہے؟ تو اس نے عرض کی: فلاں سورت اور فلاں سورت (مجھے یاد ہیں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس میں نے تیرا نکاح اس کے ساتھ کر دیا اسی چیز کی شرط پر جو تیرے پاس قرآن میں سے موجود ہے۔

5619 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ قَالَ: أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَتْ: عَمِلْتُ هَذِهِ لَكَ بِيَدَيَّ، فَقَبِلَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس چادر لے کر آئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے' رسول اللہ ﷺ نے اس کو قبول کیا' آپ کو اس کی ضرورت بھی تھی' آپ نے تہبند پہنا' پھر آپ

5619- اخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد1صفحه429 رقم الحديث: 1218' جلد2صفحه737 رقم الحديث: 1987' جلد5صفحه2189 رقم الحديث: 5473 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا، وَبِهِ حَاجَةٌ إِلَيْهَا فَاتَّزَرَهَا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: اكْسُنِيهَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، قَالَ سَهْلٌ: فَقُلْتُ لِلرَّجُلِ: قَدْ رَأَيْتَ حَاجَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهَا؟ فَقَالَ: قَدْ رَأَيْتُ مَا رَأَيْتُمْ، وَلَكِنْ أَرَدْتُ أَنْ أُخَبِّأَهَا حَتَّى أُكَفَّنَ فِيهَا، فَكُفِّنَ فِيهَا

نکلے آپ کے صحابہ میں سے ایک نے عرض کی: مجھے آپ پہنائیں گے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے اس کو دے دی۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس آدمی سے کہا: تمہیں علم تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو اس کی ضرورت ہے پھر بھی تم نے مانگ لی؟ اُس نے کہا: میں نے بھی دیکھا ہے جو تم نے دیکھا ہے میں نے سنبھال کر رکھنے کے لیے مانگی تھی کہ اس سے میرا کفن بنے اس میں ان کو کفن دیا گیا۔

5620 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ أَتَاهُ نَفَرٌ امْتَرَوْا فِي مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَيِّ أَعْوَادٍ هُوَ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ مِنْ أَيِّ عُودٍ هُوَ، وَمَنْ صَنَعَهُ، وَالْيَوْمَ الَّذِي قَامَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ أَنْ تَأْمُرَ غُلَامًا لَهَا نَجَّارًا، فَصَنَعَ لَهُ أَعْوَادًا يَخْطُبُ النَّاسَ عَلَيْهَا، فَصَنَعَ لَهُ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ، أَخْبَرَتِ الْمَرْأَةُ بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَحُمِلَ، فَخَطَبَ النَّاسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَكَعَ عَلَيْهِ، ثُمَّ نَزَلَ لِلسُّجُودِ فَسَجَدَ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے منبر کے متعلق جھگڑا کیا کہ وہ کس لکڑی کا تھا اور بنانے والا کون تھا؟ جس دن رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے انصار کی ایک عورت کو حکم دیا کہ اپنے غلام جو کہ ترکھان ہے اس کو بنانے کا حکم دیا اُس نے لکڑی کا منبر بنایا آپ لوگوں کو اس پر خطبہ دیتے تھے وہ جنگل کی لکڑی سے بنایا گیا ہے جب آپ فارغ ہوئے تو عورت کو پایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی طرف بھیجا اس منبر کو لایا گیا آپ نے اس پر بیٹھ کر لوگوں کو خطبہ دیا پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہ ﷺ نے منبر پر تکبیر کہی پھر رکوع کیا پھر سجدہ کے لیے اُترے آپ نے سجدہ کیا پھر منبر پر رکوع کیا اپنی نماز سے فارغ ہونے تک ایسے کرتے رہے۔

5620- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 148، رقم الحديث: 370 .

ثُمَّ رَكَعَ عَلَى الْمِنبَرِ، فَصَنَعَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ

5621 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5622 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبُرْجَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يُدْعَى لَهُ الصَّائِمُونَ، مَنْ كَانَ مِنَ الصَّائِمِينَ دَخَلَهُ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے' اس سے گزرنے کے لیے روزہ داروں کو بلوایا جائے گا' جو روزہ دار ہوگا وہ داخل ہوگا اور کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا۔

5623 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قِيرَسَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا يَوْمَ أُصِيبَ وَجْهُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَحْرِقُ الْحَصِيرَ، تُدَاوِي بِهِ جُرْحَهُ، تُلْصِقُهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن رسول اللہ ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا' چٹائی کو جلا کر دواء رکھی گئی' تو اس کے ساتھ خون بند ہوگیا۔

مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ

موسیٰ بن یعقوب زمعی' حضرت

5622- الترمذي جلد3صفحه137 رقم الحديث: 765 . وابن ماجه جلد1صفحه525 رقم الحديث: 1640 .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5624 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمِ بْنُ دِينَارٍ، أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ، -أَوْ قَالَ: مَا تُرَدَّانِ -الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ، وَعِنْدَ الْبَأْسِ، حِينَ يَلْتَحِمَ بَعْضُهُ بَعْضًا ، قَالَ مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ: وَحَدَّثَنِي رُزَيْقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَتَحْتَ الْمَطَرِ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: لَيْسَ لِرُزَيْقٍ حَدِيثٌ مُسْنَدٌ إِلَّا هَذَا الْحَدِيثُ، وَحَدِيثٌ آخَرُ مُنْقَطِعٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو چیزیں کبھی بھی رد نہیں ہوتی ہیں یا فرمایا: دو چیزیں رد نہیں کی جاتی ہیں: (۱) اذان کے وقت کی دعا (۲) جنگ کے وقت یہاں تک کہ ایک دوسرے کو ماریں۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بارش کے نیچے۔ حضرت ابوالقاسم فرماتے ہیں: رزیق کی حدیث اسی طرح مسند ہے اور دوسری حدیث منقطع ہے۔

5625 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيُعَزِّي النَّاسُ بَعْضُهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب لوگ میرے بعد میری تعزیت کی وجہ سے ایک دوسرے سے تعزیت کریں گے' لوگ کہنے لگے: یہ کیا ہے؟ جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو لوگ ایک دوسرے سے مل کر رسول اللہ ﷺ کے وصال پر ایک دوسرے کو حوصلہ دینے

5624- أورد نحوه الدارمي في سننه جلد 1 صفحه 293 رقم الحديث: 1200 . وأبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه 21 رقم الحديث: 2540 .

5625- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 38 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني ورجاله رجال موسى بن يعقوب الزمعي وثقه جماعة .

بَعْضًا مِنْ بَعْدِي لِلتَّعْزِيَةِ فِيَّ ، فَكَانَ النَّاسُ يَقُولُونَ: مَا هَذَا؟، فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَقِيَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا يُعَزِّي بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لگے۔

موسى بن يعقوب الزمعي عن أبي حازم

5626 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ الْعُودَ الَّذِي كَانَ فِي الْمَقْصُورَةِ، جُعِلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَسَنَّ، فَكَانَ يَتَّكِءُ عَلَيْهِ إِذَا قَامَ، فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُرِقَ، فَطُلِبَ فَوُجِدَ فِي مَسْجِدِ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَكَانَتِ الْأَرَضَةُ قَدْ أَصَابَتْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ لکڑی جو مقصودہ (گنبد) میں تھی' رسول اللہ ﷺ کے لیے بنائی گئی' جس وقت آپ کی عمر زیادہ ہوگئی' آپ جب کھڑے ہوتے تھے تو اس کا سہارا لیتے تھے' جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو وہ چوری ہوگئی' اسے تلاش کیا گیا تو وہ بنی عمرو بن عوف کی مسجد میں پائی گئی' اسے دیمک لگ گئی۔

5627 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَسَنٌ، وَحُسَيْنٌ يَبْكِيَانِ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيهِمَا؟ قَالَتِ: الْجُوعُ، قَالَ: فَأَرْسِلِي إِلَى أَبِيكِ، فَأَرْسَلَتْ، فَجَاءَهُ الرَّسُولُ وَبَيْنَ يَدَيْهِ فَضْلَةُ تَمْرٍ،

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اس حالت میں کہ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں رو رہے تھے' آپ نے فرمایا: دونوں کیوں رو رہے ہو؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بھوک کی وجہ سے! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اپنے والد کی طرف کسی کو بھیجیں! حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے بھیجا' پھر وہ بھیجا ہوا اس حالت میں

5626- الرویانی فی مسنده جلد**2**صفحه**217**' رقم الحدیث: **1071** .

5627- أورد نحوه أبو داؤد فی سننه جلد**2**صفحه**138**' رقم الحدیث: **1716** .

فَقَالَ: إِنَّ ابْنَتَكَ تَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ: إِنْ كَانَ عِنْدَكَ شَيْءٌ فَأَبْلِغْنَاهُ، فَإِنَّ حَسَنًا، وَحُسَيْنًا يَبْكِيَانِ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّسُولَ فَحَمَلَهُ إِلَيْهِمَا، فَجَاءَ بِهِ فَاطِمَةَ، فَدَخَلَ عَلِيٌّ عَلَيْهَا وَهُوَ بَيْنَ يَدَيْهَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا وَجَدَ غَيْرَ هَذَا؟ قَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: لَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا فِي هَذَا مَا يُسَكِّنُهُمَا، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَجَدَ دِينَارًا فِي السُّوقِ، فَجَاءَ بِهِ إِلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَأَخْبَرَهَا وَقَالَ: هَذَا الدِّينَارُ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: اذْهَبْ بِهِ إِلَى فُلَانٍ الْيَهُودِيِّ، فَخُذْ لَنَا مِنْهُ دَقِيقًا، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَ الْيَهُودِيَّ فَاشْتَرَى بِهِ دَقِيقًا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ الْيَهُودِيُّ: أَنْتَ خَتَنُ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَخُذْ دِينَارَكَ وَلَكَ الدَّقِيقُ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ حَتَّى جَاءَ بِهِ فَاطِمَةَ، فَأَخْبَرَهَا وَقَالَ: هَذَا الدِّينَارُ، قَالَتْ: فاطمة: اذْهَبْ بِهِ إِلَى فُلَانٍ الْجَزَّارِ، فَخُذْ لَنَا بِدِرْهَمٍ لَحْمًا، نُرْسِلْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَأْكُلُ مَعَنَا، فَذَهَبَ فَرَهَنَ الدِّينَارَ بِدِرْهَمٍ، فَجَاءَ بِهِ، فَعَجَنَتْ وَنَصَبَتْ وَخَبَزَتْ، فَأَرْسَلَتْ إِلَى أَبِيهَا، فَجَاءَهَا فَإِذَا جَفْنَةٌ فِيهَا خُبْزٌ، وَإِذَا اللَّحْمُ يَغْلِي، وَإِذَا دَقِيقٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَذْكُرُ لَكَ، فَإِنْ رَأَيْتَهُ لَنَا حَلَالًا أَكَلْنَا وَأَكَلْتَ، مِنْ شَأْنِهِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ

حضورﷺ کے پاس آیا کہ آپ کے آگے بچی ہوئی کھجوریں تھیں' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی بیٹی کہہ رہی ہیں کہ اگر آپ کے پاس کوئی شی ہے تو وہ ہمیں پہنچادیں کیونکہ حسن وحسین دونوں (بھوک کی وجہ سے) رو رہے ہیں۔ رسول اللہﷺ نے اس بھیجے ہوئے کو حکم دیا اُٹھانے کا۔ پھر وہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' وہ کھجوریں آپ کے سامنے تھیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کے علاوہ کچھ نہیں ملا؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: نہیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اس میں ان دونوں کی تسکین کا سامان نہیں ہے۔ حضرت علی تشریف لے گئے تو بازار میں انہیں دینار ملا' آپ وہ لے کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ کو بتایا کہ کیا یہ دینار ہے؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یہ فلاں یہودی کے پاس لے جائیں' اس سے ہمارے لیے آٹا لائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے اور اس یہودی کے پاس آئے' اس سے آٹا خریدا' جب خرید کر فارغ ہوئے تو اس یہودی نے کہا: آپ اس شخص کے داماد ہیں جس کا خیال ہے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں' تو آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: اپنا دینار بھی لے لو اور آٹا بھی آپ کا ہوا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں سے نکلے اور اسے لے کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' انہیں بتایا اور کہا: یہ دینار ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اب اسے فلاں

اللّٰهِ ، فَأَكَلُوا فَبَيْنَمَا هُمْ مَكَانَهُمْ، إِذَا غُلَامٌ يَنْشُدُ الدِّينَارَ بِاللّٰهِ وَبِالْإِسْلَامِ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُعِيَ لَهُ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: أَرْسَلَنِي أَهْلِي بِدِينَارٍ أَشْتَرِي بِهِ، فَسَقَطَ مِنِّي بِالسُّوقِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ إِلَى الْجَزَّارِ فَقُلْ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرْسِلْ إِلَيَّ بِالدِّينَارِ وَدِرْهَمُكَ عَلَيَّ ، فَأَرْسَلَ بِهِ، فَدَفَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ

قصاب کے پاس لے جا کر ہمارے لیے ایک درہم کے بدلے گوشت لے آؤ' ہم اسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بھیجیں گے' پس آپ ہمارے ساتھ کھائیں گے۔ آپ رضی اللہ عنہ گئے' آپ نے ایک درہم کے بدلے اس دینار کو رہن رکھا اور گوشت لائے' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آٹا گوندھ کر روٹی پکائی اور اپنے والد گرامی کی خدمت میں پیغام بھیجا' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر پڑی تو ایک بڑا پیالہ تھا جس میں روٹی تھی اور گوشت جوش مار رہا تھا اور آٹا تھا۔ پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آپ کی خدمت میں عرض کرتی ہوں' پس اگر تو آپ اس کو ہمارے لیے حلال خیال کریں تو ہم بھی کھائیں اور آپ بھی تناول فرمائیں' اس کا معاملہ اس اس طرح ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ۔ پس وہ کھانے لگے جبکہ ایک غلام آواز لگا رہا تھا: راہِ خدا اور اسلام کے نام پر ایک دینار! پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا' پس اس کو آپ کی طرف بلایا گیا تو آپ نے اس سے سوال کیا' اس نے عرض کی: میرے گھر والوں نے مجھے دینار دے کر بھیجا تاکہ میں اس کے بدلے کچھ خریدوں' پس وہ مجھ سے بازار میں گر گیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قصاب کی طرف جا اور اس سے کہہ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے: دینار میری طرف بھیج دے اور وہ تیرا درہم (جس کے بدلے تُو نے گوشت دیا ہے) میرے

اوپر قرض رہا' اس قصاب نے وہ بھیج دیا تو رسول کریم ﷺ نے وہ دینار اس غلام کو دے دیا۔

5628 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ فَرَطًا، وَإِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَمَنْ وَرَدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ فَشَرِبَ، لَمْ يَظْمَأْ، وَمَنْ لَمْ يَظْمَأْ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر قوم کے لیے آگے جا کر کوئی نہ کوئی انتظار کرنے والا ہے' میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا جو میرے حوض پر آئے گا' اس سے پئے گا تو وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا' جو پئے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

حَمَّادُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت حماد بن ابوحمید' یہ محمد بن ابوحمید مدنی ہیں' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5629 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ أَشْهَدَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ أَذْكُرُ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْمِلَ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ وہ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ کہ میں صبح کی نماز پر حاضر ہوں' میں وہیں اللہ کا ذکر کرنے کیلئے بیٹھ جاؤں یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے' مجھے زیادہ پسند ہے' اس سے کہ میں اللہ کی راہ میں کسی کو عمدہ گھوڑوں پر سوار کروں حتیٰ کہ سورج طلوع ہو جائے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسحاق' حضرت ابوحازم سے روایت

5628- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 364 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال موسى بن يعقوب الزمعي وفيه ضعيف .

أَبِي حَازِمٍ

کرتے ہیں

5630 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ مِنْ غُرَفِ الْجَنَّةِ، كَمَا يَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الْغَارِبَ الدُّرِّيَّ الشَّرْقِيَّ وَالْغَرْبِيَّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت والے جنت کے کمروں کو دیکھیں گے جس طرح (آسمان کے اوپر) غروب ہونے والے چمکتے ہوئے ستارے کو مشرق ومغرب میں دیکھا جاتا ہے۔

5631 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّ النِّسَاءُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْمَرْنَ فِي الصَّلَاةِ أَنْ لَا يَرْفَعْنَ رُءُوسَهُنَّ حَتَّى يَأْخُذَ الرِّجَالُ مَقَاعِدَهُمْ مِنَ الْأَرْضِ مِنْ ضِيقِ الثِّيَابِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں عورتوں کو حکم دیا گیا کہ اپنے سر نہ اُٹھائیں یہاں تک کہ مرد زمین سے اپنی مقعد اُٹھائیں کپڑوں کی کمی کی وجہ سے۔

5632 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِلْجَنَّةِ بَابًا يُدْعَى الرَّيَّانَ، يُقَالُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الصَّائِمُونَ؟ فَإِذَا دَخَلُوا أُغْلِقَ وَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کا ایک دروازہ ہے جس کو ریان کہا جاتا ہے قیامت کے دن کہا جائے گا: روزہ دار کہاں ہیں؟ جب وہ داخل ہو جائیں گے تو وہ دروازہ بند کر دیا جائے گا اس میں سے ان کے علاوہ کوئی نہیں گزرے گا۔

5630- أبو يعلى في مسنده جلد13صفحه524' رقم الحديث: 7528 .

5631- أبو يعلى في مسنده جلد13صفحه535' رقم الحديث: 7542 .

غَيْرُهُمْ

5633 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تالیاں بجانا عورتوں کے لیے ہیں اور سبحان اللہ مردوں کے لیے ہیں۔

5634 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَانُوا يَشْهَدُونَ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَاقِدِي أَرْدِيَتِهِمْ، وَمَا عَلَى أَحَدِهِمْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگ رسول اللہﷺ کے ساتھ نماز میں شریک ہوتے' ان کے پاس ایک ہی کپڑا ہوتا تھا۔

5635 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي قَدْ زَنَيْتُ بِفُلَانَةَ - سَمَّاهَا -، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَرْأَةِ فَسَأَلَهَا فَأَنْكَرَتْ، فَرَجَمَهُ وَتَرَكَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: میں نے فلانی سے زنا کیا' اس کا نام بھی لیا' حضورﷺ نے اس عورت کی طرف کسی کو بھیجا' اُس سے پوچھا گیا تو اس عورت نے انکار کیا' اس مرد کو رجم کیا گیا اور عورت کو چھوڑ دیا گیا۔

مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ

حضرت مالک بن انس' حضرت

5634- أورد نحوه أبو يعلى في مسنده جلد13صفحه534' رقم الحديث: 7541 .

5635- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد8صفحه251 .

أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5636 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر رہیں گے جب تک افطاری میں جلدی کرتے رہیں گے۔

5637 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ، وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: أَتَأْذَنُ أَنْ أُعْطِيَ هَؤُلَاءِ؟ ، قَالَ الْغُلَامُ: وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَا أُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْكَ أَحَدًا، فَتَلَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس پینے کے لیے پانی لایا گیا تو آپ نے اس سے پیا' آپ کی دائیں جانب بچہ تھا اور بائیں طرف بزرگ تھے' آپ نے بچہ سے فرمایا: کیا تم مجھے اجازت دو گے کہ ان بزرگوں کو دوں؟ اس بچہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میں اپنے حصہ پر کسی کو ترجیح نہیں دوں گا۔ حضور ﷺ نے اس کے ہاتھ میں رکھا۔

5638 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنْ كَانَ فَفِي الْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ يَعْنِي الشُّؤْمَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5639 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكٌ، ح

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ بنو عمرو بن عوف کے درمیان صلح کروانے کیلئے تشریف لے گئے اور نماز کا وقت ہو گیا تو مؤذن

5636- مسلم جلد2صفحہ771 رقم الحديث: 1098 . والبخاری جلد2صفحہ692 رقم الحديث: 1856 .

5637- أبو عوانة في مسنده جلد5صفحہ158' رقم الحديث: 8230 .

وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ وَحَانَتِ الصَّلَاةُ، فَجَاءَ الْمُؤَذِّنُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَتُصَلِّي لِلنَّاسِ، فَأُقِيمُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فِي الصَّلَاةِ، فَتَخَلَّصَ حَتَّى وَقَفَ فِي الصَّفِّ، فَصَفَّقَ النَّاسُ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيقَ، الْتَفَتَ أَبُو بَكْرٍ، فَرَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ اثْبُتْ مَكَانَكَ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى مَا أَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ اسْتَأْخَرَ حَتَّى اسْتَوَى فِي الصَّفِّ، وَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ إِذْ أَمَرْتُكَ؟، فَقَالَ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي رَأَيْتُكُمْ أَكْثَرْتُمْ مِنَ التَّصْفِيقِ؟ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيُسَبِّحْ، فَإِنَّهُ إِذَا سَبَّحَ الْتُفِتَ إِلَيْهِ، وَإِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' عرض کی: آپ نماز پڑھائیں گے تو میں اقامت کہوں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' پس رسول کریم ﷺ تشریف لائے اس حال میں کہ لوگ ابھی نماز میں تھے' پس آپ ﷺ ایک طرف ہو کر صف میں کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے تالیاں بجائیں جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے' پس جب لوگوں نے بہت زیادہ تالیاں بجائیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے توجہ فرمائی تو رسول کریم ﷺ کو دیکھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ وہ اپنی جگہ ٹھہرے رہیں' پس حضرت ابوبکر نے اپنے ہاتھ بلند کیے اور رسول کریم ﷺ کے نماز پڑھانے کا حکم دینے پر اللہ کا شکر ادا کیا' پھر پیچھے ہٹ کر صف کے برابر آ گئے اور نبی کریم ﷺ نے آگے بڑھ کر نماز پڑھائی' پھر جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے آپ کو حکم دے دیا تھا تو آپ کو ٹھہرنے سے کس چیز نے روکا؟ انہوں نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ اللہ کے رسول کے سامنے نماز پڑھائے! تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے کہ میں نے تم لوگوں کو تالیوں کی کثرت کرتا ہوا دیکھا ہے؟ جس آدمی کو اس کی نماز میں کوئی چیز پیش آ جائے تو وہ سبحان اللہ کہے کیونکہ جب وہ سبحان اللہ کہے گا تو اس کا امام متوجہ ہو

گا اور یہ تالی بجانا تو عورتوں کے لیے مقرر ہے (کیونکہ ان کی آواز فتنہ ہے)۔

5640 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُونَ أَنْ يَضَعَ الرَّجُلُ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى ذِرَاعِهِ الْيُسْرَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو حکم دیا گیا تھا کہ آدمی اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں بازو پر رکھے۔

5641 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ يَحْيَى، حَدَّثَنَا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ، قَالَا: ثنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ بِلَالًا يُنَادِي بِلَيْلٍ فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُنَادِيَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بلال رات کو اذان دیتا ہے کھاؤ اور پیو ابن اُم مکتوم کے اذان دینے تک۔

5642 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَاعَتَانِ لَا تُرَدُّ عَلَى دَاعٍ دَعْوَتُهُ، حِينَ يُقَامُ اللَّيْلُ صَلَاةً، وَفِي الصَّفِّ فِي سَبِيلِ اللهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو وقت میں دعا رد نہیں ہوگی: رات کے وقت اور اللہ کی راہ میں صف بناتے وقت۔

5643 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

مالك بن أنس عن أبي حازم

5640- أبو عوانة في مسنده جلد1صفحه429 رقم الحديث: 1597' جلد2صفحه97 .

5641- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه153 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح .

5642- ابن حبان في صحيحه جلد5صفحه60' رقم الحديث: 1764 .

5643- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه159 وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن الدعبي وهو متهم بهذا الحديث .

إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صِبْيَانٍ وَهُمْ يَلْعَبُونَ بِالتُّرَابِ، فَنَهَاهُمْ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دَعْهُمْ فَإِنَّ التُّرَابَ رَبِيعُ الصِّبْيَانِ

حضورﷺ بچوں کے پاس سے گزرتے' وہ مٹی سے کھیل رہے ہوتے' صحابہ ان کو منع کرتے' آپﷺ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو کیونکہ مٹی بچوں کی بہار ہے۔

5644 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يَاسِينُ بْنُ عَبْدِ الْأَحَدِ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ فَوْقَهُمْ، كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ فِي الْأُفُقِ وَالْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لِتَفَاضُلِ مَا بَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جنت والے اپنے سے اوپر کے کمروں والوں کو ایسے دیکھیں گے جس طرح اُفق میں مشرق اور مغرب میں چمکتا ہوا ستارہ ہوتا ہے' ان کے درمیان باہم فضیلت کی وجہ سے۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی ذئب' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5645 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ دِينَارٍ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ جناب عویمر عجلانی نے حضرت عاصم بن عدی کے پاس آ کر کہا: اس آدمی کے بارے آپ کا کیا خیال ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے؟ پس اگر وہ اس کو قتل کرتا ہے تو تم لوگ اس کو قتل کر دو گے؟ میرے لیے یہ

وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، فَإِنْ قَتَلَهُ قَتَلْتُمُوهُ؟ سَلْ لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَأَخْبَرَ عَاصِمٌ عُوَيْمِرًا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَآتِيَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَقَدْ نَزَلَ الْقُرْآنُ، فَسَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَقَدْ أُنْزِلَ فِيكُمَا الْقُرْآنُ، فَتَقَدَّمَا فَتَلَاعَنَا، ثُمَّ قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَنَا أَمْسَكْتُهَا، فَفَارَقَهَا، وَمَا أَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهَا، فَسُنَّتْ سُنَّةً فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرُوهَا، فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَحْمَرَ قَصِيرًا كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أَحْسَبُهُ إِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَعْيَنَ ذَا أَلْيَتَيْنِ، فَلَا أَحْسَبُهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، فَجَاءَتْ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوهِ

بات رسول کریم ﷺ سے پوچھو! پس حضرت عاصم نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو رسول کریم ﷺ نے اس طرح کے سوالات کو ناپسند فرمایا اور ان کو معیوب جانا۔ پس حضرت عاصم نے حضرت عویمر کو بات بتا دی تو عویمر نے کہا: قسم بخدا! میں خود رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں جاؤں گا۔ پس وہ آئے' اتنے میں قرآن نازل ہو چکا تھا' پس اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تحقیق تم دونوں کے بارے قرآن نازل ہوا ہے' پس اُنہوں نے آگے ہو کر لعان کیا' پھر عرض کی: اگر اس عورت کو میں اپنے پاس رکھوں تو میں نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے۔ پس حضرت عویمر نے اسے فارغ کر دیا حالانکہ رسول کریم ﷺ نے اسے حکم نہیں دیا تھا کہ وہ اسے جدا کر دے' پس دو لعان کرنے والوں کے درمیان یہی طریقہ بن گیا اور رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اب سب مل کر اس عورت کو دیکھنا' پس اگر تو وہ ہلکا سرخ اور کوتاہ قد گویا کہ وہ چھپکلی جیسا جانور ہے (یا چھوٹا اونٹ) تو میرا خیال ہے کہ اس آدمی نے اس عورت پر جھوٹ بولا اور اگر وہ کالا سیاہ' موٹی آنکھوں اور موٹی سرین والا بچہ جنے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس مرد نے اس عورت کے خلاف سچ کہا' پس وہ اسی مکروہ صفت والا بچہ لائی۔

أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ

حضرت ابوغسان محمد بن مطرف

بْنُ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5646 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے۔

5647 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: میرا منبر جنت کی نہروں میں (یا دروازوں میں) سے ایک نہر (یا دروازے) کے اوپر ہے۔

5648 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ مِنْ أَصْغَرِ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَهِ الْأَشْيَاخَ؟، قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلٍ فِيكَ يَا رَسُولَ اللهِ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس پینے کے لیے پانی لایا گیا تو آپ نے اس سے پیا' آپ کی دائیں جانب بچہ تھا اور بائیں طرف بزرگ تھے' آپ نے بچہ سے فرمایا: کیا تم مجھے اجازت دو گے کہ ان بزرگوں کو دوں؟ اس بچہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میں اپنے حصہ پر کسی کو ترجیح نہیں دوں گا۔ حضور ﷺ نے اس کے ہاتھ میں رکھا۔

5649 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ وہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے رسول کریم ﷺ پر اپنا آپ پیش کیا تو قوم

5647- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22892 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: زَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: مَا عِنْدَكَ؟، قَالَ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ، قَالَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، وَلَا خَاتَمَ حَدِيدٍ، وَلَكِنْ هَذَا إِزَارِي، لَهَا نِصْفُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ، فَجَلَسَ الرَّجُلُ، حَتَّى طَالَ مَجْلِسُهُ، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَاهُ أَوْ جِيءَ بِهِ، فَقَالَ لَهُ: مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟، قَالَ: مَعِي سُورَةُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَنْكَحْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میرے پاس کوئی چیز نہیں؟ فرمایا: جا کر تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ پس وہ گیا پھر لوٹا اور عرض کی: نہیں! قسم بخدا! میں نے کوئی چیز نہیں پائی لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں لیکن یہ میرا تہبند ہے کہ آدھا اس کو دے سکتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ تیرے تہبند کو کیا کرے گی کہ اگر تُو نے اس کو زیب تن کر لیا تو اس پر تو کوئی شی نہ ہوگی اور اگر وہ پہن لے تو تیرے اوپر کوئی شی نہ ہوگی۔ پس وہ آدمی بیٹھ گیا حتیٰ کہ کافی دیر بیٹھا رہا' پس رسول کریم ﷺ نے اس کو دیکھ کر بلایا حتیٰ کہ اسے آپ ﷺ کی بارگاہ میں لیا گیا' آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: قرآن میں سے کیا پڑھا ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت مجھے یاد ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے تیرا نکاح اس سے کردیا' بدلے اس کے جو تجھے قرآن یاد ہے۔

5650 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا - أَوْ سَبْعُمِائَةِ أَلْفٍ -، آخِذٌ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، حَتَّى يَدْخُلَ أَوَّلُهُمْ وآخِرُهُمُ الْجَنَّةَ، وُجُوهُهُمْ عَلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے ستّر ہزار یا فرمایا: سات لاکھ جنت میں داخل ہوں گے' ایک دوسرے کو پکڑ کر' حتیٰ کہ ان کے اوّل سے آخر تک جنت میں داخل ہو جائیں گے' ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے۔

5650- مسلم جلد 1 صفحہ 198' رقم الحديث: 219 . والبخاری جلد 3 صفحہ 1186 رقم الحديث: 3075' جلد 5 صفحہ 2399 رقم الحديث: 6187 .

صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

5651 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ مَرَّ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا' جو میرے پاس سے گزرے گا وہ پئے گا' جو پئے گا وہ کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا' میرے حوض پر کچھ لوگ ایسے آئیں گے کہ جن کو میں اور وہ مجھے جانتے ہوں گے' وہ میرے اور ان کے درمیان پردے حائل ہوں گے۔

5652 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ مِنْ أَعْظَمِ الْمُسْلِمِينَ غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِينَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا ، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَلَى الْمُشْرِكِينَ حَتَّى جُرِحَ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَأَخَذَ ذُبَابَ سَيْفِهِ، فَجَعَلَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، حَتَّى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْرِعًا، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سب سے زیادہ مال دار ایک آدمی ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کرتا تھا' اس کو رسول اللہ ﷺ نے دیکھا' آپ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ وہ جہنمی انسان دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے' لوگوں میں سے ایک آدمی اس کے پیچھے چلا' وہ اسی حالت پر تھا اور مشرکوں پر سب سے زیادہ طاقت والا تھا' وہ زخمی کیا گیا' اس نے موت کی جلدی کی' اس نے تلوار کی نوک پکڑی اور اسے اپنے سینے پر رکھا' وہ دونوں پستانوں کے درمیان سے نکالی' وہ آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس جلدی آیا' اُس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: آپ نے فرمایا تھا کہ جس کو پسند ہو کہ وہ

5652- أخرج نحوه مسلم جلد 1 صفحه 106 رقم الحديث: 112' جلد 3 صفحه 1061 رقم الحديث: 2742' جلد 4 صفحه 1539 رقم الحديث: 3966' جلد 4 صفحه 1541 رقم الحديث: 3870' جلد 5 صفحه 2381 رقم الحديث: 6128' جلد 6 صفحه 2436 رقم الحديث: 6233 .

ذَاكَ؟ ، قَالَ: قُلْتَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا وَكَانَ مِنْ أَعْظَمِنَا غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِينَ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لَا يَمُوتُ عَلَى ذَلِكَ، فَلَمَّا جُرِحَ اسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

جہنمی انسان دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے۔ یہ مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ مال دار تھا' مجھے یقین ہو گیا کہ یہ ایسے ہی مرے گا (جس طرح آپ نے فرمایا)' جب اس کو زخمی کیا گیا تو اس نے موت کی جلدی کی اور اپنے آپ کو مار دیا۔ حضور ﷺ نے اس وقت فرمایا: ایک بندہ دنیا میں جنت والے عمل کرتا ہے لیکن ہوتا وہ جہنمی ہے اور ایک جہنم والے عمل کرتا ہے لیکن ہوتا وہ جنتی ہے' اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

5653 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَ سَهْلٌ لِلْقَوْمِ: أَتَدْرُونَ مَا الْبُرْدُ؟ قَالَ الْقَوْمُ: هِيَ شَمْلَةٌ مَنْسُوجَةٌ، فِيهَا حَاشِيَتُهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: جِئْتُ أَكْسُوكَ هَذِهِ، فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَلَبِسَهَا، فَرَآهَا عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ فَاكْسُنِيهَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ ، فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَامَهُ أَصْحَابُهُ، فَقَالُوا: مَا أَحْسَنْتَ حِينَ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا، وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يُسْأَلُ شَيْئًا فَيَمْنَعُهُ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا حَمَلَنِي عَلَى ذَلِكَ إِلَّا رَجَوْتُ بَرَكَتَهَا حِينَ لَبِسَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس چادر لے کر آئی' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کہا: تم جانتے ہو کہ یہ کیا چادر ہے؟ لوگوں نے کہا: وہ بُنی ہوئی چادر ہے' جس میں حاشیہ ہے۔ اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے لیے لائی ہوں تاکہ آپ پہنیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کو پکڑا' آپ کو اس کی ضرورت بھی تھی' اسے پہنا تو صحابہ میں سے کسی نے آپ پر چادر دیکھی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کتنی اچھی چادر ہے' مجھے پہنا دیں؟ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام نے اشارہ کیا: تُو نے اچھا نہیں کیا' تجھے علم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اس کی ضرورت تھی' پھر بھی تم نے مانگ لی' تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ آپ ﷺ مانگنے والے کو منع نہیں کرتے ہیں۔ اس آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے اس لیے لی ہے کہ جب رسول

لَعَلِّي أُكَفَّنُ فِيهَا

اللہ ﷺ نے پہن لی تو برکت ہوگی اور میں نے اسے اپنے کفن کے لیے رکھا ہے۔

5654 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ كَانَ بَيْنَ الْمَسْجِدِ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ مَمَرُّ الشَّاةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد کا وہ حصہ جو قبلہ سے ملا ہوا اور قبلہ کے درمیان والی جگہ بکری گزر سکتی ہے۔

5655 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ، ثُمَّ تَكُونُ الْقَائِلَةُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ پڑھتے تھے پھر ہم قیلولہ کرتے۔

5656 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ فِينَا تَجْعَلُ فِي مَزْرَعَةٍ لَهَا سِلْقًا، وَكَانَتْ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، تَنْزِعُ أُصُولَ السِّلْقِ فَتَجْعَلُهُ فِي قِدْرٍ، ثُمَّ تَجْعَلُ عَلَيْهِ قَبْضَةً مِنْ شَعِيرٍ تَطْبُخُهُ، فَيَكُونُ أُصُولُ السِّلْقِ غُرَافَةً، قَالَ سَهْلٌ: فَكُنَّا نَنْصَرِفُ إِلَيْهَا مِنْ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ فَنُسَلِّمُ عَلَيْهَا، فَتُقَرِّبُ ذَلِكَ الطَّعَامَ إِلَيْنَا، فَكُنَّا نَتَمَنَّى يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِطَعَامِهَا ذَلِكَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں ہم میں سے ایک عورت تھی' اس کی کھیتی میں سلق تھی' جب جمعہ کا دن ہوتا تھا تو وہ سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑیں ہنڈیا میں ڈالتی تھی' پھر اس میں ایک مٹھی جو ڈالتی' سلق کی جڑیں اُبل رہی ہوتی تھی' ہم نمازِ جمعہ پڑھ کر اس کو سلام کرتے تو وہ ہمارے پاس کھانا لاتی' ہمیں جمعہ کے دن اس کھانے کی تمنا ہوتی تھی۔

5657 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے سرِ انور پر چوٹ آئی'

5655- أخرجه البخاري جلد1صفحه318' رقم الحديث: 899 .

5656- أخرج نحوه البخاري جلد1صفحه317' رقم الحديث: 896 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: هُشِّمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَجُرِحَ وَجْهُهُ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ عَنْهُ الدَّمَ، وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَأْتِيهَا بِالْمَاءِ، فَلَمَّا أَصَابَ الْجُرْحَ الْمَاءُ، كَثُرَ دَمُهُ فَلَمْ يَرْقَأِ الدَّمُ، حَتَّى أَخَذَتْ قِطْعَةً مِنْ حَصِيرٍ، فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى عَادَ رَمَادًا، ثُمَّ جَعَلَتْ عَلَى الْجُرْحِ، فَرَقَأَ الدَّمُ

آپ کے دانت مبارک ٹوٹے اور چہرۂ انور زخمی ہوا۔ حضرت سیدہ فاطمہ بنت رسول اللہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے چہرے سے خون دھویا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ پانی لاتے تھے جب زخم کو پانی سے صاف کیا گیا تو خون زیادہ ہوا' وہ بند نہیں ہو رہا تھا' چٹائی کا ایک ٹکڑا تھا اُسے جلایا گیا' یہاں تک کہ اس کی راکھ بن گئی' وہ اس زخم پر رکھی گئی' اس زخم سے خون آنا بند ہوا۔

5658 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَ إِلَى امْرَأَةٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَكَانَ لَهَا عَبْدٌ نَجَّارٌ، فَقَالَ لَهَا: مُرِي عَبْدَكِ، فَلْيَعْمَلْ لِي أَعْوَادًا كَالْمِنْبَرِ، فَأَمَرَتْ عَبْدَهَا، فَذَهَبَ إِلَى الْغَابَةِ، فَقَطَعَ مِنَ الطَّرْفَاءِ، فَصَنَعَ لَهُ مِنْبَرًا، فَلَمَّا قَضَاهُ، أَرْسَلَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَضَاهُ، قَالَ: فَأَرْسِلَ بِهِ إِلَيَّ، فَجَاءُوا بِهِ إِلَيْهِ، فَاحْتَمَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهُ حَيْثُ تَرَوْنَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مہاجرین میں سے ایک عورت کی طرف پیغام بھیجا' اس عورت کا غلام ترکھان تھا' آپ نے اس عورت کو کہا: اپنے غلام کو حکم دو کہ میرے منبر کی طرح سیڑھیاں بنائے۔ عورت نے اپنے غلام کو حکم دیا تو وہ جنگل کی طرف گیا' اس نے لکڑیاں کاٹیں' اس کا منبر بنایا' جب بنایا تو اُس عورت نے رسول اللہ ﷺ کی طرف پیغام بھیجا کہ منبر بن گیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو میری طرف بھیج دو! وہ منبر آپ کے پاس لایا گیا تو حضور ﷺ نے جس وقت اسے دیکھا تو اسے اُٹھوا کر اس جگہ رکھوایا جہاں تم دیکھتے ہو۔

5659 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (وَكُلُوا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: کھاؤ پیو یہاں تک کہ تمہارے لیے سفید دھاگہ واضح ہو جائے کالے دھاگے سے' من

5659- أخرجه مسلم جلد2صفحه767' رقم الحديث: 1091 .

وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ) (البقرة: 187) ، وَلَمْ يَنْزِلْ مِنَ الْفَجْرِ، فَكَانَ رِجَالٌ إِذَا أَرَادُوا الصَّوْمَ، رَبَطَ أَحَدُهُمْ فِي رِجْلَيْهِ الْخَيْطَ الْأَسْوَدَ وَالْخَيْطَ الْأَبْيَضَ، فَلَا يَزَالُ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُ أَيُّهُمَا، فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى بَعْدَ ذَلِكَ: (مِنَ الْفَجْرِ) (البقرة: 187) ، فَعَلِمُوا أَنَّمَا يَعْنِي بِذَلِكَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

الفجر کے الفاظ نہیں اترے لوگ جب روزہ رکھنے کا ارادہ کرتے تو ان میں سے کچھ ایک پاؤں پر سفید دھاگہ اور دوسرے پر کالا دھاگہ باندھتے اور کھاتے پیتے رہتے یہاں تک کہ دونوں واضح ہو جائیں' اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد یہ آیت نازل فرمائی: ''فجر تک'' وہ اس پر عمل کرنے لگے' یعنی مراد ہے: رات اور دن۔

ابو غسان محمد بن مطرف عن ابی حازم

5660 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ مِنَ الْعَرَبِ، فَأَمَرَ أَبَا أُسَيْدٍ السَّاعِدِيَّ أَنْ يُرْسِلَ إِلَيْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَقَدِمَتْ، فَنَزَلَتْ عَلَى بَنِي سَاعِدَةَ، قَالَ: وَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جَاءَهَا، فَلَمَّا كَلَّمَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْكَ، قَالَ: قَدْ أَعَاذَكِ مِنِّي ، فَقَالُوا لَهَا: تَدْرِينَ مَنْ هَذَا؟ هَذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ لِيَخْطُبَكِ، قَالَتْ: إِنْ كُنْتُ أَشْقَى مِنْ ذَلِكَ .قَالَ سَهْلٌ: فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ حَتَّى جَلَسَ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: اسْقِنَا يَا أَبَا سَعْدٍ ، قَالَ: فَأَخْرَجْتُ لَهُمْ هَذَا الْقَدَحَ، فَسَقَيْتُهُمْ فِيهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ہاں عرب کی ایک عورت کا ذکر کیا گیا تو آپ نے حضرت ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہ کو اُس کی طرف جانے کا حکم دیا' حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ اُسکی طرف گئے' وہ عورت بنی ساعدہ کے پاس آئی' رسول اللہ ﷺ بھی نکلے' یہاں تک کہ اس کے پاس پہنچے' اس نے کہا: اللہ عزوجل آپ سے مجھ کو بچائے! آپ نے فرمایا: اللہ نے تم کو مجھ سے بچایا ہے! بنوساعدہ والوں نے کہا: تم جانتی ہو کہ یہ کون ہیں؟ یہ رسول اللہ ﷺ ہیں' تمہیں نکاح کا پیغام دینے کے لیے آئے تھے' اس نے کہا: میں تو بدبخت تھی۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ اس دن بنی ساعدہ کے صحن میں بیٹھے' پھر آپ نے فرمایا: اے ابوسعد! ہمیں پانی پلاؤ! میں نے آپ کے لیے پیالہ نکالا' میں نے ان کو پلایا۔ حضرت ابوحازم فرماتے ہیں:

5660- أبو عوانة في مسنده جلد5صفحه135' رقم الحديث: 8125 .

قَالَ أَبُو حَازِمٍ: فَأَخْرَجَ لَنَا سَهْلٌ ذَلِكَ الْقَدَحَ، فَشَرِبْنَا فِيهِ، ثُمَّ اسْتَوْهَبَهُ بَعْدَ ذَلِكَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَوَهَبَهُ لَهُ

حضرت سہل نے ہمارے ہاں پیالہ نکالا' ہم نے اس میں پیا' پھر اس کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز نے تحفہ مانگا' حضرت سہل نے تحفہ دے دیا۔

5661 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وُلِدَ، فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ وَأَبُو أُسَيْدٍ جَالِسٌ، قَالَ: فَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَمَرَ أَبُو أُسَيْدٍ بِابْنِهِ، فَاحْتُمِلَ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْلَبُوهُ فَاشْتَاقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيْنَ الصَّبِيُّ؟، قَالَ أَبُو أُسَيْدٍ أَقْلَبْنَاهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اسْمُهُ؟، قَالَ: فُلَانٌ، قَالَ: لَا وَلَكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ، فَسَمَّاهُ يَوْمَئِذٍ الْمُنْذِرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منذر بن ابواُسید کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا گیا' جس وقت ان کی ولادت ہوئی' انہیں آپ کی ران پر بٹھایا گیا' جبکہ حضرت ابواُسید بیٹھے ہوئے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے کوئی شی تھی' حضرت ابواُسید نے اپنے بیٹے کو اُٹھانے کا کسی کو حکم دیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے اسے اُٹھا لیا گیا' لوگوں نے اسے پلٹا دیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملنے کا شوق ہوا' آپ نے فرمایا: بچہ کہاں ہے؟ حضرت ابواُسید نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسے لے گئے ہیں' آپ نے فرمایا: اس کا کیا نام رکھا ہے؟ عرض کی: فلاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا: نہیں! اس کا نام منذر ہے' اس دن سے اس کا نام منذر رہوا۔

ابو غسان محمد بن مطرف عن ابی حازم

5662 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَمَّا عَرَّسَ، أَبُو سَهْلٍ أُسَيْدٌ السَّاعِدِيُّ، دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ، وَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، وَمَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ إِلَّا امْرَأَتُهُ أُمُّ أُسَيْدٍ، وبَلَّتْ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسہل اُسید الساعدی کی شادی ہوئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو بلوایا' آپکے لیے کھانا رکھا گیا' آپ کے آگے کھانا رکھنے کے لیے اُم اُسید تھیں' رات کو کھجوریں پتھر کے برتن میں تر کر کے رکھی گئی تھیں' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھانے سے فارغ ہوئے تو ان کھجوروں کو لایا گیا' آپ نے نوش کیا۔

5661- مسلم جلد3صفحه1692 رقم الحديث: 2149 . والبخاری جلد5صفحه2289 رقم الحديث: 5838 .

5662- البيهقی فی سننه الكبرىٰ جلد8صفحه300 .

وَسَلَّمَ مِنَ الطَّعَامِ، أَتَتْهُ بِهِ فَسَقَتْهُ

5663 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ، بَابٌ مِنْهَا يُسَمَّى الرَّيَّانَ، لَا يَدْخُلُهُ إِلَّا الصَّائِمُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کے آٹھ دروازے ہیں' ایک دروازہ کا نام ریان ہے'اس میں روزے دار ہی داخل ہوں گے۔

5664 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: هَلْ رَأَيْتُمْ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَقِيَّ الْبُرِّ؟ قَالَ: لَا، قَالَ أَبُو حَازِمٍ: فَقُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَنْخُلُونَ الشَّعِيرَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّا كُنَّا نَنْفُخُهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے سہل بن سعد سے پوچھا: کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں گندم کو صاف کرتے دیکھا ہے؟ حضرت ابوحازم نے فرمایا: نہیں! حضرت ابوحازم نے کہا: میں نے عرض کی: تم جَو کیسے صاف کرتے ہو؟ کہا: نہیں کرتے تھے بلکہ پھونکیں مار کر اسے صاف کر لیتے تھے۔

5665 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَرَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ غَدْوَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک صبح کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5666 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے'لوگ

5664- اخرج نحوه البخاری جلد5صفحه2065' رقم الحديث: **5094** .

5665- اخرج نحوه البخاری جلد3صفحه1029' رقم الحديث: **2643** .

5666- أورد نحوه ابن الجعد فی مسنده جلد1صفحه429' رقم الحديث: **2929** .

مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

اس کواعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

ابو غسان محمد بن مطرف عن ابی حازم

5667 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحُبُلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيرَازِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے لوگ اس کواعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

5668 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيرَازِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری ہو ان لوگوں کو جو اندھیروں میں مسجدوں کی طرف جاتے ہیں۔

5669 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

5668- الترمذی جلد 1 صفحہ 435 رقم الحدیث: 223 .

أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ نَظَرَ إِلَى سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ يَبُولُ قَائِمًا، فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ مَا هَذَا يَا أَبَا الْعَبَّاسِ قَالَ: رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي مَسَحَ عَلَيْهِمَا

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے دیکھا اور آپ نے موزوں پر مسح کیا' میں نے کہا: اے ابوعباس! یہ کیا ہے؟ کہا: میں نے اپنے سے بہتر کو ان دونوں کا مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت موسیٰ بن عبیدہ الربذی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5670 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَا: ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ دُونَ سَبْعِينَ أَلْفَ حِجَابٍ مِنْ نُورٍ وَظُلْمَةٍ، وَمَا يَسْمَعُ مِنْ نَفْسٍ شَيْئًا مِنْ حِسِّ تِلْكَ الْحُجُبِ إِلَّا زَهَقَتْ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص اور حضرت ابوحازم' حضرت سہل بن سعد سے راوی ہیں' وہ دونوں فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نور وظلمت کے ستر پردوں کے پیچھے ہے' ان پردوں کی حس وحرکت میں سے کوئی شئ' کوئی نفس نہیں سن سکتا ہے مگر خود بخود کوئی پردہ ہٹ جائے۔

عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ

حضرت عمر بن صهبان' حضرت

5670- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه79 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير عن عبد الله عمرو وسهل أيضًا وفيه موسى بن عبيدة لا يحتج به .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5671 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَرَّاقُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَامٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَكُنِ الشُّؤْمُ فِي شَيْءٍ، فَفِي الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5672 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَرَّاقُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَامٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا: الْوَاقِعَةُ، وَالْحَاقَّةُ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے سورۂ ھود اور اس کے ساتھ والی سورت الواقعہ الحاقہ واذا الشمس کورت نے بوڑھا کر دیا۔

5673 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الرَّازِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى يُقَالَ: لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى يُقَالَ: لَا يَصُومُ، وَكَانَ أَكْثَرُ صَوْمِهِ فِي شَعْبَانَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ کہا جاتا کہ اب آپ افطار نہیں کریں گے اور افطار کرتے تھے یہاں تک کہا جاتا کہ آپ روزے نہیں رکھیں گے' آپ شعبان سے زیادہ روزہ رکھتے تھے۔

5672- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه37 وقال: رواه الطبراني وفيه سعيد بن سلام العطار وهو كذاب .

5673- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه192 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه عمر بن صهبان وهو متروك .

سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت سلیمان بن بلال' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5674 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے' لوگ اس کو اعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے' اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

5675 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذُكِرَ عِنْدَهُ الشُّؤْمُ، قَالَ: إِنْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ فَفِي الْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالْفَرَسِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5676 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنْ كَانَتْ لَأَحَبَّ أَسْمَاءِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَيْهِ: أَبُو تُرَابٍ، وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ أَنْ يُدْعُوهُ بِهَا، وَمَا سَمَّاهُ أَبَا تُرَابٍ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے اپنے ناموں میں سے زیادہ پسند نام ابوتراب تھا' آپ اس کے ساتھ پکارنے کو پسند کرتے تھے' آپ کا نام ابوتراب' رسول اللہ ﷺ نے رکھا تھا' (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ایک دن آپ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے

5676- اخرج نحوه البخاری جلد3صفحه1358 رقم الحديث: 3500' جلد5صفحه2291 رقم الحديث: 5851 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غَاضَبَ يَوْمًا فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَخَرَجَ فَاضْطَجَعَ إِلَى الْجِدَارِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُهُ، فَلَمْ يَجِدْهُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ لِفَاطِمَةَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟، قَالَتْ: خَرَجَ آنِفًا مُغْضَبًا، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْسَانًا مَعَهُ يَطْلُبُهُ، فَقَالَ: مُضْطَجِعٌ فِي الْجِدَارِ، وَقَدْ زَالَ رِدَاؤُهُ عَنْ ظَهْرِهِ، وَامْتَلَأَ تُرَابًا، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: اجْلِسْ يَا أَبَا تُرَابٍ

ناراض ہوئے' آپ نکلے اور دیوار سے ٹیک لگائی' رسول اللہ ﷺ آپ کو تلاش کرنے کے لیے نکلے' آپ کو گھر میں نہ پایا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ابھی غصہ کی حالت میں نکلے ہیں' حضور ﷺ نے اپنے ساتھ والے کو تلاش کرنے کا حکم دیا' آپ دیوار کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے' آپ کی پشت سے چادر اُٹھی ہوئی تھی اور آپ مٹی میں لپٹ گئے تھے' حضور ﷺ پشت سے مٹی جھاڑنے لگے اور فرمایا: اے ابوتراب! اُٹھو!

5677 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمِنبَرَ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا منبر جنت کی نہروں (یا دروازوں) میں سے ایک نہر پر (یا دروازے پر) ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5678 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب آخر زمانہ میں دھنسنا ہو گا' شکلیں بگڑنا ہوگا۔ عرض کی: یارسول اللہ! کب ہوگا؟

5678- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 10 وقال: قلت روى ابن ماجه طرفا من أوله ورواه الطبراني وفيه عبد الله بن أبي الزناد وفيه ضعف وبقية رجال احدى الطريقين رجال الصحيح .

قَالَا: أَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَمَسْخٌ، قِيلَ: وَمَتَى ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَتِ الْمَعَازِفُ وَالْقَيْنَاتُ، وَاسْتُحِلَّتِ الْخَمْرُ

آپ نے فرمایا: جب گانے والیاں اور ناچنے والیاں ہوں گی اور شراب کو حلال جانا جائے گا۔

5679 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُسَوِّرَ وَلَدَهُ بِسِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ، فَلْيُسَوِّرْهُ بِسِوَارٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَكِنِ الْوَرِقُ وَالْفِضَّةُ الْعَبُوا بِهَا كَيْفَ شِئْتُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پسند کرے کہ اپنے بیٹے کو آگ کے دو کنگن پہنائے تو وہ سونے کا کنگن پہنائے' ہاں! چاندی سے کھیلو جس طرح چاہو۔

5680 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنِ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عِنْدَ اللّٰهِ خَزَائِنُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، مَفَاتِيحُهَا الرِّجَالُ، فَطُوبَى لِمَنْ جَعَلَهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ، وَمِغْلَاقًا لِلشَّرِّ،

حضرت سہل بن سعد' نبی کریم ﷺ تک مرفوع حدیث بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے پاس بھلائی کے خزانے بھی ہیں اور بُرائی کے بھی' جن کی چابیاں لوگ ہیں' پس مبارک ہو اس آدمی جو اپنے آپ کو بھلائی کی چابی ثابت کرے اور بُرائی کیلئے تالہ اور بربادی ہو اس کیلئے جو بُرائی کی چابی اور بھلائی کا تالہ بنے۔

5679- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 147 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه عبد الرحمن بن زيد بن اسلم وهو ضعيف .

5680- اورده ابو يعلى في مسنده جلد 13 صفحه 521' رقم الحديث: 7526 .

وَوَيْلٌ لِمَنْ جَعَلَهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ، وَمِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ نَجِيحٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عبداللہ بن جعفر بن نجیح مدنی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5681 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُحُدٌ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُحد پہاڑ جنت کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے۔

5682 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، أنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى مِنْبَرِهِ، فَصَلَّى لِلنَّاسِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَسْفَلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَجَعَ فَفَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا فَعَلْتُ هَذَا لِتَأْتَمُّوا بِي، وَلِتَعْلَمُوا صَلَاتِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر کھڑے ہوئے دیکھا' آپ نے لوگوں کو منبر پر نماز پڑھائی' آپ نے منبر پر ہی تکبیر کہی' پھر منبر پر رکوع کیا' پھر ایڑیوں کے بل واپس آئے' منبر سے نیچے سجدہ کیا' پھر واپس منبر پر گئے' نماز سے فارغ ہونے تک ایسا ہی کیا' پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے لوگو! میں نے اس طرح اس لیے کیا ہے کہ تم میری نماز کو جان لو۔

5681- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه13 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن جعفر والد علي بن المديني وهو ضعيف .

5682- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه386' رقم الحديث: 544 .

5683 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَنْبَرٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ، فَشَرِبَ وَالْأَشْيَاخُ عَلَى يَسَارِهِ، وَغُلَامٌ هُوَ أَصْغَرُ الْقَوْمِ عَلَى يَمِينِهِ، فَلَمَّا شَرِبَ قَالَ: يَا غُلَامُ تَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟، قَالَ: مَا كُنْتُ أُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْ فَضْلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں ایک پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اس سے پیا جبکہ بڑی عمر کے لوگ آپ ﷺ کے بائیں طرف اور قوم کا ایک چھوٹا بچہ آپ کے دائیں طرف تھا۔ پس جب آپ ﷺ نے پی لیا تو فرمایا: اے بچے! کیا تم مجھے بڑی عمر کے لوگوں کو دینے کی اجازت دیتے ہیں؟ اس نے عرض کی: آپ کے بچے ہوئے فضیلت والے اپنے حصے کے ساتھ میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دے سکتا' اے اللہ کے رسول! تو آپ ﷺ نے وہ پیالہ اسے دے دیا۔

5684 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ كَوْنٌ فِي الْأَنْصَارِ فَأَتَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ رَجَعَ وَقَدْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، وَأَبُو بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار میں جھگڑا ہوا' حضور ﷺ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے آئے' پھر واپس نماز کے لیے اقامت ہوگئی تھی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

5685 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے صحابیٔ رسول ﷺ حضرت سہل بن سعد کو کھڑے ہوکر پیشاب

5683- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3صفحه1604 رقم الحديث: 2030 . والبخاري في صحيحه جلد 2 صفحه865 رقم الحديث: 2319' جلد 2صفحه920 رقم الحديث: 2464' جلد 5صفحه2130 رقم الحديث: 5297 .

حَازِمٍ قَالَ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ وَهُوَ قَائِمٌ بَوْلَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ يَكَادُ يَسْبِقُهُ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَلَا تَنْزِعُ؟ قَالَ: لَا، قَدْ رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي مَسَحَ عَلَيْهِمَا

کرتے دیکھا بوڑھے آدمیوں کی طرح' پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے ان کو اُتارنا نہیں ہے؟ فرمایا: نہیں! میں نے اپنے سے بہتر کو ان دونوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

عبد الله بن جعفر المخرمي عن أبي حازم

5686 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ ، فَبَاتَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطِي، فَلَمَّا أَصْبَحُوا غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ ، قَالُوا: هُوَ هَهُنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرْمَدُ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ، وَدَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ، فَبَرَأَ حَتَّى لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، وَقَالَ: امْضِ قُدُمًا فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا، قَالَ: عَلَى رِسْلِكَ انْفُذْ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيهِ، فَلَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا، خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: کل ضرور جھنڈا میں اس آدمی کے ہاتھ میں دوں گا جس کے ہاتھوں اللہ فتح عطا فرمائے گا۔ پس لوگوں نے رات گزاری اس حال میں کہ وہ یہی ذکر کر رہے تھے کہ کس کو عطا فرماتے ہیں۔ پس جب اُنہوں نے صبح کی تو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ نہیں ہیں' ان کی آنکھوں میں درد ہے' آدمی بھیج کر انہیں بلایا اور ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور جو اللہ نے چاہا دعا کی تو وہ درست ہو گئے حتیٰ کہ ان کو درد تھا ہی نہیں' پھر ان کو جھنڈا دیا۔ فرمایا: آگے جاؤ! پس انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں ان سے جہاد کروں گا حتیٰ کہ وہ ہماری طرح ہو جائیں' فرمایا: اپنے پاؤں پر ٹھہرنا! حتیٰ کہ ان کے صحن میں اترنا پھر ان کو اسلام دینا' ان کو وہ حقوق و فرائض بتانا جو ان پر اللہ کے ہیں' پس

5686- البخاری جلد **3** صفحہ **1096** رقم الحدیث: **2847**' جلد **3** صفحہ **1357** رقم الحدیث: **3498**' جلد **4** صفحہ **1542** رقم الحدیث: **3972** .

شاید اللہ تعالیٰ کسی ایک کو ہی تیرے صدقے ہدایت دے تو وہ سرخ اونٹوں سے تیرے لیے بہتر ہے۔

5687 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يُقَالُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الصَّائِمُونَ؟ هَلْ لَكُمْ إِلَى الرَّيَّانِ، مَنْ دَخَلَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، فَيَدْخُلُونَ فِيهِ، فَإِذَا دَخَلَ آخِرُهُمْ أُغْلِقَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کو ریان کہا جاتا ہے' قیامت کے دن کہا جائے گا: روزہ دار کہاں ہیں؟ کیا تمہارے لیے ریان نہیں ہے' جو اس سے داخل ہوگا اسے کبھی پیاس نہیں لگے گی' پس وہ اس سے داخل ہوں گے' جب ان میں سے آخری روزہ دار اس سے داخل ہو جائے گا تو وہ دروازہ بند کر دیا جائے گا' پس اس دروازے سے ان کے علاوہ کوئی بھی داخل نہ ہوگا۔

أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت ابوبکر بن ابوسبرہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5688 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِشَيْخٍ أَحْبَنَ مُصْفَرٌّ قَدْ ظَهَرَتْ عُرُوقُهُ، فَزَنَا بِامْرَأَةٍ، فَضَرَبَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضِغْثٍ فِيهِ مِائَةُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک بزرگ لایا گیا' اس کا رنگ زرد ہو گیا تھا' اس کی رگیں نظر آنے لگی تھیں' اس نے ایک عورت سے زنا کیا' حضور ﷺ نے ایک ہی دفعہ سو شاخوں والی لکڑی ماری۔

5687- النسائي في سننه (المجتبى) جلد4 صفحه168' رقم الحديث: 2237 .

5688- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد4 صفحه161 رقم الحديث: 4472 . وابن ماجه جلد 2 صفحه859 رقم الحديث: 2574 .

شِمْرَاخٍ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

5689 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، ثنا أَبُو عَامِرٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: شَهِدْتُ مَاعِزًا حِينَ أَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهِ، فَعَدَا فَاتَّبَعَهُ النَّاسُ يَرْجُمُونَهُ حَتَّى لَقِيَهُ عُمَرُ فِي الْجَبَّانَةِ، فَضَرَبَهُ بِلَحْيِ بَعِيرٍ، فَقَتَلَهُ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خیبر کے دن میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ضرور میں جھنڈا ایک ایسے آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا۔ پس لوگوں نے اسی بات کا تذکرہ کرتے ہوئے رات گزاری کہ جھنڈا کس کو عطا ہوگا۔ پس جب لوگوں نے صبح کی تو لوگ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابوطالب کہاں ہیں؟ لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کو آنکھوں کی شکایت ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بلا بھیجا (جب وہ آئے) تو ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور ان کے لیے دعا کی' پس وہ اسی جگہ تندرست ہو گئے یہاں تک کہ گویا ان کو کوئی تکلیف ہی نہیں تھی' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھنڈا ان کو عطا فرما دیا' پس انہوں نے

5743- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2194' رقم الحديث: 2859 .

عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ، فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِهُدَاكَ رَجُلًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم ان سے جہاد اس لیے کریں کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: رُک جاؤ یہاں تک کہ ان کے صحن میں اترو پھر ان کو اسلام کی طرف بلاؤ اور ان کو وہ بات بتاؤ جو ان پر اس میں اللہ کی طرف سے واجب ہے پس قسم بخدا! آپ کی راہنمائی سے ایک آدمی کو اللہ تعالیٰ کا ہدایت دے دینا تیرے لیے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔

5745 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ فِي الْجَنَّةِ، كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوَاكِبَ فِي السَّمَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت والے جنت میں اوپر والے کمروں کو ایسے دیکھیں گے جس طرح آسمان میں ستاروں کو دیکھا جاتا ہے۔

5746 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَقَالَ: هَذَا فُلَانٌ، لِأَمِيرٍ مِنْ أُمَرَاءِ الْمَدِينَةِ يَدْعُوكَ غَدًا فَتَسُبَّ عَلِيًّا عِنْدَ الْمِنْبَرِ، قَالَ: فَأَقُولُ مَاذَا؟ قَالَ: تَقُولُ: أَبُو تُرَابٍ فَضَحِكَ سَهْلٌ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا سَمَّاهُ إِيَّاهُ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنِ اسْمٍ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْهُ، قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ: فَقَالَ أَبِي: يَا أَبَا الْعَبَّاسِ كَيْفَ كَانَ ذَلِكَ؟ قَالَ: دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَرَجَ فَاضْطَجَعَ فِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا اس نے کہا: یہ فلاں مدینہ کے اُمراء میں سے ایک امیر ہے آپ کو صبح کے وقت بلا رہا ہے کہ تُو حضرت علی کو منبر پر گالیاں دیتا ہے میں نے اسکو کہا: میں کیا کہتا ہوں اس نے کہا: تُو کہتا ہے: ابوتراب! حضرت سہل رضی اللہ عنہ مسکرائے پھر فرمایا: یہ نام رسول اللہ ﷺ نے رکھا ہے اللہ کی قسم! آپ اس نام کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ حضرت عبدالعزیز نے فرمایا: میرے والد نے کہا: اے ابوالعباس! اس نام کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: حضرت علی حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے پھر نکلے

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5745- احمد في مسنده جلد5صفحه340 رقم الحديث: 22927 .

الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَاطِمَةَ فَقَالَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ قَالَتْ: هُوَ ذَاكَ فِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ رِدَاءَهُ قَدْ سَقَطَتْ عَنْ ظَهْرِهِ وَخَلَصَ التُّرَابُ إِلَى ظَهْرِهِ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: اجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ اجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ وَاللّٰهِ مَا كَانَ لَهُ اسْمٌ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْهُ، مَا سَمَّاهُ إِيَّاهُ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور مسجد میں لیٹ گئے' حضور ﷺ حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' آپ ﷺ نے فرمایا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: وہ مسجد میں ہیں۔ حضور ﷺ نکلے' دیکھا کہ چادر اُن کی پشت سے اُتری ہوئی اور آپ کی پشت مٹی میں اٹی ہوئی ہے' حضور ﷺ آپ کی پشت سے مٹی صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے: اے ابوتراب! اُٹھو! اے ابوتراب! اُٹھو! اللہ کی قسم! آپ کو یہ کام اپنے نام سے زیادہ پسند تھا کیونکہ یہ نام رسول اللہ ﷺ نے رکھا ہے۔

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5747 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ، وَلَمْ يُؤَخِّرُوهُ تَأْخِيرَ أَهْلِ الْمَشْرِقِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے' جب تک مشرق والوں کی طرح تاخیر نہیں کریں گے۔

5748 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَسْأَلُ عَنِ الْمِنْبَرِ: مِنْ أَيِّ عُودٍ هُوَ؟ فَقَالَ: أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فُلَانَةَ، امْرَأَةٍ سَمَّاهَا، فَقَالَ: مُرِي غُلَامَكِ النَّجَّارَ يَعْمَلُ لِي أَعْوَادًا أُكَلِّمُ النَّاسَ عَلَيْهَا، فَعَمِلَ لَهُ هَذِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے منبر کے متعلق جھگڑا کیا کہ وہ کس لکڑی کا تھا اور بنانے والا کون تھا؟ جس دن رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے' انصار کی ایک عورت کو حکم دیا کہ وہ اپنے غلام جو کہ ترکھان ہے' اس کو بنانے کا حکم دے کہ وہ لکڑی کا منبر بنائے کہ میں لوگوں کو اس پر خطبہ دوں' وہ جنگل کی لکڑی سے تین سیڑھیوں والا

5747- البيهقي في سننه الكبرى جلد4صفحه137' رقم الحديث: 7907 .

الثَّلاثَ الدَّرَجَاتِ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، فَأَمَرَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -يَعْنِي الدَّرَجَاتِ - فَوُضِعَتْ بِهَذَا الْمَوْضِعِ، قَالَ سَهْلٌ: فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهَا فَكَبَّرَ، وَكَبَّرَ النَّاسُ خَلْفَهُ، ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَنَزَلَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَصْلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ عَادَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ آخِرِ صَلَاتِهِ، يَصْنَعُ فِيهَا كَمَا صَنَعَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى، فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا فَعَلْتُ هَذِهِ لِتَأْتَمُّوا بِي، وَلِتَعَلَّمُوا صَلَاتِي

بنایا گیا' ان سیڑھیوں کا حضورﷺ نے حکم دیا تھا' پس وہ اس جگہ رکھ دیا گیا' حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے پہلے دن نبی کریمﷺ کو اس پر بیٹھے ہوئے دیکھا' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہﷺ نے منبر پر تکبیر کہی پھر رکوع کیا' پھر سجدہ کے لیے اُترے' آپ نے سجدہ کیا پھر منبر پر رکوع کیا' اس سے فارغ ہونے تک ایسے کرتے رہے' جب فارغ ہوئے تو فرمایا: اے لوگو! میں نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز دیکھ کر سیکھو۔

5749 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

5750 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟ فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِ النَّاسِ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' آپ نے اس کو دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہاری اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: یہ بُرا آدمی ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح کرواسکتا ہے' کسی کی سفارش کرواسکتا ہے' اگر بات کرے تو اس کی سنی جائے گی۔

5750- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1379' رقم الحديث: 4120 .

أَنْ يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟، فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ قَالَ أَنْ لَا يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، وَإِنْ خَطَبَ أَنْ لَا يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَا يُشَفَّعَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَهَذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هَذَا

پھر دوسرا آدمی گزرا' آپ نے فرمایا: اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: مسلمانوں میں غریب ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح نہیں کروا سکتا ہے اور اس کی سفارش نہیں کروا سکتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی روئے زمین کے آدمیوں سے بہتر ہے۔

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5751 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً -وَلَيْسَ فِيهَا دَنِيٌّ- الَّذِي يَتَمَنَّى، فَيَقُولُ بِلِسَانٍ طَلْقٍ ذَلْقٍ، وَعَقْلٍ مُجْتَمِعٍ: أَعْطِنِي أَعْطِنِي كَذَا، حَتَّى إِذَا لَمْ يَجِدْ شَيْئًا لُقِّنَ، فَقِيلَ لَهُ: قُلْ: كَذَا، قُلْ: كَذَا، فَيُقَالُ لَهُ: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں سب سے کم درجہ والا ایک آدمی ہوگا اور اُس سے کم درجہ والا کوئی نہیں ہوگا' وہ تمنا کرے گا' بڑی تیز اور چلتی ہوئی زبان کے ساتھ اور سمجھداری کے ساتھ کہے گا: مجھے اتنا دے دو! مجھے اتنا دے دو! یہاں تک کہ کوئی شے نہیں پائے گا' جس سے وہ تلقین کر سکے' اُسے کہا جائے گا: تُو اس طرح کہہ! اس طرح کہہ! پھر اُسے کہا جائے گا: تیرے لیے اتنا اور اس کی مثل اس کے ساتھ اور۔

5752 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں ان دو کی طرح بھیجے گئے ہیں اور اپنی دو انگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا۔

5753 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5754 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ ایک عورت ایک ایسی چادر لے کر حاضر خدمت ہوئی جس کا

أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ مِنْهَا حَاشِيَتُهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَسَجْتُ هَذِهِ بِيَدَيَّ فَجِئْتُ بِهَا لِأَكْسُوَكَهَا، فَجَسَّهَا فُلَانٌ - رَجُلٌ سَمَّاهُ -، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ الْبُرْدَةَ، اكْسُنِيهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا دَخَلَ طَوَاهَا، وَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: وَاللّٰهِ مَا أَحْسَنْتَ، كُسِيَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلًا؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِأَلْبَسَهَا، وَلَكِنِّي سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِتَكُونَ كَفَنِي يَوْمَ أَمُوتُ، قَالَ سَهْلٌ: وَكَانَتْ كَفَنَهُ يَوْمَ مَاتَ

حاشیہ بنا ہوا تھا' پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے' پس اس کو میں لائی ہوں تا کہ آپ اسے پہنیں۔ پس فلاں نے اس کو ہاتھ لگایا' جس کا راوی نے نام بھی لیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ چادر کتنی خوبصورت ہے' یہ مجھے پہنا دیجئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس جب آپ گھر میں داخل ہوئے تو اس کو لپیٹ کر اس آدمی کی طرف بھیج دیا۔ لوگوں نے اس سے کہا: قسم بخدا! آپ نے اچھا نہیں کیا۔ رسول کریم ﷺ کو اس کے پہننے کی ضرورت تھی' پھر بھی تو نے آپ ﷺ سے مانگ لی اور تجھے اچھی طرح اس بات کا علم تھا کہ آپ ﷺ سائل کا سوال رد نہیں کرتے؟ پس اس نے کہا: میں نے وہ آپ ﷺ سے پہننے کیلئے نہیں لی بلکہ اس لیے لی ہے کہ وہ میرا کفن بن جائے جس دن میں فوت ہو جاؤں۔ حضرت سہل کا قول ہے: جس دن وہ فوت ہوا تو وہی چادر اس کا کفن تھی۔

5755 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: الْمِنْبَرُ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ، قَالَ سَهْلٌ: هَلْ تَدْرُونَ مَا التُّرْعَةُ؟ هُوَ الْبَابُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے: منبر شریف جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر بیٹھے ہیں' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ ترعہ سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: دروازہ!

5756 - وَبِإِسْنَادِهِ سَأَلْتُ سَهْلًا: هَلْ رَأَيْتَ النَّقِيَّ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّقِيَّ حَتَّى قَبَضَ اللّٰهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: هَلْ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے حضرت سہل سے پوچھا: کیا آپ نے چھانی دیکھی ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے چھانی نہیں

كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مُنْخُلًا حَتَّى قَبَضَ اللَّهُ رَسُولَهُ، قُلْتُ: كَيْفَ تَأْكُلُونَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: نَعَمْ نَنْفُخُهُ، ثُمَّ يَطِيرُ مِنْهُ مَا طَارَ

دیکھی' رسول اللہ ﷺ کے وصال تک۔ میں نے کہا: کیا حضور ﷺ کے زمانہ میں تھی؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے چھانی نہیں دیکھی ہے' اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کو اپنے پاس بلوالیا' میں نے کہا: تم بغیر چھانے جَو کیسے کھاتے تھے؟ فرمایا: ہم اس کو پھونکتے' جو اُڑنا ہوتا وہ اُڑ جاتا ہے۔

عبد العزيز بن ابي حازم عن ابيه

5757 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ أَحْدَثُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: يَا غُلَامُ، أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟ ، فَقَالَ الْغُلَامُ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلِكَ أَحَدًا، فَتَلَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِ الْغُلَامِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک پانی کا پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اس سے نوش فرمایا جبکہ آپ ﷺ کے دائیں طرف قوم کا بچہ بیٹھا ہوا تھا اور بزرگ بائیں جانب تھے' پس جب آپ ﷺ (پی کر) فارغ ہوئے تو فرمایا: اے بچے! کیا آپ بزرگوں کو دینے کی اجازت دیتے ہیں؟ بچے نے کہا: آپ کے بچے ہوئے فضیلت والے پانی کے ساتھ میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گا۔ پس آپ ﷺ نے وہ اس بچے کے ہاتھ میں تھما دیا۔

5758 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایک آدمی جنتیوں والے کام کرتا ہے' تمہاری نظروں میں حقیقت میں وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی تمہاری نگاہوں میں جہنمیوں والے کام کرتا ہے' حقیقت میں وہ جنتی ہوتا ہے (بعد میں اپنے انجام کے مطابق اعمال کرتا ہے تو جنت یا دوزخ پاتا ہے)۔

5759 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5760 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا يَعْقُوبُ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: عَرَّسَ أَبُو أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ وأَنْبَذَتِ امْرَأَتُهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا أَصْبَحَتْ صَفَّتْهُ، وسَقَتْهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہ نے شادی کی' آپ کی بیوی نے ان کے لیے نبیذ بنائی' جب صبح ہوئی تو ان کی بیوی نے رسول اللہ ﷺ کو پلائی۔

5761 - وعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ وَرَدَ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، انْظُرُوا أَنْ لَا يَرِدَ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حوض پر میں تمہارا منتظر ہوں گا' جو بھی میرے پاس آ جائے گا وہ پی لے گا اور جس کو پینا نصیب ہوا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا' دیکھو! میرے پاس کہیں ایسے لوگ نہ آ جائیں جن کو میں بھی پہچانتا ہوں اور وہ مجھے پہچانتے ہوں اور پھر میرے اور ان کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے۔

5762 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ بُصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَبُولُ بَوْلَ الشَّيْخِ

عبدالعزیز بن ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد محترم کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو پیشاب کرتے ہوئے دیکھا اس طرح جیسے بوڑھا (کھڑے ہوکر) پیشاب کرتا ہے' قریب تھا کہ وہ کھڑے کھڑے آگے بڑھ جائیں گے'

5761- مسلم جلد4صفحه1793 رقم الحديث:2290 . والبخاري جلد5صفحه2406 رقم الحديث:6212 .

الْكَبِيرِ يَكَادُ يَسْبِقُهُ قَائِمًا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَنْزِعُهُمَا؟ قَالَ: رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ يَصْنَعُ هَذَا

پھر انہوں نے وضو کر کے موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: ان کو اتار کیوں نہیں لیا؟ میں نے اپنے سے بہتر ہستی کو دیکھا ہے ایسا کرتے ہوئے اور وہ آپ سے بھی بہتر ہیں۔

5763 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ بَيْنَ مُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْجِدَارِ قَدْرُ مَمَرِّ شَاةٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور دیوار کے درمیان نماز پڑھتے ہوئے اتنا فاصلہ ہوتا کہ جس سے بکری گزر سکتی۔

5764 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ جُرْحِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُهُ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِّمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، وَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَسْكُبُ عَلَيْهَا بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الدَّمَ لَا يَزِيدُهُ الْمَاءُ إِلَّا كَثْرَةً، أَخَذَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ، فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى صَارَ رَمَادًا، ثُمَّ أَلْزَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ ﷺ اُحد کے دن زخمی ہوئے تھے' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کا چہرہ زخمی ہوا تھا اور آپ کے دانت مبارک شہید ہوئے' آپ کے سر پر چھوٹ آئی تھی' حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ آپ کے خون کو دھو رہی تھیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال سے اس پر پانی بہا رہے تھے' جب حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ خون نہیں رُک رہا تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا جلایا' جب وہ راکھ بن گئی تو اسے زخم پر رکھا تو تب خون تھما۔

5763- مسلم جلد1صفحه364 رقم الحديث: 508 . والبخارى جلد1صفحه188 رقم الحديث: 474 .

5765 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا وَسَبْعُمِائَةِ أَلْفٍ مُتَمَاسِكِينَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْقَمَرُ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے ستر ہزار یا فرمایا: سات لاکھ جنت میں داخل ہوں گے' ایک دوسرے کو پکڑ کر' ان کے اوّل سے آخر تک جنت میں داخل ہوں گے' ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے۔

5766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دھوکہ کی بیع سے منع کیا۔

5767 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی بندہ ایمان والا اُس وقت ہوتا ہے جب تقدیر پر ایمان لائے۔

5768 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5765- مسلم جلد 1 صفحه 198 رقم الحديث: 219 . والبخاري جلد 3 صفحه 1186 رقم الحديث: 3075 . والبخاري جلد 5 صفحه 2396 رقم الحديث: 6177' جلد 5 صفحه 2399 رقم الحديث: 6187 .

5766- أبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه 254 رقم الحديث: 3376 . ومالك في الموطأ جلد 2 صفحه 664 رقم الحديث: 1345 .

5767- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 206 وقال: رواه الطبراني وفيه اسماعيل بن أبي الحكم الثقفي ولم اعرفه وبقية رجاله ثقات .

5768- أورد نحوه الدارمي في سننه جلد 2 صفحه 522' رقم الحديث: 3310 .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ الْقُرْآنُ فِي إِهَابٍ، مَا مَسَّتْهُ النَّارُ

حضور ﷺ نے فرمایا: اگر قرآن چمڑے میں ہو تو پھر بھی آگ اس کو نہیں چھوئے گی۔

5769 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا كُنَّا نَقِيلُ، وَلَا نَتَغَدَّى، إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم قیلولہ اور کھانا نمازِ جمعہ کے بعد کھاتے تھے۔

5770 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَا يَكُونُ سُرْعَتِي، إِلَّا أَنْ أُدْرِكَ الصُّبْحَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے یہ سعادت حاصل تھی کہ میں سحری رسول کریم ﷺ کے ساتھ کیا کرتا تھا پھر مجھے جلدی ہوتی تھی کہ صبح کی نماز نبی کریم ﷺ کے ساتھ پالوں۔

5771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَفْرَحُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانَتْ لَنَا عَجُوزٌ تُرْسِلُ، فَتَأْخُذُ مِنْ أُصُولِ السِّلْقِ، فَتَطْرَحُهُ فِي قِدْرٍ فَتُكَرْكِرُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ، فَتَجْعَلُهَا فِيهِ، فَكُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ انْصَرَفْنَا إِلَيْهَا، وَكُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ، وَمَا كُنَّا نَقِيلُ، إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن ہم بڑے خوش ہوا کرتے تھے (راوی کا بیان ہے:) میں نے عرض کی: کس لیے؟ انہوں نے فرمایا: ہمارے لیے ایک بوڑھی عورت تھی جو (کھانا) بھیجتی تھی، پس وہ سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑیں لیتی تھی، ان کو ہنڈیا میں ڈال دیتی تھی (اوپر) تھوڑے سے جَو ڈال دیتی تھی پس ان دونوں کو ملا دیتی تھی۔ پس ہم جب جمعہ کی نماز ادا کر لیتے تو سیدھے اس کی طرف جاتے اور اس خاطر ہم جمعہ کے دن بڑے خوش ہوتے تھے اور ہم

5769- مسلم جلد2صفحه588 رقم الحديث: 859 . والبخاری جلد1صفحه318 رقم الحديث: 897 .

قیلولہ جمعہ کے بعد کیا کرتے تھے۔

5772 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ هَكَذَا، وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے آپ نے اپنی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا اور ان دونوں کے درمیان فاصلہ کیا۔

5773 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ -يَعْنِي الشُّؤْمَ- فَهُوَ فِي الْمَسْكَنِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالْفَرَسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہتے تھے: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو گھر اور عورت اور گھر میں ہوتی۔

5774 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، جِئْتُ أَهَبُ لَكَ نَفْسِي، فَقَامَتْ طَوِيلًا لَا يَنْظُرُ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَعَّدَ فِيهَا النَّظَرَ وَصَوَّبَهُ، فَلَمَّا طَالَ مُقَامُهَا تَنَحَّتْ وَجَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا إِيَّاهُ؟، قَالَ: لَا وَاللهِ يَا رَسُولَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئی اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آئی ہوں تاکہ آپ کے لیے اپنا آپ وقف کر دوں۔ پس وہ کافی دیر کھڑی رہی نبی کریم ﷺ نے اس کی طرف ایک آنکھ نہ دیکھا اس کے بعد اس میں نظر دوڑائی اور پھر نگاہ کو سیدھا کر لیا پس جب اس کا کھڑا ہوا لمبا ہوا تو وہ پیچھے ہٹ کر بیٹھ گئی۔ قوم میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے تو اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے پاس کوئی شی ہے جو تو اس کا مہر بنائے؟

5772- البخاري جلد2صفحه2032 رقم الحديث: 4998، جلد5صفحه2237 رقم الحديث: 5659.

اللّٰهِ، قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ ، فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، قَالَ وَعَلَيْهِ إِزَارٌ مَا عَلَيْهِ رِدَاءٌ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِزَارِي، قَالَ: إِنَّ إِزَارَكَ، إِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ، وَإِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ، فَتَنَحَّى الرَّجُلُ، ثُمَّ قَامَ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ، فَقَالَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ ، قَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، لِسُوَرٍ عَدَّدَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

اس نے عرض کی: نہیں! قسم بخدا! اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر دیکھو! پس وہ گیا پھر واپس آ کر عرض کی: نہیں! اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر تلاش کر' اگر چہ لوہے کی انگوٹھی ہی ہو۔ پس وہ گیا پھر لوٹ کر آیا اور عرض کی: نہیں! قسم بخدا! میں نے لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں پائی۔ راوی کا بیان ہے: اس نے صرف تہبند باندھا ہوا تھا' اس پر چادر تک نہ تھی۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ میرا تہبند ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تہبند اگر تُو پہنے تو اس پر کوئی چیز نہ ہوگی اور اگر وہ پہنے گی تو تیرے لیے کوئی چیز نہ ہوگی۔ پس وہ آدمی پیچھے ہٹ گیا' پھر کھڑا ہوا تو نبی کریم ﷺ نے اسے لوٹتے ہوئے دیکھا' پس آپ ﷺ نے اسے لانے کا حکم دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کچھ قرآن یاد ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت! اس نے سورتیں گن دیں تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جا! میں نے تجھے اس کا مالک بنا دیا' بدلے اس قرآن کے جو تجھے یاد ہے۔

5775 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَقُرْصَةِ نَقِيٍّ لَيْسَ فِيهَا عَلَمٌ لِأَحَدٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا حشر قیامت کے دن صاف ٹکیہ کی طرح سفید زمین پر ہوگا' اس میں کسی کا جھنڈا نہیں ہوگا۔

5776 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَجَاءَ بِلَالٌ إِلَى أَبِي

اسی سند سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ بنو عمرو بن عوف کی طرف تشریف لے گئے' پس نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ

بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ الصَّلَاةَ قَدْ حَانَتْ، وَحُبِسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَؤُمُّ النَّاسَ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ، فَأَقَامَ بِلَالٌ الصَّلَاةَ، فَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيحِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ، فَإِذَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّفِّ، فَأَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ رَجَعَ أَبُو بَكْرٍ الْقَهْقَرَى وَرَاءَهُ حَتَّى رَجَعَ فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِي الصَّلَاةِ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيحِ، إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، فَمَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ، فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا الْتَفَتَ إِلَيْهِ .يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّيَ حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ؟ ، قَالَ: مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبکر کی خدمت میں حاضر ہوئے‘ عرض کی: اے ابوبکر! نماز کا وقت ہو گیا ہے اور رسول کریم ﷺ کو آنے میں دیر ہو گئی ہے‘ کیا آپ لوگوں کی امامت کرائیں گے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اگر آپ چاہیں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نماز کی اقامت کہی‘ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے‘ لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے‘ جب لوگوں نے زیادہ تالیاں بجائیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے توجہ فرمائی‘ اچانک رسول کریم ﷺ صف میں تھے‘ پس رسول کریم ﷺ نے اشارہ فرمایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ بلند کیا‘ اللہ کا شکر ادا کیا‘ پھر حضرت ابوبکر الٹے پاؤں پیچھے کی طرف پلٹے حتیٰ کہ صف میں واپس آ گئے۔ پس رسول کریم ﷺ آگے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی‘ پس جب آپ ﷺ نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے لوگو! تمہیں کیا ہے جب تمہیں نماز میں کوئی شی پیش آئے تو تالیاں بجانے لگتے ہو؟ تالی بجانا تو عورتوں کے لیے ہے۔ پس جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو سبحان اللہ کہے کیونکہ جو بھی اس کو سنے گا تو متوجہ ہوگا‘ اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تو نماز پڑھانے سے تجھے کس چیز نے روکا؟ آپ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کے

شایانِ شان نہیں ہے کہ وہ رسول کریم ﷺ کے سامنے نماز پڑھائے۔

5777 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا أَصَابَ النَّاسُ الْعَدَدَ، مَا عَدُّوا مِنْ مَبْعَثِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا مِنْ وَفَاتِهِ، وَلَا عَدُّوا إِلَّا مِنْ مَقْدِمِهِ الْمَدِينَةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو اتنے دشمنوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے جتنا رسول اللہ ﷺ کو اپنی بعثت سے وفات تک سامنا کرنا پڑا اور دشمنی بھی مدینہ کے آگے سے۔

5778 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَخَلَ مَسْجِدِي هَذَا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا أَوْ لِيُعَلِّمَهُ، كَانَ بِمَنْزِلَةِ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَمَنْ دَخَلَهُ لِغَيْرِ ذَلِكَ مِنْ أَحَادِيثِ النَّاسِ، كَانَ بِمَنْزِلَةِ مَنْ يَرَى مَا يُعْجِبُهُ وَهُوَ شَيْءٌ غَيْرُهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میری اس مسجد میں داخل ہوا علم سیکھنے یا سکھانے کے لیے تو وہ اس مجاہد کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں لڑتا ہے جو باتوں کے لیے داخل ہوا وہ اس کی طرح ہے جو اچھی شی دیکھے حالانکہ وہ کوئی دوسری شی ہو۔

الْمَكِّيُّونَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي

مکی حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں، حضرت سفیان بن عیینہ حضرت ابوحازم سے

5777- البخاری جلد3صفحه1431، رقم الحدیث: 3719 .

5778- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه123 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يعقوب بن حميد بن كاسب وثقه البخاري وابن حبان وضعفه النسائي وغيره ولم يستندوا في ضعفه الا الى أنه محدود وسماعه صحيح .

حَازِم

روایت کرتے ہیں

5779 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَذِهِ مِنْ هَذِهِ، وَأَشَارَ سُفْيَانُ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس سے اس کی طرح بھیجے گئے ہیں' حضرت سفیان نے اپنی سبابہ اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا۔

5780 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ قَالَ: سَأَلُوا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: مِنْ أَيِّ شَيْءٍ مِنْبَرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَمَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ هُوَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، هُوَ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ .عَمِلَهُ لَهُ فُلَانٌ مَوْلَى فُلَانَةَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ صَعِدَ عَلَيْهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَكَبَّرَ، ثُمَّ قَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى فَسَجَدَ، ثُمَّ صَعِدَ، ثُمَّ قَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى، ثُمَّ سَجَدَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کا منبر کس شی کا تھا؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سے کوئی بھی ایسا باقی نہیں رہا جس کو اس کا مجھ سے زیادہ علم ہو وہ جنگل کی لکڑی کا تھا' فلانی کے غلام نے بنایا تھا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جس وقت آپ منبر پر بیٹھے' قبلہ رخ منہ کیا اور تکبیر کہی' پھر قرأت کی' پھر رکوع کیا' پھر اُلٹے پاؤں واپس آئے' سجدہ کیا' پھر منبر پر چڑھے' پھر قرأت کی' پھر رکوع کیا' پھر پچھلے پاؤں نیچے اترے پھر سجدہ کیا۔

5781 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فِي شَيْءٍ وَقَعَ بَيْنَهُمْ، حَتَّى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ، فَاحْتَبَسَ رَسُولُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے گئے تاکہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان صلح کروائیں کسی معاملہ میں' جس میں ان کا اختلاف ہوگیا تھا حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے کو پتھر مارے' پس نماز کا وقت ہوگیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی' رسول کریم ﷺ کو آنے میں دیر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُ الصُّفُوفَ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ الَّذِي يَلِي أَبَا بَكْرٍ أَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيحِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَجُلًا لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ الْتَفَتَ، فَأَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ اثْبُتْ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ شُكْرًا لِلّٰهِ، وَرَجَعَ الْقَهْقَرَى، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ؟ فَقَالَ: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَرَى: ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْحَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ أَخَذْتُمْ فِي التَّصْفِيحِ؟ إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ

ہوگئی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوکر لوگوں کو نماز پڑھانے لگے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے' صفوں میں خلل واقع ہونے لگا' پس جب رسول کریم ﷺ اس صف تک آ پہنچے جو حضرت ابوبکر کے بالکل پیچھے ملی ہوئی تھی تو لوگوں نے تالی بجانا شروع کر دی' حضرت ابوبکر نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوا کرتے تھے' پس جب اُنہوں نے یہ (تالی) سنی تو متوجہ ہوئے' اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف ٹھہرے رہنے کا اشارہ کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھایا' اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اور الٹے پاؤں واپس آئے اور رسول کریم ﷺ آگے ہوئے۔ پس جب رسول کریم ﷺ نماز پڑھا چکے (تو راوی کا بیان ہے:) ہماری طرف متوجہ ہوکر فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تھا تو ٹھہرے رہنے سے تجھے کس چیز نے روکا؟ پس حضرت ابوبکر نے عرض کی: اللہ کو یہ بات منظور نہ تھی کہ ابوقحافہ کے بیٹے کو اپنے رسول ﷺ کے سامنے دیکھے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے روئے سخن عوام الناس کی طرف کیا اور فرمایا: اے لوگو! تمہیں کیا ہے کہ جب نماز میں تمہیں کوئی چیز پیش آتی ہے تو تم تالی بجانے لگتے ہو؟ تالی بجانا تو عورتوں کے لیے ہے اور تسبیح مردوں کے لیے ہے' جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو اسے چاہیے کہ کہے: سبحان اللہ!

5782 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: كُنْتُ فِي الْقَوْمِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ فَرَأْ فِيَّ رَأْيَكَ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنْكِحْنِيهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَامَتْ، فَقَالَتْ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنْكِحْنِيهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ تُعْطِيهَا إِيَّاهُ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاذْهَبْ فَاطْلُبْ شَيْئًا ، فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ ، فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، قَالَ: اذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں بھی قوم کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے پاس تھا' پس آپ ﷺ کی خدمت میں ایک عورت نے آ کر کہا: اے اللہ کے رسول! میں نے اپنا آپ تمہارے حوالے کیا' آپ میرے بارے اپنی رائے ملاحظہ فرمائیں۔ سو ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہے تو اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ خاموش رہے' پھر وہ عورت کھڑی ہوئی اور پہلے کی مثل عرض کی' پس اس آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس نکاح کرنے کی ضرورت نہیں تو مجھ سے اس کا نکاح کر دیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے جو تُو اس کو دے سکے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر تلاش کر! پس وہ گیا' پھر آیا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر جا کر تلاش کر' اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ پس وہ گیا' پھر آیا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی حتیٰ کہ لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں ملی۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تجھے قرآن میں کوئی چیز یاد ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! فلاں اور فلاں سورت مجھے یاد ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا! میں نے تیرا نکاح اس عورت سے کر دیا' اس قرآن کے حصے کے بدلے جو تجھے یاد ہے۔

5783 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: اخْتَلَفَ النَّاسُ: بِأَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَسَأَلُوا سَهْلًا وَكَانَ مِنْ آخِرِ مَنْ بَقِيَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَقَالَ: مَا بَقِيَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، كَانَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَأْتِي بِالْمَاءِ فِي تُرْسِهِ، فَأَخَذَ حَصِيرًا فَأُحْرِقَ، وَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اختلاف ہوا' اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر جو زخم آیا وہ کس شی سے آیا تھا؟ اُنہوں نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا' یہ مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے آخری صحابی تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسلمانوں میں اس کا علم مجھ سے زیادہ رکھنے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے خون دھویا' حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لاتے' چٹائی کا ٹکڑا لے کر اسے جلایا گیا' اس کے ساتھ زخم بند کیا گیا۔

5784 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ أَخُو سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

محمد بن عیینہ' سفیان بن عیینہ کے بھائی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5785 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا زَافِرُ بْنُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اختلاف ہوا' اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر جو زخم

5785- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1416 رقم الحديث: 1790 . وكذلك البخاري جلد3صفحه1066 رقم الحديث: 2754' جلد3صفحه1104 رقم الحديث: 2872' جلد5صفحه2009 رقم الحديث: 4950 .

سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ السُّكَّرِيُّ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ: بِأَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ؟ فَقَالَ: مَا بَقِيَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَنْقُلُ الْمَاءَ فِي تُرْسِهِ، وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَأُحْرِقَ حَصِيرٌ، فَحُشِيَ بِهِ

آیا وہ کس شی سے آیا تھا؟ اُنہوں نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا' یہ مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے آخری صحابی تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: زمین کی پیٹھ پر مسلمانوں میں اس کا علم مجھ سے زیادہ رکھنے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے خون دھویا' حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لاتے' چٹائی کا ٹکڑا لے کر اسے جلایا گیا' اس کے ساتھ زخم بند کیا گیا۔

زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

زمعہ بن صالح' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5786 - أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَا: ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَهُ جُبَّةُ صُوفٍ فِي الْحِيَاكَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال ہوا' آپ کا اون کا بُنا ہوا ایک جبّہ تھا۔

5787 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا سیاہ بالوں کا ایک جبہ تھا' اس کے دو حصے

5787- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه130 وقال: رواه الطبراني وفيه زمعة بن صالح وهو ضعيف وقد وثق وبقية رجاله ثقات .

الرَّبَالِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: حِيكَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مِنْ أَنْمَارٍ مِنْ صُوفٍ أَسْوَدَ، وَجُعِلَ لَهَا ذُؤَابَتَانِ مِنْ صُوفٍ أَبْيَضَ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَجْلِسِ وَهِيَ عَلَيْهِ، فَضَرَبَ عَلَى فَخِذِهِ: أَلَا تَرَوْنَ مَا أَحْسَنَ هَذِهِ الْحُلَّةَ؟ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اكْسُنِي هَذِهِ الْحُلَّةَ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سُئِلَ شَيْئًا لَمْ يَقُلْ لِشَيْءٍ يُسْأَلُهُ قَطُّ: لَا، قَالَ: نَعَمْ ، فَدَعَا بِمُعَقَّدَتَيْنِ فَلَبِسَهَا، فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ الْحُلَّةَ، وَأَمَرَ بِمِثْلِهَا تُحَاكُ لَهُ، فَمَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ فِي الْمَحَاكَةِ

تھے سفید بالوں کے، حضور ﷺ اسے پہن کر نکلے، آپ نے اس کو ران پر رکھا، فرمایا: کیا تم دیکھتے ہو کہ یہ کتنا خوبصورت جبہ ہے؟ ایک اعرابی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ حلّہ مجھے پہنائیں! رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی کہ آپ سے کوئی شی مانگی جاتی تو آپ نہ نہیں کرتے تھے، آپ نے دو کپڑے منگوائے، اس کو پہنا اور وہ حلّہ دیہاتی کو دے دیا اور حکم دیا کہ آپ ﷺ کے لیے اس طرح کا ایک اور جبہ بُنا جائے، رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا اس حال میں کہ وہ جبہ ابھی بُنا جا رہا تھا۔

5788 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا جَدِّي عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ عَدَلَتِ الدُّنْيَا عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ، مَا أَعْطَى كَافِرًا مِنْهَا شَيْئًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر اللہ کے ہاں دنیا کی حیثیت مچھر کے پَر کے برابر بھی ہوتی تو اللہ عزوجل دنیا سے کچھ بھی کسی کافر کو نہ دیتا۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ

محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوملیکہ، حضرت ابوحازم سے روایت

5788- شعب الایمان جلد7 صفحہ326، رقم الحدیث: 10470 .

أَبِي حَازِمٍ

5789 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ حَاتِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ بَيْنَ الْأَنْصَارِ كَوْنٌ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: إِنِ احْتُبِسْتُ، فَأَقِمِ الصَّلَاةَ، وَمُرْ أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى خَلْفَهُ

کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے درمیان جھگڑا ہوا' حضور ﷺ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر مجھے دیر ہو جائے تو نماز کے لیے اقامت پڑھنا اور ابوبکر کو حکم دینا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں' حضور ﷺ آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

أَبُو حَفْصٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ وَاسْمُهُ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ

5790 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا أَبُو حَفْصٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمَ عَرَفَةَ غُفِرَ لَهُ ذَنْبُ سَنَتَيْنِ مُتَتَابِعَتَيْنِ

ابوحفص الطائفی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابوحفص کا نام عبدالسلام بن حفص ہے

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے عرفہ کے دن کا روزہ رکھا' اس کے پے درپے دو سال کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔

5790- أبو يعلى في مسنده جلد13صفحه542' رقم الحديث: 7548 .

5791 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَأَقَرَّ عِنْدَهُ أَنَّهُ زَنَى بِامْرَأَةٍ سَمَّاهَا، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَرْأَةِ، فَسَأَلَهَا عَنْ ذَلِكَ، فَأَنْكَرَتْ أَنْ تَكُونَ زَنَتْ، فَجَلَدَهُ الْحَدَّ وَتَرَكَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آپ کے پاس آیا اُس نے آپ کے پاس اقرار کیا کہ اس نے ایک عورت سے زنا کیا ہے اس نے نام بھی لیا۔ حضور ﷺ نے اس عورت کو بلوانے کے لیے بھیجا اس کے متعلق پوچھا تو اُس عورت نے انکار کیا کہ اُس نے زنا نہیں کیا' اس مرد کو کوڑے مارے گئے اور اُس عورت کو چھوڑ دیا گیا۔

عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عبدالمہیمن بن عباس بن سہل' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5792 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: دُعِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى وَلِيمَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقُمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دُعِيَ، فَأَطْعَمَنَا خُبْزًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ إِنَّ الْخَادِمَ الَّتِي تُطْعِمُنَا الطَّعَامَ، وَتَسْقِينَا الشَّرَابَ لِلْعَرُوسِ الَّتِي بِهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو ایک ولیمہ کی دعوت دی گئی' انصاری آدمی نے کہا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ کھڑے ہوئے' جس وقت آپ کو دعوت دی گئی' ہم کو جو کی روٹی کھلائی گئی' پھر وہ خادم جو ہمیں کھانا کھلا رہا تھا' اس نے ہمیں شادی کی نبیذ پلائی۔

رِوَايَةُ الْبَصْرِيِّينَ عَنْ

بصریوں کی روایت' حضرت

5791- ابو داؤد في سننه جلد4صفحه150 رقم الحديث: 4437' جلد4صفحه159 رقم الحديث: 4466 .

أَبِي حَازِمٍ مَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے' حضرت معمر بن راشد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا تو نبی پاک ﷺ نماز کے وقت میں ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ' سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' عرض کی: اے ابوبکر! نماز کا وقت ہو گیا ہے اور نبی کریم ﷺ یہاں موجود نہیں ہیں' میں اذان اور اقامت پڑھتا ہوں' آپ جماعت کروا دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس طرح آپ چاہیں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی اور اقامت پڑھی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نماز شروع کر دی۔ نبی پاک ﷺ تھوڑی دیر کے بعد آ گئے' صحابہ کرام نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہونا شروع ہوئے' حضور ﷺ نے آپ کو اس جگہ رہنے کا اشارہ کیا' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے تو آپ ﷺ نے آگے ہو کر نماز پڑھائی' جب نماز مکمل ہوئی تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تمہیں اپنی جگہ پر ٹھہرنے کا حکم دیا

تھا تو تم کیوں نہیں ٹھہرے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی جرأت نہیں ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے آگے کھڑا ہو۔

5844 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَثُرُوا، أَفَلَا تَتَّخِذُ لَكَ مِنْبَرًا تَقُومُ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْجَائِي يَجِيءُ، فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ يَرْجِعَ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْكَ شَيْئًا، فَأَمَرَ غُلَامًا لِلْأَنْصَارِ، فَأَخَذَ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، فَجَعَلَ لَهُ هَذَا الْمِنْبَرَ، فَلَمَّا جَلَسَ عَلَيْهِ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ الَّتِي كَانَ يَقُومُ إِلَيْهَا، فَجَاءَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا حَتَّى سَكَتَتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب لوگ زیادہ ہو گئے تو لوگوں نے عرض کی: کیا ہم آپ کے لیے منبر بنا دیں' تاکہ آپ اس پر کھڑے ہوں کیونکہ لوگ آتے ہیں اور آپ کو نہیں دیکھتے تو بغیر سنے واپس چلے جاتے ہیں۔ آپ نے انصار کے ایک غلام کو حکم دیا تو اُس نے لکڑی لی اور منبر بنایا' جب نبی پاک ﷺ منبر پر بیٹھے تو وہ تنا رونے لگا جس پر آپ خطبہ دیتے تھے' نبی پاک ﷺ منبر سے اُترے' آپ نے اپنا دستِ اقدس اُس پر رکھا تو وہ خاموش ہو گیا۔

5845 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى الْبَزَّازُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ أَبُو الْمُنْذِرِ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: تالی بجانا عورتوں کے لیے ہے اور مردوں کے لیے سبحان اللہ کہنا ہے۔

مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ،

موسیٰ بن محمد انصاری' حضرت

5844- اورد نحوه الدارمي جلد1صفحه32 رقم الحديث: 40' جلد1صفحه442 رقم الحديث: 1565 .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5846 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَقَعَ بَيْنَهُمْ كَلَامٌ حَتَّى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِيمًا كَانَ ذَلِكَ بَيْنَهُمْ، قُومُوا بِنَا إِلَيْهِمْ ، فَقَامَ مَعَهُ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ، فَرَاثَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -يَعْنِي أَبْطَأَ -، فَقَالَ النَّاسُ لِأَبِي بَكْرٍ: تَقَدَّمْ، فَقَالَ: تَرَوْنَ ذَلِكَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَتَقَدَّمَ وَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يُصَفِّحُونَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَهُمْ يُصَفِّحُونَ الْتَفَتَ، فَرَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ أَنْ مَكَانَكَ، فَتَأَخَّرَ، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ فِي مَكَانِكَ حِينَ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ؟ ، قَالَ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَمَامَ رَسُولِ اللّٰهِ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے پاس تھے تو ایک آدمی نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک بنوعمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا ہے حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے پر پتھر پھینکے ہیں تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ ان کے درمیان پرانی بات چلی آ رہی ہے' اُٹھو! میرے پاس چلو' ان کے پاس جائیں۔ تو حضرت ابی بن کعب اور سہیل بن بیضاء' آپ ﷺ کے ساتھ اُٹھے' پس آپ ﷺ نے ان کے درمیان صلح کروائی' دوسری طرف نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی۔ رسول کریم ﷺ کو ان کے پاس آنے میں دیر ہو گئی' یعنی دیر ہوئی تو لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: مصلائے امامت پر تشریف لے آئیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تم سب کی رائے ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! (سب کا فیصلہ ہے) پس آپ رضی اللہ عنہ آگے ہوئے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے' لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے۔ پس جب آپ رضی اللہ عنہ نے تمام لوگوں کو تالیاں بجاتا ہوا سنا تو توجہ فرمائی' پس انہوں نے رسول کریم ﷺ کو ملاحظہ کیا' پس آپ پچھلے پاؤں واپس

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي أَرَاكُمْ صَفَّحْتُمْ؟ مَنْ نَابَهُ فِي صَلَاتِهِ شَيْءٌ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

آئے' پس نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ اپنی جگہ پر رہیں' پس آپ رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے اور رسول کریم ﷺ آگے تشریف لائے' پس لوگوں کو نماز پڑھائی' پس جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تھا تو تجھے اپنی جگہ ٹھہرے رہنے سے کس چیز نے روکا؟ اُنہوں نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کے شایانِ شان نہیں تھا کہ رسول کریم ﷺ سے آگے بڑھے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا بات ہے کہ میں نے تم لوگوں کو تالیاں بجاتے ہوئے دیکھا؟ جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو تسبیح مردوں کیلئے ہے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

زائدہ بن قدامہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5847 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ، فَصَمَتَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں آئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے نکاح کی خواہش رکھتی ہوں' آپ اس کا جواب دینے سے خاموش رہے' انصار کے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو میری شادی کروادیں! آپ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اُس نے عرض کی. اللہ کی قسم! نہیں! آپ نے فرمایا: تمہیں کوئی قرآن کی سورت یاد ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے

مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

فرمایا: تمہارا نکاح اس پر کرواتا ہوں کہ قرآن کی سورت اس کو یاد کروادے۔

5848 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي الرَّوْحِ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ ہمیشہ خیر کے ساتھ رہیں گے جب تک بروقت افطار کرتے رہیں گے۔

الْجَرَّاحُ بْنُ عِيسَى الْأَسَدِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

جراح بن عیسیٰ اسدی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ التَّوَزِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ عِيسَى الْأَسَدِيُّ أَبُو مُحَمَّدٍ كُوفِيٌّ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَمُقَامُ أَحَدِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی اللہ کی راہ میں کھڑا رہے تو یہ اس کے لیے دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔

جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

جریر بن عبدالحمید' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5850 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے درمیان جھگڑا ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا

شَيْبَةَ قَالُوا: ثنا جَرِيرٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ كَوْنٌ فِي الْأَنْصَارِ، فَأَتَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رہے تھے' آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

صالح بن موسیٰ الطلحی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5851 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: كَيْفَ بِكَ إِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، وَقَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا، فَصَارُوا هَكَذَا -وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ-؟ ، قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: اعْمَلْ بِمَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَإِيَّاكَ وَالتَّلَوُّنَ فِي دِينِ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَوَامَّهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہاری کیا حالت ہوگی جب لوگ تلچھٹ کی طرح رہ جائیں گے' وعدہ خلافی کی جائے گی اور امانت میں خیانت ہوگی' لوگوں میں اختلاف ہوگا' لوگ اس طرح ہوں گے' آپ نے انگلیوں کو ایک دوسرے کے درمیان داخل کیا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: جو تم جانتے ہو وہ عمل کرو! جو ناپسند ہے اس کو چھوڑ دو! اللہ کے دین کو ضائع کیا جائے گا' تم نے اپنے آپ کو سنبھالنا ہے اور عوام کو چھوڑنا ہے۔

رِوَايَةُ الْمِصْرِيِّينَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

مصریوں کی روایت' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

سعید بن ابی ہلال' حضرت ابوحازم سے اور وہ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5852 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَقَدْ كَانَ أَحَدُنَا يَكُفُّ عَنِ الشَّيْءِ، وَهُوَ وَهِيَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، تَخَوُّفًا أَنْ يَنْزِلَ فِيهِ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی شی روکتا تو وہ ایک کپڑا میں ہوتا' اس خوف سے کہ اس کے متعلق قرآن کی کوئی آیت نہ نازل ہوجائے۔

5853 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أُصِيبَ وَجْهُهُ، وَأُصِيبَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِّمَتْ بَيْضَتُهُ، فَأَتَاهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمَاءٍ فِي مِجَنٍّ، فَأَتَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَغَسَلَتْ عَنْهُ الدَّمَ، وَأَحْرَقَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ فَجَعَلَتْهُ عَلَى جُرْحِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو اُحد کے دن دیکھا کہ جب آپ کو منہ پر زخم لگا تو آپ ﷺ کے چار دانت ہل گئے اور آپ ﷺ کی ڈھال' آپ ﷺ کے چہرے میں پیوست ہوگئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی لائے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آ کر آپ ﷺ کا خون دھویا اور ایک چٹائی کا ٹکڑا جلا کر آپ ﷺ کے زخم پر لگایا۔

5854 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5852- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه284 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

5854- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه119 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رشدين بن سعد وهو متروك الحديث .

الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِينَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، أَنَّ أَبَا حَازِمٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبِي كَانَ يَصِلُ الْقَرَابَةَ، وَيَحْمِلُ الْكَلَّ، وَيُطْعِمُ الطَّعَامَ، قَالَ: هَلْ أَدْرَكَ الْإِسْلَامَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: إِنَّ أَبَاكَ كَانَ يُحِبُّ أَنْ يُذْكَرَ فَذُكِرَ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد صلہ رحمی کرتے تھے لوگوں کو کھانا کھلاتے تھے آپ نے فرمایا: اسلام قبول کیا تھا؟ اُس نے عرض کی: جی نہیں! آپ نے فرمایا: تیرا باپ شہرت چاہتا تھا تو اس کی شہرت ہوگئی۔

يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ

یعقوب بن عبدالرحمٰن الزہری رضی اللہ عنہ

أَصْلُهُ مَدَنِيٌّ نَزَلَ الْإِسْكَنْدَرِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یہ مدنی ہیں اسکندریہ اُترے تھے یہ ابوحازم سے روایت کرتے ہیں۔

5855 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِإِصْبَعَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی مانند (اکٹھے) بھیجے گئے ہیں اور اپنی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا۔

5856 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، وَغُلَامٌ هُوَ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں شربت لایا گیا جبکہ بڑی عمر کے بزرگ آپ کے بائیں طرف بیٹھے تھے اور قوم کا نوعمر بچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں طرف موجود تھا پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بچے سے فرمایا: کیا تُو اجازت دے گا

أَحَدَثُ الْقَوْمِ عَنْ يَمِينِهِ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟، قَالَ: مَا كُنْتُ أُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْكَ أَحَدًا، قَالَ: فَأَعْطَاهُ

کہ میں بزرگوں کو دوں؟ اس نے عرض کی: آپ کی بارگاہِ خاص سے عطا ہونے والے اپنے خاص حصے کے ساتھ کسی کو ترجیح نہ دوں گا۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ نے اس کو عطا فرمادیا۔

5857 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: كَانَتْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَةُ دَنَانِيرَ وَضَعَهَا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ مَرَضِهِ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ اذْهَبِي بِالذَّهَبِ إِلَى عَلِيٍّ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، وَشَغَلَ عَائِشَةَ مَا بِهِ، حَتَّى قَالَ ذَلِكَ مِرَارًا، كُلَّ ذَلِكَ يُغْمَى عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَشْغَلُ عَائِشَةَ مَا بِهِ، فَبَعَثَ بِهِ إِلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَأَمْسَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الِاثْنَيْنِ فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ، فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ بِمِصْبَاحٍ لَهَا إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهَا، فَقَالَتْ: اهْدِي لَنَا فِي مِصْبَاحِنَا مِنْ عُكَّكِ السَّمْنِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسَى فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس سات دینار تھے‘ جو آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس رکھے تھے‘ جب آپ بیمار ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! جاؤ میرا سونا علی کے پاس لے جاؤ! پھر آپ لیٹ گئے‘ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کسی دوسرے کام میں مشغول ہوگئیں‘ آپ ﷺ نے کئی مرتبہ فرمایا‘ ہر مرتبہ آپ کہہ کر لیٹ جاتے اور حضرت عائشہ بھی کسی دوسرے کام میں مشغول ہو جاتی تھیں‘ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا‘ آپ نے ان کو صدقہ کر دیا‘ پیر کی شام رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے چراغ لانے کے لیے آپ کی ازواج میں سے کسی کی طرف بھیجا‘ کہا کہ تیل والا چراغ ہمیں دیں کیونکہ رات کو رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا۔

5858 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ:

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: کل میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا جس پر اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا‘ لوگوں نے تذکرے کرنے شروع کر دیئے کہ دیکھو! کس کو عطا فرماتے ہیں؟ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

5857- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه124 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَكَانَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ؟، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَشْتَكِي عَيْنَهُ، فَأَرْسَلُوا إِلَيْهِ فَأُتِيَ بِهِ، فَبَصَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنِهِ، وَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ، حَتَّى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا؟ قَالَ: انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ، حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ، لَأَنْ يَهْدِيَ بِكَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

علی کہاں ہیں؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کو آنکھوں کی تکلیف ہے۔ پس لوگ آپ رضی اللہ عنہ کی طرف گئے اور آپ کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے آئے۔ پس رسول کریم ﷺ نے آپ کی آنکھوں میں لعاب مبارک لگائی اور آپ کے حق میں دعا کی۔ پس آپ یوں ٹھیک ہوئے گویا کوئی بیماری تھی ہی نہیں۔ پس آپ ﷺ نے جھنڈا آپ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں ان سے اس وقت تک جہاد کروں یہاں تک کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے مقام پر ٹھہرو حتیٰ کہ ان کے صحن میں جب اترو تو ان کو اسلام کی طرف بلاؤ اور ان کو خبر دو کہ جو چیز اللہ کے حقوق میں سے ان پر واجب ہے' تیرے سبب ہدایت ملنا' تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

5859 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَسَارٍ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمِ بْنُ دِينَارٍ، أَنَّ رِجَالًا أَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، وَقَدِ امْتَرَوْا فِي الْمِنْبَرِ وَعُودِهِ، فَسَأَلُوهُ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّي أَعْرِفُ مَا هُوَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ أَوَّلَ يَوْمٍ وُضِعَ، وَأَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فُلَانَةَ - امْرَأَةٍ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ - أَنْ مُرِي

ابوحازم نے حدیث سنائی کہ کچھ لوگ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جو منبر اور اس کی لکڑی کے بارے شک کا شکار تھے' پس انہوں نے آپ سے اس بارے سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! میں پہچانتا ہوں وہ کون سی لکڑی تھی اور تحقیق میں نے اس کو دیکھا کہ جب وہ پہلے دن رکھا گیا اور وہ پہلا دن جب رسول کریم ﷺ اس پر براجمان ہوئے۔ رسول کریم ﷺ نے فلانی عورت کی طرف پیغام بھیجا ہے' حضرت سہل نے اس عورت کا نام بھی لیا کہ وہ اپنے

غُلَامَكِ النَّجَّارَ أَنْ يَعْمَلَ لِي أَعْوَادًا أَجْلِسُ عَلَيْهِنَّ، فَأُكَلِّمُ النَّاسَ، فَأَمَرَتْهُ فَعَمِلَهُ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، ثُمَّ جَاءَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَتْ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ بِهِ، فَوُضِعَ هٰهُنَا، ثُمَّ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَصْلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ عَلَا، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَأْتَمُّوا بِي وَلِتَعَلَّمُوا صَلَاتِي

غلام کوحکم دے کہ میرے لیے لکڑیوں کا ایک منبر بنادے تا کہ میں اس پر بیٹھ کرلوگوں سے کلام کروں۔ پس اس عورت نے اس کو حکم دیا کہ جنگل کے کناروں سے لکڑیاں لے آئے' پھر وہ (اسے بنا کر) رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے آیا۔ اس عورت نے اسے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بھیجا تو آپ ﷺ نے اسے وہاں رکھنے کا حکم دیا' پھر میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا تو آپ ﷺ نے تکبیر کہی اس حال میں کہ آپ منبر پر تھے' پھر رکوع کیا جبکہ آپ منبر پر تھے' پھر اُلٹے پاؤں اُترے تو منبر کے نیچے سجدہ کیا پھر چڑھے' پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو لوگوں سے فرمایا: اے لوگو! میں نے یہ سارا عمل اس لیے کیا تا کہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز کو دیکھ کر اپنی نماز سیکھو۔

5860 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جِئْتُ لِأَهَبَ لَكَ نَفْسِي، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَعَّدَ النَّظَرَ إِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ طَأْطَأَ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَأَتْ ذٰلِكَ الْمَرْأَةُ لَمْ يَقْضِ فِيهَا شَيْئًا جَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ

حضرت ابوسہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے لیے اپنا آپ نچھاور کرنے آئی ہوں' پس رسول کریم ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو اوپر سے نیچے تک جائزہ لیا' پس اسے درست قرار دیا' پھر اپنا سر جھکا لیا۔ پس جب اس عورت نے دیکھا کہ اس کے بارے میں آپ ﷺ نے کوئی حتمی فیصلہ نہیں فرمایا تو وہ بیٹھ گئی' پس آپ ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو ضرورت نہیں تو اس کی

فَزَوِّجْنِيهَا، قَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، قَالَ: فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

شادی مجھ سے فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا قرآن یاد ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت! فرمایا: میں نے اسی قرآن کے بدلے اس کی شادی تجھ سے کردی جو تجھے یاد ہے۔

5861 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَسَارٍ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ أَنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْءٌ - فَذَكَرَ الْحَدِيثَ -، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کو پتا چلا کہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان کوئی جھگڑا ہے اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تسبیح مردوں کے لیے ہے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

5862 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: إِنَّ الْمِنْبَرَ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

اسی سند کے ساتھ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے: رسول کریم ﷺ کا منبر جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر ہے۔

5863 - وَبِإِسْنَادِهِ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا فِطْرَهُمْ

اسی سند کے ساتھ مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لوگ بھلائی پر رہیں گے جب تک بروقت روزہ افطار کرتے رہیں گے۔

5864 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ وَمَنْ وَرَدَ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، وَلَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ، وَيَعْرِفُونِي ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

اسی سند کے ساتھ ہے فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں تم سے پہلے جا کر تمہارا حوض پر انتظام کرنے والا ہوں اور جو وارد ہوا وہ پئے گا اور جس نے پیا تو وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا اور مجھ پر کئی گروہ ایسے بھی وارد ہوں گے جن کو میں پہچانتا

ہوں گا اور وہ مجھے پہچانتے ہوں گے' پھر میرے اور ان کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے گا۔

5865 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي نَسَجْتُ هَذِهِ بِيَدِي لِأَكْسُوَكَهَا، فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا، وَإِنَّهَا لَإِزَارُهُ فَجَسَّهَا رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اكْسُنِيهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَجَلَسَ مَا شَاءَ اللّٰهُ فِي الْمَجْلِسِ، ثُمَّ رَجَعَ فَطَوَاهَا، ثُمَّ أَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَا أَحْسَنْتَ، سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُ إِلَّا لِتَكُونَ كَفَنِي يَوْمَ أَمُوتُ، قَالَ سَهْلٌ: وَكَانَتْ كَفَنَهُ، قَالَ قُتَيْبَةُ: كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت ایک چادر لے کر آئی' عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میں نے اسے اپنے ہاتھ سے اس لیے بُنا ہے تاکہ آپ کو پہناؤں۔ پس رسول کریم ﷺ نے اسے لے لیا اور آپ ﷺ کو اس کی ضرورت بھی تھی۔ پس آپ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور وہی آپ ﷺ نے تہبند باندھا ہوا تھا' پس صحابہ میں سے ایک آدمی کو وہ پسند آ گئی' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ مجھے پہنا دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس جتنا اللہ نے چاہا آپ مجلس میں تشریف فرما رہے پھر واپس تشریف لے گئے تو اسے لپیٹ کر اس آدمی کی طرف بھیج دیا۔ پس صحابہ نے اس سے کہا: تُو نے اچھا نہیں کیا کہ آپ ﷺ سے چادر مانگ لی حالانکہ تجھے پتا تھا کہ آپ ﷺ سائل کو رد نہیں کرتے' تو اس صحابی نے کہا: قسم بخدا! میں نے موت کے وقت اسے اپنا کفن بنانے کیلئے لیا ہے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: وہ اس کا کفن بنی۔ قتیبہ کا قول ہے: وہ سعد بن ابووقاص تھے۔

5866 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ فِي الْجَنَّةِ، كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ

اسی سند سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک جنتی جنت میں بالاخانے کو اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے کنارے میں ستارے کو دیکھتے ہو۔

5867 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ فَقُلْتُ: هَلْ أَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّقْيَ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّقْيَ مِنْ حِينَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتَّى قَبَضَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ کے ہاں آٹا صاف کر کے کھایا؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس وقت سے آپ کو بھیجا ہے اور آپ کو اللہ عزوجل نے اپنے پاس بلانے تک رسول اللہ ﷺ آٹا صاف نہیں ملاحظہ فرمایا۔

5868 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أَتَى أَبُو أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ فَدَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُرْسِهِ، وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ خَادِمَهُمْ يَوْمَئِذٍ، وَهِيَ الْعَرُوسُ قَالَ أَبُو أُسَيْدٍ: أَتَدْرِي مَا سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ نَقَعْتُ لَهُ تَمْرًا مِنَ اللَّيْلِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو ایک ولیمہ کی دعوت دی گئی' جو عورت ان کی خادمہ تھی وہی دُلہن تھی' حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کیا پلا ہے؟ میں نے رات کو بھگوئی ہوئی کھجوریں پلائی ہیں۔

5869 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَقَى هُوَ وَالْمُشْرِكُونَ، فَاقْتَتَلُوا، فَلَمَّا مَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَسْكَرِهِ، مَالَ الْآخَرُونَ إِلَى عَسْكَرِهِمْ، وَفِي أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ لَا يَدَعُ لَهُمْ فَاذَّةً وَلَا شَاذَّةً، إِلَّا اتَّبَعَهَا بِضَرْبَةٍ مِنْ سَيْفِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مشرکین سے جہاد کیا' جب حضور ﷺ اپنے لشکر کی طرف متوجہ ہوئے اور دوسرے اپنے لشکر کی طرف تو حضور ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی تھا جو کسی کو نہیں چھوڑتا تھا مگر اپنی تلوار کے ساتھ' اس کے پیچھے جا کر وار کرتا تھا' اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی۔

أَبُو صَخْرٍ حُمَيْدُ بْنُ

ابوصخر حمید بن زیاد' حضرت

5867- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2066' رقم الحديث: 5097 .

زِيَادٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5870 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَ الْجَنَّةَ فَقَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

5871 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَصِفُ الْجَنَّةَ حَتَّى انْتَهَى إِلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ خَطَرَ، ثُمَّ اقْتَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ) (السجدة: 16) إِلَى قَوْلِهِ: (جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17)

يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمِصْرِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5872 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے جنت کا ذکر کیا اور فرمایا: اس میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور کسی کان نے نہیں سنا اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال نہیں گزرا ہے۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس تھے' آپ جنت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جنت میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور کسی کان نے نہیں سنا اور کسی کے دل میں اس کا خیال نہیں آیا' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''ان کی کروٹیں ان کے بستروں سے جدا ہو جاتی ہیں' وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں خوشی اور خوف سے اور جو ہم نے ان کو رزق دیا ہے وہ خرچ کرتے ہیں' یہ جزاء ہے اس کی جو وہ عمل کرتے تھے۔

یحییٰ بن ایوب المصری' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوحازم سے روایت ہے کہ حضرت سہل

5871- احمد في مسنده جلد5صفحه334' رقم الحديث: 22877 .

بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، وعَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، أَوْ رَوْحَةٌ، خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

عِيسَى بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ شَامِيٌّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عیسیٰ بن موسیٰ انصاری شامی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5873 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو مُحَمَّدٍ عِيسَى بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي أَصْلَابِ أَصْلَابِ أَصْلَابِ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِي، رِجَالًا وَنِسَاءً يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ) (الجمعة: 3)

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے صحابہ کی پشتوں کی پشتوں کی پشتوں میں بعض ایسے مرد اور عورتیں ہیں جو بلاحساب جنت میں داخلے کے مستحق ہیں' پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''وآخرين منهم لما يلحقوا الى آخره''۔

خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ الْخُرَاسَانِيُّ، عَنْ

خارجہ بن مصعب الخراسانی' حضرت ابوحازم سے روایت

5873- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه408 وقال: رواه الطبراني واسناده جيد .

أَبِي حَازِمٍ

کرتے ہیں

5874 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ جمعہ ادا کرنے کے بعد قیلولہ کیا کرتے تھے۔

5875 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ، وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لِلْغُلَامِ: أُعْطِي الْأَشْيَاخَ؟، فَقَالَ الْغُلَامُ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِسُؤْرِكَ أَوْ بِفَضْلِكَ عَلَيَّ أَحَدًا، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَرِبَ وَتَرَكَ الْأَشْيَاخَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں شربت لایا گیا اس حال میں کہ آپ ﷺ کے دائیں طرف بچہ بیٹھا ہوا تھا اور بائیں جانب بڑی عمر کے صحابہ تھے' پس رسول کریم ﷺ نے پہلے اس سے خود پیا' پھر بچے سے فرمایا: میں بڑی عمر کے صحابہ کو دے سکتا ہوں؟ (اگر تُو راضی ہے تو)' تو بچے نے عرض کی: میں آپ کے جوٹھے یا آپ کے بچے ہوئے پانی کے ساتھ کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گا۔ پس نبی کریم ﷺ نے اسے ہی دے دیا تو اس نے ہی پیا اور بڑی عمر والوں کو چھوڑ دیا۔

5876 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تالی بجانا عورتوں کیلئے جبکہ سبحان اللہ کہنا مردوں کیلئے ہے۔

5877 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: مَا كَانَ يَوْمٌ أَحَبَّ إِلَيْنَا مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَالَ: إِنَّ عَجُوزًا كَانَتْ تَطْبُخُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ أُصُولَ السِّلْقِ، وتَطْرَحُ عَلَيْهِ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ، فَكُنَّا إِذَا انْصَرَفْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ، دَخَلْنَا فَأَكَلْنَا

اسی سند کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن سے زیادہ کوئی دن ہمیں محبوب نہیں ہوتا تھا' اور فرمایا: ایک بڑھیا تھی جو جمعہ کے دن سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑوں کا سالن پکاتی تھی اور اس پر جَو کے دانے ڈال دیتی تھی' پس جب ہم جمعہ سے لوٹا کرتے تھے تو (اس کے ہاں) حاضر ہوتے اور (اپنی قسمت) کھاتے تھے۔

يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الْبَجَلِيُّ الرَّازِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یحییٰ بن العلاء البجلی الرازی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5878 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ الْكُوفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ: أَيْنَ بَعْلُكِ؟ ، فَقَالَتْ وَقَعَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ كَلَامٌ، فَخَرَجَ مُغَاضِبًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: أَبْصِرْ لِي عَلِيًّا ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، هُوَ ذَا فِي الْمَسْجِدِ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالرِّيحُ يَسْفِي عَلَيْهِ التُّرَابَ، قَالَ: قُمْ يَا أَبَا تُرَابٍ ، قَالَ سَهْلٌ: فَوَاللهِ إِنْ كَانَ لَأَحَبَّ أَسْمَائِهِ إِلَيْهِ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: آپ کا شوہر کہاں ہے؟ انہوں نے عرض کی: ان کے اور میرے درمیان سخت کلامی ہوئی ہے' تو وہ ناراض ہو کر گھر سے نکل گئے ہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا: میرے لیے علی کو دیکھو! اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ یہ مسجد میں ہیں! پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے جبکہ ہوا نے ان پر خوب مٹی ڈال دی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوتراب! اُٹھو! حضرت سہل فرماتے ہیں: قسم بخدا! ان کے ناموں میں سے یہ نام ان کو سب سے زیادہ پسند تھا۔

يَحْيَى بْنُ مَيْمُون الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ سَهْلٍ

5879 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيَّ، يَقُولُ: وَقَفَ عَلَيْنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ سَهْلٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

5880 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: مَرَّ بِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَأَنَا فِي الْمَسْجِدِ جَالِسٌ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

أَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ جَابِرٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ

یحییٰ بن میمون حضرمی‘ حضرت سہل سے روایت کرتے ہیں

حضرت یحییٰ بن میمون حضرمی فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ہمارے پاس ٹھہرے‘ جبکہ ہم مسجد میں تھے‘ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مجلس میں نماز کے انتظار کے لیے بیٹھے تو وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

حضرت یحییٰ بن میمون حضرمی فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے‘ اس حال میں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا‘ آپ نے فرمایا: میں آپ کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مسجد میں نماز کا انتظار کرتا ہے‘ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

ابوزرعہ عمرو بن جابر حضرمی‘ حضرت سہل بن سعد سے

5879- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد1صفحه76‘ رقم الحديث: 174 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5881 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ح، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا أَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا تُبَّعًا، فَإِنَّهُ قَدْ أَسْلَمَ

روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تبع (بادشاہ) کو گالی نہ دو' کیونکہ یہ مسلمان ہو چکے تھے۔

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5882 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ، فَلْيَدْنُ مِنْهَا، لَا يَجُوزُ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ صَلَاتِهِ هَكَذَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَرَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ

نافع بن جبیر بن مطعم' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سترہ آگے رکھ کر نماز پڑھے تو وہ سترہ کے قریب ہوتا کہ شیطان اس کی نماز اور سترہ کے درمیان حائل نہ ہو۔ حضرت نافع بن جبیر' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ ابن لہیعہ نے اسی طرح روایت کیا' اُنہوں نے عبید بن ابوجعفر سے' انہوں نے صفوان بن سلیم سے' انہوں نے نافع بن جبیر سے' انہوں نے سہل بن سعد سے روایت کیا اور اس کو ابن عیینہ نے صفوان بن سلیم سے' انہوں نے نافع بن جبیر سے اور اُنہوں نے سہل بن ابوحثمہ

5881- احمد في مسنده جلد5صفحه340' رقم الحديث: 22931 .

5882- ابو داؤد جلد1صفحه185 رقم الحديث: 695 . والنسائي في المجتبى جلد2صفحه62 رقم الحديث: 748 .

سے روایت کیا۔

5883 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْمُونِ بْنِ إِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ فَلْيَدْنُ مِنْهَا لَا يَقْطَعِ الشَّيْطَانُ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سترہ آگے رکھ کر نماز پڑھے تو وہ سترہ کے قریب ہوتا کہ شیطان اس کی نماز اور سترہ کے درمیان حائل نہ ہو۔

بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

بکر بن سوادہ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5884 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمُهُ أَسْوَدُ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْيَضَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں ایک آدمی تھے اُن کا نام اسود تھا رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام ابیض رکھا۔

5885 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ، حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم ضرور پہلے لوگوں کے نقش قدم پر چلو گے (یہاں تک کہ) جوتی پر جوتی رکھنے کی طرح۔

أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابوعبداللہ الغفاری' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5886 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، وَالْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ أَبُو عَبَّادٍ الْقَيْسِيُّ، ثنا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَنِي جِبْرِيلُ بِالسِّوَاكِ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأُدْرَدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے مسواک کرنے کے لیے عرض کی' میں نے گمان کیا کہ یہ فرض ہو جائے گی۔

5887 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ خَالٍ لِي مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ إِلَى الْغَابَةِ وَائْتِنِي مِنْ خَشَبِهَا، فَاعْمَلْ لِي مِنْبَرًا أُكَلِّمُ عَلَيْهِ النَّاسَ، فَعَمِلَ مِنْبَرًا عَتَبَتَانِ وَجَلَسَ عَلَيْهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے انصاری خالو کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا' حضور ﷺ نے اسے فرمایا: جنگل کی طرف جاؤ' میرے پاس وہاں سے لکڑی لاؤ اور میرے لیے منبر بناؤ' تاکہ میں اس پر لوگوں کو خطاب کروں' آپ کے لیے دوسیڑھیوں والا منبر بنایا گیا تو آپ اس پر بیٹھے۔

أَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابوسہیل نافع بن مالک' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5888 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے۔

5886- الطبراني في الأوسط جلد2صفحه316' رقم الحديث: 2087 .

5887- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه182 وقال: قلت له حديث في الصحيح في عمل هذا رواه الطبراني في الكبير وفيه عبيد بن واقد وهو ضعيف .

أَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ:
كُنَّا نَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5889 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَاتِمٍ الْمُرَادِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ رَحِمَهُ اللّٰهُ: أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ، وَأَبْنَاءِ الْعَبَّاسِ، وَأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْعَبَّاسِ

خارجہ بن زید بن ثابت' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے چچا عباس کے لیے فرمایا: اللہ اس پر رحم کرے! میں خاتم النبیین ہوں' پھر آپ نے اپنے ہاتھ اُٹھائے اور عرض کی: اے اللہ! عباس اور عباس کی اولاد اور عباس کی اولاد کی اولاد کو بخش دے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5890 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عبیدہ الربذی' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک

5889- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه269 وقال: رواه الطبراني عن شيخه عبد الرحمن بن حاتم المرادي وهو متروك .

5890- مسند عبد بن حميد جلد1صفحه171' رقم الحديث: 466 .

وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَيُقْرِئُهُ بَعْضُنَا بَعْضًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ كِتَابُ اللَّهِ وَاحِدٌ، فِيكُمُ الْأَسْوَدُ وَالْأَحْمَرُ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ أَقْوَامٌ يَقْرَأُونَ الْقُرْآنَ، يُقِيمُونَ حُرُوفَهُ، كَمَا يُقَامُ السَّهْمُ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَتَعَجَّلُونَ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُونَهُ

ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

5891 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنَ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ يُقْرِءُ بَعْضُنَا بَعْضًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ كِتَابٌ وَاحِدٌ فِيكُمُ الْأَحْمَرُ وَالْأَسْوَدُ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ أَقْوَامٌ يُقِيمُونَهُ، كَمَا يُقَامُ السَّهْمُ، وَلَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَتَعَجَّلُونَ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُونَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

ابْنُ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابن ابوذباب' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5892 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کبھی بھی منبر پر اور اس کے علاوہ ہاتھ کھول کر دعا کرتے نہیں دیکھا' لیکن میں نے

5892- أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 289 رقم الحديث: 1105 . وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 337 رقم الحديث: 22906 .

الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِرًا يَدَيْهِ قَطُّ فِي الدُّعَاءِ عَلَى مِنْبَرٍ، وَلَا غَيْرِهِ، وَلَكِنِّي رَأَيْتُهُ يَقُولُ هَكَذَا، وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَعَقَدَ الْوُسْطَى بِالْإِبْهَامِ

اس طرح اشارہ کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے سبابہ انگلی کے ساتھ اشارہ کیا اور درمیانی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ باندھا۔

وَفَاءُ بْنُ شُرَيْحٍ الْمِصْرِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

وفاء بن شریح مصری' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5893 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ وَفَاءِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَنَحْنُ نَقْتَرِءُ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، كِتَابُ اللَّهِ وَاحِدٌ، وَفِيكُمُ الْأَبْيَضُ وَفِيكُمُ الْأَسْوَدُ، اقْرَأُوهُ قَبْلَ أَنْ يَقْرَأَهُ أَقْوَامٌ يُقَوِّمُونَهُ، كَمَا يُقَوَّمُ السَّهْمُ، يَتَعَجَّلُ أَحَدُهُمْ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

عمران بن ابوانس' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5894 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اخْتَلَفَ رَجُلَانِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: هُوَ مَسْجِدُ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ الْآخَرُ: هُوَ مَسْجِدُ قُبَاءَ، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُوَ مَسْجِدِي هَذَا

حضور ﷺ کے زمانہ میں اس مسجد کے بارے میں دو آدمیوں کا اختلاف ہوا جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی تھی' ان میں سے ایک نے کہا: وہ مدینہ کی مسجد ہے' دوسرے نے کہا: مسجد قباء ہے' حضور ﷺ ان کے پاس تشریف لے آئے' آپ نے فرمایا: وہ میری مسجد ہے۔

أَبُو يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابو یحییٰ اسلمی' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت کعب بن عجرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' آپ ایک گھوڑوں کی حفاظت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: کیا آپ کو اس کام کے متعلق بتاؤں! میں آپ کے گھوڑوں کی کیوں حفاظت کر رہا ہوں؟ عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنا' ایک ماہ روزے رکھنے اور قیام کرنے سے بہتر ہے۔

مَا رَوَى ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سلمان فارسی سے جو حضرت عباس نے روایات کی ہیں

5942 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اپنی زبانی مجھے حدیث سنائی' فرمایا: میں فارسی آدمی ہوں' علاقہ اصفہان کے ایک گاؤں جس کا نام جی ہے۔ میرے والد گرامی

5941- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1520' رقم الحديث: **1913** .

5942- أحمد في مسنده جلد5صفحه441' رقم الحديث: **23788** .

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ كُلُّهُمْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ حَدِيثَهُ مِنْ فِيهِ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا فَارِسِيًّا مِنْ أَهْلِ أَصْبَهَانَ مِنْ قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا: جَيٌّ، وَكَانَ أَبِي دِهْقَانَ قَرْيَتِهِ، وَكُنْتُ أَحَبَّ خَلْقِ اللّٰهِ إِلَيْهِ، فَلَمْ يَزَلْ بِي حُبُّهُ إِيَّايَ، حَتَّى حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ كَمَا تُحْبَسُ الْجَارِيَةُ، فَاجْتَهَدْتُ فِي الْمَجُوسِيَّةِ، حَتَّى كُنْتُ قَاطِنَ النَّارِ، أُوقِدُهَا لَا أَتْرُكُهَا تَخْبُو سَاعَةً وَاحِدَةً، وَكَانَتْ لِأَبِي ضَيْعَةٌ عَظِيمَةٌ، فَشُغِلَ يَوْمًا، فَقَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنِّي قَدْ شُغِلْتُ هَذَا الْيَوْمَ عَنْ ضَيْعَتِي، فَاذْهَبْ إِلَيْهَا فَطَالِعْهَا، فَأَمَرَهُ فِيهَا بِبَعْضِ مَا يُرِيدُ، ثُمَّ قَالَ لِي: لَا تَحْتَبِسْ عَلَيَّ، فَإِنَّكَ إِنِ احْتَبَسْتَ عَلَيَّ كُنْتَ أَهَمَّ عَلَيَّ مِنْ ضَيْعَتِي وَشَغَلْتَنِي عَنْ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِي، فَخَرَجْتُ أُرِيدُ ضَيْعَتَهُ أَسِيرُ إِلَيْهَا، فَمَرَرْتُ بِكَنِيسَةٍ مِنْ كَنَائِسِ النَّصَارَى فَسَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ فِيهَا، وَهُمْ يُصَلُّونَ، وَكُنْتُ لَا أَدْرِي مَا أَمْرُ النَّاسِ لِحَبْسِ أَبِي إِيَّايَ فِي بَيْتِهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ دَخَلْتُ عَلَيْهِمْ أَنْظُرُ مَا يَصْنَعُونَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ أَعْجَبَتْنِي صَلَاتُهُمْ، وَرَغِبْتُ فِي دِينِهِمْ، وَقُلْتُ: هَذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدِّينِ الَّذِي نَحْنُ عَلَيْهِ، فَمَا بَرِحْتُ مِنْ

اپنے گاؤں کے کسان تھے میں ان کو اللہ کی ساری مخلوق سے زیادہ محبوب تھا' مجھ سے ان کی محبت مسلسل رہی حتیٰ کہ وہ مجھے گھر میں روک کے رکھتے تھے جس طرح دوشیزہ کو روک کے رکھا جاتا ہے' میں نے مجوسیت کو سمجھنے کی کوشش کی حتیٰ کہ میں یوں آگ کا پجاری بن گیا کہ میں اسے جلاتا تھا اور ایک لمحہ بھی اسے بجھا ہوا نہ چھوڑتا تھا۔ میرے باپ کا عظیم مال تھا۔ پس ایک دن' وہ مشغول کر دیئے گئے اور مجھ سے کہا: اے میرے بیٹے! میرے سازوسامان کی طرف جا کر دیکھ۔ پس انہوں نے اس میں سے کچھ لانے کا حکم دیا۔ پھر مجھ سے کہا: وہیں رک نہ جانا کہ میں یہاں انتظار کرتا رہوں کیونکہ اگر تُو میرے پاس آنے سے رُک گیا تو تُو مجھ پر میرے سامان کا غم ڈالنے والا ہوگا اور تُو مجھے میرے ہر کام سے غافل کر دے گا۔ پس میں ان کے سامان کی طرف جانے کا ارادہ لے کر نکلا' اس کی طرف چلتا جا رہا تھا تو میں عیسائیوں کی عبادت گاہوں میں سے ایک عبادت گاہ کے پاس سے گزرا۔ میں نے اس میں ان کی آوازیں سنیں' اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور میں نہیں جانتا تھا' میرے والد کے مجھے اپنے گھر میں روکنے کی وجہ سے لوگوں کا معاملہ کیا ہے۔ پس جب میں نے ان کی آوازیں سنیں تو میں ان کے پاس گیا تاکہ دیکھوں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ پس جب میں نے ان کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو بہت خوش ہوا اور ان کے دین میں دلچسپی لی اور اپنے دل میں کہا: بے شک یہ اس

عِنْدِهِمْ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَتَرَكْتُ ضَيْعَةَ أَبِي، ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ: مَنْ أَبْصَرُكُمْ بِهَذَا الدِّينِ؟ قَالُوا: رَجُلٌ بِالشَّامِ، ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَبِي وَقَدْ بَعَثَ فِي طَلَبِي، وَقَدْ شَغَلْتُهُ عَنْ عَمَلِهِ، قَالَ أَبِي: بُنَيَّ، أَيْنَ كُنْتَ؟ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكَ مَا عَهِدْتُ؟ قُلْتُ: إِنِّي مَرَرْتُ بِنَاسٍ يُصَلُّونَ فِي كَنِيسَةٍ لَهُمْ، فَدَخَلْتُ إِلَيْهِمْ، فَمَا زِلْتُ عِنْدَهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، لَيْسَ فِي ذَلِكَ الدِّينِ خَيْرٌ، دِينُكَ وَدِينُ آبَائِكَ خَيْرٌ مِنْهُ، ثُمَّ حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ، وَبَعَثْتُ إِلَى النَّصْرَانِيِّ، فَقُلْتُ: إِذَا قَدِمَ إِلَيْكُمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ، فَأَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَقَدِمَ عَلَيْهِمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ تُجَّارٌ مِنَ النَّصَارَى، فَأَخْبَرُونِي بِهِمْ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِذَا قَضَوْا حَوَائِجَهُمْ وَأَرَادُوا الرَّجْعَةَ إِلَى بِلَادِهِمْ أَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَأَلْقَيْتُ الْحَدِيدَ مِنْ رِجْلَيَّ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتَّى قَدِمْتُ الشَّامَ، فَلَمَّا قَدِمْتُهَا قُلْتُ: مَنْ أَفْضَلُ أَهْلِ هَذَا الدِّينِ عِلْمًا؟ قَالُوا: الْأَسْقُفُ فِي الْكَنِيسَةِ، فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ رَغِبْتُ فِي هَذَا الدِّينِ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَكُونَ مَعَكَ أَخْدُمُكَ فِي كَنِيسَتِكَ، وَأَتَعَلَّمُ مِنْكَ، وَأُصَلِّي مَعَكَ، قَالَ: فَادْخُلْ، فَدَخَلْتُ مَعَهُ، وَكَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُ بِالصَّدَقَةِ وَيُرَغِّبُهُمْ فِيهَا، فَإِذَا جَمَعُوا بِهِ إِلَيْهِ شَيْئًا مِنْهَا اكْتَنَزَهُ لِنَفْسِهِ، فَلَمْ يُعْطِ إِنْسَانًا مِنْهَا شَيْئًا، حَتَّى جَمَعَ قِلَالًا مِنْ ذَهَبٍ وَوَرِقٍ، فَأَبْغَضْتُهُ بُغْضًا

سے بہتر دین ہے' جس میں میں ہوں' سورج غروب ہونے تک میں ان کے پاس رہا؟ اور اپنے باپ کے سامان کو وہیں کا وہیں چھوڑ دیا' پھر میں نے ان سے کہا: تم میں سے سب سے زیادہ اس دین میں بصیرت کس کو حاصل ہے؟ انہوں نے کہا: ایک آدمی ہے جو شام میں رہتا ہے' میں اپنے باپ کی طرف آیا جبکہ وہ میری تلاش میں لوگ بھیج چکے تھے اور میں نے ان کو ان کے کام سے غافل کر دیا تھا۔ میرے باپ نے پوچھا: اے میرے بیٹے! تم کہاں تھے؟ کیا میں نے تم سے وعدہ نہیں لیا تھا جو لیا تھا؟ میں نے جواب دیا: میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جو اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھ رہے تھے' میں ان کے پاس چلا گیا' بس ان کے پاس ہی رہا وہ نماز میں مصروف رہے حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا۔ انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اس دین میں کوئی بھلائی نہیں ہے' تیرا اور تیرے آباء و اجداد کا دین اس سے بہتر ہے' پھر مجھے اپنے گھر میں روک لیا' میں نے عیسائی کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: جب شام سے تمہارے پاس کوئی قافلہ آئے تو مجھے بتانا' پس عیسائی تاجروں کا ایک قافلہ شام سے آیا تو انہوں نے مجھے بتایا' میں نے انہیں فرمایا: جب وہ اپنے کام کاج کر لیں اور اپنے غلاموں میں واپس جانے کا ارادہ کریں تو مجھے خبر دینا۔ پس میں نے اپنے پاؤں سے بیڑیاں اتار کر پھینک دیں پھر ان کے ساتھ نکل کر شام آ گیا۔ پس جب میں ان کے پاس ان کی عبادت گاہ میں آیا تو میں

شَدِيدًا، لِمَا رَأَيْتُهُ يَصْنَعُ، ثُمَّ مَاتَ وَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ النَّصَارَى لِيَدْفِنُوهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِنَّ هَذَا كَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَيُرَغِّبُكُمْ فِيهَا، فَإِذَا جِئْتُمُوهُ بِهَا اكْتَنَزَهَا لِنَفْسِهِ، وَلَمْ يُعْطِ الْمَسَاكِينَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالُوا: وَمَا عِلْمُكَ بِذَلِكَ؟ قُلْتُ لَهُمْ: فَأَنَا أَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزِهِ، قَالُوا: فَدُلَّنَا عَلَيْهِ، فَدَلَلْتُهُمْ عَلَيْهِ فَاسْتَخْرَجُوا ذَهَبًا وَوَرِقًا فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا: وَاللّٰهِ لَا نَدْفِنُهُ أَبَدًا، فَصَلَبُوهُ، ثُمَّ رَجَمُوهُ بِالْحِجَارَةِ، وَكَانَ ثَمَّ رَجُلٌ آخَرُ فَجَعَلُوهُ مَكَانَهُ، قَالَ: يَقُولُ سَلْمَانُ: فَمَا رَأَيْتُ رَجُلًا لَا يُصَلِّي الْخَمْسَ أَفْضَلَ مِنْهُ، أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا، وَلَا أَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ، وَلَا أَدْأَبَ لَيْلًا وَنَهَارًا مِنْهُ، فَأَحْبَبْتُهُ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، فَمَا زِلْتُ مَعَهُ زَمَانًا ثُمَّ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي قَدْ كُنْتُ مَعَكَ فَأَحْبَبْتُكَ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، وَقَدْ حَضَرَكَ مَا تَرَى مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، لَقَدْ هَلَكَ النَّاسُ وَبَدَّلُوا وَتَرَكُوا كَثِيرًا مِمَّا كَانُوا عَلَيْهِ، إِلَّا رَجُلًا بِالْمَوْصِلِ وَهُوَ فُلَانٌ، وَهُوَ عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، فَالْحَقْ بِهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ الْمَوْصِلِ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي عِنْدَ مَوْتِهِ أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّكَ عَلَى أَمْرِهِ، قَالَ: فَأَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَهُ، فَوَجَدْتُهُ خَيْرَ

نے ان سے سوال کیا: اس دین والوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت وعلم رکھنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبادت خانے میں...... پس میں اس کے پاس آیا' میں نے کہا: مجھے اس دین کو حاصل کرنے کا شوق ہے۔ میں آپ کے پاس آپ کے عبادت خانے میں آپ کی خدمت کرنے کی خواہش رکھتا ہوں' آپ سے کچھ سیکھنا چاہتا ہوں اور آپ کے ساتھ مل کر نماز پڑھوں گا۔ اس نے کہا: داخل ہو جائیں۔ پس میں اس کے پاس داخل ہوا جبکہ وہ اچھا آدمی نہ تھا' لوگوں کو حکم دیتا تھا کہ صدقہ دو اور ان لوگوں کو صدقہ کرنے کا شوق دلاتا۔ پس جب وہ لوگ کچھ نہ کچھ صدقہ اس کے پاس جمع کر لیتے تو وہ اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا۔ لوگوں میں سے کسی (غریب) آدمی کو کوئی شی نہ دیتا تھا حتیٰ کہ اس نے سونا چاندی کے ڈھیر اکٹھے کر لیے۔ پس مجھے اس سے سخت نفرت ہو گئی کیونکہ میں نے اس کا بھیانک کردار دیکھ لیا تھا' پھر وہ مر گیا اور عیسائی اکٹھے ہوئے تا کہ اس کو دفن کریں۔ پس میں نے ان سے کہا: یہ تو بُرا آدمی تھا' تمہیں صدقہ کرنے کا حکم دیتا اور اس میں تمہیں شوق دلاتا' پس جب تم اس کے پاس وہ اکٹھا کر لیتے تھے تو اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا اور اس میں سے مسکینوں کو کوئی شی نہیں دیتا تھا۔ انہوں نے (ایک بار تو) کہا: تمہیں کیا معلوم؟ لیکن میں نے ان سے کہا: آؤ! میں تمہیں اس کا جمع شدہ مال دکھاتا ہوں۔ انہوں نے کہا: دکھاؤ! میں نے انہیں دکھایا' پس

رَجُلٍ عَلَى أَمْرِ صَاحِبِهِ، فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ مَاتَ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي إِلَيْكَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَقَدْ حَضَرَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا تَرَى، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا أَعْلَمُ بَقِيَ أَحَدٌ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ إِلَّا رَجُلًا بِعَمُّورِيَّةَ بِأَرْضِ الرُّومِ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ عَمُّورِيَّةَ فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: أَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَ خَيْرِ رَجُلٍ عَلَى هَدْيِ أَصْحَابِهِ وَأَمْرِهِمْ، وَاكْتَسَبْتُ حَتَّى كَانَتْ عِنْدِي بُقَيْرَاتٌ وَغُنَيْمَةٌ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَمَّا حُضِرَ قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي كُنْتُ مَعَ فُلَانٍ فَأَوْصَانِي إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَى فُلَانٌ إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَانِي فُلَانٌ إِلَيْكَ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَإِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَصْبَحَ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ فِيهِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ، وَلٰكِنْ أَظَلَّكَ زَمَانُ نَبِيٍّ هُوَ مَبْعُوثٌ بِدِينِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ بِأَرْضِ الْعَرَبِ إِلَى أَرْضٍ -أَظُنُّهُ قَالَ -ذَاتِ نَخْلٍ بِهِ عَلَامَاتٌ لَا تَخْفَى، يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَلْحَقَ بِذٰلِكَ الْبِلَادِ فَافْعَلْ، ثُمَّ مَاتَ وَغُيِّبَ، فَمَكَثْتُ بِعَمُّورِيَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَمْكُثَ، مَرَّ بِي نَفَرٌ مِنْ كَلْبٍ تُجَّارٌ، فَقُلْتُ لَهُمْ: تَحْمِلُونِي إِلَى أَرْضِ الْعَرَبِ وَأُعْطِيكُمْ

ما روى ابن عباس عن سلمان

اُنہوں نے سونا چاندی نکالے۔ پس جب اُنہوں نے یہ دیکھا تو کہا: ہم اس کو کبھی بھی دفن نہیں کریں گے۔ پس انہوں نے اسے سولی چڑھا دیا پھر اس کو پتھر مارے اور وہاں ایک اور آدمی تھا جس کو اُنہوں نے اس کے قائم مقام بنا دیا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ پس میں نے پانچ وقت کا نمازی اس سے بہتر نہیں دیکھا' دنیا سے کنارہ کش' آخرت میں راغب' رات دن کی اس کی عادتیں (کمال تھیں) پس میں نے اس سے ٹوٹ کر محبت کی' اتنی کہ کبھی کسی شے سے نہیں کی۔ ایک زمانہ میں اس کے ساتھ رہا پھر اس کے پاس موت کا فرشتہ حاضر ہوا۔ میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک میں تیرے ساتھ تھا' پس میں نے تیرے ساتھ اتنی محبت کی جتنی کسی اور شی سے نہیں کی۔ اب تیرے پاس اللہ کے حکم میں سے وہ آ گیا ہے جو تُو خود دیکھ رہا ہے۔ پس اب تو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! قسم بخدا! لوگوں میں سے کسی کو میں نہیں جانتا جو میری روش پر ہو' تحقیق لوگ ہلاک ہوئے' بدل دیا اور ترک کر دیا' بہت ساری ان چیزوں کو جن کو وہ اپنائے ہوئے تھے مگر ایک آدمی موصل میں رہتا ہے اور وہ فلاں آدمی ہے یعنی نام بتایا۔ وہ میری روش پر ہے۔ پس جا کر اس سے مل جا۔ پس جب وہ مر گیا اور اسے دفن کر دیا گیا تو میں موصل والے آدمی سے جا ملا۔ میں نے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے وصیت کی ہے اپنی

بَقَرَاتِي هَذِهِ وَغُنَيْمَتِي هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَأَعْطَيْتُهُمْ وَحَمَلُونِي مَعَهُمْ حَتَّى إِذَا قَدِمُوا وَادِي الْقُرَى ظَلَمُونِي، فَبَاعُونِي مِنْ رَجُلٍ يَهُودِيٍّ، فَكُنْتُ عِنْدَهُ فَرَأَيْتُ النَّخْلَ، فَرَجَوْتُ الْبَلَدَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي، وَلَمْ يَحِقَّ فِي نَفْسِي، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ قَدِمَ عَلَيْهِ ابْنُ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَابْتَاعَنِي مِنْهُ، فَحَمَلَنِي إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُهَا عَرَفْتُهَا بِصِفَةِ صَاحِبِي، فَأَقَمْتُ بِهَا، فَبَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَقَامَ بِمَكَّةَ مَا أَقَامَ مَا أَسْمَعُ لَهُ بِذِكْرٍ، مَعَ مَا أَنَا فِيهِ مِنْ شُغْلِ الرِّقِّ، ثُمَّ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ إِنِّي لَفِي رَأْسِ عِذْقٍ لِسَيِّدِي أَعْمَلُ فِيهِ بَعْضَ الْعَمَلِ، وَسَيِّدِي جَالِسٌ تَحْتِي إِذْ أَقْبَلَ ابْنُ عَمٍّ لَهُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: قَاتَلَ اللَّهُ بَنِي قَيْلَةَ، وَاللَّهِ إِنَّهُمْ لَيَجْتَمِعُونَ عَلَى رَجُلٍ قَدِمَ عَلَيْهِمْ مِنْ مَكَّةَ الْيَوْمَ، يَزْعُمُونَ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَلَمَّا سَمِعْتُهَا أَخَذَنِي الْفَرَحُ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأَسْقُطُ عَلَى سَيِّدِي، وَنَزَلْتُ عَنِ النَّخْلَةِ، وَجَعَلْتُ أَقُولُ لِابْنِ عَمِّهِ ذَلِكَ: مَاذَا يَقُولُ؟ فَغَضِبَ سَيِّدِي، فَلَطَمَنِي لَطْمَةً شَدِيدَةً، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا؟ أَقْبِلْ عَلَى عَمَلِكَ، قُلْتُ: لَا شَيْءَ، إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَسْتَفْتِيَهُ عَمَّا قَالَ، وَقَدْ كَانَ عِنْدِي شَيْءٌ قَدْ جَمَعْتُهُ، فَلَمَّا أَمْسَيْتُ أَخَذْتُهُ ثُمَّ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِقُبَاءَ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ

موت کے وقت کہ میں تجھ سے ملوں اور مجھے بتایا کہ تیرا اور اس کا عبادت کا طریقہ ایک ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس مقیم ہو سکتے ہو۔ پس میں اس کے پاس مقیم ہو گیا۔ پس میں نے پایا کہ اس کا اور اس کے ساتھی کا معاملہ ایک ہے۔ پس میں اس کی موت تک اس کے پاس ہی رہا۔ پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے تیری طرف وصیت کی اور مجھے تجھ سے ملنے کا حکم دیا جبکہ اب تیرا وہ وقت آ گیا ہے جو تُو دیکھ رہا ہے' پس تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے بیٹے! میں نہیں جانتا ہوں کہ کوئی آدمی رہ گیا ہو جس کی طرف جانے کا میں تجھے حکم دوں۔ ہاں عموریہ میں ایک آدمی ہے روم کی سرزمین پر' پس اس کا طریقہ عبادت وہی ہے جو ہمارا ہے۔ پس جب وہ مر گیا اور دفن ہو گیا تو میں عموریہ والے آدمی سے جا ملا۔ پس اسے اپنی خبر دی تو اس نے کہا: میرے پاس رہ سکتے ہو۔ پس میں اس بہتر آدمی کے پاس رہ گیا جس کا گزارہ اپنے دوستوں کے ہدیوں اور کاموں پر تھا۔ میں نے بھی خوب کمائی کی حتیٰ کہ میرے پاس بہت ساری گائیں اور بکریاں جمع ہو گئیں' پھر اس پر بھی اللہ کا حکم آیا' پس جب اس کی موت کا وقت آیا تو میں نے کہا: اے فلاں! پہلے میں فلاں آدمی کے پاس تھا' پھر اس نے مجھے تیری طرف وصیت کی۔ پس اب تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے؟ اور مجھے کس کے پاس جانے کا

لَهُ: إِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّكَ رَجُلٌ صَالِحٌ، وَمَعَكَ أَصْحَابٌ لَكَ غُرَبَاءُ ذَوُو حَاجَةٍ، وَهَذَا شَيْءٌ كَانَ عِنْدِي صَدَقَةٌ، فَرَأَيْتُكُمْ أَحَقَّ بِهِ مِنْ غَيْرِكُمْ، وقَرَّبْتُهُ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا وَأَمْسَكَ هُوَ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ عَنْهُ، فَجَمَعْتُ شَيْئًا، فَتَحَوَّلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: رَأَيْتُكَ لَا تَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَهَذِهِ هَدِيَّةٌ أَكْرَمْتُكَ بِهَا، فَأَكَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ فَأَكَلُوا، وَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هَاتَانِ ثِنْتَانِ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ قَدِ اتَّبَعَ جِنَازَةَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَدَرْتُ أَنْظُرُ إِلَى ظَهْرِهِ: هَلْ أَرَى الْخَاتَمَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي؟ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَدَرْتُ عَرَفَ أَنِّي أَسْتَثْبِتُ فِي شَيْءٍ وُصِفَ لِي، فَأَلْقَى رِدَاءَهُ عَنْ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْخَاتَمِ فَعَرَفْتُهُ، فَأَكْبَبْتُ عَلَيْهِ أُقَبِّلُهُ وَأَبْكِي، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَحَوَّلْ، فَتَحَوَّلْتُ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ حَدِيثِي كَمَا حَدَّثْتُكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، فَأَعْجَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَسْمَعَ ذَلِكَ أَصْحَابُهُ، ثُمَّ شَغَلَ سَلْمَانَ الرِّقُّ حَتَّى فَاتَهُ مَعَ

حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں جانتا کہ کوئی آدمی ہمارے طریقۂ عبادت پر ہو'لوگوں میں سے جس کے پاس جانے کا میں تجھے حکم دوں لیکن اس نبی کے تشریف لانے کا زمانہ آ گیا ہے' جو دین ابراہیمی کے ساتھ بھیجا جائے گا' عرب کی ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف ہجرت کرے گا۔ میرا گمان ہے کہ اس نے کہا: کھجوروں والی زمین ہے۔ نشانیاں مخفی نہیں ہیں۔ وہ ہدیہ تو کھائے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا' ان کے دونوں کندھوں کے درمیان ختم نبوت کی مہر ہے۔ پس اگر تیرے اندر طاقت ہے کہ اس علاقے میں پہنچے گا تو ایسا کر لے' پھر وہ مر گیا اور دفن کر دیا گیا تو میں عموریہ میں ٹھہرا رہا جتنا اللہ نے چاہا کہ میں ٹھہروں۔ بنو کلب کے تاجروں کا ایک قافلہ میرے پاس سے گزرا تو میں نے ان سے کہا: عرب کی زمین تک مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ اور میں تمہیں اپنی یہ گائیں اور بکریاں دیتا ہوں؟ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے وہ ان کے حوالے کر دیں اور انہوں نے مجھے اپنے ساتھ سوار کر لیا حتیٰ کہ وہ وادئ قریٰ آ گئے لیکن انہوں نے مجھ پر ظلم کمایا۔ مجھے ایک یہودی کے پاس بیچ دیا۔ پس میں اس کے پاس تھا تو کھجوروں پر میری نظر پڑی۔ میں نے اُمید باندھی کہ یہ وہی علاقہ ہے جس کی صفت میرے دوست نے کی تھی' لیکن مجھے یقین نہ ہوا۔ پس اسی دوران کہ میں اس کے پاس تھا۔ اس کا چچازاد بھائی اس کے پاس آیا' اس کا تعلق بنوقریظہ سے تھا' اس نے مجھے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا، وأُحُدًا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَاتِبْ يَا سَلْمَانُ، فَكَاتَبْتُ صَاحِبِي عَلَى ثَلاثِمِائَةِ نَخْلَةٍ أُحْيِيهَا لَهُ، وَبِأَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لأَصْحَابِهِ: أَعِينُوا أَخَاكُمْ فَأَعَانُونِي فِي النَّخْلِ الرَّجُلُ بِثَلاثِينَ، وَالرَّجُلُ بِعِشْرِينَ، وَالرَّجُلُ بِخَمْسَ عَشْرَةَ، وَالرَّجُلُ بِعَشْرٍ، وَالرَّجُلُ بِقَدْرِ مَا عِنْدَهُ، حَتَّى اجْتَمَعَتْ لِي ثَلاثُمِائَةِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ يَا سَلْمَانُ، فَآذِنِّي حَتَّى أَكُونَ أَنَا أَضَعُهَا بِيَدِي، فَفَقَّرْتُ لَهَا وَأَعَانَنِي أَصْحَابِي، حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ جِئْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعِي إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ أُقَرِّبُ لَهُ الْوَدِيَّ وَيَضَعُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، حَتَّى فَرَغْنَا، وَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ، مَا مَاتَ مِنْهُ وَدِيَّةٌ وَاحِدَةٌ، فَأَدَّيْتُ النَّخْلَ، وَبَقِيَ عَلَيَّ الْمَالُ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ بَيْضَةِ الدَّجَاجَةِ مِنْ ذَهَبٍ، مِنْ بَعْضِ الْمَغَازِي، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْفَارِسِيُّ الْمُكَاتَبُ؟ فَدُعِيتُ لَهُ، فَقَالَ: خُذْ هَذِهِ فَأَدِّ بِهَا مَا عَلَيْكَ، فَقُلْتُ: وَأَيْنَ تَقَعُ هَذِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِمَّا عَلَيَّ؟ فَقَالَ: خُذْهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُؤَدِّيهَا عَنْكَ فَوَزَنْتُ لَهُ مِنْهَا، فَوَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ أَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، وَأَوْفَيْتُهُمْ

اس سے خرید لیا' وہ مجھے مدینے لے آیا۔ پس قسم بخدا! جوں ہی میں نے مدینے کو دیکھا تو اپنے دوست کی بتائی ہوئی علامتوں سے اسے پہچان لیا۔ پس میں وہیں مقیم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مبعوث فرمایا۔ آپ مکہ میں مقیم رہے جتنا مقیم رہے لیکن میں آپ کا ذکر نہ سن سکا' اس کی وجہ یہی تھی کہ میں غلامی کی زندگی گزار رہا تھا' پھر آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی' پس قسم بخدا! میں اپنے مالک کے کھجور کے پھلدار درخت پر تھا' اس میں کچھ کام کر رہا تھا اور میرا مالک اس کے نیچے بیٹھا ہوا تھا' جب اس کے چچا کا ایک بیٹا آیا اور اس کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا' کہنے لگا: بنوقیلہ کو اللہ ہلاک کرے! قسم بخدا! وہ سارے ایک ایسے آدمی کے پاس اکٹھے ہو رہے ہیں' جو مکہ سے آیا ہے اور ان کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس جب یہ بات میرے کانوں پر پڑی تو میری خوشی کی حد نہ رہی حتیٰ کہ میں نے گمان کیا کہ (خوشی سے) میں اپنے مالک کے اوپر گر پڑوں گا' بہرحال میں کھجور کے درخت سے نیچے اتر آیا۔ پس میں نے اس کے چچا کے بیٹے سے کہنا شروع کر دیا: تم کیا کہہ رہے تھے؟ (یہ بات سن کر) میرے مالک کو غصہ آیا تو اس نے مجھے زبردست قسم کا طمانچہ رسید کیا' پھر کہا: اس سے تجھے غرض ہے؟ تو اپنا کام کر۔ میں نے کہا: کوئی غرض نہیں۔ بس میرا ارادہ تھا کہ جو کچھ اس نے کہا' اس کے بارے اس کا نظریہ معلوم کروں۔ میں نے اپنے پاس کچھ پونجی جمع کی ہوئی تھی۔ پس جب شام

حَقَّهُمْ، وَعُتِقَ سَلْمَانُ وَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَنْدَقَ، ثُمَّ لَمْ يَفُتْهُ مَشْهَدٌ

ہوئی تو میں نے اس کو لیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف گیا جبکہ آپ قباء کے مقام پر موجود تھے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس داخل ہوا۔ میں نے عرض کی: مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نیک آدمی ہیں اور آپ کے ساتھ آپ کے غریب حاجت مند ساتھی بھی ہیں اور یہ میرے پاس صدقہ کی کچھ چیز ہے پس میں نے خیال کیا کہ آپ لوگ اس کے زیادہ حقدار ہیں اور میں نے وہ چیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھا لو لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ہاتھ روک لیا کوئی چیز نہیں کھائی۔ پس میں نے اپنے دل میں کہا: یہ ایک نشانی ہوئی۔ پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے آ گیا۔ پس میں نے کچھ پونجی جمع کی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ شہر میں منتقل ہو گئے پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گیا۔ میں نے عرض کی: میرا خیال ہے یا میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ صدقہ نہیں کھاتے لیکن یہ ہدیہ ہے جس کے ساتھ میں نے آپ کی عزت افزائی کی ہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کھایا اور اپنے صحابہ کرام کو حکم دیا پس انہوں نے بھی کھایا۔ میں نے اپنے دل میں کہا: یہ نشانیاں ہو گئیں پھر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا آپ جنت البقیع میں تھے ایک انصاری کے جنازہ کے پیچھے آئے تھے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ پر سلام کیا پھر میں گھوما تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیٹھ کو دیکھوں کہ کیا میں وہ مہر دیکھ سکتا ہوں جس کی

تعریف میرے سامنے میرے دوست نے کی؟ پس جب رسول کریم ﷺ نے مجھے گھومتے ہوئے دیکھا تو آپ ﷺ سمجھ گئے کہ میں کوئی چیز تلاش کر رہا ہوں جو مجھے بتائی گئی ہے۔ پس آپ ﷺ نے خود ہی اپنی پیٹھ سے اپنی چادر اُلٹ دی تو میں نے مہر نبوت کو دیکھ کر پہچان لیا۔ پس میں اسے چومنے کیلئے جھکا اور رونے لگا تو رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: سامنے آؤ! پس میں آپ کے سامنے آ کر بیٹھ گیا' پس میں نے آپ ﷺ کو اپنی ساری بات بتائی جیسے اے ابن عباس! آپ کو بتائی ہے' تو رسول کریم ﷺ نے پسند کیا کہ اس کو آپ کے صحابہ کرام سنیں! پھر حضرت سلمان غلامی کی زندگی میں مصروف کر دیئے گئے حتیٰ کہ بدر و اُحد میں شامل نہ ہو سکے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے سلمان! اپنے مالک کو مالِ کتابت دے کر آزادی حاصل کر لو۔ پس میں نے اپنے مالک سے کتابت طے کی' تین سو کھجور کے درخت جو میں اس کیلئے لگا کر پالوں گا اور چالیس اوقیہ سونا بھی دوں گا۔ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو! پس ایک آدمی نے تین درخت' ایک نے بیس' ایک نے پندرہ اور ایک آدمی نے دس درخت میری امداد کی اور دیگر نے اپنی اپنی طاقت کے مطابق جوان کا پاس تھا' میری خوب مدد کی حتیٰ کہ میرے پاس تین سو درخت جمع ہو گئے۔ پس رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سلمان! جاؤ اور مجھے بتاؤ حتیٰ کہ میں اس پر اپنا ہاتھ رکھوں۔ میرے

دوستوں نے میری مدد کی یہاں تک کہ میں اپنے کام سے فارغ ہوا' میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں آ کر آپ کو خبر دی تو رسول کریم ﷺ میرے ساتھ اس کی طرف نکلے۔ پس میں نے کھجور کے چھوٹے پودے آپ ﷺ کے قریب کرنا شروع کیا اور رسول کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ رکھا حتیٰ کہ ہم فارغ ہوئے' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں سلمان کی جان ہے' ان میں سے ایک بوٹا بھی مرتا نہیں (حتیٰ کہ مکمل ہوا) میں نے کھجور کے درخت تو اسے پورے کر دیئے لیکن مال میرے ذمہ باقی رہا۔ پس رسول کریم ﷺ سونا لائے جو مرغی کے انڈے کی مقدار تھا' جو کسی غزوہ کے موقعہ پر ملا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فارسی مکاتب غلام کا کیا بنا؟ پس مجھے بلا کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پکڑ کر اپنا مالِ کتابت ادا کرو' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جو مجھ پر واجب ہے' اس میں سے کتنا حصہ اس کے ساتھ ادا ہوگا؟ فرمایا: اسے پکڑ (اور جا کر مالک کے حوالے کر دو) پس اللہ تعالیٰ خود اپنی جنابِ خاص سے اس کو تیری طرف سے ادائیگی بنا دے گا۔ پس میں نے اس کیلئے اس کا وزن کیا' پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں سلمان کی جان ہے! وہ چالیس اوقیہ تھا۔ پس میں نے ان کا حق ان کو دے دیا۔ (راوی کا بیان ہے:) حضرت سلمان کو آزاد کر دیا گیا اور حضرت سلمان' رسول کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ خندق میں

شریک ہوئے پھر اس کے بعد کسی غزوہ میں پیچھے نہیں رہے۔

5943 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ، أَنَّهُ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَدِيَّةٍ، فَأَكَلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، وَأَتَاهُ بِصَدَقَةٍ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس ہدیہ لے کر آئے' آپ ﷺ نے خود بھی کھایا اور آپ کے صحابہ نے بھی کھایا' آپ کے پاس صدقہ لایا گیا' آپ نے اس سے نہیں کھایا۔

5944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ فَرُّوخَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ سَلْمَانُ مِنْ غِيبَةٍ لَهُ، فَتَلَقَّاهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَرْضَاكَ لِلّٰهِ عَبْدًا، قَالَ: فَتَزَوَّجَ فِي كِنْدَةَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الَّتِي يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِهِ إِذِ الْبَيْتُ مُنَجَّدٌ، وَإِذَا فِيهِ نِسْوَةٌ، فَقَالَ: أَتَحَوَّلَتِ الْكَعْبَةُ فِي كِنْدَةَ أَمْ هِيَ حُمْرَةٌ؟ أَمَرَنَا خَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ لَا نَتَّخِذَ مِنَ الْمَتَاعِ إِلَّا أَثَاثًا كَأَثَاثِ الْمُسَافِرِ، وَلَا نَتَّخِذَ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا نَنْكِحُ، فَخَرَجَ النِّسْوَةُ وَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ، فَقَالَ: يَا هَذِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان غیبہ سے آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو ملے' فرمایا: آپ اللہ کی عبادت پر خوش ہیں' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے قبیلہ کندہ میں شادی کی' جب وہ رات آئی جس وقت آپ نے اپنے گھر والوں کے پاس آنا تھا تو گھر تو اکیلی جگہ پر تھا لیکن اس کے اندر عورتیں تھیں' آپ نے فرمایا: کیا کندہ میں کعبہ تبدیل ہو گیا ہے یا یہ سرخی ہے؟ ہمیں میرے دوست ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم سامان مسافر جتنا بنائیں اور صرف نکاح والی عورتیں اپنے پاس رکھیں' عورتیں آپ کے پاس سے نکلیں' آپ اپنے گھر والوں کے پاس آئے' فرمایا: کیا تو میری نافرمانی یا

5944- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه 291 وقال: هكذا رواه الطبراني ورواه البزار فقال عن سلمان قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا تزوج أحدكم فكانت ليلة البناء فليصل ركعتين وليأمرها أن تصلي خلفه فان الله جاعل في البيت خيرا وفي اسنادهما الحجاج بن فروخ وهو ضعيف .

أَتَعْصِينِي أَمْ تُطِيعِينِي؟ قَالَتْ: بَلْ أُطِيعُكَ فِيمَا شِئْتَ، قَالَ: إِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَنَا إِذَا دَخَلَ أَحَدُنَا بِأَهْلِهِ أَنْ يَقُومَ فَيُصَلِّي، وَيَأْمُرَهَا أَنْ تُصَلِّيَ خَلْفَهُ، وَيَدْعُوَ وَتُؤَمِّنَ ، فَفَعَلَ وَفَعَلَتْ، فَلَمَّا جَلَسَ فِي مَجْلِسِ كِنْدَةَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ كَيْفَ رَأَيْتَ أَهْلَكَ اللَّيْلَةَ؟ فَسَكَتَ فَعَادَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ لَهُ: وَمَا بَالُ أَحَدِكُمْ يَسْأَلُ عَمَّا وَارَتْهُ الْحِيطَانُ وَالْأَبْوَابُ؟ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَسْأَلَ عَنِ الشَّيْءِ أُجِيبَ أَمْ سَكَتَ عَنْهُ

اطاعت کرے گی؟ اس نے عرض کی: بلکہ تیری چاہت میں تیری اطاعت کروں گی۔ آپ نے فرمایا: میرے خلیل نے مجھے حکم دیا کہ جب ہم میں سے کوئی اپنے گھر والوں کے پاس داخل ہوتو (رات کو) کھڑے ہو کر خود نماز پڑھے اور اہلیہ کو حکم دے کہ وہ اس کے پیچھے کھڑی ہو کر نماز پڑھے مرد دعا کرے اور وہ آمین کہے۔ حضرت سلمان نے یہ کام کی اور آپ کی بیوی نے بھی کیا۔ پس جب آپ بنوکندہ کی مجلس میں آ بیٹھے تو قوم سے ایک آدمی نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ نے صبح کیسے کی؟ رات کو آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا؟ پس آپ خاموش رہے۔ اس نے اپنی بات دُہرائی' آپ نے فرمایا: آپ لوگوں کو کیا ہے کہ اس چیز کے بارے سوال کرتے ہیں جس کو دیواروں اور دروازوں نے چھپایا ہے؟ تم میں سے کسی ایک کیلئے کافی ہے کہ وہ کسی چیز کے بارے سوال کرے۔ اسے جواب دیا جائے یا اس سے خاموشی اختیار کی جائے۔

أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5945 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَخَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، أَنَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' جبکہ آپ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تکیہ آپ کو دیا' حضرت سلمان رضی

5945- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه692' رقم الحديث: 6542 .

سَلْمَانُ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا لَهُ، فَقَالَ سَلْمَانُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثْنَا يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا إِلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا سَلْمَانُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْخُلُ عَلَى أَخِيهِ الْمُسْلِمِ فَيُلْقِي لَهُ وِسَادَةً إِكْرَامًا لَهُ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

اللہ عنہ نے کہا: اللہ بہت بڑا ہے' اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ کہا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا. اے ابوعبداللہ! ہمیں کوئی حدیث بتائیں! حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ تکیہ کا سہارا لیے ہوئے تھے' آپ نے میری طرف پھینکا' پھر فرمایا: اے سلمان! جو مسلمان بھائی کے پاس آئے اور وہ اس کی عزت کی خاطر اسے تکیہ پیش کرے تو اللہ اسے بخشش فرما دیتا ہے۔

5946 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى سَلْمَانَ فَرَأَيْتُ بَيْتَهُ رَثًّا، فَقَالَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ أَنْ يَكُونَ زَادُكُمْ فِي الدُّنْيَا، كَزَادِ الرَّاكِبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے آپ کے گھر کو دیکھا' اس کی حالت ناگفتہ بہ تھی' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی' آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ تمہارے لیے زادِ راہ دنیا میں اتنی ہی کافی ہے جتنی مسافر کے پاس زادِ راہ ہوتی ہے۔

بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بریدہ بن حصیب اسلمی' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5947 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكِنَانِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس دسترخوان لے کر آیا' اس پر تازہ کھجوریں تھیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ

5946- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **245** وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الحسن بن يحيى بن الجعد وهو ثقة .

5947- أورده نحوه أحمد في مسنده جلد **5** صفحه **354**' رقم الحديث: **23047** .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قَالَ: هَذِهِ صَدَقَةٌ عَلَيْكَ وَعَلَى أَصْحَابِكَ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ إِنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَذَهَبَ بِهَا سَلْمَانُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جَاءَهُ سَلْمَانُ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْمَائِدَةُ؟، قَالَ: هَذِهِ هَدِيَّةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: ادْنُوا فَكُلُوا فَأَكَلَ

صدقہ آپ کے لیے اور آپ کے غلاموں کے لیے ہے' آپ نے فرمایا: اے سلمان! ہم صدقہ نہیں کھاتے ہیں' میں اس کو لے گیا' جب دوسرا دن آیا تو میں آپ کے پاس تازہ کھجوروں کا دستر خوان لایا' آپ نے فرمایا: اس دستر خوان میں کیا ہے؟ عرض کی: یہ تحفہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! پس آپ نے خود بھی کھایا۔

أَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابو طفیل عامر بن واثلہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5948 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَرَدَّهَا، وَأَتَيْتُهُ بِهَدِيَّةٍ فَقَبِلَهَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس صدقہ لے کر آیا' آپ نے واپس کر دیا' میں آپ کے پاس تحفہ لے کر آیا تو آپ نے قبول کر لیا۔

5949 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: أَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هَذِهِ مِنْ ذَهَبٍ، فَلَوْ وُضِعَ أُحُدٌ فِي كِفَّةٍ، وَوُضِعَتْ فِي أُخْرَى لَرَجَحَتْ بِهِ فَكَاكُ رَقَبَتِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اتنی مقدار سونا دیا' اگر اس کو ایک ہتھیلی میں رکھا جائے اور وہ دوسرے ہاتھ میں تو اس کے بدلے میری گردن آزاد ہو جائے گی۔

5950 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، ثنا عُبَيْدٌ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک ایسا آدمی تھا جس کا تعلق جی والوں سے تھا' ہمارے گاؤں والے ابلق گھوڑوں کی پوجا کیا کرتے

5950- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه697' رقم الحديث: 6544 .

الْمُكْتِبُ، حَدَّثَنِي أَبُو الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَكَانَ أَهْلُ قَرْيَتِي يَعْبُدُونَ الْخَيْلَ الْبُلْقَ، وَكُنْتُ أَعْرِفُ أَنَّهُمْ لَيْسُوا عَلَى شَيْءٍ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ الدِّينَ الَّذِي تَطْلُبُ، إِنَّمَا هُوَ بِالْمَغْرِبِ، فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الْمَوْصِلَ، فَسَأَلْتُ عَنْ أَفْضَلِ رَجُلٍ فِيهَا، فَدُلِلْتُ عَلَى رَجُلٍ فِي صَوْمَعَةٍ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَإِنِّي جِئْتُ أَطْلُبُ الْعِلْمَ وَأَتَعَلَّمُ، فَضُمَّنِي إِلَيْكَ أَخْدُمُكَ وَأَصْحَبُكَ، وتُعَلِّمُنِي مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَصَحِبْتُهُ، فَأَجْرَى عَلَيَّ مِثْلَ مَا كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ الْخَلَّ وَالزَّيْتَ وَالْحُبُوبَ، فَلَمْ أَزَلْ مَعَهُ حَتَّى نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَجَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِيهِ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: يُبْكِينِي أَنِّي خَرَجْتُ مِنْ بِلَادٍ أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَصَحِبْتُكَ فَعَلَّمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، فَنَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، وَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَذْهَبُ، قَالَ لِي: أَخٌ بِالْجَزِيرَةِ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُ أَنِّي أَوْصَيْتُ إِلَيْهِ وَأَوْصَيْتُكَ بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي، فَأَخْبَرْتُهُ بِالْخَبَرِ، وَأَقْرَأْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، وَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي،

تھے میں پہچانتا تھا کہ ان کا کوئی دین دھرم نہیں ہے پس مجھ سے کہا گیا: جو دین تُو تلاش کرتا ہے وہ مغرب میں ہے' پس نکل کر موصل میں آیا' پس میں نے دریافت کیا: یہاں کا سب سے زیادہ فضیلت والا آدمی کون ہے؟ پس لوگوں نے ایک آدمی پر میری راہنمائی کی جو اپنے گرجہ میں تھا' پس میں اس کے پاس آیا' میں نے اس سے کہا: میرا تعلق جیّ والوں سے ہے اور میں علم حاصل کرنے آیا ہوں' میں ضرور علم سیکھوں گا' پس میں آپ کو ضمانت دیتا ہوں کہ میں تیری خدمت کرتا ہوں اور تیری سنگت میں رہوں گا اور آپ مجھے اس علم میں سے کچھ سکھا دیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ پس اس نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے اس کی صحبت اختیار کر لی' مجھے بھی وہی کچھ ملنے لگا جو اسے ملا کرتا تھا یعنی سرکہ' زیتون اور دانے وغیرہ' اس پر موت نازل ہونے تک میں اس کے پاس رہا۔ پس میں اس کے سر کے پاس بیٹھا رو رہا تھا تو اس نے کہا: کیوں روتے ہو؟ میں نے کہا: میں اس لیے روتا ہوں کہ میں اپنے علاقے سے خیر مانگتے ہوئے نکلا' پس اللہ نے مجھے عطا فرمائی' پس میں نے آپ کی سنگت اختیار کی' آپ نے مجھے سکھایا اور خوب سنگت نبھائی' پس آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا' اس نے مجھے کہا: جزیرہ میں فلاں فلاں جگہ ایک بھائی ہے وہ حق کے راستے پر گامزن ہے' اس کے پاس چلے جاؤ' پس اسے میرا اسلام کہنا' اسے کہنا کہ میں نے آپ کو

فَأَخْبَرْتُهُ وأَوْفَيْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا كَانَ يُجْرَى عَلَيَّ مَعَ الْآخَرِ، فَصَحِبْتُهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَلَمَّا أَنْ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ جَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِي، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: خَرَجْتُ مِنْ بِلَادِي أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ صُحْبَةَ فُلَانٍ، فَأَحْسَنَ صُحْبَتِي وَعَلَّمَنِي، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ أَوْصَى بِي إِلَيْكَ فَضَمَمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَعَلَّمْتَنِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: فَائْتِ أَخًا لِي عَلَى قُرْبِ الرُّومِ، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، وَاقْرَأْهُ مِنِّي السَّلَامَ واصْحَبْهُ، فَإِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، فَلَمَّا قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ، فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِي، وبِوَصِيَّةِ الْآخَرِ قَبْلَهُ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا يُجْرَى عَلَيَّ، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، جَلَسْتُ أَبْكِي عِنْدَ رَأْسِهِ، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَصَصْتُ قِصَّتِي، قُلْتُ لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ رَزَقَنِي صُحْبَتَكَ، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: لَا أَيْنَ، مَا بَقِيَ أَحَدٌ أَعْلَمُهُ عَلَى دِينِ عِيسَى فِي الْأَرْضِ، وَلَكِنْ هَذَا أَوَانٌ يَخْرُجُ فِيهِ نَبِيٌّ، أَوْ قَدْ خَرَجَ بِتِهَامَةَ فَأَنْتَ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَمُرُّ بِكَ أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتَهُ عَنْهُ، وَإِذَا بَلَغَكَ أَنَّهُ خَرَجَ فَائْتِهِ، فَإِنَّهُ النَّبِيُّ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَآيَةُ

اس کی طرف راہنمائی کی ہے اور اس کی صحبت اختیار کرنے کی وصیت کی ہے' آپ فرماتے ہیں: جب اس آدمی کی روح قبض کر لی گئی تو میں نکلا حتیٰ کہ دوسرے آدمی کے پاس آیا جس کی تعریف پہلے آدمی نے کی تھی۔ پس میں نے اسے مکمل خبر دی اور اپنے ساتھی کا سلام بھی دیا اور اسے میں نے بتایا کہ وہ دنیا سے چلا گیا ہے' اس نے مجھے آپ کی صحبت اپنانے کا حکم دیا۔ آپ فرماتے ہیں: اس نے مجھے اپنے ساتھ ملا لیا اور مجھے بھی وہی سہولتیں حاصل ہو گئیں جو اسے حاصل تھیں' جتنا اللہ نے چاہا میں اس کی صحبت میں رہا پھر اس کی موت کا وقت بھی آ گیا۔ پس جب اس پر موت آنے لگی تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا تو اس نے مجھے کہا: تُو کیوں روتا ہے؟ میں نے کہا: میں اپنے شہر سے نکلا تا کہ خیر تلاش کروں' پس اللہ تعالیٰ نے فلاں کی صحبت سے مجھے فائدہ دیا' انہوں نے اچھی صحبت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ پس جب اس پر موت آئی تو اس نے مجھے آپ کی طرف آنے کی وصیت کی۔ آپ نے مجھے اپنے ساتھ ملایا' اچھی سنگت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ اب آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا؟ اس نے کہا: روم کے قریب میرا بھائی موجود ہے' تم اس کے پاس چلے جاؤ! پس وہ حق پر ہے۔ پس تُو اس کے پاس جا۔ اسے میرا سلام کہنا اور کہنا کہ وہ آپ کو اپنی محبت میں رکھے کیونکہ وہ حق پر ہے' پس جب اس کو موت نے آ لیا تو میں نکل کر اس کے

ذَلِكَ أَنَّ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، وَأَنَّهُ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، قَالَ: فَكَانَ لَا يَمُرُّ بِي أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ، فَمَرَّ بِي نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَسَأَلْتُهُمْ، فَقَالُوا: نَعَمْ قَدْ ظَهَرَ فِينَا رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَقُلْتُ لِبَعْضِهِمْ: هَلْ لَكُمْ إِلَى أَنْ أَكُونَ عَبْدًا لِبَعْضِكُمْ عَلَى أَنْ تَحْمِلُونِي عُقْبَةً، وَتُطْعِمُونِي مِنَ الْكِسَرِ، فَإِذَا بَلَغْتُمْ إِلَى بِلَادِكُمْ، فَإِنْ شَاءَ أَنْ يَبِيعَ بَاعَ، وَإِنْ شَاءَ أَنْ يَسْتَعْبِدَ اسْتَعْبَدَ، فَقَالَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ: أَنَا، فَصِرْتُ عَبْدًا لَهُ حَتَّى قَدِمَ بِي مَكَّةَ، فَجَعَلَنِي فِي بُسْتَانٍ لَهُ مَعَ حُبْشَانٍ كَانُوا فِيهِ، فَخَرَجْتُ وَسَأَلْتُ، فَلَقِيتُ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ بِلَادِي فَسَأَلْتُهَا، فَإِذَا أَهْلُ بَيْتِهَا قَدْ أَسْلَمُوا، وَقَالَتْ لِي: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجْرِ هُوَ وَأَصْحَابُهُ إِذَا صَاحَ عُصْفُورٌ بِمَكَّةَ، حَتَّى إِذَا أَضَاءَ لَهُمُ الْفَجْرُ تَفَرَّقُوا، فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْبُسْتَانِ فَكُنْتُ أَخْتَلِفُ لَيْلَتِي، فَقَالَ لِي الْحُبْشَانُ: مَا لَكَ؟ فَقُلْتُ: أَشْتَكِي بَطْنِي، قَالَ: وَإِنَّمَا صَنَعْتُ ذَلِكَ لِئَلَّا يَفْقِدُونِي إِذَا ذَهَبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي أَخْبَرَتْنِي الْمَرْأَةُ الَّتِي يَجْلِسُ فِيهَا هُوَ وَأَصْحَابُهُ، خَرَجْتُ أَمْشِي حَتَّى رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ مُحْتَبٍ وَأَصْحَابُهُ حَوْلَهُ، فَأَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ، فَعَرَفَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي أُرِيدُ، فَأَرْسَلَ حَبْوَتَهُ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ

پاس آیا' اس کو میں نے خبر دی اور دوسرے آدمی کی وصیت کے بارے بتایا' اس نے کہا: تم میرے ساتھ مل جاؤ اور مجھے وہی حقوق حاصل ہوئے جو اسے حاصل تھے۔ پس جب اس پر موت کا وقت آیا تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا۔ پس اس نے مجھ سے کہا: تجھے کیا چیز رُلاتی ہے؟ پس میں نے اسے سارا قصہ بتایا تو میں نے اس سے کہا: بے شک اللہ نے مجھے تیری صحبت عطا فرمائی اور تُو نے خوب سنگت نبھائی' اب تیری موت کا وقت قریب آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں؟ اس نے کہا: کہیں نہ جاؤ! نہیں باقی رہ گیا ہے کوئی ایک میرے علم کے مطابق جو دین عیسیٰ علیہ السلام پر ہو زمین میں' لیکن یہ ایسا وقت ہے جس میں ایک نبی ﷺ تشریف لائیں گے یا تہامہ میں آ چکے ہیں' پس تم راستہ پکڑو' جو آدمی بھی تیرے پاس سے گزرے اس سے سوال کرنا' پس جب تجھے معلوم ہو جائے کہ وہ تشریف لائے ہیں تو ان کے پاس چلے جانا کیونکہ وہ ایسے نبی ہیں جن کی بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے اور ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کے کندھوں کے درمیان نبوت کی مہر ہے' دوسری یہ ہے کہ وہ ہدیہ کھاتا ہے اور صدقہ نہیں کھاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: جو بھی ان کے پاس سے گزرتا' میں اس سے سوال کرتا۔ پس میرے پاس سے کچھ مکی لوگ گزرے تو میں نے ان سے سوال کیا' اُنہوں نے کہا: جی ہاں! ہمارے اندر ایک آدمی ظاہر ہوا ہے' جو گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس

كَتِفَيْهِ، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الْمُقْبِلَةُ لَقَطْتُ تَمْرًا جَيِّدًا، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قُلْتُ هُوَ هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ مِنْهَا، وَقَالَ لِلْقَوْمِ: كُلُوا، قَالَ: قُلْتُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَسَأَلَنِي عَنْ أَمْرِي، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاشْتَرِ نَفْسَكَ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى صَاحِبِي، فَقُلْتُ: بِعْنِي نَفْسِي؟ قَالَ: نَعَمْ، عَلَى أَنْ تُنْبِتَ لِي مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَإِذَا أَنْبَتَتْ جِئْنِي بِوَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِ نَفْسَكَ بِالَّذِي سَأَلَكَ وَائْتِنِي بِدَلْوٍ مِنْ مَاءِ الْبِئْرِ الَّذِي كُنْتَ تَسْقِي مِنْهَا ذَلِكَ النَّخْلَ، قَالَ: فَدَعَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا، ثُمَّ سَقَيْتُهَا فَوَاللّٰهِ لَقَدْ غَرَسْتُ مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَمَا غَادَرَتْ مِنْهَا نَخْلَةٌ، إِلَّا نَبَتَتْ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّ النَّخْلَ قَدْ نَبَتْنَ، فَأَعْطَانِي قِطْعَةً مِنْ ذَهَبٍ، فَانْطَلَقْتُ بِهَا فَوَضَعْتُهَا فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَوَضَعَ فِي الْجَانِبِ الْآخَرِ نَوَاةً، فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَقَلَّتِ الْقِطْعَةُ الذَّهَبُ مِنَ الْأَرْضِ، قَالَ: وَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْتَقَنِي

میں نے ان میں سے ایک سے کہا: ممکن ہے کیا میں تم میں سے کسی کا غلام بنوں اس شرط پر کہ وہ مجھے سوار کر کے عقبہ تک پہنچائے اور اپنے پاس سے کھلائے۔ پس جب تم اپنے شہر پہنچو تو تمہیں اختیار ہو خواہ تُو مجھے بیچ دو خواہ اپنا غلام بنا کے رکھو۔ پس ان میں سے ایک آدمی نے کہا: میں کروں گا۔ پس میں اس کا غلام بن گیا یہاں تک کہ وہ مجھے مکہ لایا' پس اس نے مجھے ایک باغ میں رکھا جو حبشان کے ساتھ تھا' وہ بھی اسی میں تھے' پس میں نے نکل کر سوال کیا تو میری ملاقات اپنے شہر کی ایک عورت سے ہوئی۔ پس میں نے اس سے پوچھا تو پتہ چلا کہ اس گھر والے اسلام قبول کر چکے ہیں۔ اس نے مجھے جواب دیا: بے شک نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام کو کافی رکاوٹیں ہیں' یعنی مجبور ہیں جب مکہ میں کوئی چڑیا بھی چیخ مارے یہاں تک کہ جب فجر روشن ہو جائے تو وہ بکھر جاتے ہیں۔ پس میں باغ کی طرف چلا گیا' پس میں رات کو آتا جاتا تھا' پس حبشان نے مجھ سے کہا: تجھے کیا ہے؟ میں نے کہا: میرے پیٹ میں تکلیف ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے یہ بہانہ اس لیے کیا تا کہ وہ لوگ مجھے گم نہ کریں' جب میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جاؤں۔ آپ فرماتے ہیں: پس جب وہ گھڑی ہوئی جو مجھے اس عورت نے بتائی تھی کہ اس میں آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ بیٹھتے ہیں تو میں چلتا ہوا نکلا یہاں تک کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی زیارت کر لی۔ پس آپ ایک خاموش جگہ پر تھے اور

آپ ﷺ کے صحابہ کرام بھی آپ ﷺ کے ارادگرد تھے۔ پس میں آپ ﷺ کے پیچھے سے آیا تو نبی کریم ﷺ نے میرے ارادے کو پہچان لیا' پس میں نے آپ ﷺ کی پیٹھ کی طرف دونوں کندھوں کے درمیان مہرِ نبوت دیکھی۔ میری زبان سے نکلا: اللہ سب سے بڑا ہے' یہ ایک نشانی ہے پھر آپ ﷺ لوٹ گئے' پس جب اگلی رات آئی تو میں نے عمدہ قسم کی کھجوریں اُٹھا لیں' پھر میں چلا اور وہ لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' پس میں نے وہ آپ ﷺ کے سامنے رکھ دیں۔ تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یہ ہدیہ ہے' پس آپ ﷺ نے اس میں سے کھای اور قوم سے فرمایا: تم بھی کھاؤ۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں' پس آپ ﷺ نے میرے معاملہ کے بارے سوال کیا تو میں نے آپ ﷺ کو آگاہ کیا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر غلامی سے جان چھڑاؤ (اپنا آپ خرید لو) پس میں اپنے مالک کے پاس آیا۔ میں نے اسے کہا: میری جان میرے ہاتھوں بیچ دو گے؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس شرط پر کہ تُو مجھے ایک سو درخت لگا کر دے گا۔ پس وہ اُگ آئیں تو میرے پاس ایک ڈلی سونے کی لائے گا۔ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو میں نے آپ ﷺ کو بتایا' پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بس ٹھیک ہے جو اس نے مانگا ہے اسی کے

بدلے اپنی جان خرید لو اور کنویں کے پانی والا ایک ڈول میرے پاس لاؤ جس سے تم ان کھجوروں کو پانی ڈالو گے۔ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرے لیے اس میں برکت کی دعا فرمائی' پھر میں نے ان کو پانی لگایا' پس قسم بخدا! میں نے سو کھجور کے درخت لگائے' پس سارے ہی اُگ آئے کوئی بھی پیچھے نہیں رہا۔ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے آپ ﷺ کو خبر دی کہ درخت تیار ہو گئے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے مجھے سونے کی ڈلی عطا فرمائی' پس میں نے اسے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا اور دوسرے پلڑے میں گٹھلی کو تو سونے کی ڈلی زمین پر برقرار نہ رہی (یعنی کام برابر تھا)۔ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو آپ ﷺ نے مجھے آزاد فرما دیا۔

5951 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ الْقَطُونِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَنَا مِنْ جَيّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قبیلہ جی سے تعلق رکھنے والا ہوں۔

5952 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَنَا مِنْ أَهْلِ رَامَهُرْمُزَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رامہرمز سے ہوں۔

5953 - حَدَّثَنَا أَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ،

حضرت ابوطفیل بکری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان نے انہیں بیان کیا کہ میں جیّ والوں سے

5953- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه339 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، ثنا السَّلْمُ بْنُ الصَّلْتِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ الْبَكْرِيِّ، أَنَّ سَلْمَانَ الْخَيْرِ حَدَّثَهُ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، مَدِينَةِ أَصْبَهَانَ، فَبَيْنَا أَنَا إِذْ أَلْقَى اللَّهُ فِي قَلْبِي مِنْ حَقِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَجُلٍ لَمْ يَكُنْ يُكَلِّمُ النَّاسَ يَتَحَرَّجُ، فَسَأَلْتُهُ: أَيُّ الدِّينِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا الْحَدِيثِ؟ أَتُرِيدُ دِينًا غَيْرَ دِينِ أَبِيكَ؟ قُلْتُ: لَا، وَلَكِنْ أُحِبُّ أَنْ أَعْلَمَ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَأَيُّ دِينٍ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى هَذَا غَيْرَ رَاهِبٍ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ وَكُنْتُ عِنْدَهُ، فَإِذَا هُوَ قَدْ أُقْتِرَ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، فَكَانَ يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ، فَكُنْتُ أَعْبُدُ كَعِبَادَتِهِ، فَلَبِثْتُ عِنْدَهُ ثَلَاثَ سِنِينَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ، فَقُلْتُ: إِلَى مَنْ تُوصِي بِي؟ فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْمَشْرِقِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ، فَعَلَيْكَ بِرَاهِبٍ وَرَاءَ الْجَزِيرَةِ فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، قَالَ: فَجِئْتُهُ وَأَقْرَأْتُهُ السَّلَامَ، وَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ قَدْ تُوُفِّيَ، فَمَكَثْتُ أَيْضًا عِنْدَهُ ثَلَاثَ سِنِينَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ، فَقُلْتُ: إِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي أَنْ أَذْهَبَ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ غَيْرَ رَاهِبٍ بِعَمُّورِيَّةَ شَيْخٍ كَبِيرٍ، وَمَا أُرَى تَلْحَقُهُ أَمْ لَا، فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ، وَكُنْتُ عِنْدَهُ، فَإِذَا رَجُلٌ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قُلْتُ لَهُ: أَيْنَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَذْهَبَ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ

تعلق رکھنے والا آدمی ہوں جو اصفہان کے شہر میں رہتے ہیں' پس اسی دوران جب اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کا حق میرے دل میں ڈالا تو میں ایک ایسے آدمی کے پاس گیا جو عام لوگوں سے کلام نہیں کرتا تھا کہ کہیں حرج ہو۔ پس میں نے اس سے دریافت کیا: کون سا دین افضل ہے؟ اس نے کہا: تجھے کیا ہے اور یہ کیسی بات کر رہے ہو؟ کیا تُو اپنے باپ کا دین چھوڑ کر کوئی اور دین چاہتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! بلکہ مجھے پسند ہے کہ معلوم کروں کہ آسمان و زمین کا رب کون ہے اور کون سا دین افضل ہے؟ اس نے جواب دیا: اس پر میں نہیں جانتا کہ کوئی ہو سوائے موصل میں رہنے والے ایک راہب کے۔ آپ فرماتے ہیں: میں اس کی طرف گیا' میں اس کے پاس تھا۔ دنیا میں اس پر کنجوسی کا راج ہے' پس اس کی عادت ہے دن کو روزہ رکھنا اور رات کو قیام کرنا۔ پس میں بھی اس کی طرح عبادت کیا کرتا تھا' پس میں اس کے پاس تین سال رہا پھر وہ فوت ہو گیا' میں نے کہا: مجھے کس کے پاس جانے کی وصیت کرتے ہو؟ اس نے کہا: مشرق والوں میں سے کسی کو اس مذہب پر نہیں سمجھتا جس پر میں ہوں' جزیرہ کے پیچھے جو راہب ہے اس کے پاس جانا تیرے اوپر ضروری ہے' پس اسے میرا سلام کہنا۔ آپ فرماتے ہیں: میں اس کے پاس گیٔ اسے سلام پہنچایا اور اسے خبر دی کہ وہ فوت ہو گیا ہے' پس میں اس کے پاس بھی تین سال رہا پھر وہ بھی فوت ہو گیا تو میں نے کہا: کس کی طرف مجھے جانے کی وصیت

أَهْلِ الْأَرْضِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ، لَكِنْ إِنْ أَدْرَكْتَ زَمَانًا يُسْمَعُ بِرَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا أَرَاكَ تُدْرِكُهُ، وَقَدْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ أُدْرِكَهُ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُونَ مَعَهُ فَافْعَلْ، فَإِنَّهُ عَلَى الدِّينِ، وأَمَارَةُ ذَلِكَ أَنَّ قَوْمَهُ يَقُولُونَ: سَاحِرٌ مَجْنُونٌ كَاهِنٌ، وَأَنَّهُ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَأَنَّ عِنْدَ غُرْضُوفِ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، وَبَيْنَمَا أَنَا كَذَلِكَ حَتَّى أَتَتْ عِيرٌ مِنْ نَحْوِ الْمَدِينَةِ فَقُلْتُ: مَنْ أَنْتُمْ؟ قَالُوا: نَحْنُ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، وَنَحْنُ قَوْمٌ تُجَّارٌ نَعِيشُ بِتِجَارَتِنَا، وَلَكِنَّهُ قَدْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمَ عَلَيْنَا، وَقَوْمُهُ يُقَاتِلُونَهُ، وَقَدْ خَشِينَا أَنْ يَحُولَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ تِجَارَتِنَا، وَلَكِنَّهُ قَدْ مَلَكَ الْمَدِينَةَ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا يَقُولُونَ فِيهِ؟ قَالُوا: يَقُولُونَ سَاحِرٌ، مَجْنُونٌ، كَاهِنٌ، فَقُلْتُ: هَذِهِ الْأَمَارَةُ، دُلُّونِي عَلَى صَاحِبِكُمْ، فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ: تَحْمِلُنِي إِلَى الْمَدِينَةِ؟ قَالَ: مَا تُعْطِينِي؟ قُلْتُ: مَا أَجِدُ شَيْئًا أُعْطِيكَ، غَيْرَ أَنِّي لَكَ عَبْدٌ، فَحَمَلَنِي، فَلَمَّا قَدِمْتُ جَعَلَنِي فِي نَخْلِهِ، فَكُنْتُ أَسْقِي كَمَا يَسْقِي الْبَعِيرُ حَتَّى دَبَرَ ظَهْرِي وَصَدْرِي مِنْ ذَلِكَ، وَلَا أَجِدُ أَحَدًا يَفْقَهُ كَلَامِي، حَتَّى جَاءَتْ عَجُوزٌ فَارِسِيَّةٌ تَسْقِي، فَكَلَّمْتُهَا فَفَهِمَتْ كَلَامِي، فَقُلْتُ لَهَا: أَيْنَ الرَّجُلُ الَّذِي خَرَجَ دُلِّينِي عَلَيْهِ؟ قَالَتْ: سَيَمُرُّ عَلَيْكَ بُكْرَةً إِذَا

کرتے ہو؟ اس نے کہا: عموریہ والے راہب کے علاوہ زمین پر میں کسی کو نہیں جانتا ہوں جو میرے مذہب پر ہو۔ وہ بوڑھا آدمی ہے' میرا خیال ہے تُو اس سے مل ہی سکے گا یا نہیں۔ پس میں گیا' میں اس کے پاس تھا تو میں نے اسے دیکھا کہ اللہ نے اسے وسعت عطا کی ہے' پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے کہا: مجھے کس کی طرف جانے کا حکم دیتے ہو؟ اس نے کہا: اہل زمین میں سے کسی کو اپنے مذہب پر نہیں جانتا ہوں لیکن اگر تُو لمبا زمانہ پائے' ایک آدمی کے بارے سنا جاتا ہے جو بیت ابراہیم علیہ السلام سے تشریف لائے گا' میں خیال نہیں کرسکتا کہ تُو اس کو پالے اور مجھے اُمید ہے کہ میں اسے پالوں گا۔ پس اگر تُو طاقت رکھتا ہے کہ تُو اس کی معیت میں ہو تو ایسا کر کیونکہ وہ سچے دین پر ہوگا اور اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کی قوم والے اس کو جادوگر' کاہن اور مجنون کہیں گے' وہ ہدیہ تو کھالے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا اور اس کے دونوں کندھوں کے پاس مہر نبوت ہوگی۔ اسی طرح میں اسی حال پر تھا کہ مدینہ کی طرف سے اونٹوں کا قافلہ آیا۔ میں نے کہا: تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: ہم مدینہ والے ہیں' ہم تاجر ہیں' اپنی تجارت کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں' لیکن اہل بیت ابراہیم علیہ السلام سے ایک آدمی پیدا ہوا ہے' پس وہ ہمارے پاس آیا ہے لیکن اس کی قوم اس سے قتال کرتی ہے' ہمیں ڈر لگا ہے کہ کہیں وہ ہمارے اور ہماری تجارت کے درمیان رکاوٹ نہ بنے لیکن وہ مدینہ کا بادشاہ بن گیا

صَلَّى الصُّبْحَ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ، فَخَرَجْتُ فَجَمَعْتُ تَمْرًا، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ جِئْتُ فَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ التَّمْرَ، فَقَالَ: مَا هَذَا، صَدَقَةٌ أَمْ هَدِيَّةٌ؟ فَأَشَرْتُ أَنَّهُ صَدَقَةٌ، قَالَ: انْطَلِقْ إِلَى هَؤُلَاءِ وَأَصْحَابُهُ عِنْدَهُ، فَأَكَلُوا وَلَمْ يَأْكُلْ، فَقُلْتُ: هَذِهِ الْإِمَارَةُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِئْتُ بِتَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقُلْتُ: هَذِهِ هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ وَدَعَا أَصْحَابَهُ فَأَكَلُوا، ثُمَّ رَآنِي أَتَعَرَّضُ لِأَنْظُرَ إِلَى الْخَاتَمِ، فَعَرَفَ فَأَلْقَى رِدَاءَهُ، فَأَخَذْتُ أُقَلِّبُهُ وَأَلْتَزِمُهُ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟، فَسَأَلَنِي فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: اشْتَرَطْتَ لَهُمْ أَنَّكَ عَبْدٌ، اشْتَرِ نَفْسَكَ مِنْهُمْ، فَاشْتَرَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَجِيءَ لَهُمْ بِمِائَةِ نَخْلَةٍ وَأَرْبَعِينَ أُوقِيَّةَ ذَهَبٍ، ثُمَّ هُوَ حُرٌّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْرِسْ فَغَرَسَ، ثُمَّ انْطَلِقْ فَأَلْقِ الدَّلْوَ عَلَى الْبِئْرِ، ثُمَّ لَا تَرْفَعْهُ حَتَّى يَرْتَفِعَ، فَإِنَّهُ إِذَا امْتَلَأَ ارْتَفَعَ، ثُمَّ رُشَّ فِي أُصُولِهَا، فَفَعَلَ فَنَبَتَ النَّخْلُ أَسْرَعَ النَّبَاتِ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللَّهِ، مَا رَأَيْنَا مِثْلَ هَذَا الْعَبْدِ، إِنَّ لِهَذَا الْعَبْدِ شَأْنًا فَاجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِبْرًا، فَإِذَا فِيهِ أَرْبَعُونَ أُوقِيَّةً

ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ آپ ﷺ کی قوم والے آپ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: وہ جادوگر' مجنون اور کاہن کہتے ہیں' میں نے کہا: ایک نشانی تو یہ ہے کہ تم مجھے اپنے صاحب تک لے جاؤ' پس میں اس کے پاس آیا' پس میں نے کہا: تم مجھے سوار کر کے مدینہ تک لے جاؤ۔ اس نے کہا: تم مجھے کیا دو گے؟ میں نے کہا: تجھے دینے کیلئے میں اپنے پاس کوئی شی نہیں پاتا ہوں سوائے اس کے کہ میں تیرا غلام بن جاؤں گا۔ پس اس نے مجھے سوار کر لیا' پس جب ہم (مدینہ) آئے تو اس نے مجھے ایک باغ میں رکھا' پس میں پانی نکالا کرتا تھا جس طرح اونٹ پانی نکالتا ہے یہاں تک کہ اس سے میری پیٹھ اور میرا سینہ...... میں کوئی ایسا آدمی بھی نہ پاتا تھا جو میری بات سمجھے (میں فارسی' وہ عربی تھے) حتیٰ کہ ایک فارسی بڑھیا پانی نکالنے آئی تو میں نے اس سے کلام کی' اس نے میری بات کو سمجھا۔ پس میں نے اس سے کہا: وہ آدمی کہاں ہے جو (نبی بن کر) تشریف لایا ہے' آپ اس پر میری رہنمائی کریں؟ اس نے کہا: عنقریب صبح وہ تیرے پاس سے گزرے گا جب وہ دن کے پہلے حصے میں صبح کی نماز پڑھے گا۔ پس میں نکلا' میں نے کچھ کھجوریں جمع کی' پس جب میں نے صبح کی تو میں نے آ کر وہ کھجوریں آپ ﷺ کے قریب کیں۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صدقہ ہے یا ہدیہ ہے؟ پس میں نے اشارے سے بتایا کہ صدقہ ہے۔ فرمایا: ان لوگوں کے

پاس لے جاؤ جبکہ آپ ﷺ کے صحابہ آپ کے پاس تھے۔ پس انہوں نے کھایا لیکن آپ ﷺ نے نہیں کھایا۔ پس میں نے کہا: یہ نشانی ہے۔ پس جب دوسرا دن آیا تو میں کچھ کھجوریں لایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یہ ہدیہ ہے' پس آپ ﷺ نے کھایا اور اپنے صحابہ کو بلا کر بھی کھلایا۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے تعرض کرتے ہوئے دیکھا تا کہ میں مہر نبوت دیکھوں۔ پس آپ ﷺ پہچانے گئے' آپ نے اپنی چادر پلٹ دی۔ پس میں اسے اِدھر اُدھر کرنے لگا یا چومنے لگا اور اس کے ساتھ چمٹ گیا۔ آپ نے فرمایا: تیرا کام کیا ہے؟ پس آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا تو میں نے آپ کو بتایا۔ پس تُو نے ان کیلئے شرط لگائی کہ آپ غلام ہیں' (لہٰذا) ان سے اپنی جان خریدیں۔ پس نبی کریم ﷺ نے ان کو خریدا کہ آپ ان کو سو کھجور کے درخت اور چالیس اوقیہ چاندی دیں پھر وہ آزاد ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: درخت لگاؤ! انہوں نے درخت لگائے پھر (فرمایا:) جا کر ڈول کنویں پر ڈال دو لیکن اس کو اُٹھانا نہیں ہے حتیٰ کہ وہ خود بلند ہو جائے کیونکہ جب وہ مر جائے گی تو خود بخود اُٹھے گی' پھر ان کی جڑوں میں چھڑک دو۔ پس انہوں نے ایسا کیا تو جلدی اُگنے والی جڑی بوٹیوں کی طرح درخت اُگے تو کہا: سبحان اللہ! اس غلام جیسا غلام ہم نے نہیں دیکھا' اس غلام کی شان ہے کہ لوگ اس پر جمع ہوئے ہیں' حضور ﷺ نے اس کو تھیلی دی جس میں چالیس اوقیہ

تھے۔

أَبُو الْجَعْدِ الضَّمْرِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

5954 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثنا أَبُو ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، أَنَّهُ مَرَّ عَلَى ابْنِ السِّمْطِ وَهُوَ يُرَابِطُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَقَالَ لَهُ: أَلا أُرَغِّبُكَ فِيمَا أَنْتَ فِيهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ، وَمَنْ مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، جَرَى لَهُ عَمَلُهُ أَوْ أَعْمَالُهُ وَوُقِيَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

ابوجعد ضمری' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوالجعد ضمری فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ابن سمط کے پاس سے گزرے' آپ اللہ کی راہ میں نگہبانی کر رہے تھے' آپ نے ابن سمط سے فرمایا: کیا آپ کو اس کے متعلق ترغیب نہ دلاؤں؟ حضورﷺ نے فرمایا: ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنا' ایک ماہ روزے رکھنے اور قیام کرنے سے بہتر ہے' جس کو موت اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے آئے' اس کا عمل اور اعمال جاری رہیں گے اور اس کو قبر کے فتنے سے محفوظ رکھا جائے گا۔

أَبُو سَبْرَةَ الْجُعْفِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ عَنْ سَلْمَانَ

5955 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عَبَّادُ بْنُ أَحْمَدَ الْعَرْزَمِيُّ، ثنا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

ابوسبرہ جعفی' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے سلمان! کثرت سے یہ دعا کرو: اے میرے رب! میرا قرض ادا کرنے میں میری مدد فرما اور محتاجی سے بے پرواہ کر دے۔

5954- مسلم جلد3 صفحه1520' رقم الحديث:1913 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ أَكْثِرْ أَنْ تَقُولَ: رَبِّي اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ، واغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ النَّخَعِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ

عبدالرحمٰن بن یزید نخعی، حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5956 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ الْمُشْرِكُونَ: إِنَّا لَنَرَى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ، حَتَّى يُعَلِّمَكُمُ الْخَرَاءَةَ، قَالَ: إِنَّهُ يَنْهَانَا أَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ، وَأَنْ يَسْتَنْجِيَ أَحَدُنَا بِيَمِينِهِ، وَنَهَانَا عَنِ الرَّوْثِ وَالْعِظَامِ، وَقَالَ: لَا يَكْفِي أَحَدُكُمْ دُونَ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرکوں نے کہا: ہم تمہارے صاحب کو دیکھتے ہیں کہ ہمیں ہر شی کے متعلق سکھاتے ہیں۔ میں نے کہا: آپ ہمیں قبلہ رُخ منہ کر کے پیشاب و پاخانہ کرنے سے منع کرتے ہیں اور ہمیں دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنے سے منع کرتے ہیں اور لید اور ہڈی سے استنجاء کرنے سے منع کرتے ہیں اور فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی تین سے کم پتھر استعمال نہ کرے۔

5957 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ لِي رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ: وَاللهِ إِنِّي لَأَرَى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ كُلَّ شَيْءٍ، حَتَّى يُعَلِّمَكُمُ الْخَرَاءَةَ، قَالَ: أَجَلْ نَهَانَا أَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ، وَأَنْ نَسْتَنْجِيَ بِأَيْمَانِنَا، وَأَنْ نَسْتَنْجِيَ بِدُونِ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ، وَأَنْ نَسْتَنْجِيَ بِرَجِيعٍ أَوْ عَظْمٍ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے مشرکوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! میں تمہارے ساتھی کو دیکھتا ہوں کہ تمہیں ہر شی کے متعلق بتاتے ہیں اور تمہیں پاخانہ کرنے کے متعلق بتاتے ہیں۔ میں نے کہا: جی ہاں! ہمیں قبلہ رُخ پیشاب اور پاخانہ کرنے سے منع کرتے ہیں اور ہمیں دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنے اور تین سے کم پتھروں سے استنجاء کرنے سے منع کرتے ہیں اور ہڈی اور لید سے استنجاء کرنے سے منع کرتے ہیں۔

5956- مسلم جلد1صفحہ224، رقم الحديث: 262.

5958 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِقَضَاءِ الْحَاجَةِ، وَأَنْ نَسْتَنْجِيَ بِدُونِ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ، وَأَنْ نَسْتَنْجِيَ بِعَظْمٍ أَوْ رَجِيعٍ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں قضاء حاجت کے وقت قبلہ رُخ ہونے سے منع کرتے تھے اور تین سے کم پتھروں سے استنجاء کرنے اور لید اور ہڈی سے استنجاء کرنے کو منع کرتے تھے۔

5959 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، وَوَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قَالُوا لِسَلْمَانَ: قَدْ عَلَّمَكُمْ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ شَيْءٍ، قَالَ: أَجَلْ قَدْ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ، وَأَنْ يَسْتَنْجِيَ أَحَدُنَا بِالْيَمِينِ، أَوْ أَنْ يَسْتَنْجِيَ أَحَدُنَا بِأَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ، وَأَنْ يَسْتَنْجِيَ بِرَجِيعٍ أَوْ عَظْمٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ مشرکوں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے کہا: تمہیں تمہارے نبیﷺ ہر شی کے متعلق سکھاتے ہیں' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! حضورﷺ ہمیں قضائے حاجت کے وقت قبلہ رخ ہونے سے منع کرتے ہیں اور دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنے اور تین پتھروں سے کم سے استنجاء کرنے اور ہڈی اور لید سے استنجاء کرنے سے منع کرتے ہیں۔

أَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَلْمَانَ

ابووائل شقیق بن سلمہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5960 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ شَابُورَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے ہمیں وہی دیا جو آپ کے گھر میں تھا' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہﷺ کو منع کرتے ہوئے نہ سنا ہوتا یا ہمیں منع کیا گیا کہ آدمی اپنے بھائی کے لیے تکلف کرے' تو میں

سَلَمَةَ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سَلْمَانَ فَقَرَّبَ إِلَيْنَا مَا كَانَ فِي الْبَيْتِ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا، أَوْ لَوْلَا نُهِينَا، عَنْ أَنْ يَتَكَلَّفَ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ لَتَكَلَّفْتُ لَكُمْ

تمہارے لیے تکلف کرتا۔

5961 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَتَكَلَّفَ لِلضَّيْفِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں مہمان کے لیے تکلف کرنے سے منع کیا۔

5962 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: ذَهَبْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي إِلَى سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، فَقَالَ سَلْمَانُ: لَوْلَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنِ التَّكَلُّفِ لَتَكَلَّفْتُ لَكَ، ثُمَّ جَاءَ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ، فَقَالَ صَاحِبِي: لَوْ كَانَ فِي مِلْحِنَا صَعْتَرٌ، فَبَعَثَ سَلْمَانُ بِمَطْهَرَتِهِ فَرَهَنَهَا، ثُمَّ جَاءَ بِصَعْتَرٍ، فَلَمَّا أَكَلْنَاهُ، قَالَ صَاحِبِي: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي مَتَّعَنَا بِمَا رَزَقَنَا، فَقَالَ سَلْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَوْ قَنِعْتَ بِمَا

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرا ساتھی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے پاس گئے‘ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں منع نہ کیا ہوتا تکلف سے تو میں تمہارے لیے تکلف کرتا‘ پھر آپ روٹی اور گوشت لائے۔

5961- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد**4**صفحه**137**‘ رقم الحديث: **7147** .

5962- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**179** وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال محمد بن منصور الطوسي وهو ثقة وفي رواية عنده نهانا رسول الله صلى الله عليه وسلم أن نتكلف للضيف ما ليس عندنا .

رَزَقَكَ اللّٰهُ لَمْ تَكُنْ مُطَهِّرَتِي مَرْهُونَةً

5963 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ الْعُقَيْلِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ الْقَسْمَلِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَجَفَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، تَحَاتَّ خَطَايَاهُ، كَمَا تَتَحَاتُّ عِذْقُ النَّخْلَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب مؤمن کا دل اللہ کی راہ میں کانپتا ہے تو اُس کے گناہ اس طرح گرتے ہیں جس طرح کھجور کے درخت سے کھجوریں گرتی ہیں۔

زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

زید بن وہب' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَطْوَلُ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا، أَكْثَرُهُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگ زیادہ سیر ہو کر کھاتے ہیں' وہ قیامت کے دن زیادہ بھوکے ہوں گے۔

5965 - وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: دنیا مؤمن کیلئے قید خانہ اور کافر کیلئے جنت ہے۔

مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ، عَنْ

مسروق بن اجدع' حضرت

5963- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 276 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه عمرو بن الحصين وهو ضعيف .

5964- الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 699' رقم الحديث: 6545 .

5965- مسلم جلد 4 صفحه 2272' رقم الحديث: 2956 .

سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

5966 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ، وُضِعَتْ ذُنُوبُهُ عَلَى رَأْسِهِ، فَتَفَرَّقُ عَنْهُ كَمَا تَفَرَّقُ عُذُوقُ النَّخْلَةِ يَمِينًا وَشِمَالًا

سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مؤمن بندہ جب نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو اسکے گناہ اس کے سر پر رکھے جاتے ہیں وہ اس سے اس طرح بکھرتے ہیں جس طرح پکی ہوئی کھجوریں دائیں بائیں بکھر کر گرتی ہیں۔

الْقَرْثَعُ الضَّبِّيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

5967 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ قَرْثَعٍ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ، هَلْ تَدْرِي مَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ؟ ، قُلْتُ: هُوَ الَّذِي جُمِعَ فِيهِ أَبُوكَ أَوْ أَبُوكُمْ، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ أُحَدِّثُكَ عَنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَطَهَّرُ، وَيَلْبَسُ أَحْسَنَ

قرثع ضبی' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے سلمان! تم جانتے ہو کہ جمعہ کا دن کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یہ وہ دن ہے جس دن آپ کے والدین کو اکٹھا کیا گیا' آپ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے' میں تمہیں جمعہ کے دن کے متعلق بتاتا ہوں' جو مسلمان پاک کرتا ہے اور اچھے کپڑے پہنتا ہے اور خوشبو لگاتا ہے' اگر گھر میں ہو ورنہ پانی' پھر مسجد میں آتا ہے' امام کے نکلنے تک خاموش رہتا ہے' پھر نماز پڑھتا

5966- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه300 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه أبان بن أبي عياش ضعفه شعبة وأحمد وغيرهما ووثقه سلم العلوى وغيره .

5967- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه174 وقال: قلت روى النسائي بعضه رواه الطبراني في الكبير واسناده حسن .

ثِيَابِهِ، وَيُصِيبُ مِنْ طِيبِ أَهْلِهِ، إِنْ كَانَ لَهُمْ طِيبٌ، وَإِلَّا فَالْمَاءُ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ، فَيُنْصِتُ حَتَّى يَخْرُجَ الْإِمَامُ، ثُمَّ يُصَلِّي إِلَّا كَانَتْ كَفَّارَةً لَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى، مَا اجْتُنِبَتِ الْمَقْتَلَةُ وَذَلِكَ الدَّهْرَ كُلَّهُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي كُدَيْنَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ قَرْثَعٍ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ہے تو اب اس کے لیے دوسرے جمعہ تک ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا' بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچتا ہے' یہ مکمل سال تک رہتا ہے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5968 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ، -وَكَانَ الْقَرْثَعُ مِنَ الْقُرَّاءِ الْأَوَّلِينَ -، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيهِ جُمِعَ أَبُوكَ، أَوْ أَبُوكُمْ، مَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَمَا أُمِرَ، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتَّى يَأْتِيَ الْجُمُعَةَ، فَيَقْعُدُ فَيُنْصِتُ، حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ، إِلَّا كَانَ كَفَّارَةً لِمَا قَبْلَهُ مِنَ الْجُمُعَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سلمان! جمعہ کے دن تمہارے والدین آدم و حوا کو جمع کیا گیا' جو کوئی آدمی جمعہ کے دن پاکی حاصل کرتا ہے جس طرح حکم دیا گیا' پھر اپنے گھر سے جمعہ کے لیے آتا ہے اور نماز کے ختم ہونے تک خاموش رہتا ہے تو اس سے اُس کے لیے جمعہ تک کے گناہ معاف ہوں گے۔

5969 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا حَسَنُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے سلمان! کیا تم جانتے ہو جمعہ کے دن کے متعلق کہ اس دن تمہارے والدین کو جمع کیا گیا یعنی حضرت آدم و حوا علیہما السلام کو' اور

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ: أَتَدْرِي مَا الْجُمُعَةُ؟ فِيهَا جُمِعَ أَبُوكَ آدَمُ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ غُفِرَ لَهُ أَوْ كُفِّرَ عَنْهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے دن غسل کرے' پھر مسجد میں آئے تو اس کے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ یا فرمایا: مٹا دیئے جائیں گے۔

أَبُو ظَبْيَانَ الْجَنْبِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوظبیان جنبی' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5970 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ، لَا تَبْغَضْنِي فَتُفَارِقَ دِينَكَ ، قُلْتُ: وَكَيْفَ أَبْغَضُكَ وَبِكَ هَدَانِي اللّٰهُ؟ قَالَ: لَا تَبْغَضِ الْعَرَبَ فَتَبْغَضَنِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا قَابُوسُ بْنُ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے سلمان! مجھ سے بغض نہ رکھنا ورنہ تُو اپنے دین سے دور ہو جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں آپ سے بغض کیسے رکھ سکتا ہوں حالانکہ آپ کے ذریعہ اللہ نے مجھے ہدایت دی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: عرب سے بغض نہ رکھنا' ان سے بغض رکھنا مجھ سے بغض رکھنا ہے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا' پھر اسی کی مثل ذکر کیا۔

5971 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ شَيْءٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفٍ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی شی نہیں ہے جو اپنے جیسی ہزار چیزوں سے بہتر ہو' مگر انسان۔

5970- الترمذی جلد5صفحه723' رقم الحديث: 3927 .

مِثْلِهِ إِلَّا الْإِنْسَانُ

زَاذَانُ أَبُو عَمْرٍو، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

زاذان ابوعمرو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5972 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ: بَرَكَةُ الطَّعَامِ فِي الْوُضُوءِ قَبْلَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَرَكَةُ الطَّعَامِ فِي الْوُضُوءِ قَبْلَهُ وَبَعْدَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے تورات میں پڑھا ہے کہ کھانے کی برکت تمہارے لیے ہاتھ دھونے میں ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کھانے کی برکت کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا ہے۔

5973 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالُوا: ثنا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُوسَى الطَّوِيلُ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مُحِبُّكَ مُحِبِّي، ومُبْغِضُكَ مُبْغِضِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے فرمایا: تجھ سے محبت کرنے والا مجھ سے محبت کرنے والا ہے اور تجھ سے بغض رکھنے والا مجھ سے بغض رکھنے والا ہے۔

5974 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِنَّائِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ کے پاس نکسیر آئی تو آپ نے مجھے دوبارہ

5972- أمالي المحاملي جلد1صفحه380' رقم الحديث: 434 .

5973- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه132 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الملك الطويل وثقه ابن حبان وضعفه الأزدي وبقية رجاله وثقوا ورواه البزار بنحوه .

الْحَسَنِ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ زِيَادٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: رَعَفْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَنِي أَنْ أُحْدِثَ وُضُوءاً

وضوکرنے کا حکم دیا۔

5975 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَالَ مِنْ أَنْفِي دَمٌ، فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَحْدِثْ لِمَا حَدَثَ وُضُوءاً

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے ناک سے خون جاری ہوا تو میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا' آپ نے فرمایا: دوبارہ وضوکرو۔

5976 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ السَّرَخْسِيُّ، ثنا أَبُو الصَّبَّاحِ عَبْدُ الْغَفُورِ بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ: الْفَخْرُ بِالْأَحْسَابِ، وَالطَّعْنُ فِي الْأَنْسَابِ، وَالنِّيَاحَةُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں جاہلیت کی ہیں: (۱) نسب میں فخر کرنا (۲) نسب میں طعن کرنا (۳) نوحہ کرنا۔

5977 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يُرِيدُ أَنْ يَرْتَفِعَ فِي الدُّنْيَا دَرَجَةً فَارْتَفَعَ، إِلَّا وَضَعَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْآخِرَةِ أَكْبَرَ مِنْهَا، ثُمَّ قَرَأَ: (وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جو بندہ دنیا میں بہتر مقام حاصل کرنا چاہتا ہے' وہ بلند مقام حاصل کرتا ہے تو اللہ آخرت میں اس سے بڑے مقام پر فائز نہیں کرے گا' پھر آپ

5975- أورد نحوه الدارقطني في سننه جلد1صفحه156' رقم الحديث: 23 .

5976- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه13 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الغفور وهو ضعيف .

5977- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه49 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الغفور وهو متروك .

دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا) (الإسراء : 21)

نے یہ آیت پڑھی: ''آخرت میں کئی بڑے درجات ہوں گے بڑے فضیلت والے''۔

5978 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ لَا يَجِدَ الشَّيْطَانُ عِنْدَهُ طَعَامًا، وَلَا مَقِيلًا، فَلْيُسَلِّمْ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ، وَيُسَمِّ عَلَى طَعَامِهِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ شیطان اس کے کھانے کے پاس نہ آئے تو جب وہ گھر میں داخل ہو تو سلام کرے اور کھانے کے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔

5979 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: أَمَرَنَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَفْدِيَ سَبَايَا الْمُسْلِمِينَ، وَنُعْطِيَ سَائِلَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ، وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ، وَعَلَى الْوُلَاةِ مِنْ بَعْدِي، مِنْ بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے حکم دیا کہ ہم مسلمانوں کے قیدیوں کا فدیہ دیں اور ان کے سوالی کو عطا کریں' پھر فرمایا: جس نے مال چھوڑا' تو اُس نے اپنے وارثوں کے لیے چھوڑا' جس نے قرض چھوڑا تو وہ میرے ذمہ ہے اور میرے بعد مسلمانوں کے بیت المال سے ہے۔

5980 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَاتَ فِي أَحَدِ الْحَرَمَيْنِ اسْتَوْجَبَ شَفَاعَتِي، وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْآمِنِينَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو حرمین میں سے کسی حصہ میں مرے گا' اُس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگی' وہ قیامت کے دن امن والوں میں سے ہوگا۔

5981 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الرَّازِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عُلْوَانَ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ:

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں باغ ہیں' تم کثرت سے باغ لگاؤ۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے اُگائیں؟ آپ نے فرمایا: سبحان

5978- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه38 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الغفور وهو متروك .

5979- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه332 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الغفور وهو متروك .

5980- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه319 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الغفور بن سعيد وهو متروك .

5981- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه89 وقال: رواه الطبراني وفيه الحسين بن علوان وهو ضعيف .

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ قِيعَانًا فَأَكْثِرُوا غَرْسَهَا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا غَرْسُهَا؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

اللہ الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر۔

5982 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ، قَالَ: يَا سَلْمَانُ كَشَفَ اللّٰهُ ضُرَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَعَافَاكَ فِي دِينِكَ، وَجَسَدِكَ إِلَى أَجَلِكَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس میری عیادت کے لیے آئے جب آپ نے نکلنے کا ارادہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سلمان! اللہ عزوجل تمہاری تکلیف دور کرے اور تمہارے گناہ بخشے! تمہارے دین میں عافیت دے اور تمہارے جسم کو موت آنے تک عافیت دے۔

5983 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَسِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو الْأَسْبَاطِ يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْكُوفِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي حَمَّادٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَطْعَمَ مَرِيضًا شَهْوَتَهُ، أَطْعَمَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مریض کی خواہش کے مطابق اس کو کھانا کھلایا' اللہ عزوجل اس کو جنت کا پھل کھلائے گا۔

5984 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مخلوق

5982- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه299 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عمرو بن خالد القرشي وهو ضعيف .

5983- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه97 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو خالد عمرو بن خالد وهو كذاب متروك .

الْمَرْوَزِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرْجَانِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: مَا كَانَ أَحَدٌ أَعْظَمَ حُرْمَةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَصْحَابُهُ إِذَا كَتَبُوا إِلَيْهِ كَتَبُوا: مِنْ فُلَانٍ إِلَى مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں حضور ﷺ کی عزت سے بڑھ کر کسی کی عزت نہیں ہے' آپ کے صحابہ جب آپ ﷺ کی طرف خط لکھتے تو یوں لکھتے: فلاں کی طرف سے اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف!

5985 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رُسْتُمَ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ الْحَسَنَ، وَالْحُسَيْنَ أَحْبَبْتُهُ، وَمَنْ أَحْبَبْتُهُ أَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا أَبْغَضْتُهُ، وَمَنْ أَبْغَضْتُهُ أَبْغَضَهُ اللّٰهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن و حسین سے محبت کی' میں اس سے محبت کروں گا' جس نے مجھ سے محبت کی' اللہ اس سے محبت کرے گا' جس نے ان دونوں سے بغض کیا' اُس نے مجھ سے بغض کیا' جس نے مجھ سے بغض رکھا' اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

سَلَامَةُ الْعِجْلِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

سلامہ عجلی' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5986 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْمَازِنِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سَلَامَةَ الْعِجْلِيِّ قَالَ: جَاءَ ابْنُ

حضرت سلامہ عجلی فرماتے ہیں: ان کی بہن کا بیٹا دیہات سے آیا جس کا نام قدامہ تھا' میرے بھانجے نے مجھ سے کہا: میں حضرت سلمان کی ملاقات کو پسند کرتا ہوں۔ پس ان کو سلام کروں گا۔ پس ہم نکلے تو ہم

5985- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه181 وقال: رواه الطبراني وفيه يحيى بن عبد الحميد الحماني وهو ضعيف .

أُخْتٍ لِي مِنَ الْبَادِيَةِ، يُقَالُ لَهُ قُدَامَةُ، فَقَالَ لِي ابْنُ أُخْتِي: أُحِبُّ أَنْ أَلْقَى سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ، فَأُسَلِّمَ عَلَيْهِ، فَخَرَجْنَا فَوَجَدْنَاهُ بِالْمَدَائِنِ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ عَلَى عِشْرِينَ أَلْفًا، وَوَجَدْنَاهُ عَلَى سَرِيرٍ يَسُفُّ خُوصًا، فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ، قُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، هَذَا ابْنُ أُخْتٍ لِي قَدِمَ عَلَيَّ مِنَ الْبَادِيَةِ فَأَحَبَّ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْكَ، قَالَ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قُلْتُ: يَزْعُمُ أَنَّهُ يُحِبُّكَ، قَالَ: أَحَبَّهُ اللّٰهُ، فَتَحَدَّثْنَا وَقُلْنَا لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ أَلَا تُحَدِّثُنَا عَنْ أَصْلِكَ، وَمِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَمَّا أَصْلِي وَمِمَّنْ أَنَا فَأَنَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ رَامَهُرْمُزَ، كُنَّا قَوْمًا مَجُوسًا، فَأَتَانَا رَجُلٌ نَصْرَانِيٌّ مِنْ أَهْلِ الْجَزِيرَةِ كَانَتْ أُمُّهُ مِنَّا، فَنَزَلَ فِينَا وَاتَّخَذَ فِينَا دَيْرًا، قَالَ: وَكُنْتُ فِي كُتَّابِ الْفَارِسِيَّةِ، وَكَانَ لَا يَزَالُ غُلَامٌ مَعِي فِي الْكُتَّابِ يَجِيءُ مَضْرُوبًا يَبْكِي، قَدْ ضَرَبَهُ أَبَوَاهُ، فَقُلْتُ لَهُ يَوْمًا: مَا يُبْكِيكَ؟ قَالَ: يَضْرِبُنِي أَبَوَايَ، قُلْتُ: وَلِمَ يَضْرِبَانِكَ؟ قَالَ: آتِي صَاحِبَ هَذَا الدَّيْرِ، فَإِذَا عَلِمَا ذَلِكَ ضَرَبَانِي، وَأَنْتَ لَوْ أَتَيْتَهُ سَمِعْتَ مِنْهُ حَدِيثًا عَجِيبًا، قُلْتُ: فَاذْهَبْ بِي مَعَكَ، فَأَتَيْنَاهُ فَحَدَّثَنَا عَنْ بَدْءِ الْخَلْقِ، وَعَنْ بَدْءِ خَلْقِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَعَنِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، قَالَ: فَحَدَّثَنَا بِأَحَادِيثَ عَجَبٍ، قَالَ: وَكُنْتُ أَخْتَلِفُ إِلَيْهِ مَعَهُ، قَالَ: فَفَطِنَ لَنَا غِلْمَانٌ مِنَ الْكُتَّابِ فَجَعَلُوا يَجِيئُونَ مَعَنَا، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ أَهْلُ الْقَرْيَةِ أَتَوْهُ،

نے انہیں مدائن میں پایا' وہ اس دن بیس ہزار پر تھے اور ہم نے ان کو چارپائی پر پایا۔ پس ہم نے آپ کو سلام کیا' میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! یہ بھانجا دیہات سے میرے پاس آیا ہے' پس اس کی خواہش تھی کہ آپ پر سلام کرے' اُنہوں نے وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ' فرمایا۔ میں نے کہا: اس کا گمان ہے کہ اس کو آپ سے محبت ہے۔ انہوں نے فرمایا: (میری دعا ہے) اللہ اس کو اپنا محبوب بنا لے۔ ہم نے گفتگو کی تو ہم نے ان سے کہا: اے ابوعبداللہ! کیا ہم آپ کی اصل کے حوالے سے بات کر سکتے ہیں۔ آپ کا تعلق کن لوگوں سے ہے؟ آپ نے فرمایا: جہاں تک تعلق ہے میری اصل کا اور اس بات کا کہ میں کن لوگوں میں سے ہوں تو میں رامہرمزی ہوں' ہم دین کے لحاظ سے مجوسی تھے' جزیرہ والوں میں سے ایک عیسائی میرے پاس آیا' جس کی ماں ہم میں سے تھی۔ پس اس نے ہم میں ڈیرہ لگا لیا' اس نے ہمارے اندر گرجا گھر بنایا۔ فرمایا: میرا تعلق فارسی لکھنے والوں سے تھا' کاتبوں میں ایک لڑکا ہمیشہ میرے ساتھ رہتا تھا' کبھی وہ اس حال میں آتا کہ اسے مارا گیا ہوتا اور وہ رو رہا ہوتا تھا' اسے مارنے والے اس کے والدین ہوتے تھے۔ پس ایک دن میں نے اس سے کہا: تجھے کون سی چیز رلاتی ہے؟ اس نے کہا: مجھے میرے والدین مارتے ہیں' میں نے کہا: وہ تجھے کیوں مارتے ہیں؟ اس نے کہا: میں اس گرجا والے کے پاس آتا ہوں' پس جب اس بات کا علم ہوتا ہے تو وہ مجھے

فَقَالُوا لَهُ: يَا هَذَا، إِنَّكَ قَدْ جَاوَرْتَنَا فَلَمْ تَرَ مِنْ جِوَارِنَا إِلَّا الْحَسَنَ، وَإِنَّا نَرَى غِلْمَانَنَا يَخْتَلِفُونَ إِلَيْكَ، وَنَحْنُ نَخَافُ أَنْ تُفْسِدَهُمْ عَلَيْنَا، اخْرُجْ عَنَّا، قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ لِذَلِكَ الْغُلَامِ الَّذِي كَانَ يَأْتِيهِ: اخْرُجْ مَعِي، قَالَ: لَا أَسْتَطِيعُ ذَاكَ، وَقَدْ عَلِمْتَ شِدَّةَ أَبَوَيَّ عَلَيَّ، قُلْتُ: لَكِنِّي أَخْرُجُ مَعَكَ، وَكُنْتُ يَتِيمًا لَا أَبَ لِي، فَخَرَجْتُ مَعَهُ، فَأَخَذْنَا جَبَلَ رَامَهُرْمُزَ، فَجَعَلْنَا نَمْشِي وَنَتَوَكَّلُ، وَنَأْكُلُ مِنْ ثَمَرِ الشَّجَرِ، حَتَّى قَدِمْنَا الْجَزِيرَةَ، فَقَدِمْنَا نَصِيبِينَ، فَقَالَ لِي صَاحِبِي: يَا سَلْمَانُ إِنَّ هَهُنَا قَوْمًا هُمْ عُبَّادُ أَهْلِ الْأَرْضِ، وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَلْقَاهُمْ، قَالَ: فَجِئْنَا إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْأَحَدِ وَقَدِ اجْتَمَعُوا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ صَاحِبِي فَحَيَّوْهُ، وَبَشُّوا بِهِ، وَقَالُوا: أَيْنَ كَانَتْ غَيْبَتُكَ؟ قَالَ: كُنْتُ فِي إِخْوَانٍ لِي مِنْ قِبَلِ فَارِسَ فَتَحَدَّثْنَا مَا تَحَدَّثْنَا، ثُمَّ قَالَ لِي صَاحِبِي: قُمْ يَا سَلْمَانُ انْطَلِقْ، فَقُلْتُ: لَا، دَعْنِي مَعَ هَؤُلَاءِ، قَالَ: إِنَّكَ لَا تُطِيقُ مَا يُطِيقُ هَؤُلَاءِ، يَصُومُونَ الْأَحَدَ إِلَى الْأَحَدِ، وَلَا يَنَامُونَ هَذَا اللَّيْلَ، وَإِذَا فِيهِمْ رَجُلٌ مِنْ أَبْنَاءِ الْمُلُوكِ، تَرَكَ الْمُلْكَ وَدَخَلَ فِي الْعِبَادَةِ، فَكُنْتُ فِيهِمْ حَتَّى أَمْسَيْنَا، فَجَعَلُوا يَذْهَبُونَ وَاحِدًا وَاحِدًا إِلَى غَارِهِ الَّذِي يَكُونُ فِيهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَمْسَيْنَا، قَالَ ذَلِكَ الرَّجُلُ الَّذِي مِنْ أَبْنَاءِ الْمُلُوكِ: مَا هَذَا الْغُلَامُ، لَا تَضَعُوهُ لِيَأْخُذَهُ رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَقَالُوا: خُذْهُ أَنْتَ،

مارتے ہیں اور آپ اگر اس کے پاس آئیں تو اس سے خوش کن کلام سنیں۔ میں نے کہا: مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ! پس ہم اس کے پاس آئے' اس کے مخلوقات کے پیدا ہونے کی ابتداء کے بارے بیان کیا' آسمان وزمین کی تخلیق اور جنت و دوزخ کے بارے میں بیان کیا۔ فرماتے ہیں: اس نے ہمیں بہت ساری خوش کرنے والی باتیں بیان کیں۔ فرماتے ہیں: میں اس لڑکے کے ساتھ اس راہب کے پاس آتا جاتا رہا۔ فرماتے ہیں: پس کاتبوں کے لڑکے بھی ہمیں سمجھ گئے اور وہ ہمارے ساتھ آنا جانا شروع ہو گئے' پس جب دیہات والوں نے یہ چیز دیکھی تو وہ اس کے پاس آئے۔ انہوں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک تُو نے ہمارا پڑوس اختیار کیا تو تُو نے ہمارے پڑوس کو اچھا دیکھا' بے شک ہم اپنی قوم کے لڑکوں کو دیکھ رہے ہیں' وہ تیرے پاس آنے جانے لگے ہیں اور ہمیں ڈر ہے کہ کہیں تُو ہم پر ان کے ذریعے فساد برپا نہ کر دے' ہمارے پاس سے نکل جا۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ پس اس نے اس لڑکے سے کہا جو اس کے پاس خصوصاً آیا جایا کرتا تھا۔ میرے ساتھ نکلنا ہے۔ اس نے جواب دیا: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا جبکہ میرے والدین مجھ پر سختی کر رہے ہیں' آپ کو بھی پتہ ہے کہ میں نے کہا: میں آپ کے ساتھ نکلوں گا۔ میں یتیم ہوں' میرا باپ نہیں ہے' پس اس کے ساتھ نکلا' پس ہم نے رامہرمز کا راستہ پکڑا' پس ہم نے چلنا شروع کر دیا اور توکل سے کام لے رہے

فَقَالَ لِي: هَلُمَّ يَا سَلْمَانُ، فَذَهَبَ بِي مَعَهُ حَتَّى أَتَى غَارَهُ الَّذِي يَكُونُ فِيهِ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ هَذَا خُبْزٌ، وَهَذَا أُدْمٌ فَكُلْ إِذَا غَرِثْتَ، وَصُمْ إِذَا نَشِطْتَ، وَصَلِّ مَا بَدَا لَكَ، وَنَمْ إِذَا كَسِلْتَ، ثُمَّ قَامَ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يُكَلِّمْنِي إِلَّا ذَلِكَ، وَلَمْ يَنْظُرْ إِلَيَّ، فَأَخَذَنِي الْغَمُّ تِلْكَ السَّبْعَةَ أَيَّامٍ لَا يُكَلِّمُنِي أَحَدٌ، حَتَّى كَانَ الْأَحَدُ، فَذَهَبْنَا إِلَى مَكَانِهِمُ الَّذِي كَانُوا يَجْتَمِعُونَ، قَالَ: وَهُمْ يَجْتَمِعُونَ كُلَّ أَحَدٍ يُفْطِرُونَ فِيهِ، فَيَلْقَى بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَيُسَلِّمُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، ثُمَّ لَا يَلْتَقُونَ إِلَى مِثْلِهِ، قَالَ: فَرَجَعْنَا إِلَى مَنْزِلِنَا، فَقَالَ لِي مِثْلَ مَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ: هَذَا خُبْزٌ وَأُدْمٌ، فَكُلْ مِنْهُ إِذَا غَرِثْتَ، وَصُمْ إِذَا نَشِطْتَ، وَصَلِّ مَا بَدَا لَكَ، وَنَمْ إِذَا كَسِلْتَ، ثُمَّ دَخَلَ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيَّ، وَلَمْ يُكَلِّمْنِي إِلَى الْأَحَدِ الْآخَرِ، وَأَخَذَنِي غَمٌّ، وَحَدَّثْتُ نَفْسِي بِالْفِرَارِ، فَقُلْتُ: أَصْبِرُ أَحَدَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً، وَلَمَّا كَانَ الْأَحَدُ رَجَعْنَا إِلَيْهِمْ فَأَفْطَرُوا وَاجْتَمَعُوا، فَقَالَ لَهُمْ: إِنِّي أُرِيدُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَقَالُوا لَهُ: وَمَا تُرِيدُ إِلَى ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا عَهْدَ لِي بِهِ، قَالُوا: إِنَّا نَخَافُ أَنْ يَحْدُثَ بِكَ حَدَثٌ فَيَلِيكَ غَيْرُنَا، وَكُنَّا نُحِبُّ أَنْ نَلِيَكَ، قَالَ: لَا عَهْدَ لِي بِهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ ذَلِكَ فَرِحْتُ، قُلْتُ: نُسَافِرُ وَنَلْقَى النَّاسَ، فَيَذْهَبُ عَنِّي الْغَمُّ الَّذِي كُنْتُ أَجِدُ، فَخَرَجْتُ أَنَا وَهُوَ، وَكَانَ يَصُومُ مِنَ الْأَحَدِ إِلَى الْأَحَدِ، وَيُصَلِّي

تھے، درختوں کے پھل کھاتے تھے یہاں تک کہ ہم جزیرہ میں آئے۔ پس ہم نے نصیبین میں قدم رکھا' پس میرے ساتھی نے مجھ سے کہا: اے سلمان! یہاں ایک قوم ہے جو زمین والوں میں پہلے نمبر کے عبادت گزار ہیں اور میں پسند کرتا ہوں کہ میں ان سے ملاقات کروں۔ فرماتے ہیں: ہم اتوار کے دن ان کے پاس گئے جبکہ وہ سارے اکٹھے تھے۔ پس میرے ساتھی نے ان پر سلام کیا تو انہوں نے مل کر اس کا جواب دیا اور اس کو مل کر بہت خوش ہوئے۔ انہوں نے کہا: تم اتنا عرصہ کہاں چلے گئے تھے؟ فارس کے علاقے میں میرے کچھ بھائی تھے' میں ان کے پاس تھا' پس ہم نے ان سے گفتگو کی جو کی۔ پھر میرے صاحب نے مجھ سے کہا: اُٹھو! اے سلمان اور چلو! میں نے کہا: نہیں! آپ مجھے ان کے ساتھ ہی چھوڑ دیں۔ اس نے کہا: تُو طاقت نہیں رکھے گا جو یہ طاقت رکھتے ہیں' یہ اتوار تا اتوار روزہ رکھتے ہیں اور راتوں کو جاگتے ہیں اور ان میں ایک آدمی بادشاہ کا بیٹا تھا جو اپنا ملک چھوڑ کر عبادت میں شامل ہو گیا تھا۔ پس میں ان میں رہا حتیٰ کہ شام ہو گئی۔ پس ایک ایک کر کے انہوں نے اپنی ان نمازوں میں جانا شروع کر دیا جن میں وہ رہتے تھے۔ فرماتے ہیں: جب ہم نے شام کی تو وہ آدمی جو بادشاہوں کا بیٹا تھا' اس نے کہا: یہ لڑکا کون ہے؟ اس کو اکیلا نہ چھوڑو! تم میں سے کوئی ایک اس کو اپنے ساتھ رکھ لو۔ انہوں نے جواب دیا: اس کو تم ہی لے لو۔ اس نے کہا: اے سلمان!

اللَّيْلَ كُلَّهُ، وَيَمْشِي النَّهَارَ، فَإِذَا نَزَلْنَا قَامَ يُصَلِّي، فَلَمْ يَزَلْ ذَلِكَ حَتَّى انْتَهَيْنَا إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَعَلَى الْبَابِ رَجُلٌ مُقْعَدٌ يَسْأَلُ النَّاسَ، فَقَالَ: أَعْطِنِي، فَقَالَ: مَا مَعِي شَيْءٌ، فَدَخَلْنَا بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا رَآهُ أَهْلُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ بَشُّوا إِلَيْهِ، وَاسْتَبْشَرُوا بِهِ، فَقَالَ لَهُمْ: غُلَامِي هَذَا فَاسْتَوْصُوا بِهِ، فَانْطَلَقُوا بِي فَأَطْعَمُونِي خُبْزًا وَلَحْمًا، وَدَخَلَ فِي الصَّلَاةِ فَلَمْ يَنْصَرِفْ إِلَيَّ حَتَّى كَانَ يَوْمُ الْأَحَدِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ لِي: يَا سَلْمَانُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَضَعَ رَأْسِي، فَإِذَا بَلَغَ الظِّلُّ مَكَانَ كَذَا وَكَذَا فَأَيْقِظْنِي، فَوَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ، فَبَلَغَ الظِّلُّ الَّذِي قَالَ، فَلَمْ أُوقِظْهُ مَأْوَاةً مِمَّا رَأَيْتُ مِنِ اجْتِهَادِهِ، وَنَصَبِهِ، فَاسْتَيْقَظَ مَذْعُورًا، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ، أَلَمْ أَكُنْ قُلْتُ لَكَ: إِذَا بَلَغَ الظِّلُّ كَذَا وَكَذَا فَأَيْقِظْنِي؟ قُلْتُ: بَلَى، وَلَكِنْ إِنَّمَا مَنَعَنِي مَأْوَاةٌ لَكَ لِمَا رَأَيْتُ مِنْ دَأْبِكَ، قَالَ: وَيْحَكَ يَا سَلْمَانُ إِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَفُوتَنِي شَيْءٌ مِنَ الدَّهْرِ لَمْ أَعْمَلْ فِيهِ لِلَّهِ خَيْرًا، ثُمَّ قَالَ لِي: يَا سَلْمَانُ اعْلَمْ أَنَّ أَفْضَلَ دِينِنَا الْيَوْمَ النَّصْرَانِيَّةُ، قُلْتُ: وَيَكُونُ بَعْدَ الْيَوْمِ دِينٌ أَفْضَلُ مِنَ النَّصْرَانِيَّةِ؟ -كَلِمَةٌ أُلْقِيَتْ عَلَى لِسَانِي- قَالَ: نَعَمْ، يُوشِكُ أَنْ يُبْعَثَ نَبِيٌّ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، فَإِذَا أَدْرَكْتَهُ فَاتَّبِعْهُ وَصَدِّقْهُ، قُلْتُ: وَإِنْ أَمَرَنِي أَنْ أَدَعَ النَّصْرَانِيَّةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَإِنَّهُ نَبِيٌّ

آ جاؤ! پس وہ مجھے اپنے ساتھ لے گیا حتیٰ کہ وہ اپنی اس غار میں آیا جس میں وہ رہا کرتا تھا' پس اس نے کہا: اے سلمان! یہ روٹی ہے اور یہ سالن ہے' کھاؤ! جب تم بھوکے ہو اور روزہ رکھو جب تم چست ہو اور نماز پڑھو جو تمہارے لیے ظاہر ہو اور سو جاؤ جب تم پر سستی طاری ہو' پھر وہ اپنی نماز میں کھڑا ہو گیا۔ اس نے مجھ سے بس اتنا ہی کلام کیا اور میری طرف دیکھا تک نہیں۔ پس ان سات دنوں میں غم لگا رہا کہ میرے ساتھ کلام کرنے والا ہی کوئی نہیں یہاں تک کہ اتوار کا دن آ گیا۔ پس ہم ان کی اس جگہ گئے جہاں وہ اکٹھے ہوا کرتے تھے' ایک دوسرے سے ملاقات کرتے اور ایک دوسرے کو سلام کہتے' پھر اس طرح کی کسی بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے۔ فرماتے ہیں: پھر ہم اپنی منزل کی طرف لوٹ کر آ گئے' پس اس نے مجھے وہی بات کہی جو اس نے پہلی بار کہی تھی: یہ روٹی ہے اور یہ سالن ہے' پس اس سے کھاؤ جب تمہیں سخت بھوک لگے اور جب تم چست ہو تو روزہ رکھو اور جو تمہارے لیے ظاہر ہو نماز پڑھو اور جب تم پر سستی طاری ہو جائے تو سو جاؤ۔ پھر وہ اپنی نماز میں مشغول ہو گئے اور میری طرف متوجہ نہ ہوئے اور مجھ سے کوئی کلام نہ کیا' مجھے غم لاحق ہو گیا' میرے جی نے مجھے کہا: بھاگ جاؤ! پس میں نے کہا: دو یا تین اتوار صبر کرتا ہوں۔ جب اتوار آئی تو ہم ان لوگوں کی طرف لوٹے' پس انہوں نے افطار کیا اور سارے اکٹھے ہوئے۔ پس اس نے ان سے کہا: میں بیت المقدس جانا

لَا يَأْمُرُ إِلَّا بِحَقٍّ، وَلَا يَقُولُ إِلَّا حَقًّا، وَاللّٰهِ لَوْ أَدْرَكْتُهُ ثُمَّ أَمَرَنِي أَنْ أَقَعَ فِي النَّارِ لَوَقَعْتُهَا، ثُمَّ خَرَجْنَا مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَمَرَرْنَا عَلَى ذَلِكَ الْمَقْعَدِ، فَقَالَ لَهُ: دَخَلْتَ فَلَمْ تُعْطِنِي، وَهَذَا الْخُرُوجُ فَأَعْطِنِي، فَالْتَفَتَ فَلَمْ يَرَ حَوْلَهُ أَحَدًا، قَالَ: فَأَعْطِنِي يَدَكَ، فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ، فَقَالَ: قُمْ بِإِذْنِ اللّٰهِ، قَالَ: فَقَامَ صَحِيحًا سَوِيًّا، فَتَوَجَّهَ نَحْوَ أَهْلِهِ، فَأَتْبَعْتُهُ بَصَرِي تَعَجُّبًا مِمَّا رَأَيْتُ، وَخَرَجَ صَاحِبِي فَأَسْرَعَ الْمَشْيَ، وَتَبِعْتُهُ فَتَلَقَّانِي رُفْقَةٌ مِنْ كَلْبِ أَعْرَابٌ، فَسَبَوْنِي، فَحَمَلُونِي عَلَى بَعِيرٍ، وَشَدُّونِي وَثَاقًا، فَتَدَاوَلَنِي الْبَيَّاعُ حَتَّى سَقَطْتُ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَاشْتَرَانِي رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَجَعَلَنِي فِي حَائِطٍ لَهُ مِنْ نَخْلٍ، فَكُنْتُ فِيهِ، قَالَ: وَمِنْ ثَمَّةَ تَعَلَّمْتُ عَمَلَ الْخُوصِ، أَشْتَرِي خُوصًا بِدِرْهَمٍ، فَأَعْمَلُهُ فَأَبِيعُهُ بِدِرْهَمَيْنِ، فَأَرُدُّ دِرْهَمًا فِي الْخُوصِ، وَأَسْتَنْفِقُ دِرْهَمًا، أُحِبُّ أَنْ آكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِي، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ أَمِيرٌ عَلَى عِشْرِينَ أَلْفًا، فَبَلَغَنَا وَنَحْنُ بِالْمَدِينَةِ أَنَّ رَجُلًا قَدْ خَرَجَ بِمَكَّةَ يَزْعُمُ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَرْسَلَهُ، فَمَكَثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ نَمْكُثَ، فَهَاجَرَ إِلَيْنَا وَقَدِمَ عَلَيْنَا، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأُجَرِّبَنَّهُ، فَذَهَبْتُ إِلَى السُّوقِ، فَاشْتَرَيْتُ لَحْمَ جَزُورٍ بِدِرْهَمٍ ثُمَّ طَبَخْتُهُ، فَجَعَلْتُ قَصْعَةً مِنْ ثَرِيدٍ، فَاحْتَمَلْتُهَا حَتَّى أَتَيْتُهُ بِهَا عَلَى عَاتِقِي، حَتَّى وَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ، أَصَدَقَةٌ أَمْ

چاہتا ہوں' تو اُنہوں نے اس سے کہا: تُو وہاں جانے کا ارادہ کیوں رکھتا ہے؟ اس نے کہا: اس کے ساتھ میرا معاہدہ تو نہیں ہے' انہوں نے کہا: ہمیں خوف ہے کہ تیرے ساتھ کوئی نئی بات ہو جائے اور ہمارے غیر تیرے ساتھی بن جائیں حالانکہ ہمیں پسند ہے کہ ہم تیرے ساتھی ہوں۔ اس نے کہا: میرے لیے ایسا کوئی عہد نہیں ہے' پس جب میں نے اس سے اس بات کا ذکر سنا تو میں خوش ہوا' میں نے کہا: ہم شکر کریں گے اور لوگوں سے ملیں گے' جو مجھے غم تھا وہ دور ہو گیا۔ پس میں اور وہ نکلے' وہ ایک اتوار سے دوسری اتوار تک روزہ رکھا کرتا تھا' ساری رات نماز پڑھتا اور دن کو سفر کرتا تھا۔ پس جب ہم پڑاؤ ڈالتے وہ نماز پڑھنے کھڑا ہو جایا کرتا تھا۔ پس یہی سلسلہ رہا حتیٰ کہ ہم بیت المقدس پہنچ گئے۔ دروازے پر ایک اپاہج موجود تھا جو لوگوں سے سوال کرتا تھا' پس اس نے کہا: مجھے کچھ دو! اس نے جواب دیا: میرے پاس کچھ نہیں! پس ہم بیت المقدس میں داخل ہو گئے' پس جب بیت المقدس والوں نے اسے دیکھا تو خوش ہوئے' پس اس نے ان سے کہا: میرے اس غلام کو لے جاؤ! پس وہ مجھے لے گئے' اُنہوں نے مجھے روٹی اور گوشت کھلایا لیکن وہ آدمی اپنی نماز میں داخل ہو گیا۔ پس وہ میری طرف نہیں آیا یہاں تک کہ اتوار کا دن آ گیا' پھر وہ آیا' پس اس نے کہا: اے سلمان! میں تھوڑی دیر سر رکھنا چاہتا ہوں۔ پس جب سایہ فلاں فلاں جگہ پہنچ جائے تو مجھے جگا دینا' پس اس نے سر رکھا اور سو گیا' پس

هَدِيَّةٌ؟ قُلْتُ: بَلْ صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا بِسْمِ اللهِ، وَأَمْسَكَ وَلَمْ يَأْكُلْ، فَمَكَثْتُ أَيَّامًا، ثُمَّ اشْتَرَيْتُ لَحْمًا أَيْضًا بِدِرْهَمٍ فَأَصْنَعُ مِثْلَهَا، فَاحْتَمَلْتُهَا حَتَّى أَتَيْتُهُ بِهَا فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ، هَدِيَّةٌ أَمْ صَدَقَةٌ؟ قُلْتُ: لَا بَلْ هَدِيَّةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا بِسْمِ اللهِ وَأَكَلَ مَعَهُمْ، قُلْتُ: هَذَا وَاللهِ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَنَظَرْتُ فَرَأَيْتُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ مِثْلَ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ فَأَسْلَمْتُ

سایہ اس جگہ پہنچ گیا جہاں اس نے کہا تھا لیکن میں نے اسے نہیں جگایا' رحم کھاتے ہوئے' جو میں نے اس کی محنت اور کوشش دیکھی' پس وہ جاگا اس حال میں کہ گھبرایا ہوا تھا۔ اس نے کہا: اے سلمان! کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ جب سایہ فلاں فلاں جگہ پہنچ جائے تو مجھے جگا دینا؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! پس میں نے جو تمہاری عادت دیکھی تو اس پر رحم کھاتے ہوئے نہیں جگایا۔ اس نے کہا: اے سلمان! افسوس! مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ زمانے کی کوئی گھڑی رہ جائے جس میں اللہ کے لیے میں نے کوئی بھلائی کا عمل نہ کیا ہو' پھر اس نے مجھ سے کہا: اے سلمان! جان لے کہ اس وقت ہمارا افضل دین عیسائیت ہے۔ میں نے کہا: اور اس کے بعد نصرانیت سے افضل دین کون سا ہوگا؟ یہ ایسا کلمہ تھا جو میری زبان پر القاء ہوا' اس نے کہا: جی ہاں! اُمید ہے کہ ایک نبی بھیجا جائے جو ہدیہ کھائے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا اور اس کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت ہوگی۔ پس جب تُو اس کو پالے تو اس کی اتباع و تصدیق کرنا۔ میں نے کہا: اور اگر وہ مجھے حکم دے کہ میں نصرانیت کو چھوڑ دوں؟ اس نے کہا: جی ہاں! ٹھیک ہے (چھوڑ دینا) کیونکہ وہ نبی (برحق) ہوگا' حق کے ساتھ حکم دے گا اور جو بات کرے گا وہ حق ہوگی' قسم بخدا! اگر میں اس نبی کا زمانہ پالوں پھر وہ مجھے حکم دے کہ میں آگ میں چھلانگ لگا دوں تو میں آگ میں بھی پڑ جاؤں۔ پھر ہم بیت المقدس سے نکلے' پس ہم اس

اپاہج کے پاس سے گزرے اس نے کہا: آپ نے داخل ہوتے وقت بھی کچھ نہیں دیا اور اب نکل رہے ہو اب تو کچھ دے جاؤ۔ پس اس نے توجہ فرمائی، پس اس نے اِدھر اُدھر دیکھا تو کوئی فرد بشر نہ تھا' کہا: اپنا ہاتھ مجھے دو! پس اس نے ہاتھ دیا' پس اس نے کہا: اللہ کے حکم سے اُٹھ کھڑا ہو۔ فرماتے ہیں: پس وہ تندرست ہو کر سیدھا کھڑا ہو گیا۔ اس کے بعد میرے صاحب نے اپنے گھر والوں کی طرف منہ کر لیا' پس میں نے اس کا کارنامہ دیکھ کر اسے تعجب کی نگاہ سے دیکھا' میرے صاحب وہاں سے نکلے' وہ چلنے میں جلدی کر رہے تھے' میں اس کے پیچھے چل تو مجھے بنوکلب قبیلے سے ایک دیہاتیوں کا قافلہ ملا تو اُنہوں نے مجھے قید کر لی اور مجھے ایک اونٹ پر سوار کر لیا' میرے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے' پس بیچنے والے مجھے ایک دوسرے کے ہاتھوں بیچتے آئے یہاں تک کہ میں مدینے آ گرا۔ مجھے ایک انصاری نے خرید لیا اور ایک کھجوروں کے باغ میں میری ڈیوٹی لگا دی۔ پس میں اس باغ میں رہتا تھا اور وہیں سے میں نے کھجور و ناریل کے پتوں کی ٹوکریاں بنانا سیکھا' میں نے ایک درہم کے پتے خرید لیے' پس میں نے ان پر کام کیا تو میں نے ان کو دو درہم کے بدلے بیچا۔ پس میں ایک درہم اپنے کاروبار میں لگاتا اور ایک درہم اپنی ذات پر خرچ کرتا' میں پسند کرتا تھا کہ اپنے ہاتھ سے کما کر کھاؤں۔ وہ اس وقت بیس ہزار پر امیر تھے' وہ ہمارے پاس پہنچے اس حال میں کہ ہم مدینہ میں

6115 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حُذَيْفَةُ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ، فَبَايَعْنَاهُ فِي أَصْلِ شَجَرَةٍ، قَالَ: وَبَايَعْتُ فِي أَوَّلِ النَّاسِ، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلَمَةُ، بَايِعْنِي ، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَدْ وَاللّٰهِ بَايَعْتُكَ فِي أَوَّلِ النَّاسِ، فَقَالَ: وَأَيْضًا ، قَالَ: فَبَايَعْتُهُ، فَرَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَيْسَ مَعِي جُنَّةٌ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں کہ جب ہم حدیبیہ سے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ واپس آئے تو ہم نے ایک درخت کے نیچے بیعت کی' میں لوگوں میں سے سب سے پہلے آپ کی بیعت کر چکا ہوں' آپ نے فرمایا: پھر بھی بیعت کرو! میں نے آپ کی بیعت کی' مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیکھا اور میرے پاس ڈھال نہیں تھی اور حدیث ذکر کی۔

6116 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي إِيَاسُ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قبیلہ ہوازن سے جہاد کیا' ہم بیٹھے ہوئے ناشتہ کر رہے تھے'

6114- ابن حبان في صحيحه جلد11صفحه52' رقم الحديث: 4747 .

6115- أحمد في مسنده جلد4صفحه48 .

6116- مسلم جلد3صفحه1374' رقم الحديث: 1754 .

بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ قُعُودٌ نَتَضَحَّى، إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ، وَانْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقَبِ الْبَعِيرِ، فَقَيَّدَ بِهِ بَعِيرَهُ، ثُمَّ جَاءَ يَمْشِي حَتَّى قَعَدَ مَعَنَا يَتَغَدَّى، فَنَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ، فَإِذَا ظَهْرُهُمْ فِيهِ رِقَّةٌ وَأَكْثَرُهُمْ مُشَاةٌ، فَلَمَّا نَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ خَرَجَ يَعْدُو حَتَّى أَتَى بَعِيرَهُ، فَقَعَدَ عَلَيْهِ، فَخَرَجَ يَرْكُبُهُ، وَهُوَ طَلِيعَةٌ لِلْكُفَّارِ، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنَّا مِنْ أَسْلَمَ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ وَرْقَاءَ، فَاتَّبَعْتُهُ أَعْدُو عَلَى رِجْلِي، فَلَحِقْتُهُ، فَكُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ النَّاقَةِ، ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتَّى أَخَذْتُ بِخِطَامِ الْبَعِيرِ، فَاخْتَرَطْتُ سَيْفِي، فَضَرَبْتُ رَأْسَهُ، ثُمَّ جِئْتُ بِنَاقَتِهِ أَقُودُهَا عَلَيْهَا سَلَبُهُ، فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ؟ قَالُوا: ابْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: لَكَ سَلَبُهُ أَجْمَعُ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ أَبِي الْوَلِيدِ

اچانک ایک آدمی سرخ اونٹ پر سوار ہو کر آیا' اس نے اونٹ کی پٹی سے طلق نکالا' اور اس سے اپنے اونٹ کو باندھا' پھر چل کر آیا اور ہمارے ساتھ کھانا کھانے لگا' اس نے لوگوں کے چہرے کی طرف دیکھا' اس کے لیے ظاہر ہوا کہ ان کے ظاہر میں نرمی ہے اور اکثر لوگ پیدل ہیں' جب اُس نے لوگوں کے چہرے کی طرف دیکھا تو وہاں سے تیز قدموں سے نکلا' اپنے اونٹ کے پاس آیا' اس پر سوار ہو کر نکلا' وہ کافروں کا جاسوس تھا' قبیلہ اسلم سے ہمارا آدمی اس کے پیچھے ہوا' اپنی ورقاء نامی اونٹنی پر سوار ہو کر' میں بھی جلدی سے پیدل نکلا' میں اس کو ملا' میں اونٹنی کی دُم کے پاس تھا' پھر میں آگے بڑھا' میں نے اس کے اونٹ کی نکیل پکڑ لی' میں نے تلوار سونتی' میں نے اس کے سر پر ماری' پھر اس کی اونٹنی کے پاس آیا جس پر اُس کا سامان تھا' اس کو لے کر چل پڑا' رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے ساتھ میرا استقبال کیا' آپ نے فرمایا: اس آدمی کو کس نے مارا؟ اُنہوں نے عرض کی: ابن اکوع نے' آپ نے فرمایا: جو اس کے لیے ہے۔ یہ الفاظ حدیث کے ابو ولید کے ہیں۔

6117 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُدَيْبِيَةَ، ثُمَّ خَرَجْنَا رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوئے' جب ہم مدینہ واپس آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: آج کے دن ہمارے گھڑ سواروں میں بہتر ابوقتادہ ہیں اور ہمارے پیدل چلنے والوں میں بھی بہتر

6117- ابن حبان في صحيحه جلد16 صفحه141' رقم الحديث: 7175 .

خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ أَبُو قَتَادَةَ، وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا الْيَوْمَ سَلَمَةُ، ثُمَّ أَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ: سَهْمَ الْفَارِسِ، وَسَهْمَ الرَّاجِلِ جَمِيعًا

سلمہ ہیں' پھر رسول اللہ ﷺ نے مجھے دو حصے دیئے ایک گھوڑا کا اور ایک پیدل چلنے کا۔

6118 - وَبِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

اسی سند سے ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ہم پر اسلحہ اُٹھایا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

6119 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: خَرَجْنَا إِلَى خَيْبَرَ، وَعَامِرٌ يَرْتَجِزُ، وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

وَاللَّهِ لَوْلَا اللَّهُ مَا اهْتَدَيْنَا ...وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

وَنَحْنُ عَنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا ...وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

وَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: عَامِرٌ، فَقَالَ: غَفَرَ اللَّهُ لَكَ ذَنْبَكَ يَا عَامِرُ وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مَعَهُ إِلَّا اسْتُشْهِدَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ مَتَّعْتَنَا بِعَامِرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا خَيْبَرَ خَرَجَ مَرْحَبٌ يَخْطِرُ بِسَيْفِهِ، وَهُوَ مَلِكُهُمْ، وَهُوَ يَقُولُ:

اسی سند کے ساتھ ہے کہ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم خیبر کی طرف گئے' عامر یہ اشعار پڑھ رہا تھا:

''اللہ کی قسم! اگر اللہ نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے' زکوٰۃ دیتے نہ نماز پڑھتے''

اور ہم تیرے فضل سے بے پرواہ نہیں ہیں' جب ہم لڑیں تو ہمارے قدموں کو ثابت رکھنا'

ہم پر سکونت نازل کر''۔

حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: عامر ہے' آپ نے فرمایا: اللہ آپ کے گناہ معاف کرے! اے عامر! جو آدمی رسول کریم ﷺ کے ساتھ شریک تھا' اور رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے بخشش کی دعا مانگی تو اسے شہادت کا مرتبہ ملا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم عامر کے ذریعہ فائدہ اُٹھائیں' جب ہم خیبر آئے تو مرحب نکلا

6118- مسلم جلد 1 صفحہ 98 رقم الحديث: 100,98 . والبخاري جلد 6 صفحہ 2520 رقم الحديث: 6480' جلد 6 صفحہ 2591 رقم الحديث: 6659' جلد 6 صفحہ 2592 رقم الحديث: 6660 .

6119- أخرج نحوه مسلم جلد 3 صفحہ 1440 .

(البحر الرجز)

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي مَرْحَبُ ...شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

إِذَا الْحُرُوبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

فَبَرَزَ لَهُ عَامِرٌ، فَقَالَ:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي عَامِرُ ...شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرُ

فَاخْتَلَفَا ضَرْبَتَيْنِ، فَوَقَعَ سَيْفُ مَرْحَبٍ فِي تُرْسِ عَامِرٍ، وَذَهَبَ عَامِرٌ يَسْتَقْبِلُ بِهِ، فَرَجَعَ سَيْفُهُ إِلَى نَفْسِهِ، فَقَطَعَ الْجُحْفَةَ، وَكَانَتْ نَفْسُهُ فِيهَا، وَإِذَا نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ، قَتَلَ نَفْسَهُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ هَذَا؟ قُلْتُ: نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِكَ، قَالَ: كَذَبَ مَنْ قَالَ ذَلِكَ، بَلْ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ

اور اپنی تلوار لہرانے لگا وہ ان کا بادشاہ تھا' اور یہ اشعار پڑھنے لگا:

''خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں' اسلحہ سے لیس ہوں' نوجوان تجربہ کار ہوں'
جب جنگ تیز ہو جاتی''۔

پس حضرت عامر اس کے سامنے آئے' یہ شعر کہا:

''خیبر جانتا ہے کہ میں عامر ہوں' اسلحہ سے بغیر خوف کے لڑتا ہوں''۔

دونوں کی مار مختلف ہیں' مرحب کی تلوار حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی ڈھال پر لگی' حضرت عامر سامنے سے حملہ کرنے لگے' ان کی تلوار ان کو خود لگی جس کی وجہ سے آپ کی شہ رگ کٹ گئی جس کی وجہ سے آپ فوت ہوئے' حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک گروہ کہنے لگا: عامر کا ثواب ختم ہو گیا ہے کیونکہ اس نے خود اپنے آپ کو مارا ہے۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں رو رہا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! عامر کا ثواب ختم ہو گیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کس نے کہا ہے؟ میں نے عرض کی: آپ کے بعض اصحاب کہہ رہے ہیں' آپ نے فرمایا: جس نے کہا اُس نے جھوٹ بولا ہے بلکہ اس کے لیے دُگنا ثواب ہے۔

6120 - ثُمَّ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ أَرْمَدُ، فَقَالَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَجِئْتُ

پھر مجھے رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' میں آپ کے پاس آیا' آپ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ نے فرمایا: آج میں ایسے آدمی کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے

بِهِ أَقُودُهُ، وَهُوَ أَرْمَدُ، حَتَّى أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَسَقَ فِي عَيْنِهِ، فَبَرَأَ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، ثُمَّ خَرَجَ مَرْحَبٌ، فَقَالَ:

(البحر الرجز)

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي مَرْحَبُ ...شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

إِذَا الْحُرُوبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ:

(البحر الرجز)

أَنَا الَّذِي سَمَّتْنِي أُمِّي حَيْدَرَهْ ... كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيهِ الْمَنْظَرَهْ

أُوفِيهِمْ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ

فَضَرَبَهُ، فَفَلَقَ رَأْسَ مَرْحَبٍ، فَقَتَلَهُ، وَكَانَ الْفَتْحُ عَلَى يَدَيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

رسول سے محبت کرتا ہو گا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہو گا' میں آپ کو لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو آپ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ نے اپنا لعابِ دہن حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں ڈالا تو وہ ٹھیک ہو گئے' پھر آپ ﷺ نے جھنڈا دیا' پھر مرحب نکلا' اس نے کہا:

''خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں' اسلحہ اُٹھائے ہوں اور تجربہ کار ہوں' جب جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھیں''۔

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں وہ ہوں کہ میری والدہ نے میرا نام حیدر رکھا' شیر کی طرح جو جنگلوں میں عجیب صورت میں آتا ہے''۔

میں ان کی ایک صاع کے بدلے بڑا پیمانہ دیتا ہوں۔

آپ نے مرحب کو مارا' مرحب کا سر پھاڑ دیا' فتح اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر دی۔

6121 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ، فَأَصَابَنَا جَهْدٌ شَدِيدٌ، حَتَّى هَمَمْنَا بِنَحْرِ بَعْضِ ظَهْرِنَا، فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْمَعُوا بَعْضَ أَزْوَادِكُمْ فَأَمَرَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوازن قبیلہ سے جہاد کیا' ہم کو سخت بھوک لگی' ہم نے اپنی بعض سواریاں ذبح کرنے کا ارادہ کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنا زادِ راہ جمع کرو' حضور ﷺ نے دسترخوان بچھانے کا حکم دیا' اس کو بچھایا گیا تو لوگ کھجوریں لے کر آئے' اس کو بچھاؤ' میں نے اس کو شمار کیا

6121- مسلم جلد3صفحه1354' رقم الحديث: 1729 .

وَسَلَّمَ بِنِطَعٍ، فَمُدَّ، فَجَاءَ الْقَوْمُ بِتَمْرٍ، فَنَثَرُوهُ، فَتَطَاوَلْتُ لَهُ أُحْزِرُهُ أَنْظُرُ كَمْ هُوَ؟ فَإِذَا هُوَ كَرَبْضَةِ الشَّاةِ، فَأَكَلْنَا جَمِيعًا، حَتَّى شَبِعْنَا، وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً، فَحَشَوْنَا جُرُبَنَا مِنْهُ، ثُمَّ دَعَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنُطْفَةٍ مِنْ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَأَمَرَ بِهِ، فَصُبَّ فِي قَدَحٍ، فَجَعَلْنَا نَتَطَهَّرُ بِهِ، حَتَّى تَطَهَّرْنَا جَمِيعًا

تا کہ دیکھوں کہ کتنے ہیں؟ وہ بکریوں کی طرح بیٹھ گئے' ہم سب نے کھایا یہاں تک کہ ہم سیر ہوئے' ہم چودہ سو افراد تھے' ہم نے اپنے تھیلے بھر لیے' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشکیزہ سے پانی منگوایا' اس کو پیالہ میں ڈالا' ہم نے اس کے ساتھ وضو کیا۔

6122 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قُبَّةٍ حَمْرَاءَ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ عَلَى فَرَسٍ عَقُوقٍ يَتْبَعُهَا مُهْرُهُ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: غَيْبٌ، وَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ: فَمَتَى نُمْطَرُ؟ قَالَ: غَيْبٌ، وَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ: فَمَا فِي بَطْنِ فَرَسِي؟ قَالَ: غَيْبٌ، وَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ: فَأَعْطِنِي سَيْفَكَ؟ قَالَ: هَا فَأَخَذَهُ، فَسَلَّهُ ثُمَّ هَذَّهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ الَّذِي أَرَدْتَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذَا أَقْبَلَ، فَقَالَ آتِيهِ فَأَسْأَلُهُ، ثُمَّ آخُذُ سَيْفِي فَأَقْتُلُهُ فَغَمَدَ السَّيْفَ

اسی سند کے ساتھ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سرخ قبہ میں تھے' اچانک ایک آدمی گھوڑے پر سوار ہو کر آیا' اس کے پیچھے مہرہ تھا' اس نے کہا: آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں' اس نے کہا: قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: غیب ہے' غیب کا حقیقی علم اللہ کے پاس ہے' اس نے کہا: بارش کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: غیب ہے' غیب کا حقیقی علم اللہ کے پاس ہے' اس نے کہا: میرے گھوڑے کے پیٹ میں کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: غیب ہے' غیب کا حقیقی علم اللہ کے پاس ہے' اس نے کہا: مجھے تلوار دے دو' آپ نے فرمایا: یہ ہے' پس اس نے پکڑی' اس کو سونتا' پھر لہرایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک تُو اس کی طاقت نہیں رکھتا ہے' جس کا تُو نے ارادہ کیا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: یہ آیا ہے۔ میں آیا' میں نے پوچھا' پھر میں نے اپنی تلوار پکڑی' میں نے اس کو تلوار سے قتل کیا' تو آپ نے اپنی تلوار کو نیام میں ڈال لیا۔

6122- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 49' رقم الحديث: 14 .

6123 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ عَمِّي بِرَجُلٍ مِنْ عَجْلَانَ يَقُودُ بِهِ وَبِفَرَسِهِ فِي سَبْعِينَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، حَتَّى وَقَفَ بِهِمْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُمْ قَالَ: فَعَقَلَ عَنْهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ) (الفتح: 24) الْآيَةَ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میرا چچا عجلان سے ایک آدمی اور ستر گھڑسوار مشرکوں کو لائے' انہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لے کر آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو! رسول اللہ ﷺ نے انہیں سمجھایا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور وہ وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے وادئ مکہ میں' بعد اس کے کہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا اور اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے''۔

6124 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ، وَالْحُسَيْنُ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، حَتَّى أَدْخَلَهُمْ حُجْرَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هَذَا قُدَّامَهُ، وَهَذَا خَلْفَهُ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حسن و حسین رضی اللہ عنہما شہباء خچر پر سوار ہو کر آئے یہاں تک کہ حضور ﷺ کے حجرے کے پاس آئے' یہ ان کے آگے تھے اور یہ ان کے پیچھے تھے۔

6125 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا الْعَبَّاسُ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک بخار

6123- أخرج نحوه مسلم جلد3صفحه1442' رقم الحديث: 1808 .

6124- الترمذی جلد5صفحه100' رقم الحديث: 2775 .

6125- مسلم جلد4صفحه2146' رقم الحديث: 2783 .

بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: عُدْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَوْعُوكًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَأَيْتُ أَشَدَّ حَرًّا مِنْهُ؟، قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَشَدَّ حَرًّا يَوْمَ الْقِيَامَةِ هَذَيْنِكَ الرَّجُلَيْنِ الرَّاكِبَيْنِ الْمُقْبِلَيْنِ، لِرَجُلَيْنِ حِينَئِذٍ مِنْ أَصْحَابِهِ

والے آدمی کی عیادت کرنے کے لیے آئے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس سے زیادہ کسی کا بخار نہیں دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں بتاؤں کہ قیامت کے دن اس سے زیادہ گرمی ہوگی! یہ دونوں صبح سوار ہوکر آ رہے ہیں' دو آدمیوں کے لیے آپ کے ساتھ رہے۔

سُوَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

سوید بن خطاب' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6126 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلَيْنَا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو ہم پر تلوار سونتے' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ إِيَاسٍ

ایوب بن عتبہ' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6127 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ الْيَمَامِيُّ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ، وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَابْدَأُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کھانا حاضر ہو اور نماز کا وقت ہو جائے تو کھانا پہلے کھاؤ۔

6127- أورد نحوه الدارمي جلد1صفحه330 رقم الحديث: 1280 . وكذلك أحمد في مسنده جلد3صفحه249 رقم الحديث: 13625' جلد6صفحه291 رقم الحديث: 26542 .

6128 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، وَعُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ الْيَمَامِيُّ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ہم پر اسلحہ اُٹھایا اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

6129 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ فُرْسَانِنَا أَبُو قَتَادَةَ، وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے گھڑسواروں میں سے بہتر ابوقتادہ ہے اور ہمارے پیدل چلنے والوں میں بہتر سلمہ ہے۔

عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْيَمَامِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

حضرت عمر بن راشد یمامی' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6130 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْيَمَامِيُّ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَلَّمَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ بِدُعَاءٍ إِلَّا سَمِعْتُهُ يَسْتَفْتِحُ بِسُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى الْوَهَّابِ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے جب بھی رسول اللہ ﷺ کو دعا کرتے ہوئے سنا' آپ دعا شروع کرتے وقت یہ الفاظ پڑھتے: میرا رب پاک بلند ہے' بہت زیادہ دینے والا ہے۔

6131 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت

6130- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد1 صفحه676' رقم الحديث: 1835 .

أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَتَكَبَّرُ وَيَذْهَبُ بِنَفْسِهِ حَتَّى يُكْتَبَ مِنَ الْجَبَّارِينَ، فَيُصِيبَهُ مَا أَصَابَهُمْ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ایک آدمی تکبر کرتا ہے' وہ اپنے آپ کو بُرا سمجھتا ہے' وہ تکبر کرنے والوں میں لکھا جاتا ہے' اس کو مل جاتا ہے جو ملنا ہے۔

6132 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَبَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ الْعِيَاضِ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا، مَا أَنَا قُلْتُهُ، وَلَكِنَّ اللَّهَ قَالَهُ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قبیلہ اسلم والوں کو اللہ سلامت رکھے اور قبیلہ غفار والوں کو اللہ بخشے' میں نے نہیں کہا بلکہ اللہ نے کہا ہے۔

6133 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى صَاعِقَةٌ ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْيَمَامِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

حضرت سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کے ساتھ درخت کے نیچے بیعت کی۔

يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

یعلیٰ بن حارث المحاربی' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6134 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6132- أخرج نحوه مسلم جلد4صفحه1953' رقم الحديث: 2516 . وكذلك البخاري جلد 3صفحه1293' رقم الحديث:3323 .

أَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ، وَأَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: ثنا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ، وَلَيْسَ لِلْحِيطَانِ فَيْءٌ يُسْتَظَلُّ بِهِ

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھتے تو باغوں میں سایہ کے لیے سایہ نہیں ملتا تھا۔

أَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

ابومریم عبدالغفار بن قاسم' حضرت ایاس بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْعَسَّالُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا أَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ بِجَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا؟ قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دِينَارَيْنِ، قَالَ: صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ فَقَالَ أَبُو قَتَادَةَ: هُمَا عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَصَلَّى عَلَيْهِ، ثُمَّ أُتِيَ بِأُخْرَى، فَقَالَ: عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ كَنْزًا؟ قَالُوا: دِينَارَيْنِ، قَالَ: كَيَّتَانِ وَصَلَّى عَلَيْهِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ کے پاس انصار کے ایک آدمی کا جنازہ لایا گیا' آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! دو دینار اس کے ذمہ قرض ہے' آپ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔ حضرت ابوقتادہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا قرض دو دینار میرے ذمہ ہوا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ جنازہ پڑھائی' پھر دوسرا جنازہ لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: کیا اس نے خزانہ چھوڑا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: دو دینار! آپ نے فرمایا: دو سانپ!

6135- اورد نحوه النسائي في سننه (المجتبى) جلد 4 صفحه 65' رقم الحديث: 1961 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 240 وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح .

اور آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

6136 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا أَبُو مَرْيَمَ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالَ الْقَوْمُ: إِنْ كُنْتَ، وَإِنْ كُنْتَ، ثُمَّ أُتِيَ بِأُخْرَى، فَقَالَ الْقَوْمُ: إِنْ كُنْتَ، وَإِنْ كُنْتَ، فَأَثْنَوْا عَلَى وَاحِدَةٍ خَيْرًا، وَعَلَى الْأُخْرَى شَرًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ، وَالْمَلَائِكَةُ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي السَّمَاءِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے آپ کے پاس جنازہ لایا گیا' لوگوں نے کہا: ایسا ایسا تھا' دوسرا جنازہ آیا تو لوگوں نے کہا: ایسا ایسا تھا' پہلے کی لوگوں نے تعریف کی اور دوسرے کی تعریف نہ کی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو اور ملائکہ آسمان میں اللہ کے گواہ ہیں۔

مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

موسیٰ بن عبیدہ ربذی' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6137 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيِّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النُّجُومُ جُعِلَتْ أَمَانًا لِأَهْلِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَهْلَ بَيْتِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ستارے آسمان والوں کے لیے امان ہیں اور میرے اہل بیت' میری اُمت کے لیے امان ہیں۔

6138 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6136- أخرج نحوه مسلم جلد2صفحه655' رقم الحديث: 949 . وكذلك البخارى جلد1صفحه460' رقم الحديث: 1301 .

6137- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد9صفحه174 وقال: رواه الطبرانى وفيه موسى بن عبيدة الربذى وهو متروك .

بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ: (فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ) (التوبة: 105)

حضور ﷺ نے پڑھا: ''فسیری اللّٰہ الٰی آخرہ''۔

6139 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جِنَازَةٍ، فَأَثْنَى الْقَوْمُ عَلَيْهِ ثَنَاءً حَسَنًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا وَجَبَتْ؟ قَالَ: الْمَلَائِكَةُ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي السَّمَاءِ، وَأَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ، فَإِذَا شَهِدْتُمْ وَجَبَتْ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک جنازہ میں تھے' لوگوں نے اس کی اچھائی بیان کی' حضور ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا واجب ہوگئی؟ آپ نے فرمایا: فرشتے آسمان میں اللہ کے گواہ ہیں اور تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو' جب تم گواہی دو گے تو ویسا ہی ہو جائے گا۔

6140 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ أَبِي الْهَيْفَاءِ الْأَسَدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَايَعَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّ عُثْمَانَ فِي حَاجَتِكَ وَحَاجَةِ رَسُولِكَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے لیے بیعت کی' ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھ کر اور آپ نے فرمایا: اے اللہ! عثمان تیرے اور تیرے رسول کے کام میں ہے۔

6140- أورد نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد **1** صفحه **130**' رقم الحديث: **142**.

6141- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنبَلٍ حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُجَاهِدٍ أَبُو مُجَاهِدٍ الْكَابُلِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيِّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَهْدَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبُدْنِ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ جَمَلًا كَانَ يُخْتَ أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ، فِي رَأْسِهِ بُرَّةٌ مِنْ فِضَّةٍ قَالَ عَبْدُ اللهِ: حَدَّثَنَا أَبِي عَنْهُ قَدِيمًا، ثُمَّ تَرَكَهُ بَعْدُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کو حدیبیہ کے سال اونٹ ہدیہ دیا گیا' جو بدر کے دن ابوجہل کی سواری تھا' اس کے سر پر چاندی تھی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے والد نے بہت پہلے بتایا' پھر اس کے بعد چھوڑ دیا۔

مُحَمَّدُ بْنُ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ

محمد بن ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

6142- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا، يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، أَوْ أَحَدُهُمَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ قَدِمَ الْمَدِينَةَ، فَلَقِيَهُ بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ فَقَالَ: ارْتَدَدْتَ عَنْ هِجْرَتِكَ، يَا سَلَمَةُ؟ فَقَالَ: مَعَاذَ اللهِ فِي إِذْنٍ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ابْدُوا يَا أَسْلَمُ، فَشَمُّوا الرِّيَاحَ، وَاسْكُنُوا الشِّعَابَ فَقَالُوا: إِنَّا نَخَافُ أَنْ يُغَيِّرَ ذَلِكَ

حضرت محمد بن ایاس بن سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ ان کے والد نے بتایا کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ مدینہ آئے' انہیں حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ ملے' حضرت بریدہ نے کہا کہ اے سلمہ! اپنی ہجرت سے پھر گئے ہو؟ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی پناہ! اس میں رسول اللہﷺ کی اجازت ہے۔ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے قبیلہ اسلم والو! دیہات میں رہو' تازہ ہواؤں کی خوشبو سونگھو اور گھاٹیوں میں رہو۔ انہوں نے عرض کی: ہمیں ہماری ہجرت بدلنے کا خوف ہے' حضورﷺ نے فرمایا: تم ہجرت کرنے والے ہو' تم

6141- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد1صفحه261' رقم الحديث:2362 .

6142- أورد أحمد في مسنده جلد4صفحه55 .

هجْرَتَنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتُمْ مُهَاجِرُونَ حَيْثُمَا كُنْتُمْ

جہاں بھی ہو۔

ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

ابن ابوذئب' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6143 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِينِيِّ فُسْتُقَةُ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّمَا رَجُلٍ وَامْرَأَةٍ أَيِّمٍ تَرَاضَيَا ' فَعِشْرَتُهُمَا ثَلَاثُ لَيَالٍ، فَإِنْ أَرَادَا أَنْ يَتَزَايَدَا تَزَايَدَا، وَإِنْ أَرَادَا أَنْ يَتَتَارَكَا تَتَارَكَا وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوکوئی مرد وعورت راضی ہوں وہ تین راتیں رہیں' اگر زیادہ کرنا چاہیں تو اگر روزہ چھوڑنے کا ارادہ کریں تو چھوڑ دیں۔ یہ حدیث کے الفاظ محمد بن علی کے ہیں۔

عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ بْنُ حُكَيْمَةَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

علی بن یزید بن حکیمہ اسلمی' حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6144 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ بْنِ حُكَيْمَةَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ:

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے کئی مرتبہ اپنے پیچھے سوار کیا اور میرے سر پر دستِ مبارک پھیرا اور میرے لیے اور

6143- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه1967' رقم الحديث: 4827 .

6144- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه363 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال علي بن يزيد بن ابي حكيمة وهو ثقة .

أَرْدَفَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِي، وَاسْتَغْفَرَ لِي وَلِذُرِّيَّتِي عَدَدَ مَا بِيَدِي مِنَ الْأَصَابِعِ

میری اولاد کے لیے کئی مرتبہ بخشش مانگی' میں اپنی انگلیوں پر شمار نہیں کرسکتا ہوں۔

6145 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ بْنِ حُكَيْمَةَ الْأَسْلَمِيُّ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: انْتُهِبَتْ لِقَاحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلْتُ أُرَامِيهِمْ حَتَّى جَاءَنِيَ الْخَيْلُ مِنْ قِبَلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی دودھ دینے والی اونٹنیاں چوری کر لی گئیں' پس میں نے ان لوگوں کو تیر مارنے شروع کر دیئے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کی طرف سے گھڑ سوار قافلہ میرے پاس پہنچا۔

6146 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ بْنِ حُكَيْمَةَ الْأَسْلَمِيُّ، مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، ثنا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَامِرِ بْنِ الْأَكْوَعِ: انْزِلْ يَا عَامِرُ فَأَسْمِعْنَا مِنْ هُنَيَّاتِكَ، فَنَزَلَ، وَهُوَ يَرْتَجِزُ:

(البحر الرجز)

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ...وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا ...وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

إِنَّ الْأُولَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا

فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ رَبُّكَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ، هَلَّا مَتَّعْتَنَا مِنَ ابْنِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عامر! اُتر اور اپنے اشعار ہمیں سنا۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ اُترے اور پڑھنے لگے:

''اللہ کی قسم! اگر اللہ نہ ہوتا تو نہ ہم ہدایت پاتے اور نہ ہم صدقہ دیتے اور نہ نماز پڑھتے'

ہم پر سکونت نازل کر اور لڑتے وقت قدموں کو مضبوط کر' اُنہوں نے ہم پر بغاوت کی ہے''۔

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ آپ پر رحم کرے! حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! کیا ہم ابن اکوع سے فائدہ نہ لیں' ہم دوسرے دن خیبر میں عامر کے متعلق خبر تھی' ان کو تلوار لگی اور یہ مر گئے' لوگوں نے کہا: عامر نے اپنے آپ کو خود مارا ہے۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: عامر کو اپنی تلوار لگی جس کی وجہ

الْأَكْوَعِ، فَصَبَّحْنَا خَيْبَرَ الْغَدَ، فَكَانَ مِنْ خَبَرِ عَامِرٍ أَنْ حَالَ عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ، فَقَالَ النَّاسُ: قَتَلَ عَامِرٌ نَفْسَهُ، فَذَهَبَ سَلَمَةُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ مِنْ مَنِيَّةِ عَامِرٍ أَنْ حَالَ عَلَيْهِ سَيْفُهُ، فَقَتَلَهُ، فَزَعَمَ النَّاسُ أَنَّهُ قَتَلَ نَفْسَهُ؟ فَقَالَ: كَذَبُوا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ فِي الْجَنَّةِ يَعُومُ عَوَمَانَ الدُّعْمُوصِ

سے وہ فوت ہو گئے لوگ گمان کرتے ہیں کہ اس نے خود اپنے آپ کو مارا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ بولتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں ان کو جنت میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ تیر رہا ہے جیسے (پانی پر) کالا کیڑا تیرتا ہے۔ مفہوم حدیث یہ ہے کہ وہ جنت میں بلا روک ٹوک آ جا رہا ہے۔

مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ إِيَاسٍ

موسیٰ بن محمد بن ابراہیم تیمی، حضرت ایاس سے روایت کرتے ہیں

6147 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ اللُّؤْلُؤِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّهُ سَمِعَ إِيَاسَ بْنَ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقِيمُوا وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا أَنَّ أَفْضَلَ أَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَنْ يُحَافِظَ عَلَى الصَّلَاةِ إِلَّا مُؤْمِنٌ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سیدھے رہو شمار نہ کرو اور جان لو کہ تمہارے اعمال میں افضل نماز ہے نماز پر ہمیشگی مؤمن ہی کرتا ہے۔

أَبُو عُمَيْسٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ

ابو عمیس، حضرت ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6148 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6147- أورد نحوه الدارمي جلد1 صفحه174 رقم الحديث: 655 . وابن ماجة جلد 1 صفحه 101 رقم الحديث: 277 جلد1 صفحه102 رقم الحديث: 278 .

حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ح. وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، ثنا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ شِعَارُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمِتْ أَمِتْ زَادَ عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ

حضورﷺ نے کہا: شعار (نشانی یا نعرہ) مرنا ہے' مرنا ہے۔ علی بن حکیم نے اضافہ کیا ہے کہ بعض غزوات میں۔

6149 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، وَهُوَ فِي سَفَرٍ، فَجَلَسَ يَتَحَدَّثُ عِنْدَ أَصْحَابِهِ، ثُمَّ انْسَلَّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوهُ، فَاقْتُلُوهُ، فَسَبَقْتُهُمْ إِلَيْهِ، فَقَتَلْتُهُ، وَأَخَذْتُ سَلَبَهُ، فَنَفَّلَنِي إِيَّاهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس مشرکوں کا ایک جاسوس آیا' آپ سفر میں تھے' وہ آپ کے صحابہ کے پاس باتیں کرنے لگے' پھر جانے لگا تو حضورﷺ نے فرمایا: اس کو تلاش کرو اور قتل کر دو' میں اس کی طرف جلدی گیا تو میں نے اسے قتل کیا اور اس کا سامان لے لیا' پس آپﷺ نے وہ مجھے عنایت فرما دیا۔

6150 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جَاءَ رَجُلٌ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: أَدْرِكْهُ، فَإِنَّهُ عَيْنٌ، فَأَدْرَكْتُهُ، وَكُنْتُ خَفِيفًا، فَقَتَلْتُهُ، فَنَفَّلَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهُ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حضورﷺ کے پاس تھا' اچانک ایک آدمی آیا اور مسجد میں داخل ہوا' آپ نے فرمایا: اس کو پکڑو کیونکہ یہ جاسوس ہے' میں نے اس کو پکڑا' میں کمزور آدمی تھا' میں نے اس کو مار دیا' حضورﷺ نے اس کا سامان مجھے دے دیا۔

مُحَمَّدُ بْنُ بَشِيرٍ الْأَسْلَمِيُّ،

محمد بن بشیر اسلمی اور ربیع بن

وَالرَّبِيعُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ إِيَاسٍ

ابوصالح' حضرت ایاس سے روایت کرتے ہیں

6151 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بَشِيرٍ الْأَسْلَمِيِّ، وَالرَّبِيعِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَارَزَ عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ رَجُلًا، فَضَرَبَهُ، فَقَتَلَهُ، وَأَصَابَ السَّيْفُ رِجْلَ عَامِرٍ، فَأَنْشَأَ يَقُولُ: قَتَلْتُ نَفْسِي، فَمَاتَ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' فَقَالَ: لَهُ أَجْرَانِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے مقابلہ کیا' اس کو مارا اور قتل کر دیا' حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی اپنی تلوار اُن کے پاؤں پر لگی' فرمانے لگے: میں نے اپنے آپ کو مار دیا' وہ مر گئے تو اس کا ذکر حضور ﷺ کے پاس ہوا' آپ نے فرمایا: اس کے لیے دُگنا اجر ہے۔

عُمَرُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ إِيَاسٍ

عمر بن موسیٰ انصاری' حضرت ایاس سے روایت کرتے ہیں

6152 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ غَيْلَانَ الْعُمَّانِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا صَيْفِيُّ بْنُ رِبْعِيٍّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُوسَى الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُرْسِلُوا الْإِبِلَ بَهْلًا، صُرُّوهَا صَرًّا، فَإِنَّ الشَّيَاطِينَ تَرْضَعُهَا

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اونٹوں کو نہ چھوڑ دو اس حالت میں کہ ان کے تھنوں میں دودھ ہو کیونکہ شیاطین ان کا دودھ پی لیں گے۔

عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعْدِ

عمرو بن یحییٰ بن سعد بن زرارہ'

6152- مسند الروياني جلد2 صفحه258' رقم الحديث: 1166 .

بْنِ زُرَارَةَ، عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ

6153 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ زُرَارَةَ أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: نِعْمَ الْإِبِلُ الثَّلَاثُونَ، يَخْرُجُ مِنْهَا فِي زَكَاتِهَا وَاحِدَةٌ، وَيُرَحَّلُ مِنْهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاحِدَةٌ، وَيُمْنَحُ مِنْهَا وَاحِدَةٌ، وَهِيَ خَيْرٌ مِنَ الْأَرْبَعِينَ وَالْخَمْسِينَ وَالسِّتِّينَ وَالسَّبْعِينَ وَالثَّمَانِينَ وَالتِّسْعِينَ وَالْمِئَةِ، وَوَيْلٌ لِصَاحِبِ الْمِئَةِ مِنَ الْمِئَةِ

حضرت ابوسلمہ سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیس اونٹ کتنے بہتر ہیں' تیس میں سے ایک کی زکوٰۃ دی جائے' ایک ان میں سے اللہ کی راہ میں دیا جائے' ایک خود کھالیا جائے' یہ ۴۰'۵۰'۶۰' ۷۰'۸۰'۹۰'۱۰۰ بہتر سے ہیں' ہلاکت ہے ایک سو کے اونٹ کے مالک کیلئے (جن کی زکوٰۃ نہ دی جائے)۔

مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

6154 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْقَوْسِ وَالْقَرْنِ؟ قَالَ: صَلِّ

محمد بن ابراہیم تیمی' حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے کمان اور ترکش میں نماز کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: کمان میں نماز پڑھ اور ترکش کو پھینک دے۔

6153- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه74 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابن لهيعة وفيه كلام .

6154- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد1صفحه486' رقم الحديث: 1248 .

فِي الْقَوْسِ، وَاطْرَحِ الْقَرْنَ، يَعْنِي الْكِنَانَةَ

6155 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: عَدَا عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ عَلَى لِقَاحِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقَهَا، قَالَ سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ الْأَسْلَمِيُّ: فَخَرَجْتُ بِقَوْسِي وَنَبْلِي، وَكُنْتُ أَرْمِي الصَّيْدَ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، نَظَرْتُ فَإِذَا هُمْ يَطْرُدُونَهَا، فَعَدَوْتُ فِي الْجَبَلِ فِي سَلْعٍ، ثُمَّ صِحْتُ: يَا صَبَاحَاهُ، فَانْتَهَى صِيَاحِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصِيحَ فِي النَّاسِ: الْفَزَعُ الْفَزَعُ، وَخَرَجْتُ أَرْمِيهِمْ، وَأَقُولُ: خُذُوهَا وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ رَأَيْتُ خَيْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ تَخَلَّلُ الشَّجَرَ، فَلَحِقَهُمْ ثَمَانِيَةُ فُرْسَانٍ، وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ لَحِقَهُمْ أَبُو قَتَادَةَ بْنُ رِبْعِيٍّ، فَطَعَنَ رَجُلًا مِنْ بَنِي فَزَارَةَ يُقَالُ لَهُ مَسْعَدَةُ، فَنَزَعَ بُرْدَتَهُ، فَجَلَّلَهُ إِيَّاهَا، ثُمَّ مَضَى فِي أَثَرِ الْعَدُوِّ مَعَ الْفُرْسَانِ، فَمَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ فَزِعَ النَّاسُ، وَهُمْ يَقُولُونَ: أَبُو قَتَادَةَ مَقْتُولٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِأَبِي قَتَادَةَ، وَلَكِنَّهُ قَتِيلُ أَبِي قَتَادَةَ خَلُّوا عَنْهُ

حضرت عیینہ بن حصن رضی اللہ عنہٗ رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کے پیچھے دوڑے جبکہ وہ چوری ہو گئی تھی' حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنی کمان اور تیر لے کر نکلا جبکہ میں شکار پر تیراندازی کیا کرتا تھا حتیٰ کہ میں جب ثنیۃ الوداع کے مقام پر تھا تو میں نے دیکھا' اچانک میری نگاہ پڑی تو وہ اس کو لے جا رہے تھے' پس میں سلع کے پہاڑ میں دوڑا۔ پھر میں نے چیخ ماری: اے صبح کی مصیبت! پس میری چیخ و پکار رسول کریم ﷺ تک پہنچی' پس لوگوں میں چیخ و پکار ہونے لگی: گھبراہٹ! گھبراہٹ! جبکہ میں نکلا اس حال میں کہ ان پر تیراندازی کر رہا تھا اور زبان سے کہہ رہا تھا: اسے پکڑو! میں سلمہ بن اکوع ہوں! فوراً ہی میں نے دیکھا کہ رسول کریم ﷺ کے گھوڑے (آپ ﷺ کے بھیجے ہوئے) ہیں۔ یہ درخت کے پیچھے تھے' پس آٹھ شاہسواران کو پیچھے سے جا ملے اور جو سب سے پہلے ان کو ملے وہ حضرت ابوقتادہ ربعی تھے۔ پس انہوں نے بنی فزارہ کے ایک آدمی کو نیزہ مارا جس کا نام مسعدہ تھا۔ پس اس کی چادر چھین لی اور اس سے اس کو ڈھانپ لیا۔ پھر شاہسواروں کے ساتھ دشمن کے پیچھے چلے' پس رسول کریم ﷺ اس حال میں گزرے کہ لوگ گھبرائے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے: ابوقتادہ

6155- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه143 وقال: رواه الطبراني وفيه موسى بن محمد بن ابراهيم التيمي وهو ضعيف .

، وَعَنْ سَلَبِهِ ، ثُمَّ قَالَ: أَمْعِنُوا فِي أَثَرِ الْقَوْمِ فَأَمْعَنُوا وَاسْتَنْقَذُوا مَا اسْتَنْقَذُوا مِنَ اللِّقَاحِ، وَذَهَبُوا بِمَا بَقِيَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ: وَفِي الْحَدِيثِ: وَكَانَ يُسَمِّيهِمُ الَّذِينَ خَرَجُوا فِي طَلَبِ اللِّقَاحِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو، وَهُوَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ ابْنُ الْأَسْوَدِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ، وَمُحْرِزُ بْنُ نَضْلَةَ الْأَسَدِيُّ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ قِيلَ لَمْ يُقْتَلْ مِنَ الْقَوْمِ غَيْرُهُ، وَمِنَ الْأَنْصَارِ سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ الْأَشْهَلِيُّ، وَهُوَ أَمِيرُ الْقَوْمِ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ الْأَشْهَلِيُّ، وَظَهِيرُ بْنُ رَافِعٍ الْحَارِثِيُّ، وَأَبُو قَتَادَةَ بْنُ رِبْعِيٍّ السُّلَمِيُّ، وَمُعَاذُ بْنُ مَاعِصٍ الزُّرَقِيُّ، وَكَانَ أَبُو عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ أَحَدَ النَّفَرِ الْخَمْسَةِ

قتل کیے گئے ہیں، پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ابوقتادہ کو کچھ نہیں ہوا، لیکن ابوقتادہ کے مقتول ان سے اور ان کے سامان الگ ہوئے ہیں۔ پھر فرمایا: قوم کے قدموں کے نشانات دیکھ کر ان کی جستجو میں آگے بڑھتے چلے جاؤ۔ پس وہ آگے بڑھے، پس انہوں نے پکڑ لیا، جن اونٹنیوں کو پکڑ لیا اور باقی کو وہ لے کر چلے گئے۔ حضرت محمد بن طلحہ فرماتے ہیں: حدیث میں ہے: جو لوگ نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کی تلاش میں نکلے، ان کے نام یہ ہیں: عکاشہ بن محصن، مقداد بن عمرو انہیں کو بنوزہرہ کے حلیف ابن اسود کہا جاتا ہے اور بنوعبدشمس کے حلیف محرز بن نضلہ اسدی ہیں، کہا گیا ہے کہ قوم میں سے ان کے علاوہ شہید کوئی نہیں ہوا اور انصار میں سے سعد بن زید اشہلی یہ قوم کے سردار تھے، عباد بن بشر اشہلی، ظہیر بن رافع حارثی، ابوقتادہ بن ربعی سلمی اور معاذ بن ماعص زرقی اور یہ ابوعیاش زرقی ہیں جو پانچ کے گروہ میں سے ایک تھے۔

6156 - قَالَ: أَقْبَلْتُ عَلَى فَرَسٍ لِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا عَيَّاشٍ، لَوْ أَعْطَيْتَ هَذَا الْفَرَسَ مَنْ هُوَ أَفْرَسُ مِنْكَ قَالَ: قُلْتُ: أَنَا أَفْرَسُ الْعَرَبِ، فَمَا جَرَى الْفَرَسُ خَمْسِينَ ذِرَاعًا حَتَّى طَرَحَنِي، فَكَسَرَ رِجْلِي، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَحَمَلْتُ عَلَى فَرَسِي ابْنَ عَمِّي مُعَاذَ بْنَ مَاعِصٍ الزُّرَقِيَّ

فرماتے ہیں: میں اپنے گھوڑے پر آگے بڑھا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابوعیاش! اگر میں تمہیں یہ گھوڑا دوں جو تیرے گھوڑے سے بہتر ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: میں تمام عرب سے بڑا شاہسوار ہوں، پس گھوڑا پچاس ہاتھ نہیں چلا تھا حتیٰ کہ مجھے گرا دیا، پس میری ٹانگ ٹوٹ گئی، پس میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا، پس میں نے اپنے گھوڑے پر اپنے چچا کے بیٹے معاذ بن ماعص زرقی

کوسوار کیا۔

مَا رَوَى مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

6157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنى مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ الْأَكْوَعِ يَقُولُ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أَكُونُ فِي الصَّيْدِ، وَأُصَلِّي، وَلَيْسَ عَلَيَّ إِلَّا قَمِيصٌ وَاحِدٌ؟ قَالَ: زِرَّهُ، وَلَوْ لَمْ تَجِدْ إِلَّا شَوْكَةً

وہ حدیث جو موسیٰ بن محمد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن ابی ربیعہ' حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں شکار کرتا ہوں اور نماز پڑھتا ہوں' میں نے ایک قمیص پہنی ہوتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو بٹن لگا' اگر بٹن نہ پائے تو کانٹا لگالے۔

يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ

6158 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ

حضرت سلمہ کے غلام یزید بن ابوعبید' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے حوالے سے حدیث بیان کی جو میں نے نہیں فرمائی تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

6157- الحاكم في مستدركه جلد1صفحه379' رقم الحديث:913 .

6158- أحمد في مسنده جلد1صفحه65 رقم الحديث:469' جلد5صفحه310 رقم الحديث:22692 .

النَّارِ

6159 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، ثُمَّ تَنَحَّيْتُ، فَقَالَ: يَا سَلَمَةُ، أَلَا تُبَايِعُ؟ قُلْتُ: قَدْ بَايَعْتُ، قَالَ: أَقْبِلْ، فَبَايِعْ فَدَنَوْتُ فَبَايَعْتُهُ قُلْتُ: عَلَامَ بَايَعْتَ يَا أَبَا مُسْلِمٍ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی حدیبیہ کے دن بیعت کی' پھر میں لیٹا تو آپ نے فرمایا: اے سلمہ! کیا آپ بیعت نہیں کریں گے؟ میں نے عرض کی: میں نے بیعت کی ہے' آپ نے فرمایا: آؤ بیعت کرو! میں قریب ہوا اور میں نے بیعت کی۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ اے ابومسلم! یہ بیعت کس لیے تھی؟ آپ نے فرمایا: موت پر۔

6160 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَمَعَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، كَانَ يُؤَمِّرُهُ عَلَيْنَا

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہوا اور زید بن حارثہ کے ساتھ سات غزوات' آپ کو ہم پر امیر بنایا جاتا تھا۔

6161 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ: أُحُدٌ وَحُنَيْنٌ، وَخَيْبَرُ، وَالْحُدَيْبِيَةُ، وَيَوْمُ ذِي قَرَدٍ قَالَ: وَنَسِيتُ بَقِيَّتَهُ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہوا: اُحد' حنین' خیبر' حدیبیہ' ذی قرد کے دن۔ راوی کا بیان ہے: میں باقی کے نام بھول گیا۔

6162 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: خَرَجْتُ أُرِيدُ الْغَابَةَ، فَسَمِعْتُ غُلَامًا لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ يَقُولُ:

حضرت سلمہ فرماتے ہیں: میں جنگل کی طرف جانے کیلئے نکلا تو میں نے عبدالرحمٰن بن عوف کے غلام کو کہتے ہوئے سنا: رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کو پکڑ لیا گیا'

6160- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد9صفحه40 .

6162- البخاري جلد3صفحه1106' رقم الحديث: 2876 .

أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟ قَالَ: غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ، فَصَعِدْتُ الثَّنِيَّةَ، فَقُلْتُ: يَا صَبَاحَاهُ، يَا صَبَاحَاهُ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ أَسْعَى فِي آثَارِهِمْ حَتَّى اسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ، وَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ أَعْجَلْنَاهُمْ أَنْ يَسْبِقُوا لِسَقْيِهِمْ، قَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ، إِنَّ الْقَوْمَ غَطَفَانَ يُقْرَوْنَ

میں نے عرض کی: اس کو کس نے پکڑا ہے؟ فرمایا: غطفان اور فزارہ نے۔ پس میں ثنیہ کے مقام پر چڑھا اور میں نے کہا: اے صبح کی مصیبت! اے صبح کی مصیبت! پھر میں ان کے قدموں کے نشانات دیکھتا ہوا چلا حتیٰ کہ میں نے ان سے اس کو چھڑا لیا' اسی حال میں کہ رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ کے ایک گروہ میں آئے' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قوم کو پیاس لگی ہے' ہم نے جلدی جلدی ان کی مشکوں کو پکڑا' فرمایا: اے ابن اکوع! تُو مالک ہے' بے شک غطفان کی قوم مہمان نواز ہے۔

يزيد عن سلمة

6163 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْمِصْرِيُّ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ، مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّةً، وَمَسَحَ رَأْسَهُ مَرَّةً، وَسَلَّمَ مَرَّةً

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ایک مرتبہ اعضاءِ وضو کو دھویا اور ایک مرتبہ سر کا مسح کیا اور ایک مرتبہ سلام پھیرا۔

6164 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے سوار کیا یہاں تک کہ ہم مدینہ میں داخل ہوئے۔

6165 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کی صبح فرمایا: کل یہ جھنڈا ایسے آدمی

أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْلَةَ صَبِيحَةِ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا لِرَجُلٍ يُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِذَا بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَأَعْطَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ

کو دوں گا جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہوگا' اللہ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا۔ وہ آدمی حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے' رسول اللہ ﷺ نے آپ کو جھنڈا دیا' اللہ نے آپ کے ہاتھ پر فتح دے دی۔

6166 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُنَادِيًا يَوْمَ عَاشُورَاءَ يُنَادِي: مَنْ كَانَ لَمْ يَصُمْ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ صَامَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عاشوراء کے دن ایک اعلان کرنے والے کو بھیجا کہ اعلان کرو کہ جس نے روزہ نہیں رکھا' وہ اپنا بقیہ دن روزہ میں رہے اور جس نے روزہ رکھا ہے وہ روزہ مکمل کرے۔

6167 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَتَوَارَتْ بِالْحِجَابِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز مغرب پڑھاتے' جب سورج غروب ہو جاتا اور اندھیرا ہو جاتا۔

6168 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَلِّ عَلَى هَذِهِ؟ قَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قِيلَ: لَا، قَالَ:

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا تھا' آپ کے پاس جنازہ لایا گیا' عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس کی نماز جنازہ پڑھائیں گے؟ آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض

6166- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه798' رقم الحديث: 1135 .

6167- مسلم جلد1صفحه441' رقم الحديث: 636 .

6168- أحمد في مسنده جلد4صفحه50,47 .

هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوا: لَا ' فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَبَيْنَا أَنَا قَائِمٌ أُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوا: لَا ' قَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قَالُوا: نَعَمْ، ثَلَاثَةُ دَنَانِيرَ، قَالَ: ثَلَاثُ كَيَّاتٍ ثُمَّ لَبِثْنَا مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ أُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ قَالَ أَبُو قَتَادَةَ: عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ دَيْنُهُ، فَصَلَّى عَلَيْهِ

ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی' ہم اسی حالت میں ٹھہرے تھے کہ دوسرا جنازہ لایا گیا' آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: ہاں! تین دینار' آپ نے فرمایا: تین سانپ ہیں' سو ہم تھوڑی دیر ٹھہرے جتنا اللہ نے چاہا۔ تیسرا جنازہ لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا قرض میرے ذمہ ہے' پھر آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی۔

يزيد عن سلمة

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالُوا: صَلِّ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا' اُنہوں نے عرض کی: یاسول اللہ! اس کا نمازِ جنازہ پڑھائیں۔ اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

6169 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَفَرٍ مِنْ أَسْلَمَ يَنْتَضِلُونَ فَقَالَ: ارْمُوا يَا بَنِي

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ قبیلہ اسلم والوں کے پاس سے گزرے' وہ تیر اندازی کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے بنی اسماعیل! تیراندازی کرو کیونکہ تمہارے والد تیراندازی

6169- البخاری جلد 3 صفحه 1062 رقم الحديث: 2743' جلد 3 صفحه 1234 رقم الحديث: 3193' جلد 3 صفحه 1292 رقم الحديث: 3316.

إِسْمَاعِيلَ، فَقَدْ كَانَ أَبُوكُمْ رَامِيًا، ارْمُوا وَأَنَا مَعَ بَنِي فُلَانٍ فَأَمْسَكَ أَحَدُ الْفَرِيقَيْنِ بِأَيْدِيهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكُمْ لَا تَرْمُونَ؟ قَالُوا: نَرْمِي يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَأَنْتَ مَعَهُمْ؟ قَالَ: ارْمُوا، وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

کرتے تھے اور میں بنی فلاں کے ساتھ ہوں' دونوں فریقوں میں سے ہرایک فریق نے اپنے ہاتھ میں تیر روک لیے' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم تیراندازی نہیں کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس کے خلاف تیراندازی کریں حالانکہ آپ ان کے ساتھ ہیں' آپ نے فرمایا: تیراندازی کرو' میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَوْمٍ مِنْ أَسْلَمَ يَتَنَاضَلُونَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور قبیلہ اسلم کی قوم کے پاس سے گزرے' وہ تیراندازی کررہے تھے۔

6170 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ، فَسِرْنَا لَيْلًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرٍ: يَا عَامِرُ، أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيَّاتِكَ، وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَنَزَلَ يَحْدُو بِالْقَوْمِ، يَقُولُ:

(البحر الرجز)

اللَّهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ...وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَاغْفِرْ بِذَلِكَ مَا اقْتَضَيْنَا ...وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے' ہم رات چلتے رہے' لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: حضرت عامر سے' اے عامر! کیا آپ ہمیں اپنے اشعار نہیں سنائیں گے؟ حضرت عامر شاعر آدمی تھے' آپ اُترے اور اشعار پڑھنے لگے:

''اے اللہ! اگر تُو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوۃ دیتے اور نہ نماز پڑھتے'

جو ہمارے متعلق فیصلہ کیا معاف فرما اور لڑائی کے وقت ہمارے قدموں کو ثابت رکھ'

انہوں نے ہم سے پہلے بغاوت کی' جب پکارا گیا ہم آئے''۔

6170- مسلم جلد3صفحه1427' رقم الحديث:1702 .

إِنَّ الْأُولَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ...إِنَّا إِذَا صِيحَ بِنَا أَتَيْنَا

وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوا عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا السَّائِقُ؟ قَالُوا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَجَبَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ أَمْتَعْتَنَا بِهِ قَالَ: فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ، فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتَّى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيدَةٌ، ثُمَّ إِنَّ اللّٰهَ فَتَحَهَا عَلَيْنَا، فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِي فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ رَأَى قُدُورًا كَثِيرَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ النِّيرَانُ؟ عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تُوقِدُونَ؟ قَالُوا: عَلَى لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْرِيقُوهَا وَاكْسِرُوهَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: أَوْ نُهْرِيقُهَا؟ قَالَ: أَوْ ذَاكَ فَلَمَّا انْصَرَفَ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ فِيهِ قِصَرٌ، فَتَنَاوَلَ سَاقَ يَهُودِيٍّ، فَضَرَبَهُ، وَتَرَجَّعَ ذُبَابُ سَيْفِهِ، فَأَصَابَ رُكْبَةَ عَامِرٍ، فَمَاتَ مِنْهُ، فَحَزِنْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَأَى مَا بِي: مَا لَكَ؟ قُلْتُ لَهُ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي، زَعَمُوا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبُوا، مَنْ قَالَهُ؟ إِنَّ لَهُ الْأَجْرَ مَرَّتَيْنِ، إِنَّهُ جَاهَدَ مُجَاهِدٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: چلنے والا کون ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: عامر بن اکوع۔ آپ نے فرمایا: اللہ اس پر رحم کرے! قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! واجب ہوگئی کاش ہم اس سے فائدہ اُٹھاتے پس ہم خیبر آئے ہم نے ان کا محاصرہ کیا حتیٰ کہ ہمیں سخت بھوک لگی پھر اللہ عزوجل نے ہم پر مہربانی کی جب لوگوں نے شام کی تو اس شام کے دن کا وہ ہے ان پر فتح ہوں بہت زیادہ ہانڈیاں دیکھیں حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آگ کیسی ہے؟ کس شی کے نیچے جل رہی ہے؟ اُنہوں نے کہا: پالتو گدھوں کے گوشت کے نیچے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہا دو اور ہانڈیاں توڑ دو۔ ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا بہا دی جائے یا کیا کیا جائے؟ جب لوگ چلے گئے تو عامر کی تلوار چھوٹی تھی وہ یہودی کی پنڈلی کو لگی اس کو لگی تلوار آگے پلٹی حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھٹنے پر لگی حضرت عامر رضی اللہ عنہ اس وجہ سے فوت ہوئے میں پریشان ہوا جب حضور ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: آپ کو کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! عامر کے اعمال ختم ہو گئے لوگ گمان کرتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کہا ہے وہ جھوٹ بولتے ہیں اس کے لیے دُگنا ثواب ہے اس نے جہاد کیا ہے۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَيْ عَامِرُ، لَوْ أَسْمَعْتَنَا مِنْ هَنَيَاتِكَ فَنَزَلَ يَحْدُو، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف گئے لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اے عامر! آپ ہمیں اشعار سنائیں! آپ اُترے اور اشعار سنانے لگے۔

6171 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَقَحًا لَا عَقِيمًا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب سخت ہوا چلتی تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم لقحًا لا عقيمًا''۔

6172 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْأَشْجَعِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحْلِفُ أَحَدٌ عَلَى الْمِنْبَرِ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ إِلَّا تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی منبر پر جھوٹی قسم اُٹھائے اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

6173 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى الْحَجَّاجِ،

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حجاج کے پاس آئے، حجاج نے کہا: اے ابن اکوع! آپ پیچھے پھر گئے ہیں، آپ دیہاتی ہو گئے، حضرت

6171- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه135 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط ورجاله رجال المغيرة بن عبد الرحمٰن وهو ثقة .

6172- الطبراني في الأوسط جلد8صفحه77، رقم الحديث: 8014 .

6173- مسلم جلد3صفحه1486، رقم الحديث: 1862 . والبخاري جلد6صفحه2597، رقم الحديث: 6676 .

فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، ارْتَدَدْتَ عَلَى عَقِبِكَ تَبَدَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ لِي فِي الْبَدْوِ

سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! بلکہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیہات میں رہنے کی اجازت دی ہے۔

6174 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّهُ كَانَ يَسْجُدُ مَوْضِعَ الْمُصْحَفِ، يُسَبِّحُ فِيهِ، وَيَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَحَرَّى ذَلِكَ الْمَكَانَ

حضرت یزید بن ابوعبید فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ مصحف کی جگہ پر سجدہ کرتے اس میں نفل ادا کرتے اور ذکر کرتے کہ رسول اللہ ﷺ اس جگہ کو تلاش کرتے تھے۔

6175 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: جَاءَ عَامِرٌ عَمِّي، فَقَالَ: اعْطِنِي سِلَاحَكَ، فَأَعْطَيْتُهُ، ثُمَّ جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: ابْغِنِي سِلَاحًا، قَالَ: فَأَيْنَ سِلَاحُكَ؟ قُلْتُ: أَعْطَيْتُهُ عَامِرًا عَمِّي، قَالَ: مَا أَجِدُ أَحَدًا يُشْبِهُكَ إِلَّا الَّذِي قَالَ: هَبْ لِي أَخًا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي فَأَعْطَانِي قَوْسَهُ وَمِجَنَّهُ وَثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ مِنْ كِنَانَتِهِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چچا حضرت عامر رضی اللہ عنہ آئے' فرمایا: مجھے اسلحہ دو! میں نے آپ کو دیا' پھر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: مجھے ہتھیار کی تلاش ہے' آپ نے فرمایا: تیرا اپنا ہتھیار کہاں ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اپنے چچا عامر کو دے دیا ہے' آپ نے فرمایا: میں کسی کو تیرے مشابہ نہیں پاتا مگر جس کو تُو نے دیا ہے' آپ نے فرمایا: مجھے اپنا بھائی اپنی ذات کے لیے پسند ہے' مجھے آپ نے کمان' ڈھال اور کنانہ کے تین تیر دیئے۔

6176 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ يَوْمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خیبر کے دن بھوک لگی' لوگوں نے آگ جلائی' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آگ کیسی جل رہی ہے؟

يزيد عن سلمة

6174- أورده نحوه أحمد في مسنده جلد4صفحه54 .

6175- أحمد في مسنده جلد4صفحه54 .

6176- البخاري جلد5صفحه2094 رقم الحديث: 5178' جلد5صفحه2332 رقم الحديث: 5972 .

خَيْبَرَ، وَأَوْقَدَ النَّاسُ النِّيرَانَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ النِّيرَانُ؟ قَالُوا: الْحُمُرُ الْأَهْلِيَّةُ، قَالَ: أَهْرِيقُوا مَا فِيهَا، وَاكْسِرُوا الْقُدُورَ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوْ نُهَرِيقُ مَا فِيهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: أَوْ ذَاكَ

اُنہوں نے عرض کی: پالتو گدھوں کا گوشت پکایا جا رہا ہے آپ نے فرمایا: جوان ہانڈیوں میں ہے اسے بہا دو اور ہانڈیاں توڑ دو۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! جو اس میں ہے اس کو بہا دیتے ہیں اور اس کو دھو لیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: یا یہ کرلو۔

6177 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كُنَّا فِي رَمَضَانَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَنْ شَاءَ صَامَ، وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ، وَافْتَدَى بِطَعَامِ مِسْكِينٍ حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ) (البقرة: 185)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضورﷺ کے زمانہ میں رمضان کا مہینہ آیا' آپ نے فرمایا: جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نہ رکھے اور اس کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دے' یہ آیت نازل ہوئی: ''جب تم میں سے ماہِ رمضان پائے تو وہ روزہ رکھے۔ (تو فرمایا: اب ہر بندے کو فدیہ دینے کی اجازت نہیں ہے)

بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ

بریدہ بن سفیان اسلمی' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6178 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا' آپ نے اُنہیں خیبر کے بعض قلعوں کی طرف بھیجا' وہ لڑے پھر واپس چلے آئے لیکن فتح نہ ہوئی' آپ نے

6177- مسلم جلد2صفحہ802' رقم الحدیث: 1145 . والحاکم فی مستدرکہ جلد1صفحہ584' رقم الحدیث: 1538 . والبیہقی فی سننہ الکبرٰی جلد4صفحہ200' رقم الحدیث: 7685 .

6178- مسند الرویانی جلد2صفحہ262' رقم الحدیث: 1172 .

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى الرَّايَةَ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، فَبَعَثَهُ إِلَى بَعْضِ حُصُونِ خَيْبَرَ، فَقَتَلَ، ثُمَّ رَجَعَ، وَلَمْ يَكُنْ فَتْحٌ، وَقَدْ جَهَدَ، فَقَالَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ، لَيْسَ بِفَرَّارٍ فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَهُوَ أَرْمَدُ، فَتَفَلَ فِي عَيْنَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: خُذْ هَذِهِ الرَّايَةَ، حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ لَكَ قَالَ سَلَمَةُ: فَخَرَجَ وَاللّٰهِ يُهَرْوِلُ هَرْوَلَةً، وَأَنَا خَلْفَهُ أَتَّبِعُ أَثَرَهُ، حَتَّى رَكَزَ الرَّايَةَ فِي رَضْمِ حِجَارَةٍ، فَاطَّلَعَ عَلَيْهِ يَهُودِيٌّ مِنْ رَأْسِ الْحِصْنِ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ الْيَهُودِيُّ: غَلَبْتُمْ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى مُوسَى، فَمَا رَجَعَ حَتَّى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

انکار کردیا' آپ ﷺ نے فرمایا: کل یہ جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا' اللہ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا' وہ بھاگنے والا نہیں ہے۔ پھر آپ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو بلایا' اُن کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن ڈالا' پھر فرمایا: یہ جھنڈا لے لو' اللہ تمہیں فتح دے گا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ تیزی سے نکلے' اللہ کی قسم! میں آپ کے پیچھے چلا' آپ نے پتھر پر جھنڈا گاڑا' قلعہ کے اوپر سے یہودی نے دیکھا' اس نے کہا: آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں علی بن ابوطالب ہوں' یہودی نے کہا: تم غالب آگئے ہو اور جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوا' اس کی قسم! آپ واپس آئے' اللہ نے آپ کے دستِ مبارک پر فتح دے دی۔

عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ

سائب بن یزید کے غلام عطا' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6179 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ:

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج میں جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہوں گے اور وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا' حضور ﷺ نے مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف

6179- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد **4**صفحه**1872**' رقم الحديث: **2407** . وكذلك البخاري في صحيحه جلد**3**صفحه**1086**' رقم الحديث: **2812** .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَيُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَبَعَثَنِي نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَلِيٍّ فَجِئْتُ بِهِ، وَكَانَ أَرْمَدَ فَتَفَلَ فِي عَيْنَيْهِ

بھیجا' میں آپ کو لے کر آیا' آپ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ ﷺ نے اپنا لعابِ اطہر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں ڈالا۔

يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ سَلَمَةَ

یزید بن خصیفہ' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

6180 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ فَمَا رَأَيْتُهُ يُصَلِّي بَعْدَ الْفَجْرِ، وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ قَطُّ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کیا' میں نے نمازِ فجر اور عصر کے بعد آپ کو نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

زید بن عبدالرحمٰن' حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت کرتے ہیں

6181 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَقْبَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ الْعَقِيقِ حَتَّى إِذَا كُنَّا عَلَى الثَّنِيَّةِ الَّتِي يُقَالُ لَهَا ثَنِيَّةُ الْحَوْضِ الَّتِي بِالْعَقِيقِ أَوْمَأَ بِيَدِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ: إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى مَوَاقِعِ عَدُوِّ اللّٰهِ الْمَسِيحِ، إِنَّهُ يُقْبِلُ حَتَّى يَنْزِلَ مِنْ كَذَا حَتَّى يَخْرُجَ إِلَيْهِ غَوْغَاءُ النَّاسِ، مَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقامِ عقیق سے آیا' جب ہم مقامِ ثنیہ پر آئے جس کو ثنیۃ الحوض کہا جاتا ہے' جو مقامِ عقیق میں تھا تو آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کیا' آپ نے فرمایا: میں اللہ کے دشمن مسیح کی جگہ کو دیکھ رہا ہوں' جو آئے گا تو اس جگہ اُترے گا' اس کی طرف نکلے گا لوگوں کو گمراہ کرنے کے لیے' مدینہ کی ہر گلی میں ایک یا دو فرشتے مدینہ کی حفاظت کے لیے ہوں گے' اس کے پاس دو صورتیں ہوں گی: ایک صورت جنت کی اور ایک جہنم کی' اس کے ساتھ سرخ

الْـمَـدِينَةِ إِلَّا عَلَيْهِ مَلَكٌ أَوْ مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهِ، مَعَهُ صُـورَتَـانِ: صُـورَةُ الْجَنَّةِ، وَصُورَةُ النَّارِ حَمْرَاءُ، مَعَهُ شَيَاطِينُ يَتَشَبَّهُونَ بِالْأَمْوَاتِ، يَقُولُونَ لِلْحَيِّ: تَعْـرِفُنِي؟ أَنَا أَخُوكَ، أَنَا أَبُوكَ، أَنَا ذُو قَرَابَةٍ مِنْكَ، أَلَسْتُ قَـدْ مِتُّ؟ هَذَا رَبُّنَا فَاتَّبِعْهُ، فَيَقْضِي اللّٰهُ مَا يَشَـاءُ مِنْهُ، وَيَبْعَثُ اللّٰهُ لَهُ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَيُسْكِتُـهُ وَيُبَكِّتُـهُ، فَيَـقُولُ: هَذَا الْكَذَّابُ أَيُّهَا النَّـاسُ، لَا يَغُرَّنَّكُمْ، فَإِنَّهُ كَذَّابٌ، وَيَقُولُ بَاطِلًا، وَلَيْـسَ رَبُّـكُـمْ بِـأَعْـوَرَ، فَيَقُولُ: هَلْ أَنْتَ مُتَّبِعِي؟ فَيَأْبَـى، فَيَشُـقُّـهُ شِـقَّتَيْنِ، وَيُعْطَى ذَلِكَ، فَيَقُولُ: أُعِيـدُهُ لَـكُـمْ، فَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ أَشَدَّ مَا كَانَ لَهُ تَكْذِيبًا وَأَشَـدَّهُ شَتْـمًا، فَيَـقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ مَا رَأَيْتُمْ بَلَاءٌ ابْتُلِيتُمْ بِهِ، وَفِتْنَةٌ افْتُتِنْتُمْ بِهَا، إِنْ كَانَ صَادِقًا فَلْيُعِدْنِي مَرَّةً أُخْرَى، أَلَا هُوَ كَذَّابٌ، فَيَأْمُرُ بِهِ إِلَى هَذِهِ النَّارِ، وَهِيَ صُورَةُ الْجَنَّةِ، يَخْرُجُ قِبَلَ الشَّامِ

شیاطین ہوں گے جو موت کے مشابہ ہوں گے زندہ کو کہیں گے: تُو مجھے جانتا ہے! میں تیرا بھائی اور باپ ہوں میں تیرا قریبی ہوں کیا میں مر نہیں گیا تھا؟ یہ ہمارا رب ہے وہ اس کے پیچھے چل اللہ فیصلہ کرے گا جو اللہ اس سے چاہے گا اللہ عزوجل مسلمانوں میں سے ایک آدمی کو بھیجے گا وہ اس کو خاموش کروائے گا اور رُلائے گا وہ کہے گا: اے لوگو! یہ جھوٹا ہے اور تمہیں دھوکہ نہ دے کیونکہ یہ جھوٹا ہے تمہارا رب آنکھ سے نابینا نہیں ہے۔ وہ کہے گا: کیا تُو میری اتباع کرے گا؟ وہ انکار کرے گا تو اس کے دو ٹکڑے کرے گا اور اس کو دے گا اس کو کہے گا: اس کو تمہارے لیے لوٹا دوں گا! اللہ عزوجل بھیجے گا اس سے بھی سخت جو اس کو جھٹلائے گا اور گالی دے گا وہ کہے گا: اے لوگو! تم ایسی کوئی آزمائش نہیں دیکھو گے جس سے تم آزمائے گئے ہو اس فتنہ سے تم آزمائے گئے ہو اگر سچا ہے تو دوبارہ مجھے لوٹا وہ جھوٹا ہے وہ جو جہنم کو حکم دے گا وہ جنت کی صورت ہو گی شام کی طرف سے نکلے گا۔

سَلَمَةُ بْنُ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيُّ

حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ

6182 - حَدَّثَنَـا إِسْـحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، وَالثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْـصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَـمَةَ بْـنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

اللّٰـهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّـأْتَ فَـانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

6183 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6184 - حَدَّثَنَـا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْـنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَاسْتَنْثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6185 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْـنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6186 - حَدَّثَنَـا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ،

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6184- الترمذي جلد 1 صفحه 40' رقم الحديث: 27 . والنسائي في سننه (المجتبى) جلد 1 صفحه 67' رقم الحديث: 89 . وابن ماجه جلد 1 صفحه 142' رقم الحديث: 406 .

وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

6187 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6188 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَاسْتَنْثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6189 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6190 - حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6191 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک

الْأَحْوَصِ، وَجَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6192 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: أَرْبَعٌ، مَا أَنَا الْيَوْمَ بِأَشَحَّ مِنِّي عَلَيْهِنَّ يَوْمَ سَمِعْتُهُنَّ، قَالَ: لَا تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَسْرِقُوا

حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر چار باتیں ارشاد فرمائیں' جس دن سے میں نے یہ باتیں سنی ہیں' میں نے بیان کرنے میں کنجوسی نہیں کی ہے' وہ یہ ارشاداتِ عالیہ ہیں: اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اس شخص کو قتل نہ کرو جس کے قتل کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ' زنا نہ کرو اور چوری نہ کرو۔

6193 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، وَأَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: أَلَا إِنَّمَا هِيَ أَرْبَعٌ، فَمَا أَنَا الْيَوْمَ بِأَشَحَّ مِنِّي يَوْمَ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَسْرِقُوا

حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر چار باتیں ارشاد فرمائیں' جس دن سے میں نے یہ باتیں سنی ہیں' میں نے بیان کرنے میں کنجوسی نہیں کی ہے' وہ یہ ارشاداتِ عالیہ ہیں: اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اس شخص کو قتل نہ کرو جس کے قتل کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ' زنا نہ کرو اور چوری نہ کرو۔

6194 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6192- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**104** وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

6194- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد**1**صفحه**546**' رقم الحديث: **793** .

ابْنُ الْأَصْبَهَانِيّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، رَفَعَهُ إِلَى سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى أَبِي مُوسَى، وَهُوَ يَقْرَأُ، فَقَالَ: لَقَدْ أُوتِيَ هَذَا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

حضور ﷺ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے آپ قرآن کی تلاوت کررہے تھے آپ نے فرمایا: تمہیں داؤد علیہ السلام کی طرف سے دی گئی ہے۔

سَلَمَةُ بْنُ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ

6195 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ دَاوُدَ بْنَ أَبِي هِنْدَ، يُحَدِّثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: أَتَيْتُ أَنَا وَأَخِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أُمَّنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَانَتْ تَقْرِي الضَّيْفَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ، هَلْ يَنْفَعُهَا مِنْ عَمَلِهَا ذَلِكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، فَقُلْنَا: إِنَّهَا وَأَدَتْ أُخْتًا لَنَا لَمْ تَبْلُغِ الْحِنْثَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَوْءُودَةُ وَالْوَائِدَةُ فِي النَّارِ، إِلَّا أَنْ تُدْرِكَ الْوَائِدَةُ الْإِسْلَامَ فَتُسْلِمَ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرا بھائی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہماری ماں زمانۂ جاہلیت میں تھی وہ مہمان نوازی کرتی اور صلہ رحمی کرتی کیا اس کو اس کا نفع ہوگا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ہم نے عرض کی: ہماری ہماری بہن تھی وہ حد بلوغت کو نہیں پہنچی تھی؟ آپ نے فرمایا: جو جنتی گئی ہے اور جننے والی جہنم میں ہیں ہاں اگر جننے والی نے اسلام پایا اور مسلمان ہوئی۔

6196 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَائِدَةُ وَالْمَوْءُودَةُ فِي النَّارِ

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زندہ درگور کرنے والی اور جس کو کیا گیا (حالت سفر میں) وہ جہنمی ہے۔

6195- أحمد في مسنده جلد3صفحه478 .

6197 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: (إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا، عُرُبًا أَتْرَابًا) (الواقعة: 36)، قَالَ: مِنَ الثَّيِّبِ وَغَيْرِ الثَّيِّبِ

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ''بے شک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اُٹھان اُٹھایا اور انہیں بنایا کنواریاں' اپنے شوہروں پر پیاریاں' انہیں پیار دلاتیاں' ایک عمر والیاں''۔ یہ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ۔

6198 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، ثنا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ' أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِكَ ' يَأْخُذُونَ بِالْحَقِّ الَّذِي عَلَيْنَا ' وَيَمْنَعُونَا الْحَقَّ الَّذِي جَعَلَهُ اللَّهُ لَنَا ' نُقَاتِلُهُمْ وَنَعْصِيهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا، وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ

حضرت سلمان بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر ہم پر آپ کے بعد ایسے حکمران مسلط ہوں جو ہم میں سے اپنا حق لیں اور ہمارا حق جو اللہ نے بنایا ہے' وہ ہمیں نہ دیں تو ہم ان سے لڑیں اور ان کی نافرمانی کریں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ان پر ذمہ داری ہے اُس کا گناہ اُن پر ہے اور جو تم پر ذمہ داری ہے اُس کا بوجھ تم پر ہے۔

6199 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: (إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً) (الواقعة: 35) يَعْنِي: الثَّيِّبَ، وَأَبْكَارًا: اللَّاتِي كُنَّ فِي الدُّنْيَا

حضرت سلمہ بن یزید رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''انا انشأناھن انشاءً'' یعنی شادی شدہ اور کنواری جو دنیا میں ہے' ان کی طرح۔

سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

حضرت سلمہ بن سلامہ بن وقش انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

6200 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عبدالاشہل میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش ہے آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

6201 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش ہے۔

6202 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشِ بْنِ زُغْبَةَ بْنِ زَعُورَاءَ بْنِ عَبْدِ الْأَشْهَلِ بْنِ جُشَمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ الْأَوْسِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عبدالاشہل سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش بن زغبہ بن زعوراء بن عبدالاشہل بن جشم بن حارث بن خزرج بن عمرو بن مالک بن اوس کا بھی ہے۔

6203 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت جبیرہ بن محمود، حضرت سلمہ بن سلامہ بن

6203- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه249 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن صالح كاتب

الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ بَنِي الْأَشْهَلِ، عَنْ أَبِيهِ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُمَا دَخَلَا وَلِيمَةً وَسَلَمَةُ عَلَى وُضُوءٍ، فَأَكَلُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، فَتَوَضَّأَ سَلَمَةُ، فَقَالَ لَهُ جَبِيرَةُ: أَلَمْ تَكُنْ عَلَى وُضُوءٍ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَرَجْنَا مِنْ دَعْوَةٍ دَعَوْنَا لَهَا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى وُضُوءٍ، فَأَكَلَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَقُلْتُ لَهُ: أَلَمْ تَكُنْ عَلَى وُضُوءٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّ الْأَمْرَ يَحْدُثُ، وَهَذَا مِمَّا قَدْ حَدَثَ

وقش صحابی رسول ﷺ سے روایت ہے کہ وہ ایک ولیمہ میں آئے دونوں نے کھایا پھر نکلے حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے وضو کیا حضرت جبیرہ نے ان سے کہا: کیا آپ کو پہلے وضو نہیں تھا' کہا: کیوں نہیں؟ لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا' ہم دعوت سے نکلے' جو ہمیں دی گئی تھی' رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا تھا' آپ نے کھایا' پھر آپ نے وضو کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ وضو کی حالت میں نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن یہ معاملہ نیا ہے' یہ نیا ہے۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، ثنا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، أنا صَالِحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ أَبْيَاتِنَا رَجُلٌ يَهُودِيٌّ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سلمہ بن سلامہ بن وقش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے گھروں کے درمیان ایک یہودی کا گھر تھا اور اس کے بعد حدیث ذکر کی ہے۔

الليث وثقه عبد الملك بن شعيب بن الليث وضعفه أحمد وجماعة واتهم بالكذب .

سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ الْبَيَاضِيُّ الْأَنْصَارِيُّ

6204 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ صَخْرٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ جَعَلَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ كَظَهْرِ أُمِّهِ حَتَّى يَمْضِيَ رَمَضَانُ، فَسَمِنَتْ وَتَرَبَّعَتْ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا فِي النِّصْفِ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَأَنَّهُ يُعَظِّمُ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَتَسْتَطِيعُ أَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَفَتَسْتَطِيعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَرْوَةُ بْنَ عَمْرٍو، أَعْطِهِ ذَلِكَ الْفَرَقَ وَهُوَ مِكْتَلٌ يَأْخُذُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا فَلْيُعْطِهِ سِتِّينَ مِسْكِينًا، قَالَ: أَعْلَى أَفْقَرَ مِنِّي؟ فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ إِلَيْهِ مِنَّا، فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى أَهْلِكَ

6205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ

حضرت سلمہ بن صخر البیاضی الانصاری رضی اللہ عنہ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سلمان بن صخر الانصاری رضی اللہ عنہ نے اپنی عورت کو اپنی والدہ کے ساتھ تشبیہ دی اس کے بعد حضورﷺ کے پاس آئے اس کو بڑا معاملہ سمجھا حضورﷺ نے انہیں فرمایا: کیا تُو غلام آزاد کرنے کی طاقت رکھتا ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: کیا تُو لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: ساٹھ مسکین کو کھانا کھلانے کی طاقت رکھتا ہے؟ عرض کی: نہیں! حضورﷺ نے فرمایا: اے فروہ بن عمرو! اس کو کھجوروں کا ٹھوکرا دے جس میں پندرہ صاع کھجوریں تھیں آپ نے فرمایا: ساٹھ مساکین کو دے دو! اس نے عرض کی: مجھ سے زیادہ محتاج کون ہے؟ وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! مجھ سے زیادہ کوئی گھر محتاج نہیں۔ حضورﷺ مسکرائے پھر آپ نے فرمایا: جاؤ اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ نے اپنی عورت کو اپنی والدہ کے ساتھ تشبیہ دی رمضان کا مہینہ آیا جب آدھا

6204- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد2صفحه281 رقم الحديث: 7772.

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ أَنَّ سَلَمَةَ بْنَ صَخْرٍ جَعَلَ امْرَأَتَهُ كَظَهْرِ أُمِّهِ حَتَّى يَمْضِيَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا مَضَى النِّصْفُ وَقَعَ عَلَيْهَا لَيْلًا، وَأَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً ' قَالَ: لَا أَجِدُ ' قَالَ: تَسْتَطِيعُ أَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ قَالَ: لَا ' قَالَ: فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا ' قَالَ: لَا أَجِدُ، فَقَالَ لِفَرْوَةَ بْنِ عَمْرٍو وَكَانَ يَخْرُصُ النَّخْلَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْطِهِ ذَلِكَ الزِّنْبِيلَ فِيهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، قَالَ: اذْهَبْ ' فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا

رمضان گزرا تو اُنہوں نے رات کو جماع کیا' اس کے بعد حضور ﷺ کے پاس آئے' اس کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: ایک غلام آزاد کرو! اُس نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تُو لگاتار دو ماہ روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہے؟ اُس نے عرض: جی نہیں! آپ نے فرمایا: ساٹھ مسکین کو کھانا کھلاؤ! عرض کی: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا ہوں۔ آپ نے فروہ بن عمرو سے فرمایا جو حضور ﷺ کے زمانہ میں کھجوروں کا اندازہ کیا کرتے تھے کہ اس کو پندرہ صاع کھجوریں دے دو' اور فرمایا: ساٹھ مساکین کو دے دو۔

6206 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ صَخْرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ مِكْتَلًا فِيهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا، فَقَالَ: أَطْعِمْهُ سِتِّينَ مِسْكِينًا، لِكُلِّ مِسْكِينٍ مُدٌّ

حضرت سلمان بن صخر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انہیں پندرہ صاع کھجوریں دیں' فرمایا: ساٹھ مساکین کو دے دو' ہر مسکین کو ایک مُد۔

6207 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو عَامِرٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، أَنَّ سَلْمَانَ بْنَ صَخْرٍ الْبَيَاضِيَّ جَعَلَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ كَظَهْرِ أُمِّهِ إِنْ غَشِيَهَا حَتَّى يَمْضِيَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا مَضَى النِّصْفُ مِنْ رَمَضَانَ سَمُنَتْ وَتَرَبَّعَتْ '

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان سے روایت ہے کہ حضرت سلمان بن صخر نے اپنی عورت کو اپنی والدہ کے ساتھ تشبیہ دی' اگر وہ اس سے جماع کریں' رمضان کا مہینہ آیا' جب آدھا رمضان گزرا تو ان کی بیوی موٹی ہوئی' ان کو پسند آئی' اُنہوں نے رات کو جماع کیا' اس کے بعد حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: ایک غلام آزاد کرو! اس

فَأَعْجَبَتْهُ، فَغَشَاهَا لَيْلًا، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً ' قَالَ: لَا أَجِدُ ' قَالَ: صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ' قَالَ: لَا أَسْتَطِيعُ ' قَالَ: أَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا ' قَالَ: لَا أَجِدُ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَرَقٍ فِيهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ ' أَوْ سِتَّةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: خُذْهَا فَتَصَدَّقْ بِهِ عَلَى سِتِّينَ مِسْكِينًا

نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: دو ماہ لگاتار روزے رکھ! اس نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: ساٹھ مساکین کو کھانا کھلاؤ! اس نے عرض کی: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا ہوں۔ حضورﷺ کے پاس پندرہ صاع کھجوریں لائی گئیں یا سولہ صاع' آپ نے فرمایا: یہ لے لو اور ساٹھ مساکین کو صدقہ دے دو۔

6208 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ صَخْرٍ الْأَنْصَارِيِّ ' أَنَّهُ تَظَاهَرَ مِنِ امْرَأَتِهِ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا قَبْلَ أَنْ يُكَفِّرَ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّارَةٍ وَاحِدَةٍ

حضرت سلمان بن صخر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا' اس سے جماع کیا کفارہ ادا کرنے سے پہلے' حضورﷺ نے ایک ہی کفارہ دینے کا حکم دیا۔

6209 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ الْبَيَاضِيِّ، قَالَ: كُنْتُ امْرَأً أَسْتَكْثِرُ مِنَ النِّسَاءِ ' لَا أَرَى أَنَّ رَجُلًا كَانَ يُصِيبُ مِنْ ذٰلِكَ أَكْثَرَ مِمَّا أُصِيبُ، فَلَمَّا دَخَلَ رَمَضَانُ ظَاهَرْتُ مِنِ امْرَأَتِي حَتَّى يَنْسَلِخَ رَمَضَانُ، فَبَيْنَمَا هِيَ تُحَدِّثُ لَيْلَةً، فَكُشِفَتْ لِي مِنْهَا شَيْءٌ،

حضرت سلمان بن صخر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بہت زیادہ عورتیں رکھنے والا آدمی تھا' جس قدر میں نے عورتیں رکھیں' شاید ہی کسی نے رکھی ہوں۔ جب رمضان کا مہینہ آیا تو میں نے اپنی بیوی سے جماع کیا' رمضان کا مہینہ گزر گیا' وہ میری عورت گفتگو کر رہی تھی' اس کا میرے سامنے جسم کا حصہ کھل گیا' میں اس پر کود پڑا' میں نے اس سے جماع کیا' جب میں نے صبح کی تو میں اپنی قوم کے پاس آیا' میں نے اپنی خبر بتائی' میں نے ان کو کہا: میرے مسئلہ کے بارے میں رسول اللہﷺ

6209- ابن ماجه جلد1صفحه665' رقم الحديث: 2062 .

فَوَثَبْتُ عَلَيْهَا، فَوَاقَعْتُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ عَلَى قَوْمِي، فَأَخْبَرْتُهُمْ خَبَرِي، فَقُلْتُ لَهُمْ: سَلُوا لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَا كُنَّا لِنَفْعَلَ، إِذَنْ يَنْزِلُ فِينَا مِنَ اللّٰهِ كِتَابٌ، أَوْ يَكُونُ فِينَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرٌ، فَيَبْقَى عَلَيْنَا عَارٌ، وَلَكِنْ سَوْفَ نُسْلِمُكَ بِجَرِيرَتِكَ، فَاذْهَبْ أَنْتَ وَاذْكُرْ شَأْنَكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتَّى جِئْتُهُ، فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنْتَ بِذَاكَ؟ قُلْتُ: وَأَنَا بِذَاكَ، وَهَا أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَابِرٌ لِحُكْمِ اللّٰهِ عَلَيَّ، قَالَ: فَأَعْتِقْ رَقَبَةً، قُلْتُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَصْبَحْتُ أَمْلِكُ إِلَّا رَقَبَتِي، قَالَ: فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا دَخَلَ عَلَيَّ الْبَلَاءُ إِلَّا مِنْ قِبَلِ الصَّوْمِ، قَالَ: فَتَصَدَّقْ، وَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا قُلْتُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ بِتْنَا لَيْلَتَنَا هَذِهِ مَا لَنَا مِنْ عَشَاءٍ، قَالَ: فَاذْهَبْ إِلَى صَاحِبِ صَدَقَةِ بَنِي زُرَيْقٍ، فَقُلْ لَهُ، فَلْيَدْفَعْ إِلَيْكَ، فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا، وَانْتَفِعْ بِبَقِيَّتِهَا

سے پوچھو! اُنہوں نے کہا: ہم ضرور ایسا نہیں کریں گے ایسا نہ ہو کہ ہمارے بارے میں قرآن کی آیت نازل ہو یا یہ کہ ہمارے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا حکم ہو پس ہمارے اوپر عار باقی رہے گی لیکن ہم عنقریب تیرا معاملہ تیرے سپرد کرتے ہیں تُو جا اور رسول اللہ ﷺ سے اس کا ذکر کر۔ میں نکلا اور آپ کے پاس آیا میں نے آپ کو بتایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو ہے؟ میں نے عرض کی: میں ہی ہوں میں یارسول اللہ صبر کروں گا جو اللہ میرے متعلق حکم نازل کرے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو ایک غلام آزاد کر میں نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں تو صرف اپنی ہی گردن کا مالک ہوں (اس کے علاوہ کا نہیں)۔ فرمایا: دوماہ کے روزے رکھ۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! پہلے جو مصیبت مجھ پر آئی ہے وہ روزے کی وجہ سے ہے فرمایا: صدقہ کر اور ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا۔ میں نے عرض کی: قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے ہم نے یہ رات اس حال میں گزاری ہے کہ ہمارے پاس رات کا کھانا موجود نہیں تھا فرمایا: اچھے جاؤ! بنی زریق کے صاحب صدقہ کو بلاؤ اور اس سے کہو کہ وہ تجھے صدقہ کا مال دے اور ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو اور جو باقی بچ جائیں ان سے خود نفع حاصل کرو۔

6210 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ

حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6210- أحمد في مسنده جلد4صفحه37 .

بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ، قَالَ: ظَاهَرْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَعْتُ قَبْلَ أَنْ أُكَفِّرَ، فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَفْتَانِي بِكَفَّارَةٍ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ظہار کیا' میں نے کفارہ ادا کرنے سے پہلے جماع کر لیا' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نے مجھے کفارہ ادا کرنے کا فتویٰ دیا۔

سَلَمَةُ الْمُحَبِّقُ الْهُذَلِيُّ، وَاسْمُ الْمُحَبِّقِ صَخْرٌ مِنْ بَنِي لِحْيَانَ

حضرت سلمہ محبق الہذلی رضی اللہ عنہ' آپ کا اسم گرامی محبق صخر ہے' بنی لحیان کے رہنے والے ہیں

6211 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' فِي رَجُلٍ وَقَعَ عَلَى جَارِيَةِ امْرَأَتِهِ: إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهُ، وَلَهَا عَلَيْهِ مِثْلُهَا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک ایسے آدمی کے حوالہ سے کہ جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے جماع کیا' اگر وہ ناپسند کرتی ہے تو وہ آزاد ہے' مرد اپنی بیوی کو اس کی مثل لونڈی خرید کر دے گا' اگر اس سے وہ بھی خوش تھی تو وہ اس کے لیے ہے اور اس عورت کیلیے مرد پر اس لونڈی کی مثل واجب ہوگی۔

6212 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، قَالَ: قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کے متعلق فیصلہ کیا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے وطی کی تھی کہ اگر وہ ناپسند کرتی تھی تو وہ آزاد ہے اور اس کے ذمہ ہے کہ اس کی مالکہ کو

6212- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد4صفحه158' رقم الحديث: 4460 .

وَسَلَّمَ فِي رَجُلٍ وَطِئَ جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ: إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهُ أَمَةٌ، وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا

اس کی مثل لونڈی دے اگر وہ راضی تھی تو لونڈی اس کی ہے اور اس کی مالکہ کو اس لونڈی کی مثل دیدے۔

6213 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ، وَأَنَّ ذَلِكَ رُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ أَمَةٌ، وَلَهَا مِثْلُهَا -يَعْنِي لِسَيِّدَتِهَا -وَإِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَلِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا قَالَ عَلِيٌّ: فَقُلْتُ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ قَتَادَةَ يَقُولُ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، فَقَالَ سُفْيَانُ: قَالَ عَمْرٌو: بَيْنَهُمَا إِنْسَانٌ، أَوْ رَجُلٌ، فَقَالَ لَهُ الْهُذَلِيُّ -يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ الْهُذَلِيَّ: بَيْنَهُمَا قَبِيصَةُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ سُفْيَانُ: وَإِنَّمَا أَعْرِفُ هَذَا الْهُذَلِيَّ، إِنَّهُ مِنْ قَوْمِ سَلَمَةَ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کے متعلق فیصلہ کیا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے وطی کی تھی کہ اگر وہ ناپسند کرتی تھی تو وہ آزاد ہے اور اس مرد کے ذمہ ہے کہ اس کی مالکہ کو اس کی مثل لونڈی دینا ہوگی' اگر وہ راضی تھی تو لونڈی اس کی ہے اور اس کی مالکہ کو اس لونڈی کی مثل دیدے۔ راویٔ حدیث حضرت علی بن مدینی فرماتے ہیں: پس میں نے حضرت سفیان سے عرض کی: پس حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن سے روایت ہے' حضرت قبیصہ بن حریث سے' سلمہ بن محبق سے روایت ہے۔ پس حضرت سفیان نے فرمایا: حضرت عمرو نے کہا: ان دونوں کے درمیان ایک انسان یا ایک آدمی تھا' پس ہذلی نے اس سے کہا یعنی ابوبکر ہذلی نے ان دونوں کے درمیان قبیصہ بن حریث ہیں۔ حضرت سفیان نے کہا: میں اس ہذلی سے زیادہ واقف ہوں' بے شک اس کا تعلق سلمہ کی قوم سے ہے۔

6214 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، قَالَ: سَمِعْتُ امْرَأَةً تَسْأَلُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کے متعلق فیصلہ کیا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے وطی کی تھی کہ اگر وہ ناپسند کرتی تھی تو وہ آزاد ہے اور اس مرد کے ذمہ ہے کہ اس کی مالکہ کو لونڈی کی مثل دے' اگر وہ راضی تھی تو لونڈی اس

وَسَلَّمَ عَنْ جَارِيَةٍ لَهَا ' خَرَجَ بِهَا زَوْجُهَا إِلَى سَفَرٍ، فَأَصَابَهَا ' فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ جَارِيَتُهُ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا

کی ہے اور اس کی مالکہ کو وہ مرد اس لونڈی کی مثل دیدے۔

6215 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَأَلْتُ الْحَسَنَ عَنِ الرَّجُلِ يَقَعُ بِجَارِيَةِ امْرَأَتِهِ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنِي قَبِيصَةُ بْنُ حُرَيْثٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَزَالُ يُسَافِرُ وَيَغْزُو، وَإِنَّ امْرَأَتَهُ بَعَثَتْ مَعَهُ جَارِيَةً لَهَا ' قَالَتْ: تَغْسِلُ رَأْسَكَ، وَتَخْدِمُكَ، وَتَحْفَظُ رَحْلَكَ، وَلَمْ تَجْعَلْهَا لَهُ، وَإِنَّهُ طَالَ سَفَرُهُ فِي وَجْهِهِ ذَلِكَ، فَوَقَعَ بِالْجَارِيَةِ، فَلَمَّا قَفَلَ أَخْبَرَتِ الْجَارِيَةُ مَوْلَاتَهَا بِذَلِكَ، فَغَارَتْ غَيْرَةً شَدِيدَةً، وَغَضِبَتْ، فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرَتْهُ بِالَّذِي صَنَعَ، فَقَالَ لَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ عَتِيقَةٌ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَ أَتَاهَا عَنْ طِيبَةِ نَفْسٍ فَهِيَ لَهُ، وَعَلَيْهِ مِثْلُ ثَمَنِهَا وَلَمْ يُقِمْ فِيهِ حَدًّا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں ایک آدمی تھا وہ ہمیشہ سفر اور جہاد کرتا رہتا تھا' اس کی بیوی نے اُسکے ساتھ اپنی لونڈی بھیجی کہ تُو اسکے سر کو دھونا اور اس کی خدمت کرنا اور اس کی سواری کی حفاظت کرنا لیکن لونڈی ملکیت میں نہیں دی' جب اس کا سفر لمبا ہو گیا تو اس نے لونڈی سے جماع کیا' واپسی پر لونڈی نے اپنی مالکہ کو بتایا تو اُس نے سخت غصہ کا اظہار کیا' وہ حضور ﷺ کے پاس آئی' اس نے بتایا کہ اس کے خاوند نے جو کام کیا' حضور ﷺ نے اسے کہا: اگر یہ لونڈی ناپسند کرتی تھی تو یہ آزاد ہے' اس بندے کے ذمہ ہے کہ اس کی مثل لونڈی دینا لازم ہے' اور اگر خوش تھی تو یہ لونڈی اسکے بندہ کے لیے ہے اور اس بندہ کے ذمہ میں اس کی مثل لونڈی اپنی بیوی کو دینا لازم ہے' اس میں حد مقرر نہیں کی گئی۔

6216 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

حضرت سلمہ بن محبق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے' ایک لٹکی ہوئی مشک کے پاس آئے' اس سے پانی نوش کیا' آپ سے عرض کی گئی: یہ مردہ

6216- أحمد في مسنده جلد3صفحه476 .

الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ، فَأَتَى عَلَى قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ، فَاسْتَقَى، فَقِيلَ: إِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ: ذَكَاةُ الْأَدِيمِ دِبَاغُهُ

جانور کا ہے؟ آپ نے فرمایا: مردار کے چمڑے کو دباغت دی جائے تو وہ پاک ہوجاتا ہے۔

6217 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى امْرَأَةً فَاسْتَسْقَى، فَأُتِيَ بِقِرْبَةٍ، فَشَرِبَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهَا مَيْتَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِبَاغُ الْأَدِيمِ طَهُورُهُ

حضرت سلمہ بن محبق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے ایک مشک آپ کے پاس لائی گئی اس سے پانی نوش کیا آپ سے عرض کی گئی: یہ مردہ جانور کا ہے؟ آپ نے فرمایا: مردار کے چمڑے کو دباغت دی جائے تو وہ پاک ہوجاتا ہے۔

6218 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ دَعَا بِمَاءٍ مِنْ عِنْدِ امْرَأَةٍ، فَقَالَتْ: مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ فِي قِرْبَةٍ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ دَبَغْتِهَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَقَالَ: إِنَّ ذَكَاتَهَا دِبَاغَتُهَا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک میں تھے آپ نے ایک عورت کے پاس سے پانی مانگا اس نے عرض کی: میرے پاس پانی مردار کے چمڑے میں ہے آپ نے فرمایا: کیا تُو نے دباغت دی ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اس کو دباغت دینا اس کی پاکی ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ اس میں راوی حدیث جون بن قتادہ کا ذکر نہیں ہے۔

6218- احمد في مسنده جلد5صفحه6 .

الْمُحَبِّقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ جَوْنَ بْنَ قَتَادَةَ

6219 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ الْهُجَيْمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ سَافَرَ، فَأَرْسَلَتْ مَعَهُ امْرَأَتُهُ بِجَارِيَةٍ لَهَا، فَغَشَاهَا، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ بِذَلِكَ، فَقَالَ: إِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهُ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قریش سے ایک آدمی نے سفر کیا' اس کے ساتھ اس کی بیوی کی لونڈی تھی' اُس نے اس لونڈی سے جماع کیا' جب حضورﷺ کے پاس آئے تو اس لونڈی نے بتایا' آپ نے فرمایا: اگر یہ راضی تھی تو یہ اُس کے لیے ہے' اور اس پر لازم ہے کہ وہ اپنی بیوی کو اس کی مثل لونڈی دے' اگر ناپسند کرتی ہے تو یہ آزاد ہے' اس خاوند کے ذمہ اسی کی مثل لونڈی واجب ہے۔

6220 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ سَعْوَةَ الرَّاسِبِيِّ، عَنْ سِنَانَ بْنِ سَلَمَةَ الْهُذَلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ قَدْ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ بَعَثَ بِبَدَنَتَيْنِ مَعَ رَجُلٍ، فَقَالَ: أَشْعِرْهُمَا مِنْ مَنْحَرِهِمَا، ثُمَّ اغْمِزِ النَّعْلَ فِي دِمَائِهِمَا، ثُمَّ اضْرِبْ بِهَا صَفْحَتَهُمَا، حَتَّى يُعْلَمَ أَنَّهُمَا بَدَنَتَانِ

حضرت سلمہ ہذلی سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ' رسول اللہﷺ کے صحابی' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے دو قربانی کے اونٹ ایک آدمی کے ساتھ بھیجے' آپ نے فرمایا: دونوں کو نشان لگانا' ان کے نحر کی جگہ' پھر جوتا خون میں ڈبو کر اس سے ان پر نشان لگانا' یہاں تک کہ یہ معلوم ہو کہ قربانیاں ہیں۔

6221 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ الْحَرْبِ الْعَدَوِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، أنا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ خیبر کے دن ایسی ہنڈیا کے پاس سے گزرے' جس میں پالتو گدھوں کا گوشت تھا' آپ نے

الْحَنَفِيِّ، عَنْ سِنَانَ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مَرَّ يَوْمَ خَيْبَرَ بِقُدُورٍ فِيهَا لُحُومٌ مِنْ حُمُرِ النَّاسِ، فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ

اس کو بہا دینے کا حکم دیا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيُّ

حضرت سلمہ بن نعیم اشجعی رضی اللہ عنہ

6222 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا كِنَانَةُ بْنُ جَبَلَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سلمہ بن نعیم اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

6223 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شَاذَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سلمہ بن نعیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الہ الا اللہ پڑھا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

سَلَمَةُ أَبُو عَمْرِو بْنُ سَلَمَةَ الْجَرْمِيُّ

حضرت سلمہ ابو عمرو بن سلمہ جرمی رضی اللہ عنہ

6224 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابو یزید عمرو بن سلمہ جرمی فرماتے ہیں: ہم

6222- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 94، رقم الحديث: 93 . وكذلك البخاري جلد 1 صفحه 417، رقم الحديث: 1181 .

عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَلَمَةَ أَبُو يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: كُنَّا بِحَضْرَةِ مَاءٍ مَمَرِّ النَّاسِ، فَكُنَّا نَسْأَلُهُمْ: مَا هَذَا الْأَمْرُ؟ فَيَقُولُونَ: رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَّ اللَّهَ أَرْسَلَهُ، وَأَنَّ اللَّهَ أَوْحَى إِلَيْهِ كَذَا وَكَذَا، فَجَعَلْتُ لَا أَسْمَعُ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ إِلَّا حَفِظْتُهُ، كَأَنَّمَا يُغْرَى فِي صَدْرِي بِغِرَاءٍ، حَتَّى جَمَعْتُ مِنْهُ قُرْآنًا كَثِيرًا، قَالَ: فَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمُ بِإِسْلَامِهَا الْفَتْحَ، وَيَقُولُونَ: انْظُرُوا، فَإِنْ ظَهَرَهُ عَلَيْهِمْ فَهُوَ صَادِقٌ، وَهُوَ نَبِيٌّ، فَلَمَّا جَاءَتْنَا وَقْعَةُ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِإِسْلَامِ قَوْمِهِمْ، فَانْطَلَقَ أَبِي بِإِسْلَامِ أَهْلِ حِوَائِنَا ذَلِكَ، فَأَقَامَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يُقِيمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ، فَلَمَّا دَنَا مِنَّا تَلَقَّيْنَاهُ، فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ قَالَ: جِئْتُكُمْ وَاللَّهِ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ يَأْمُرُكُمْ بِكَذَا وَكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا وَكَذَا، وَأَنْ تُصَلُّوا صَلَاةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا قَالَ: فَنَظَرُوا إِلَى أَهْلِ حِوَائِنَا فَمَا وَجَدُوا أَحَدًا أَكْثَرَ مِنِّي قُرْآنًا لِلَّذِي كُنْتُ أَحْفَظُ مِنَ الرُّكْبَانِ، فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ، فَكُنْتُ أُصَلِّي بِهِمْ، وَأَنَا ابْنُ سِتِّ سِنِينَ، قَالَ: فَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ، كُنْتُ إِذَا سَجَدْتُ تَقَلَّصَتْ عَنِّي، قَالَ: فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ: أَلَا تُغَطُّوا عَنَّا اسْتَ

لوگوں کی گزرگاہ کے پانی کے پاس تھے پس ان سے سوال کیا کرتے تھے کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ پس وہ بولا کرتے تھے: ایک آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا رسول بنایا ہے اور اس اس طرح اس نے ان پر وحی کی ہے پس میں نے سنی ہوئی ہر بات کو یاد کرنا شروع کر دیا گویا میرے سینے میں اس کی شوق ڈال دی گئی ہے حتیٰ کہ اس سے میں نے قرآن کا کثیر حصہ اکٹھا کر لیا عرب لوگ فتح تک اسلام لانے میں توقف سے کام لے رہے تھے۔ کہتے تھے: ابھی انتظار کرو پس اگر وہ ان پر غالب آ جائیں تو سچے ہیں اور نبی (برحق) ہیں۔ پس جب واقعۂ فتح کا وقت آیا تو ہر قوم نے اسلام لانے میں جلدی کی پس جب ہمارے پاس کے گھروں والے اسلام لائے تو میرے باپ بھی چلے پس جا کر نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقیم ہو گئے جتنا اللہ نے چاہا کہ وہ مقیم ہوں پھر آئے پس جب وہ ہمارے قریب پہنچے تو ہم ان سے ملے پس جب ہم نے ان کو دیکھا تو انہوں نے کہا: میں تمہارے پاس قسم بخدا رسول کریم ﷺ کے پاس سے آیا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: پھر کہا کہ وہ تمہیں فلاں فلاں چیز کا حکم دیتے ہیں فلاں فلاں چیز سے منع کرتے ہیں اور یہ کہ تم فلاں فلاں وقت میں نماز پڑھو پس جب نماز کا وقت ہو جائے تو تم میں سے ایک اذان دے اور تمہاری امامت تم میں سے وہ آدمی کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ راوی کا بیان ہے: پس انہوں نے ہمارے

قَارِئُكُمْ قَالَ: فَكَسَوْنِي قَمِيصًا مِنْ مَعْقِدِ الْبَحْرَيْنِ، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ أَشَدَّ مِنْ فَرَحِي بِذَلِكَ الْقَمِيصِ

قریب کے تمام گھر والوں کو دیکھا تو انہوں نے کسی ایک کو نہ پایا جو مجھ سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا اس وجہ سے کہ میں سواروں سے سن کر قرآن حفظ کیا کرتا تھا۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے ہی آگے کیا' پس میں ان کو نماز پڑھایا کرتا تھا حالانکہ میری عمر چھ سال تھی۔ فرماتے ہیں: پس میرے اوپر صرف ایک ہی چادر ہوا کرتی تھی' جب میں سجدہ کرتا' وہ مجھ سے اُتر یا سمٹ جاتی تھی۔ فرماتے ہیں: قبیلے کی ایک عورت نے کہا: تم اپنے امام کے سرین ہم سے چھپا کیوں نہیں لیتے۔ فرماتے ہیں: پس انہوں نے مجھے ایک قمیص پہنائی جو بحرین کی بُنی ہوئی تھی۔ پس میں (زندگی میں) کسی شی سے اتنا خوش نہیں ہوا جتنا میں اس قمیص کے ملنے سے خوش ہوا۔

6225 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ سَلَمَةَ قَالَ: كُنَّا بِحَاضِرٍ يَمُرُّ بِنَا مَنْ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانُوا يَقُولُونَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا، وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا، فَحَفِظْتُ مِنْ ذَلِكَ قُرْآنًا كَثِيرًا، فَانْطَلَقَ أَبِي وَافِدًا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ، فَعَلَّمَهُمُ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: لِيَؤُمَّكُمْ أَقْرَؤُكُمْ، قَالَ: فَكُنْتُ أَقْرَأَهُمْ لِمَا كُنْتُ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: ہم شہر کے قریب رہتے تھے' ہمارے پاس سے وہ لوگ گزرتے تھے جو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آتے تھے' پس وہ کہا کرتے تھے: رسول کریم ﷺ نے یہ کہا اور رسول کریم ﷺ نے یہ کہا۔ پس میں نے ان سے سن سن کر بہت سا قرآن حفظ کرلیا۔ پس میرے والد گرامی وفد بنا کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں گئے' اپنی قوم کے ایک گروہ میں تو نبی کریم ﷺ نے ان کو نماز سکھائی اور فرمایا: تمہارا امام وہ بنے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ فرماتے ہیں: پس میں ہی سب سے زیادہ قرآن

6225- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد1صفحه150' رقم الحديث: 585 .

أَحْفَظُ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ، وَعَلَيَّ بُرْدَةٌ، إِذَا سَجَدْتُ تَكَشَّفَتْ عَنِّي، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَارُوا عَنَّا عَوْرَةَ قَارِئِكُمْ، فَاشْتَرَوْا لِي قَمِيصًا عُمَانِيًّا، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ مَا فَرِحْتُ بِهِ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ، وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ، أَوْ ثَمَانِ سِنِينَ

پڑھا ہوا تھا۔ اس وجہ سے کہ میں حفظ کیا کرتا تھا۔ پس میں ان کی امامت کروایا کرتا تھا جبکہ میرے اوپر صرف ایک ہی چادر تھی، پس جب میں سجدہ کرتا تو بے پردہ ہو جاتا تھا۔ پس قوم کی ایک عورت نے کہا: اپنے امام کی شرمگاہ کو ہم سے چھپاؤ۔ پس لوگوں نے میرے لیے عمانی قمیص خریدی، اسلام لانے کے بعد مجھے کسی شی سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی اس سے ہوئی، پس میں ان کی امامت کرواتا تھا جبکہ میری عمر صرف سات یا آٹھ سال تھی۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنَّا عَلَى حَاضِرِ مَاءٍ، مَمَرِّ النَّاسِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت معاذ بن مثنیٰ نے ہمیں حدیث سنائی، مسدد نے اسماعیل بن ابراہیم ایوب نے ہمیں حدیث سنائی، انہوں نے عمرو بن سلمہ سے روایت کی۔ فرماتے ہیں: ہم پانی کے پاس ہوا کرتے تھے، وہ لوگوں کی گزرگاہ تھی، اس کے بعد اس جیسی حدیث ذکر کی۔

6226 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا بِحَاضِرِ مَاءٍ عَظِيمٍ عَلَى ظَهْرِ الطَّرِيقِ، فَيَأْتِينَا الرُّكْبَانُ، فَنَسْأَلُهُمْ: مَا يَقُولُ هَذَا الرَّجُلُ؟ يَعْنُونَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُونَ: يَقُولُ كَذَا، وَيَأْمُرُهُمْ بِكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا، وَأَنَا غُلَامٌ ابْنُ سِتِّ سِنِينَ، لَا أَسْمَعُ شَيْئًا إِلَّا كَأَنَّمَا كُتِبَ فِي قَلْبِي، وَكَانَ

حضرت عمرو بن سلمہ نے اپنے والد گرامی سے روایت کیا، وہ فرماتے ہیں: ہم بہت بڑے پانی پر بالکل راستے کے قریب ہوا کرتے تھے، پس ہمارے پاس اونٹوں کے قافلے آتے تھے، پس ہم ان سے سوال کرتے تھے، یہ آدمی (نبی ﷺ) کیا فرماتے ہیں؟ هذا الرجل سے وہ نبی کریم ﷺ ہی مراد لیتے تھے، پس وہ کہتے: وہ یہ بات کہتا ہے، وہ ان لوگوں کو یہ حکم دیتا ہے اور تمہیں اس بات سے منع کرتا ہے۔ میں چھ سال کا لڑکا تھا جو چیز بھی سنتا تھا تو وہ میرے دل میں نقش ہو جاتی

6226- اخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1564، رقم الحديث: 4051 .

النَّاسُ يَقُولُونَ: انْظُرُوا مَا يَصْنَعُ قَوْمُ الرَّجُلِ، فَلَمَّا فُتِحَتْ مَكَّةُ بَعَثَ النَّاسُ وُفُودَهُمْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبِي وَافِدَ قَوْمِهِ، فَأَتَاهُمْ، فَقَالَ: أَتَيْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ يَأْمُرُكُمْ بِكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا، وَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا فَنَظَرُوا فَلَمْ يَجِدُوا أَكْثَرَ قُرْآنًا مِنِّي، فَقَدَّمُونِي فَصَلَّيْتُ بِهِمْ، عَلَيَّ بُرْدَةٌ لِي، أَوْ شَمْلَةٌ لِي، فَقَالَتْ عَجُوزٌ: أَلَا تُغَطُّونَ عَنَّا اسْتَ قَارِئِكُمْ؟ فَاشْتُرِيَ ثَوْبٌ مِنْ مَقْعَدَةِ الْبَحْرَيْنِ، فَقَطَعَتْهُ لِيَ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ قَمِيصًا، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ قَطُّ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحِي بِذَلِكَ الْقَمِيصِ

تھی۔ لوگوں کی زبان پر یہ بات تھی کہ ابھی انتظار کرو' دیکھو اس آدمی کی قوم اس کے ساتھ کیا کرتی ہے۔ پس جب مکہ فتح ہوا تو لوگوں نے رسول کریم ﷺ کی طرف اپنے وفد بھیجے اور میرے والد گرامی اپنی قوم کے وفد لے گئے' (اسلام قبول کیا' وہاں رہے) اس کے بعد لوگوں کے پاس آ کر کہا: میں اللہ کے رسول ﷺ کی طرف سے آیا ہوں' وہ تمہیں اس بات کا حکم دیتے ہیں' اس بات سے منع کرتے ہیں اور جب نماز کا وقت ہو جائے تو تمہاری امامت وہ کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ پس انہوں نے دیکھا تو انہوں نے مجھ سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا کسی کو نہ پایا۔ پس انہوں نے مجھے ہی آگے کر دیا۔ پس میں نے انہیں نماز پڑھائی' میرے اوپر میری ایک چادر تھی یا میرے لیے ایک شملہ تھا۔ پس ایک بڑھیا نے کہا: تم اپنے امام کی شرمگاہ تو ہم سے چھپا لو؟ پس میرے مقتدیوں نے بحرین کا بنا ہوا کپڑا خریدا' قبیلے کی ایک عورت نے اس کو کاٹ کر قمیص تیار کی' اسلام لانے کے بعد میں کسی شی سے اس قدر خوش نہیں ہوا جتنا اس قمیص سے ہوا۔

6227 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: جَاءَ نَفَرٌ مِنَ الْحَيِّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعُوهُ يَقُولُ: لِيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَأَنَا غُلَامٌ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ فِي بُرْدَةٍ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: میرے قبیلے کے کچھ لوگ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' پس انہوں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تمہاری امامت وہ کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے آگے کر دیا جبکہ میں ابھی لڑکا تھا' پس میں ایک چادر میں ان کی امامت

مَوْصُولَةٍ، فَكَانَ فِيهَا فَتْقٌ، فَكُنْتُ إِذَا سَجَدْتُ خَرَجَتِ اسْتِي، فَقَالُوا لِأَبِي: أَلَا تُغَطِّي عَنَّا اسْتَهُ؟ وَكُنْتُ أُرَغِّبُهُمْ فِي تَعْلِيمِ الْقُرْآنِ قَالَ زُهَيْرٌ: فَلَمْ يَزَلْ إِمَامَ قَوْمِهِ فِي الصَّلَاةِ ' وَعَلَى جَنَائِزِهِمْ

کرواتا تھا جو مجھے حاصل تھا' پس وہ بہت تنگ تھی' پس جب میں سجدہ کرتا تھا تو میں بے پردہ ہو جاتا تھا' پس لوگوں نے میرے والد گرامی سے فرمایا: ہم سے اس کی شرمگاہ کیوں نہیں ڈھانپ کر رکھتے؟ جبکہ میں ان کو قرآن کا علم حاصل کرنے کی ترغیب دلایا کرتا تھا۔ حضرت زہیر فرماتے ہیں: وقتی نماز اور نماز جنازہ میں وہ مسلسل اپنی قوم کے امام رہے۔

سلمة ابو عمرو بن سلمة الجرمي

6228 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي مِسْعَرٌ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، وَأُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَسْلَمَ النَّاسُ، وَتَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، وَقَضَوْا حَوَائِجَهُمْ، ثُمَّ سَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُصَلِّي بِنَا؟ أَوْ مَنْ يُصَلِّي لَنَا؟ قَالَ: يُصَلِّي بِكُمْ ' أَوْ يُصَلِّي لَكُمْ أَكْثَرُكُمْ أَخْذًا، أَوْ قَالَ: أَكْثَرُكُمْ جَمْعًا لِلْقُرْآنِ ، فَرَجَعُوا إِلَى قَوْمِهِمْ، فَسَأَلُوهُمْ، فَلَمْ يَجِدُوا أَحَدًا جَمَعَ أَكْثَرَ مِمَّا جَمَعْتُ، وَأَنَا غُلَامٌ عَلَيَّ شَمْلَةٌ، فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ، فَصَلَّيْتُ بِهِمْ، أَوْ قَالَ: فَصَلَّيْتُ لَهُمْ ' فَلَمْ أَزَلْ إِمَامَ جَرْمٍ إِلَى يَوْمِي هَذَا وَكَانَ يَؤُمُّهُمْ فِي مَسْجِدِهِمْ، وَيُصَلِّي عَلَى جَنَائِزِهِمْ

حضرت مسعر جرمی فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمرو بن سلمہ سے سنا کہ ان کے والد گرامی اور ان کی قوم کے چند آدمی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' جب لوگوں کی اکثریت نے اسلام قبول کیا' قرآن سیکھا اور اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد نبی کریم ﷺ سے سوال کیا: ہمیں نماز کون پڑھائے گا؟ یا کہا: ہمارے لیے نماز کون پڑھائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں نماز وہ پڑھائے جس نے قرآن زیادہ حاصل کیا یا جمع کیا ہو۔ پس وہ اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے تو اُنہوں نے ان سے پوچھا' پس انہوں نے کسی کو نہ پایا جس نے مجھ سے زیادہ قرآن جمع کیا ہو' حالانکہ میں لڑکا تھا' مجھ پر ایک کپڑا ہوتا تھا۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے آگے کیا تو میں نے ان کو نماز پڑھائی' یا راوی کا بیان ہے کہ میں نے ان کے لیے نماز پڑھائی۔ پس اس دن تک میں پکا امام ہوں اور وہ ان کو ان کی مسجد میں بھی نماز پڑھاتے اور ان کے جنازے بھی وہی پڑھاتے تھے۔

6229 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ كُنْتُ غُلَامًا، وَكُنْتُ أَتَلَقَّى الرُّكْبَانَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْتَقْرِئُهُمْ، فَأَخْبَرُونِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: میں لڑکا تھا' رسول کریم ﷺ کی طرف سے آنے والے قافلوں سے کچھ نہ کچھ حاصل کر لیا کرتا تھا' پس میں ان سے قرآن پڑھتا' پس انہوں نے ہی مجھے خبر دی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے: تم میں سے امام وہ بنے جس نے قرآن زیادہ پڑھا ہوا ہو' پس میں ان کی امامت کرواتا تھا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْلٍ السَّكُونِيُّ ثُمَّ التَّرَاغِمِيُّ

سلمہ بن نفیل السکونی تراغمی رضی اللہ عنہ

6230 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ سَأَلَهُ سَائِلٌ: هَلْ أُتِيتَ بِطَعَامٍ مِنَ السَّمَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ أُتِيتُ بِطَعَامٍ بِمِسْخَنَةٍ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا كَانَ فِيهَا مِنْ فَضْلٍ عَنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا فُعِلَ بِهِ؟ قَالَ: رُفِعَ إِلَى السَّمَاءِ، وَهُوَ يُوحَى إِلَيَّ أَنِّي غَيْرُ لَابِثٍ فِيكُمْ إِلَّا قَلِيلًا، ثُمَّ لَسْتُمْ لَابِثِينَ بَعْدِي إِلَّا قَلِيلًا، تَقُولُونَ: مَتَى مَتَى؟ ثُمَّ تَأْتُونَ أَفْنَادًا وَبَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مُوتَانٌ شَدِيدٌ، وَبَعْدَهُ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ اچانک آپ کے پاس ایک مانگنے والا آیا' اس نے کہا: کیا آپ کے پاس آسمان سے کھانا آتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میرے پاس دیگچی سمیت کھانا لایا گیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اس میں سے آپ کے پاس بچا ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: اس کے ساتھ کیا کیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: آسمان کی طرف اُٹھایا گیا ہے' میری طرف وحی کی جاتی ہے' میں تم میں تھوڑی دیر ٹھہرنے والا ہوں' تم میرے بعد تھوڑی دیر رہو گے' تم کہو گے کب کب؟ پھر آؤ گے گروہ در گروہ' قیامت سے پہلے سخت موت ہوگی' اس کے بعد زلزلوں کے کئی سال ہوں گے۔

6230- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه494' رقم الحديث: 8383 ۔

6231 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عَمِّهِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يُوحَى إِلَيَّ أَنِّي مَقْبُوضٌ غَيْرُ مُلَبَّثٍ، وَأَنَّكُمْ مُتَّبِعِيَّ أَفْنَادًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، وَلَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي نَاسٌ يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ، وَيُزِيغُ اللّٰهُ بِهِمْ قُلُوبَ أَقْوَامٍ، وَيَرْزُقُهُمُ اللّٰهُ مِنْهُمْ، حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَحَتَّى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: میری طرف وحی کی گئی ہے' میں تم سے جدا ہونے والا ہوں' تھوڑی دیر ٹھہرے بغیر' تم میرے بعد گروہ در گروہ آؤ گے' تم ایک دوسرے کی گردنیں اتارو گے' میری اُمت سے کچھ لوگ حق پر لڑتے رہیں گے' اللہ عزوجل ان سے لوگوں کے دلوں کو پھیر دے گا' اللہ عزوجل ان کو اُن سے رزق دے گا قیامت قائم ہونے تک اور اللہ کے وعدہ کے آنے تک۔

6232 - وَالْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَعُقْرُ دَارِ الْمُؤْمِنِينَ بِالشَّامِ

قیامت کے دن تک گھوڑوں کی پیشانی میں بھلائی لکھ دی گئی' مؤمنوں کے گھروں کی طاقت ملک شام میں ہوگی۔

6233 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَفْطَسُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْلٍ السَّكُونِيُّ، قَالَ: دَنَوْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى كَادَتْ رُكْبَتَايَ تَمَسَّانِ فَخِذَهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ

حضرت سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہﷺ کے قریب ہوا یہاں تک کہ میرے دونوں گھٹنے آپ کی ران کو چھونے لگے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! گھوڑے چھوڑ دیئے گئے اور اسلحہ ڈال دیا گیا ہے' لوگ گمان کرتے ہیں کہ جہاد نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: لوگ جھوٹ بولتے ہیں' اب جہاد آ گیا ہے' میری اُمت کے کچھ لوگ حق پر قائم رہیں گے' لوگوں پر غالب رہیں گے' اللہ عزوجل لوگوں کے دل پلٹے گا' وہ لڑیں گے تا کہ ان سے حصہ پائیں۔ اور

اللّٰهِ، تُرِكَتِ الْخَيْلُ، وَأُلْقِيَ السِّلَاحُ، وَزَعَمَ أَقْوَامٌ أَنْ لَا قِتَالَ فَقَالَ: كَذَبُوا، الْآنَ جَاءَ الْقِتَالُ، لَا تَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ عَلَى الْحَقِّ، ظَاهِرَةٌ عَلَى النَّاسِ، يُزِيغُ اللّٰهُ قُلُوبَ قَوْمٍ قَاتَلُوهُمْ لِيَنَالُوا مِنْهُمْ ، وَقَالَ وَهُوَ مُوَلٍّ ظَهْرَهُ إِلَى الْيَمَنِ: إِنِّي أَجِدُ نَفَسَ الرَّحْمَنِ مِنْ هَهُنَا، وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ مَكْفُوتٌ غَيْرُ مُلَبَّثٍ، وَتَتْبَعُونِي أَفْنَادًا

فرمایا: وہ گروہ یمن والوں میں غالب رہے گا' میں رحمٰن کی خوشبو یہاں سے پا رہا ہوں' مجھے وحی کی گئی ہے' میں تم میں تھوڑی دیر رہنے والا ہوں' تم میرے پیچھے لگا تار آ ؤ گے۔

6234 - وَالْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا

گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی ہی رہے گی' ان کے مالکوں کی مدد کی جائے گی۔

6235 - حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُقْرُ دَارِ الْإِسْلَامِ بِالشَّامِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کے گھر کی طاقت ملک شام میں ہوگی۔

6236 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنِي نَصْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ، يَرُدُّ الْحَدِيثَ إِلَى جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ الْخَيْلَ قَدْ سُيِّبَتْ، وَوُضِعَ السِّلَاحُ، وَزَعَمَ أَقْوَامٌ أَنْ لَا قِتَالَ، وَأَنْ قَدْ وَضَعَتِ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! گھوڑے باندھے گئے ہیں اور اسلحہ رکھا گیا' لوگ خیال کرتے ہیں کہ جہاد نہیں ہے' جنگ ختم ہو گئی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جھوٹ بولتے ہیں' ابھی جہاد آ رہا ہے' میری اُمت سے کچھ لوگ ہمیشہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے' ان کی مخالفت کرنے والا ان کا نقصان

6235- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه60 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبُوا، فَالْآنَ جَاءَ الْقِتَالُ، وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، يُزِيغُ اللّٰهُ قُلُوبَ قَوْمٍ لِيَرْزُقَهُمْ مِنْهُمْ، وَيُقَاتِلُونَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَلَا يَزَالُ الْخَيْلُ مَعْقُودًا فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَلَا تَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا، حَتَّى يَخْرُجَ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ

نہیں کرے گا' اللہ عزوجل لوگوں کے دل ان کی طرف پھیر دے گا تاکہ ان سے انہیں رزق دے' وہ قیامت کے قیام تک لڑیں گے' گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی ہی ہے' جہاد رہے گا یہاں تک کہ یاجوج ماجوج نکلے گی۔

سلمة بن نفيل السكوني ثم التراغمي

6237 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ يَحْيَى الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَاسِينُ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ الْحِمْصِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: جَاءَ شَابٌّ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَدَعْ سَيِّئَةً إِلَّا عَمِلَهَا، وَلَا خَطِيئَةً إِلَّا رَكِبَهَا، وَلَا أَشْرَفَ لَهُ سَهْمٌ فَمَا فَوْقَهُ إِلَّا اقْتَطَعَهُ بِيَمِينِهِ، وَمَنْ لَوْ قُسِّمَتْ خَطَايَاهُ عَلَى أَهْلِ الْمَدِينَةِ لَغَمَرَتْهُمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلَمْتَ؟ أَوْ: أَنْتَ مُسْلِمٌ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا، فَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ: اذْهَبْ، فَقَدْ بَدَّلَ اللّٰهُ سَيِّئَاتِكَ حَسَنَاتٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَغَدَرَاتِي وَفَجَرَاتِي؟ قَالَ: وَغَدَرَاتُكَ وَفَجَرَاتُكَ ثَلَاثًا فَوَلَّى

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک نوجوان آیا' حضور ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا' اپنے بلند آواز میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ جس نے کوئی بُرائی نہیں چھوڑی ہے اور گناہ کیا ہے اور بڑا گناہ کوئی بھی نہیں چھوڑا۔ وہ کیا اگر اس کی خطاؤں کو مدینہ والوں پر تقسیم کیا جائے' ان کو ڈھانپ لے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تُو اسلام لایا ہے' یا فرمایا: کیا تُو مسلمان ہے؟ اس نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! اللہ عزوجل تیرے سارے گناہ نیکیوں سے بدل دے گا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا دھوکہ اور میرے گناہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے دھوکے اور گناہ ختم ہوگئے' تین مرتبہ۔ وہ نوجوان چلا گیا' وہ پڑھ رہا تھا: اللہ بہت بڑا ہے' میں مسلسل اس سے سنتا رہا' وہ اللہ اکبر

6237- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 31 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفي اسناده ياسين الزيات يروى الموضوعات .

الشَّابُّ، وَهُوَ يَقُولُ: اللَّهُ أَكْبَرُ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْمَعُهُ يُكَبِّرُ، حَتَّى تَوَارَى عَنِّي، أَوْ خَفِيَ عَنِّي

پڑھ رہا تھا' حتیٰ کہ وہ مجھ سے چھپ گیا یا مجھ سے پوشیدہ ہو گیا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْعٍ' سَلَمَةُ بْنُ جَارِيَةَ، سَلَمَةُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيُّ

حضرت سلمہ بن نفیع' حضرت سلمہ بن جاریہ' حضرت سلمہ بن ہشام بن مغیرہ مخزومی رضی اللہ عنہ

6238 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَرَّ عَيَّاشُ بْنُ أَبِي رَبِيعَةَ وَسَلَمَةُ بْنُ هِشَامٍ وَالْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَيَّاشٌ وَسَلَمَةُ مُتَكَفِّلَانِ مُرْتَدِفَانِ عَلَى بَعِيرٍ، وَالْوَلِيدُ يَسُوقُ بِهِمَا، فَكَلِمَتْ إِصْبَعُ الْوَلِيدِ، فَقَالَ:

(البحر الرجز)

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دُمِيتِ ...وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا لَقِيتِ

فَعَلِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَخْرَجِهِمْ إِلَيْهِ وَشَأْنِهِمْ قَبْلَ أَنْ يَعْلَمَ النَّاسُ، فَصَلَّى الصُّبْحَ، فَرَكَعَ أَوَّلَ رَكْعَةٍ مِنْهُمَا، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ دَعَا لَهُمْ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ، اللَّهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللَّهُمَّ أَنْجِ

حضرت عبدالملک بن ابوبکر فرماتے ہیں کہ وہ عیاش بن ابوربیعہ اور سلمہ بن ہشام اور ولید بن ولید بن مغیرہ مشرکوں سے رسول اللہ ﷺ کی طرف آئے' عیاش اور سلمہ دونوں ضامن تھے' اونٹ پر ایک دوسرے کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے' ولید ان دونوں کو لے گیا' ولید کی انگلی زخمی ہوئی' اس نے کہا: ایک ہی انگلی اللہ کی راہ میں زخمی ہوئی ہے' تو اس نے کہا: تُو تو ایک انگلی ہی ہے جو زخمی ہوئی ہے اور جو تیرے ساتھ ہوا اللہ کی راہ میں ہوا۔ حضور ﷺ کو علم ہوا ان کی طرف نکلنے کا' ان کی شان کا لوگوں کو علم ہونے سے پہلے' حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی' آپ نے پہلی رکعت میں رکوع کیا' جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو آپ نے سجدہ کرنے سے پہلے دعا کی: اے اللہ! عیاش بن ابوربیعہ کو نجات دے' اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات دے' اے اللہ! ولید کو نجات دے' اے اللہ! کمزور ایمان والوں کو نجات دے' اے اللہ! قبیلہ مضر والوں پر سختی

6239- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3 صفحه1300' رقم الحديث: 1673 . وكذلك البخاري جلد 6 صفحه2526' رقم الحديث: 6497 .

الْوَلِيدَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينَ كَسِنِيّ يُوسُفَ

کر' ان پر ایسے ہی قحط سالی نازل کر جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں قحط سالی بھیجی تھی۔

سَلَمَةُ بْنُ أُمَيَّةَ أَخُو يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ الْجُمَحِيّ

حضرت سلمہ بن امیہ' یعلیٰ بن امیہ بن خلف جمحی رضی اللہ عنہ کے بھائی

6239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدُ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ عَمَّيْهِ يَعْلَى، وَسَلَمَةَ ابْنَيْ أُمَيَّةَ قَالَا: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَمَعَنَا صَاحِبٌ لَنَا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، فَقَاتَلَ رَجُلًا، فَعَضَّ الرَّجُلُ ذِرَاعَهُ، فَجَذَبَهَا مِنْ فِيهِ، فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَذَهَبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْأَلَهُ الْعَقْلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْطَلِقُ أَحَدُكُمْ إِلَى أَخِيهِ، فَيَعَضُّهُ عَضَّ الْفَحْلِ، أَوْ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ، ثُمَّ يَأْتِي لِيَسْأَلَ الْعَقْلَ؟ لَا حَقَّ لَهَا فَأَبْطَلَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمیر یعلیٰ اور سلمہ' اُمیہ کے بیٹے دونوں روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں نکلے' ہمارے ساتھ مکہ والوں کا ایک ساتھی تھا' ایک آدمی سے لڑا' اس آدمی نے اس کا ہاتھ کاٹا' اس کو مٹی میں ڈالا' اس کے آگے والے دانت گر گئے' وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا تاکہ دیت مانگے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے پاس جاتا ہے' اس کو جانور کی طرح کاٹتا ہے' پھر دیت مانگتا ہے' اس کے لیے کوئی حق نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی دیت باطل کردی۔

سَلَمَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَنَزِيُّ

حضرت سلمہ بن سعد عنزی رضی اللہ عنہ

6240 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ

حضرت سلمہ بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ'

بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْكَرَابِيسِيُّ الْمَعْرُوفُ بِشُعْبَةَ، وَكَانَ يُجَالِسُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِينِيِّ، ثنا حَفْصُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ شَيْبَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَجَمَاعَةٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ وَوَلَدِهِ، فَاسْتَأْذَنُوا عَلَيْهِ، فَدَخَلُوا، فَقَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ لَهُ: هَذَا وَفْدُ عَنَزَةَ، فَقَالَ: بَخٍ بَخٍ بَخٍ نِعْمَ الْحَيُّ عَنَزَةُ مَبْغِيٌّ عَلَيْهِمْ مَنْصُورُونَ، مَرْحَبًا بِقَوْمِ شُعَيْبٍ، وَأَخْتَانِ مُوسَى، سَلْ يَا سَلَمَةُ عَنْ حَاجَتِكَ، قَالَ: جِئْتُ أَسْأَلُكَ عَمَّا افْتَرَضْتَ عَلَيَّ فِي الْإِبِلِ وَالْغَنَمِ وَالْعَنْزِ، فَأَخْبَرَهُ، ثُمَّ جَلَسَ عِنْدَهُ قَرِيبًا، ثُمَّ اسْتَأْذَنَهُ فِي الِانْصِرَافِ، فَقَالَ لَهُ: انْصَرِفْ، فَمَا غَدَا أَنْ قَامَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ ارْزُقْ عَنَزَةَ كَفَافًا، لَا فَوْتًا وَلَا إِسْرَافًا

ان کے گھر والے اور ان کی اولاد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، آپ سے اجازت مانگی، آپ کے پاس حاضر ہوئے، آپ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ آپ سے عرض کی گئی: یہ قبیلہ عنزہ کا وفد ہے، آپ نے فرمایا: خوش آمدید! خوش آمدید! خوش آمدید! قبیلہ عنزہ والا بہتر قبیلہ ہے، ان پر بغاوت کی جائے گی، ان کی مدد کی جائے گی، قوم شعیب کو خوش آمدید اور موسیٰ کی دونوں بہنیں، اے سلمہ! اپنی ضرورت مانگو! حضرت سلمہ نے عرض کی: میں آپ کے پاس آیا ہوں، مجھ پر کیا فرض ہے؟ اونٹوں اور بکریوں اور گائیوں میں؟ آپ نے بتایا، پھر آپ کے قریب ہو کر بیٹھا، پھر آپ نے جانے کی اجازت مانگی، آپ نے فرمایا: جاؤ! کھڑا ہونے لگا تو آپ نے دعا کی: "اللّٰهم ارزق عنزة كفافًا الى آخره"۔

سَلَمَةُ الْخُزَاعِيُّ،

لَمْ يُخَرَّجْ

حضرت سلمہ الخزاعی رضی اللہ عنہ

ان سے کوئی حدیث روایت نہیں۔

مَنِ اسْمُهُ سَلَامَةُ

جن کا نام سلامہ ہے

سَلَامَةُ بْنُ قَيْصَرٍ الْحَضْرَمِيُّ

حضرت سلامہ بن قیصر حضرمی رضی اللہ عنہ

6241 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ،

حضرت سلامہ بن قیصر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6241- أورد نحوه أحمد جلد2صفحه526، رقم الحديث: 10820 .

ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالُوا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا زَبَّانُ بْنُ فَايِدٍ، عَنْ لَهِيعَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ رَبِيعَةَ الْحَضْرَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَامَةَ بْنَ قَيْصَرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ بُعْدَ غُرَابٍ طَارَ، وَهُوَ فَرْخٌ حَتَّى مَاتَ هَرَمًا

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے ایک روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے اتنا دور کر دے گا جتنا ایک کوا اُڑنا شروع کرے' اس حال میں کہ وہ ابھی انڈے سے نکلا ہو' اُڑتا رہے' اُڑتا رہے حتیٰ کہ وہ مرجائے اس حال میں کہ وہ بوڑھا ہوگیا ہو۔

مَنِ اسْمُهُ سَالِمٌ

سَالِمُ بْنُ عُبَيْدٍ الْأَشْجَعِيُّ

جس کا نام سالم ہے

حضرت سالم بن عبید اشجعی رضی اللہ عنہ

6242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ: عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ

حضرت نعیم بن ابو ہند فرماتے ہیں کہ حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ اصحابِ صفہ میں سے تھے۔

6243 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شُرَيْطٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: أُغْمِيَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سالم بن عبید فرماتے ہیں: حضور ﷺ کی مرضِ وصال میں آپ پر مدہوشی طاری ہوگئی' اس کے بعد آپ کو افاقہ ہوا تو فرمایا: نماز کا وقت ہوگیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: حضرت بلال کو اذان دینے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: هَلْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ائْتُونِي بِإِنْسَانٍ أَعْتَمِدُ عَلَيْهِ، فَجَاءَ بُرَيْدَةُ وَإِنْسَانٌ آخَرُ، فَاعْتَمَدَ عَلَيْهِمَا، فَأَتَى الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَائِمٌ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَذَهَبَ أَبُو بَكْرٍ يَتَنَحَّى، فَمَنَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُجْلِسَ إِلَى جَنْبِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَقُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا أَسْمَعُ رَجُلًا يَقُولُ: مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ، فَأَخَذَ بِذِرَاعِي، فَاعْتَمَدَ عَلَيَّ، وَقَامَ يَمْشِي حَتَّى جِئْنَا، قَالَ: أَوْسِعُوا، فَأَوْسَعُوا لَهُ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ، وَمَسَّهُ، وَقَالَ: (إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ) (الزمر: 30) قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا

کا حکم دو اور حضرت ابوبکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں تو وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر آپ ﷺ پر مدہوشی طاری ہوئی' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! فرمایا: بلال کو کہو کہ اذان دے اور ابوبکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل آدمی ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں کہ وہ نماز پڑھائے۔ پھر آپ ﷺ مدہوش ہوئے' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز قائم ہو گئی؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: مجھے سہارا دینے والا کوئی آدمی لے آؤ۔ پس حضرت بریدہ اور ایک دوسرا آدمی آیا' پس آپ ﷺ ان دونوں پر سہارا لے کر مسجد میں تشریف لائے' پس آپ ﷺ (مسجد میں) داخل ہوئے جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنا شروع کر دیا' پس رسول کریم ﷺ نے ان کو روکا' پس رسول کریم ﷺ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا گیا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو گئے پس رسول کریم ﷺ نے وصال فرمایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: میں ایسے آدمی کی بات سننے کا سزاوار نہیں جو کہے: رسول کریم ﷺ فوت ہو گئے ہیں ورنہ میں اس کی گردن اتار دوں گا۔ پس انہوں نے

قَالَ، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَنُصَلِّي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْهِ؟ قَالَ: يَدْخُلُ قَوْمٌ فَيُكَبِّرُونَ، وَيَدْعُونَ وَيُصَلُّونَ، ثُمَّ يَنْصَرِفُونَ، وَيَجِيءُ آخَرُونَ، حَتَّى يَفْرُغُوا، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَيُدْفَنُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: وَأَيْنَ يُدْفَنُ؟ قَالَ: حَيْثُ قُبِضَ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَمْ يَقْبِضْهُ إِلَّا فِي بُقْعَةٍ طَيِّبَةٍ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: عِنْدَكُمْ صَاحِبُكُمْ، فَأَمَرَهُمْ يُغَسِّلُونَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ يَتَشَاوَرُونَ، فَقَالُوا: انْطَلِقُوا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَإِنَّ لَهُمْ فِي هَذَا الْأَمْرِ نَصِيبًا، فَانْطَلَقُوا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: مِنَّا أَمِيرٌ، وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ، فَأَخَذَ عُمَرُ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: أَخْبِرُونِي مَنْ لَهُ هَذِهِ الثَّلَاثَةُ: (ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ) (التوبة: 40)، مَنْ هُمَا؟ (إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ) (التوبة: 40) مَنْ صَاحِبُهُ؟ (إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا) (التوبة: 40) فَأَخَذَ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَضَرَبَ عَلَيْهَا، وَقَالَ لِلنَّاسِ: بَايِعُوهُ، فَبَايَعُوهُ بَيْعَةً حَسَنَةً جَمِيلَةً

میرے بازوؤں کو پکڑ کر مجھ پر سہارا لیا اور چلنا شروع کر دیا حتیٰ کہ ہم آئے' فرمایا: کھلے کھلے ہو جاؤ! انہوں ں نے ان کے لیے جگہ چھوڑی' پس آپ رسول کریم ﷺ پر جھک کر کھڑے ہوئے' آپ ﷺ کو ہاتھ لگایا اور کہا: ''انك ميت وانهم ميتون'' لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے پیارے صحابی! کیا رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! پس لوگوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح اُنہوں نے فرمایا۔ لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے صحابی! کیا آپ رسول کریم ﷺ پر نماز یا درود پڑھیں گے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! لوگوں نے عرض کی: کیسے پڑھیں گے؟ فرمایا: پہلے گروہ داخل ہوگا' پس وہ تکبیر کہہ کر دعا کریں گے اور درود پڑھیں' پھر واپس آ جائیں گے اور اس کے بعد دوسرا گروہ جائے گا یہاں تک کہ فارغ ہو جائیں۔ انہوں نے عرض کی: اے صحابیٔ رسول! کیا آپ رسول کریم ﷺ کو دفن بھی کریں گے؟ فرمایا: جی ہاں! انہوں نے عرض کی: کہاں دفن کریں گے؟ فرمایا: اسی جگہ جہاں آپ ﷺ کی روح قبض ہوئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نبی کی روح پاکیزہ ٹکڑے پر قبض فرماتا ہے' پس انہوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح آپ نے فرمایا۔ پھر آپ نے کھڑے ہو کر فرمایا: تمہارے پاس تمہارے صاحب ہیں۔ پس آپ نے ان کو غسل دینے کا حکم دیا اور تشریف لے گئے۔ مہاجر مشورہ کرنے

کیلئے جمع ہو گئے' پس انہوں نے کہا: پہلے اپنے انصاری بھائیوں کی طرف جاؤ کیونکہ اس معاملے میں وہ بھی حصہ دار ہیں۔ پس وہ گئے تو انصاریوں میں سے ایک آدمی نے کہا: ایک امیر ہم سے اور ایک امیر تم سے ہوگا' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: یہ لوگ مجھے بتائیں کہ اس کیلئے یہ تین کون ہیں؟ ''**ثانی اثنین اذ هما فی الغار**'' یہ دو کون ہیں؟ ''**اذ یقول لصاحبه لا تحزن**'' ان کا صاحب کون ہے؟ ''**ان الله معنا**'' پس انہوں نے حضرت ابوبکر کا ہاتھ پکڑا' اس پر ہاتھ مارا (بیعت کی) اور لوگوں سے فرمایا: تم سب اس کی بیعت کرو' پس ان کی بیعت کی' انتہائی خوبصورت اور جمیل بیعت تھی۔

6244 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ ' فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَى أُمِّكَ ثُمَّ قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ، فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ كَثِيرًا ' أَوِ الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ ' وَلْيَقُلْ مَنْ عِنْدَهُ: يَرْحَمُكَ اللهُ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِمْ: يَغْفِرُ اللهُ لِي وَلَكُمْ

حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ایک آدمی کو چھینک آئی' اس نے کہا: السلام علیکم! حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں کو سلام کر! پھر فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے: الحمد للہ رب العالمین کثیرا' یا الحمد للہ علیٰ کل حال' اس کے پاس والا اسکے جواب میں کہے: یرحمک اللہ! وہ اس کے جواب میں کہے: اللہ مجھے اور آپ کو بخشے۔

6245 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ

ایک آدمی سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سالم بن عبید کے ساتھ ایک سفر میں تھے' ایک

6244- الترمذی جلد**5**صفحہ**82**' رقم الحدیث: **2740** .

مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فِي سَفَرٍ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ لَهُ سَالِمُ بْنُ عُبَيْدٍ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ فِي نَفْسِكَ شَيْئًا مِمَّا قُلْتُ لَكَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ؟ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّكَ لَمْ تَذْكُرْ أُمِّي بِخَيْرٍ وَلَا بِشَرٍّ عِنْدَ النَّاسِ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّمَا قُلْتُ لَكَ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلْ لَهُ أَخُوهُ أَوْ صَاحِبُهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَيَقُولُ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ

آدمی کو چھینک آئی' اُس نے کہا: السلام علیکم! حضرت سالم بن عبید نے اسے کہا: تجھ پر اور تیری والدہ پر! پھر فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے دل میں کوئی ناراضگی والی بات پائی ہو' جو میں نے آپ کو کہی ہے' تیرے اوپر اور تیری ماں پر؟ انہوں نے کہا: میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ تُو میری ماں کا ذکر نہ کر' نہ خیر کے ساتھ اور نہ ہی شر کے ساتھ۔ پس حضرت سالم نے ان سے کہا: میں نے آپ کو صرف وہی بات کی ہے جو رسول کریم ﷺ نے فرمائی ہے۔ پس ایک آدمی کو چھینک آئی تو اس نے السلام علیکم کہا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تجھ پر اور تیری ماں پر۔ اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہیے کہ وہ الحمد للہ علیٰ کل حال کہے' اس کا بھائی یا اس کا ساتھی یرحمک اللہ کہے اور وہ کہے: یغفر اللہ لنا ولکم۔

سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

شَهِدَ بَدْرًا، وَاسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ

آپ بدر میں شریک ہوئے اور جنگ یمامہ میں شہید ہوئے' اللہ آپ پر رحمت کرے۔

مِنْ أَخْبَارِ سَالِمٍ وَوَفَاتِهِ

حضرت سالم کی حدیثیں اور آپ کی وفات کے متعلق

6246 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی عبد شمس بن عبد مناف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن

أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم کا بھی ہے۔

6247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید ہوئے تھے۔

6248 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أنا نَافِعٌ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَحِمَهُ اللَّهُ يَقُولُ: كَانَ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ يَؤُمُّ الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْأَنْصَارَ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ، فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَأَبُو سَلَمَةَ، وَزَيْدٌ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ

6304 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، أنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، وَمَعَهُ حَسَنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ تَمْرَةً، فَوَضَعَهَا فِي فِيهِ، فَأَدْخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِصْبَعَهُ، فَأَخْرَجَهَا مِنْ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے' آپ کے ساتھ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تھے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور لی اور اس کو اپنے منہ میں ڈالا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگلی مبارک اُن کے منہ میں داخل کی اور اس کھجور کو منہ سے نکالا' پھر فرمایا: ہم اہل بیت کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

6305 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ فِي الْأَرَاكِ، فَدَخَلْنَا فَأَخَذْنَاهُ، فَجَعَلَ الْمُسْلِمُونَ يَجِيئُونَهُ، يُخْفُونَ سُيُوفَهُمْ، حَتَّى جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ قَدْ جِئْتُكُمْ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم فتح مکہ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: ابوسفیان اراک میں ہے' ہم داخل ہوئے اور اسے پکڑا' مسلمان اس کو لائے' اس پر اپنی تلواریں سونتنے لگے' اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائے' آپ نے فرمایا: اے ابوسفیان! تیرے لیے ہلاکت! تُو دنیا اور آخرت کے ساتھ آیا' مسلمان ہو جا' بچ جائے گا۔ حضرت عباس' ابوسفیان کے دوست تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوسفیان آپ کی آواز کو پسند

بِالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَأَسْلِمُوا تَسْلَمُوا، وَكَانَ الْعَبَّاسُ لَهُ صَدِيقًا، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ الصَّوْتَ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُنَادِي بِمَكَّةَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، ثُمَّ بَعَثَ مَعَهُ الْعَبَّاسَ حَتَّى جَلَسَا عَلَى عَقَبَةِ الثَّنِيَّةِ، فَأَقْبَلَتْ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذِهِ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: وَمَا أَنَا وَسَلِيمٌ؟ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالْمُهَاجِرُونَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فِي الْمُهَاجِرِينَ، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: لَقَدْ رَأَيْتَ مُلْكَ كِسْرَى وَقَيْصَرَ، فَمَا رَأَيْتُ مِثْلَ مُلْكِ ابْنِ أَخِيكَ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: إِنَّمَا هِيَ النُّبُوَّةُ

کرتا ہے۔ حضور ﷺ نے مکہ میں اعلان کرنے والا بھیجا کہ جو اپنا دروازہ بند کرے وہ امان والا ہے جس نے اسلحہ ڈال دیا وہ امان والا ہے جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا وہ امان والا ہے۔ پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ساتھ بھیجا دونوں عقبہ ثنیہ پر بیٹھے اس کے بعد بنوسلم آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ کہا: قبیلہ بنوسلیم ہے۔ پس کہا: کیا میں اور سلیم ایک ہیں؟ پھر حضرت علی بن ابوطالب اور دیگر مہاجرین آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون لوگ ہیں؟ جواب دیا: یہ علی بن ابوطالب ہیں جو مہاجرین کے ساتھ مل کر آئے ہیں۔ پھر رسول کریم ﷺ انصار کے گروہ میں آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ جواب دیا: یہ سرخ موت ہیں یہ انصار میں رسول کریم ﷺ ہیں۔ پس حضرت ابوسفیان نے کہا: تحقیق تُو نے کسریٰ اور قیصر کے بادشاہ دیکھے ہیں پس میں نے تیرے بھائی کے ملک جیسا ملک نہیں دیکھا ہے۔ پس حضرت عباس نے فرمایا: (یہ بادشاہی نہیں) یہ نبوت ہے۔

6306 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَأَصَابَنَا عَطَشٌ شَدِيدٌ، فَشَكَوْنَا ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں تھے ہمیں سخت پیاس لگی ہم نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق عرض کی آپ نے فرمایا: کیا کسی کے برتن میں کوئی شی بچی ہوئی ہے؟ ایک آدمی بچا ہوا پانی لایا حضور ﷺ نے زمین میں گڑھا کھودا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ فَضْلَةُ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ؟ فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِفَضْلَةِ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَحَفَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَرْضِ حُفْرَةً، وَضَعَ عَلَيْهَا نِطَعًا، وَوَضَعَ كَفَّهُ عَلَى الْأَرْضِ، ثُمَّ قَالَ لِصَاحِبِ الْإِدَاوَةِ: صُبِّ الْمَاءَ عَلَى كَفِّي، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَفَعَلَ، قَالَ أَبُو لَيْلَى: قَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَوَى الْقَوْمُ، وَسُقُوا كُلُّهُمْ

اس پر چمڑے کا ٹکڑا رکھا اور زمین پر اپنی ہتھیلی رکھی' پھر برتن کے مالک سے کہا: میری ہتھیلی پر سے پانی ڈال اور اللہ کے نام کا ذکر کر۔ اس نے ایسے ہی کیا۔ حضرت ابولیلیٰ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ نکلتے دیکھا' پھر لوگوں نے سیر ہو کر پیا۔

أَبُو فَرْوَةَ مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

حضرت ابوفروہ مسلم بن سالم جہنی' حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6307 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَدَعَا عَلِيًّا، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہو گا' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور آپ کو جھنڈا دیا۔

أَبُو فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

ابوفزارہ' حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6308 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے

عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي قُبَّةٍ مِنْ خُوصٍ

ہیں کہ حضور ﷺ نے رمضان کے آخری عشرے میں ایک قبہ میں اعتکاف کیا۔

عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ

حضرت عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

6309 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ الْحَسَنَ أَوِ الْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَبَالَ، فَرَأَيْتُ بَوْلَهُ أَسَارِيعَ، فَوَثَبْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ: دَعُوا ابْنِي حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ، وَلَا تُفْزِعُوهُ حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ ثُمَّ أَتْبَعَهُ الْمَاءَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما دونوں حضور ﷺ کی گود میں تھے حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما نے پیشاب کرنا شروع کیا' میں نے دیکھا کہ پیشاب آپ پر گر رہا ہے' میں ان کو پکڑنے لگا تو حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بیٹے کو چھوڑ دو تاکہ پیشاب کر لے' پیشاب کرنے تک پریشان نہ کرو' پھر پانی مانگا' اس پر پانی ڈالا گیا۔

6310 - فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، فَأَخَذَ الْغُلَامُ تَمْرَةً، فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ، فَاسْتَخْرَجَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا

حضور ﷺ نے پانی بہانے کا حکم دیا' آپ صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور پکڑی اور اپنے منہ میں ڈالی' حضور ﷺ نے ان کے منہ سے نکال دی اور فرمایا: صدقہ ہمارے لیے حلال نہیں ہے۔

6311 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا وَكِيعٌ، ثنا ابْنُ أَبِي لَيْلَى،

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' حضرت امام حسن رضی اللہ

عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ جَدِّهِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْحَسَنُ يَحْبُو حَتَّى صَعِدَ عَلَى صَدْرِهِ، فَبَالَ عَلَيْهِ فَابْتَدَرْنَاهُ لِنَأْخُذَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنِي ابْنِي، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

عنہ تشریف لائے' آپ کے سینے پر چڑھے اور آپ کے سینۂ اطہر پر پیشاب کر دیا' ہم نے پکڑنے کے لیے جلدی کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ میرا لخت جگر ہے' یہ میرا لخت جگر ہے۔ پھر آپ نے پانی منگوایا اور اس پر ڈال دیا۔

6312 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، أَوِ الْحَكَمِ أَوْ كِلَيْهِمَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَأَى حَيَّةً، فَلَمْ يَقْتُلْهَا مَخَافَةَ طَلَبِهَا، فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سانپ دیکھا' اسے ڈرا کر نہ مارا تو اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجَدَلِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى

قیس بن مسلم جدلی' حضرت ابن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6313 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ غَنَمًا، فَجَعَلَ لِكُلِّ عَشَرَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ شَاةً، وَأَنَّهَا كَانَتْ نُهْبَةً قَالَ: وَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ غنیمت تقسیم کیا' دس افراد کو ایک بکری دی اور حضور ﷺ نے اس دن ہنڈیا کے متعلق حکم دیا تو انہیں گرا دیا گیا اور وہ خیبر کا دن تھا۔

بِالْقُدُورِ فَأُكْفِئَتْ، وَهُوَ يَوْمُ خَيْبَرَ

ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

ثابت البنانی' حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6314 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعٌ، وَحُمَيْدُ ابْنُ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّوَاسِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ لَيْسَتْ بِفَرِيضَةٍ، فَمَرَّ بِذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ، وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نفل نماز میں فرماتے ہوئے سنا: آپ نے دس آیات پڑھیں' جن میں دوزخ کا ذکر تھا' دس آیات پڑھیں' میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں دوزخ سے اور جہنم والوں کے لیے ہلاکت ہے۔ یہ الفاظ حضرت عثمان بن ابوشیبہ کے ہیں۔

6315 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ أَبُو لَيْلَى: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْحَيَّاتِ فِي الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُنَّ فِي مَسَاكِنِكُمْ فَقُولُوا: نُنْشِدُكُمْ بِعَهْدِ اللّٰهِ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نُنْشِدُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ أَنْ لَا تُؤْذُونَا، فَإِنْ عُدْنَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے سانپ کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: جب تم ان کو اپنے گھروں میں دیکھو تو کہو: ہم تمہیں اللہ کے عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم پر حضرت نوح نے لیا تھا اور اس عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم سے حضرت سلیمان نے لیا تھا کہ تم ہمیں تکلیف نہ دو گے پس اگر وہ لوٹ کر آئیں (یا گھر سے نہ جائیں) تو ان کا ماردو۔

فَاقْتُلُوهُنَّ

6316 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ حَيَّاتِ الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهُنَّ شَيْئًا فِي مَسَاكِنِكُمْ، فَقُولُوا: نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، فَإِنْ عُدْنَ فَاقْتُلُوهُنَّ

حضرت ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا' فرمایا: جب تم ان میں سے کوئی شی دیکھو اپنے گھروں میں تو کہو: تمہیں نوح وسلیمان کے لیے ہوئے عہد کی قسم (نکل جاؤ)۔ اگر لوٹ آئیں تو ان کو مار دو۔

عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى

حضرت عدی بن ثابت' حضرت ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6317 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى جَدِّ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي تَطَوُّعًا، فَمَرَّ بِآيَةٍ مِنْ ذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

حضرت علی بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نفل ادا کر رہے تھے' آپ اس آیت کو پڑھنے لگے جس میں جہنم کی آگ کا ذکر تھا' آپ نے فرمایا: دوزخ والوں کے لیے ہلاکت ہے' میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جہنم کی آگ سے۔

سُفْيَانُ بْنُ قَيْسِ بْنِ أَبَانَ الثَّقَفِيُّ

حضرت سفیان بن قیس بن ابان ثقفی رضی اللہ عنہ

6318 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ

حضرت امیمہ اپنی والدہ عقیقہ سے روایت کرتی

فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى بْنِ كَعْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمَيْمَةُ، عَنْ أُمِّهَا رُقَيْقَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهَا قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْتَغِي النَّصْرَ بِالطَّائِفِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَأَمَرَتْ لَهُ بِشَرَابٍ مِنْ سَوِيقٍ، فَشَرِبَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رُقَيْقَةُ لَا تَعْبُدِي طَاغِيَتَهُمْ، وَلَا تُصَلِّي لَهَا، قُلْتُ: إِذًا يَقْتُلُونِي، قَالَ: فَإِذَا قَالُوا لَكِ ذَلِكَ، فَقُولِي: رَبِّي رَبُّ هَذِهِ الطَّاغِيَةِ، فَإِذَا صَلَّيْتِ فَوَلِّهَا ظَهْرَكِ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِمْ، قَالَتْ بِنْتُ رُقَيْقَةَ: فَأَخْبَرَنِي أَخَوَايَ سُفْيَانُ، وَوَهْبٌ ابْنَا قَيْسِ بْنِ أَبَانَ قَالَا: لَمَّا أَسْلَمَ ثَقِيفٌ خَرَجْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَتْ أُمُّكُمَا؟ قُلْنَا: هَلَكَتْ فِي الْحَالِ الَّتِي تَرَكْتَهَا، فَقَالَ: لَقَدْ أَسْلَمَتْ أُمُّكُمَا إِذَنْ

ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ جب حضورﷺ آئے اور طائف والوں کے لیے مدد مانگی تو آپ ان کے گھر آئے' اُنہوں نے آپ کے لیے شہد کا پانی دینے کا حکم دیا' آپ کو دیا گیا' آپ نے نوش کیا' آپﷺ نے مجھے فرمایا: اے رقیقہ! تُو ان کے بتوں کی عبادت نہ کر' نہ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ۔ میں نے عرض کی: پھر تو وہ مجھے مار دے گا' آپ نے فرمایا: جو تجھے یہ کہیں تو کہنا کہ میرا رب وہ ہے جو اس بت کا رب ہے' جب نماز پڑھے تو اپنی پشت اس سے پھر لینا' پھر حضورﷺ ان کے پاس سے نکلے۔ بنت رقیقہ نے کہا: مجھے قیس بن ابان کے دونوں بیٹوں میرے دونوں بھائیوں سفیان اور وہب نے بتایا' دونوں نے کہا: جب قبیلہ ثقیف والے اسلام لائے تو ہم حضورﷺ کی طرف نکلے آپ نے فرمایا: تمہاری والدہ نے کیا کیا؟ ہم نے عرض کی: جس حالت پر آپ اس کو چھوڑ کر آئے تھے وہ اسی حالت پر گئی' آپﷺ نے فرمایا: پھر تو تمہاری والدہ مسلمان ہو چکی تھیں۔

مَنِ اسْمُهُ سَفِينَةُ

سَفِينَةُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَوَى مُحَمَّدُ بْنُ

جن کا نام سفینہ ہے

حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ ابو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ

وہ حدیثیں جو محمد بن منکدر' حضرت

الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَفِينَةَ

6319 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ حَدَّثَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، أَنَّ سَفِينَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَكِبْتُ الْبَحْرَ، فَانْكَسَرَتْ سَفِينَتِي الَّتِي كُنْتُ فِيهَا، فَرَكِبْتُ لَوْحًا مِنْ أَلْوَاحِهَا، فَطَرَحَنِي اللَّوْحُ فِي أَجَمَةٍ فِيهَا الْأَسَدُ، فَأَقْبَلَ يُرِيدُنِي، فَقُلْتُ: يَا أَبَا الْحَارِثِ، أَنَا مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَأْطَأَ رَأْسَهُ، وَأَقْبَلَ إِلَيَّ، فَدَفَعَنِي بِمَنْكِبِهِ حَتَّى أَخْرَجَنِي مِنَ الْأَجَمَةِ، وَوَضَعَنِي عَلَى الطَّرِيقِ، وَهَمْهَمَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوَدِّعُنِي، فَكَانَ ذَلِكَ آخِرَ عَهْدِي بِهِ

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَرَوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ، وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ

سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کشتی پر سوار ہو کر سمندر میں سفر کر رہا تھا' میں جس کشتی میں تھا وہ ٹوٹ گئی' میں اس کے تختوں سے ایک تختہ پر سوار ہوا' تختہ نے مجھے جنگل میں پھینکا' وہاں شیر تھا' شیر مجھے کھانے کے لیے آگے بڑھا' میں نے کہا: اے ابوحارث! (سن لے!) میں رسول اللہﷺ کا غلام ہوں۔ شیر نے اپنا سر ڈالا اور میری طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا: میرے اوپر سوار ہو! میں اس کے اوپر سوار ہوا' اُس نے مجھے اس جنگل سے نکالا اور مجھے راستہ پر ڈالا اور اشارہ کرنے لگے' میں نے کہا: یہ مجھے الوداع کر رہا ہے' یہ میری اس سے آخری ملاقات تھی۔

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں' لیکن اس حدیث کی سند میں محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کا ذکر نہیں ہے۔

عُمَرُ بْنُ سَفِينَةَ، عَنْ أَبِيهِ

6320 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عمر بن سفینہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت برید بن عمر بن سفینہ' رسول اللہﷺ سے

إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ بُرَيْهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِينَةَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: احْتَجَمَ، فَقَالَ: خُذْ هَذَا الدَّمَ، فَادْفِنْهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالطَّيْرِ وَالنَّاسِ فَتَغَيَّبْتُ فَشَرِبْتُهُ، ثُمَّ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَضَحِكَ وَاللَّفْظُ لِأَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ

غلام اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے پچھنا لگوایا' آپ نے فرمایا: یہ خون لو اور اسے ایسی جگہ دفن کرو جہاں جانوروں' پرندوں اور لوگوں کے پاؤں نہ لگیں۔ میں نے اس کو اس طرح غائب کیا کہ آپ کا خون اطہر نوش کر لیا' پھر میں نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں ذکر کیا تو آپ مسکرائے۔ یہ الفاظ احمد بن صالح کے ہیں۔

6321 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ بُرَيْهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِينَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارَى

حضرت برید بن عمر بن سفینہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سرخاب ایک پرندہ کا گوشت کھایا۔

ثَابِتٌ الْبَجَلِيُّ، عَنْ سَفِينَةَ

حضرت ثابت بجلی' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

6322 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْتَأْذِنُ، فَدَقَّ الْبَابَ دَقًّا خَفِيفًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَفِينَةُ افْتَحْ لَهُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' اجازت چاہی' آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹایا' حضور ﷺ نے فرمایا: اے سفینہ! (آنے والے کے لیے) دروازہ کھولو!

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ سَفِينَةَ

6323 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِطَيْرٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِأَحَبِّ خَلْقِكَ إِلَيْكَ يَأْكُلُ مَعِيَ مِنْ هَذَا الطَّيْرِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ وَالِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی نعم' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سفینہ' رسول اللہ ﷺ کے غلام فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس بھونا ہوا پرندہ لایا گیا' آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو میرے پاس لا جو تجھے مخلوق میں سے سب سے زیادہ پسند ہے' وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تُو اس سے دوستی کر۔

أَبُو رَيْحَانَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَطَرٍ، عَنْ سَفِينَةَ

6324 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ، عَنْ سَفِينَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ

حضرت ابوریحانہ عبداللہ بن مطر' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ایک مُد پانی سے وضو اور ایک صاع پانی سے غسل کرتے تھے۔

سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ

6325 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ

حضرت سعید بن جمہان' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سعید بن جمہان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے آپ کے نام کے متعلق

الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالُوا: ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، قَالَ: سَأَلْتُ سَفِينَةَ عَنِ اسْمِهِ، فَقَالَ: أَنَا مُخْبِرُكَ بِاسْمِي، سَمَّانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفِينَةَ، قُلْتُ: لِمَ سَمَّاكَ سَفِينَةَ؟ قَالَ: خَرَجَ وَمَعَنَا أَصْحَابُهُ، فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ مَتَاعُهُمْ، فَقَالَ: ابْسُطْ كِسَاءَكَ فَبَسَطْتُهُ، فَجَعَلَ فِيهِ مَتَاعَهُم، ثُمَّ حَمَلَهُ عَلَيَّ، فَقَالَ: احْمِلْ، مَا أَنْتَ إِلَّا سَفِينَةٌ قَالَ: فَلَوْ حَمَلْتُ يَوْمَئِذٍ وِقْرَ بَعِيرٍ أَوْ بَعِيرَيْنِ أَوْ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ مَا ثَقُلَ عَلَيَّ

پوچھا تو فرمایا: میں اپنے نام کے متعلق بتاتا ہوں' رسول اللہ ﷺ نے میرا نام سفینہ رکھا تھا' میں نے کہا: سفینہ کیوں رکھا؟ فرمایا: آپ نکلے' ہمارے ساتھ آپ کے صحابہ بھی تھے' ان کا سامان بھاری ہوگیا' آپ نے فرمایا: اپنی چادر کو بچھاؤ! میں نے چادر بچھائی تو آپ نے اس میں سامان رکھا' پھر مجھ پر لاد دیا' آپ نے فرمایا: اُٹھاؤ! تُو سفینہ (یعنی کشتی) ہے۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس دن ایک یا دو اونٹ یا پانچ وسق سامان اُٹھایا جو مجھے بھاری نہ لگا۔

6326 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَكُلَّمَا أَعْيَا إِنْسَانٌ أَلْقَى عَلَيَّ سَيْفَهُ وَتُرْسَهُ، حَتَّى حَمَلْتُ شَيْئًا كَثِيرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ سَفِينَةٌ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے' سارے لوگ نے اپنا سامان مجھ پر ڈال دیا' میں نے بہت زیادہ سامان اُٹھایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو کشتی ہے۔

6327 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَجَعَلَ كُلُّ مَنْ ثَقُلَ عَلَيْهِ مَتَاعُهُ مِنْ أَصْحَابِهِ حَمَلَهُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے' سارے لوگ نے اپنا سامان مجھ پر ڈال دیا' میں نے بہت زیادہ سامان اُٹھایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو کشتی ہے۔

عَلَيَّ، حَتَّى حَمَلْتُ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا كَثِيرًا، فَمَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا أَنْتَ إِلَّا سَفِينَةٌ

6328 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، حَدَّثَنِي سَفِينَةُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَيْنَ أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذَلِكَ، ثُمَّ قَالَ لِي سَفِينَةُ: أَمْسِكْ، فَأَمْسَكْتُ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ وَخِلَافَةَ عُمَرَ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ وَخِلَافَةَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ، فَوَجَدْتُهَا ثَلَاثِينَ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں خلافت تیس سال رہے گی پھر اس کے بعد بادشاہت ہوگی' پھر مجھے فرمایا: اے سفینہ! تُو ان کی مدتِ خلافت میں رہے گا' میں حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم کی خلافت میں رہا' میں نے تیس سال پورے شمار کیے۔

6329 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَعْدِي فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں میرے بعد خلافت تیس سال ہوگی' پھر اس کے بعد بادشاہت ہو گی۔

6330 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَوَّارٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يُؤْتِي اللهُ مَنْ يَشَاءُ، أَوْ قَالَ مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ قَالَ سَعِيدٌ: أَمْسَكَ أَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ، وَعُمَرُ عَشْرًا، وَعُثْمَانُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلافت تیس سال ہوگی' پھر اللہ جیسے چاہے گا رہے گا' یا فرمایا: اس کے بعد بادشاہت ہو گی جیسے اللہ چاہے گا۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر کی خلافت دو سال' حضرت عمر کی دس سال' حضرت عثمان کی بارہ سال اور حضرت علی کی چھ سال رہی۔

ثِنْتَيْ عَشْرَةَ، وَعَلِيٌّ سِتًّا

6331 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا حَذَّرَ أُمَّتَهُ الدَّجَّالَ، هُوَ أَعْوَرُ عَيْنُهُ الْيُسْرَى، بِعَيْنِهِ الْيُمْنَى ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ، بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبٌ كَافِرٌ، يَخْرُجُ مَعَهُ وَادِيَانِ أَحَدُهُمَا جَنَّةٌ، وَالْآخَرُ نَارٌ، فَجَنَّتُهُ نَارٌ، وَنَارُهُ جَنَّةٌ، مَعَهُ مَلَكَانِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ يُشْبِهَانِ نَبِيَّيْنِ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِهِ، وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ، وَذَلِكَ فِتْنَةُ النَّاسِ، يَقُولُ: أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ أُحْيِي وَأُمِيتُ؟ فَيَقُولُ أَحَدُ الْمَلَكَيْنِ: كَذَبْتَ، فَمَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ إِلَّا صَاحِبُهُ، فَيَقُولُ لَهُ صَاحِبُهُ: صَدَقْتَ، وَيَسْمَعُهُ النَّاسُ، فَيَحْسِبُونَ أَنَّهُ صَدَقَ الدَّجَّالُ، وَذَلِكَ فِتْنَةٌ، ثُمَّ يَسِيرُ حَتَّى يَأْتِيَ الْمَدِينَةَ وَلَا يُؤْذَنَ لَهُ فِيهَا، فَيَقُولُ: هَذِهِ قَرْيَةُ ذَلِكَ الرَّجُلِ، ثُمَّ يَسِيرُ حَتَّى يَأْتِيَ الشَّامَ، فَيُهْلِكُهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ عَقَبَةِ أَفِيقٍ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ہمیں خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: مجھ سے پہلے ہر نبی نے اپنی اُمت کو دجال سے ڈرایا' وہ بائیں آنکھ سے کانا ہے اور اس کی دائیں والی آنکھ ناخن کی طرح سخت ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا' وہ دو وادیاں لے کر نکلے گا' ایک میں جنت ہوگی اور دوسری میں آگ' اُسکی جنت دوزخ اور دوزخ جنت ہوگی' اس کے ساتھ دو فرشتے ہوں گے' دونوں انبیاء ہیں اور انبیاء کے مشابہ ہوگا' ان میں ایک اس کی دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب ہوگا' یہ لوگوں کے لیے آزمائش ہوگی۔ وہ کہے گا: میں تمہارا رب نہیں ہوں' زندہ اور مارتا ہوں' دو فرشتوں میں سے ایک کہے گا: تُو جھوٹ بولتا ہے' لوگوں میں سے کوئی اس کی آواز نہیں سنے گا سوائے اس کے ساتھی کے' اس کا ساتھی اس کو کہے گا: تُو سچ کہتا ہے' لوگ اس کی بات سنیں گے' وہ گمان کریں گے کہ دجال نے سچ کہا ہے' یہ بھی آزمائش ہوگی۔ پھر وہ چلے گا اور مدینہ آئے گا' اس کو یہاں اجازت نہیں ملے گی' وہ کہے گا: یہ ایک آدمی کی بستی ہے' پھر ملک شام آئے گا' یہاں پر اللہ عزوجل اس کو عقبہ افیق کے پاس ہلاک کرے گا۔

6332 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، أَنَّ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دعوت کی' حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر ہم حضورﷺ کو

رَجُلًا دَعَاهُ عَلِيٌّ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: فَلَوْ دَعَوْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلَ مَعَنَا، فَبَعَثَ إِلَيْهِ رَجُلًا، فَجَاءَ، فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، فَرَأَى قِرَامًا فِي نَاحِيَتَيِ الْبَيْتِ، فَرَجَعَ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اتَّبِعْهُ، فَانْظُرْ مَا رَجَعَهُ، فَتَبِعَهُ، فَقَالَ: مَا رَدَّكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَيْسَ لِي أَنْ أَدْخُلَ بَيْتًا مُزَوَّقًا

بلائیں تو آپ بھی ہمارے ساتھ کھائیں۔ آپ نے ایک آدمی کو بھیجا تو آپ ﷺ تشریف لائے دروازہ کی چوکھٹ پکڑی آپ نے گھر یک ایک کونے میں پردہ دیکھا تو آپ واپس تشریف لے گئے۔ حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اپنے پیچھے دیکھیں! آپ ﷺ واپس کیوں گئے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پیچھے گئے اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ واپس کیوں آئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں ایسے گھر نہیں جاتا ہوں جس گھر میں نقش ونگار ہوں۔

6333 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَمْلُوكًا لِأُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَتْ: أُعْتِقُكَ، وَأَشْتَرِطُ عَلَيْكَ أَنْ تَخْدُمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ قُلْتُ: لَوْ لَمْ تَشْتَرِطِي عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ، فَأَعْتَقَتْنِي، وَاشْتَرَطَتْ عَلَيَّ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا غلام تھا انہوں نے فرمایا: میں تجھے آزاد کروں گی اس شرط پر کہ تُو رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرے گا جب تک تُو زندہ رہے گا۔ میں نے عرض کی: اگر آپ مجھ پر شرط نہ لگاتیں تو پھر بھی میں پوری زندگی رسول کریم ﷺ سے جدا نہ ہوتا۔ انہوں نے مجھے آزاد کیا اور مجھ پر شرط لگائی۔

مَنِ اسْمُهُ سُوَيْدٌ

سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيُّ

جن کا نام سوید ہے

حضرت سوید بن مقرن مزنی رضی اللہ عنہ

6334 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بنی مقرن کے

بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ سَبْعَةً عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَنَا خَادِمٌ لَيْسَ لَنَا غَيْرُهَا، فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقُوهَا، فَقُلْتُ: لَيْسَ لَنَا خَادِمٌ غَيْرُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَخْدُمُكُمْ حَتَّى تَسْتَغْنُوا عَنْهَا، ثُمَّ خَلُّوا سَبِيلَهَا

ساتھ تھے ہمارے پاس ان کے علاوہ کوئی غلام نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے ان کو طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے علاوہ ہمارے لیے کوئی غلام نہیں ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اس سے خدمت لیتے رہو یہاں تک کہ تم اس سے بے پرواہ ہو جاؤ' پھر اس کو چھوڑ دینا۔

6335 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ سَبْعَةً عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَنَا خَادِمٌ لَيْسَ لَنَا غَيْرُهَا، فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقُوهَا، فَقُلْتُ: لَيْسَ لَنَا خَادِمٌ غَيْرُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَخْدُمُكُمْ حَتَّى تَسْتَغْنُوا عَنْهَا، ثُمَّ خَلُّوا سَبِيلَهَا

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بنی مقرن سات تھے ہمارے پاس خادم تھا' ان کے علاوہ کوئی غلام نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے ان کو طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے علاوہ ہمارے لیے کوئی غلام نہیں ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اس سے خدمت لیتے رہو یہاں تک کہ تمہیں اس کی ضرورت نہ رہے' پھر اس کو چھوڑ دینا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت معاویہ بن سوید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6336 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ،

حضرت ہلال بن یساف فرماتے ہیں کہ ہم سوید بن مقرن کے گھر آئے' پس ہمارے درمیان ایک

وَحُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: كُنَّا نُزُولًا فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَبَيْنَا شَيْخٌ فِيهِ حِدَّةٌ وَجَهْلٌ، وَمَعَهُ جَارِيَةٌ، فَلَطَمَ وَجْهَهَا، فَمَا رَأَيْتُ سُوَيْدًا أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ، ثُمَّ قَالَ: أَعَجَزَ عَلَيْكَ إِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا؟ لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ وَلَدِ مُقَرِّنٍ، وَمَا لَنَا خَادِمٌ إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَ أَصْغَرُنَا وَجْهَهَا، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِتْقِهَا

بزرگ تھے جس میں گرمی اور تکبر تھا' اس کے ساتھ اس کی لونڈی تھی' اسنے اس لونڈی کے چہرے پر مارا' میں نے اس دن حضرت سوید کو سخت غصہ میں دیکھا' پھر فرمایا: کیا تیرا مالک عاجز ہے؟ میں مقرن کی اولاد میں ساتواں تھا' ہمارا ایک خادم تھا' ہم میں سے چھوٹے نے اس کے چہرے پر مارا' رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

6337 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: كُنَّا فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَخَرَجَتْ جَارِيَةٌ لَهُ، فَقَالَتْ لِرَجُلٍ شَيْئًا مَا أَدْرِي مَا هُوَ فَلَطَمَهَا، فَرَأَى ذَلِكَ سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ، فَقَالَ: لَطَمْتَ وَجْهَهَا لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَا لَنَا إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَهُ رَجُلٌ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَعْتِقَهُ

حضرت ہلال بن یساف فرماتے ہیں کہ ہم سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ کے گھر تھے' ان کی لونڈی نکلی' اس نے ایک آدمی سے کچھ کہا' مجھے معلوم نہیں کہ وہ کون تھا' اس نے اس کے چہرے پر طمانچہ مارا' حضرت سوید بن مقرن نے کہا: تُو نے اسکے چہرے پر مارا ہے۔ ہم سات افراد تھے' میں ساتواں تھا اور ہمارا ایک خادم تھا' ایک آدمی نے اسکو مارا' رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

6338 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: شُعْبَةُ، فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبُو شُعْبَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: وَرَأَى رَجُلًا لَطَمَ غُلَامًا لَهُ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الصُّورَةَ مُحَرَّمَةٌ، لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَأَنَا سَابِعُ سَبْعَةِ إِخْوَةٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا لَنَا إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَهُ أَحَدُنَا، فَأَمَرَهُ

حضرت سوید بن مقرن مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے دیکھا کہ اُس نے اپنے غلام کو مارا' اس کو کہا: کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ چہرہ قابل احترام ہے' میں سات میں ساتواں بھائی تھا رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں' ہمارے پاس ایک خادم تھا' ہم میں سے کسی نے اسے طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَعْتِقَهُ

6339 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَظْلَمَةٍ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ظلماً مارا گیا وہ شہید ہے۔

سُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سوید بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ

6340 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، وَابْنِ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ حَتَّى أَدْرَكْنَا بِالصَّهْبَاءِ وَبَيْنَهَا وَبَيْنَ خَيْبَرَ رَوْحَةٌ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوْمَ بِأَزْوَادِهِمْ، فَمَا أُتِيَ إِلَّا بِسَوِيقٍ، فَلَاكَ وَلُكْنَا، ثُمَّ قَامَ فَمَضْمَضَ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے جب ہم مقامِ صہباء پر آئے تو ہمارے اور حضور ﷺ کے درمیان ایک شام تھی' رسول اللہ ﷺ نے قوم کو فرمایا: ہتھیار لے کر آؤ! آپ کے پاس ستو پانی میں ڈال کر لائے گئے' پس آپ نے اور ہم نے اسے نوش کیا' پھر آپ کھڑے ہوئے' کُلّی کی اور نمازِ ظہر اور عصر پڑھائی۔

6341 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ

حضرت بشیر بن یسار فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن نعمان رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کے سال نکلے' جب صہباء کے مقام پر آئے تو آپ ﷺ خیبر کے نزدیک جگہ پر اُترے اور نمازِ عصر پڑھائی' پھر آپ نے زادِراہ مانگا تو آپ

يَسَارٍ، أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ، وَهِيَ مِنْ أَدْنَى خَيْبَرَ، نَزَلَ فَصَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالْأَزْوَادِ، فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيقِ، فَأَمَرَ بِهِ فَثُرِّيَ، فَأَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَلْنَا، ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَغْرِبِ، فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْقَعْنَبِيِّ

کے پاس ستو لائے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے ثرید بنایا گیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود تناول فرمائے اور ہم نے بھی کھائے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' نمازِ مغرب پڑھانے کے لیے آپ نے کلی کی' پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔ یہ الفاظ حدیث کے قعنبی کے ہیں۔

6342 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابَلُتِّيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ، فَلَمَّا كَانَ بِالصَّهْبَاءِ وَصَلَّيْنَا الْعَصْرَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَزْوَادِ الْقَوْمِ، فَجَاءُوا بِسَوِيقٍ، فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا، ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضَ الْقَوْمُ، وَصَلُّوا وَلَمْ يَزِيدُوا عَلَى ذَلِكَ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خیبر کے سال نکلے جب مقامِ صہباء پر آئے تو ہمیں نمازِ عصر پڑھائی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کا زادِ راہ مانگا' آپ کے پاس جو لائے گئے' آپ نے خود بھی کھائے اور پئے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ مغرب پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے اور کلی کی اور لوگوں نے بھی کلی کی اور نماز پڑھی' وضو نہیں کیا۔

6343 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ الْأَنْصَارِيُّ، مَوْلَى الْأَنْصَارِ أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ، وَهُوَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُمْ خَرَجُوا

حضرت بشیر بن یسار انصار کے غلام سے روایت ہے کہ حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے' جب ہم مقامِ صہباء پر ایک شام کے فاصلے پر تھے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھانا مانگا' سوائے ستو کے

مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ، قَالَ: حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ، وَهِيَ عَلَى رَوْحَةٍ مِنْ خَيْبَرَ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ، فَلَمْ يُوجَدْ غَيْرُ سَوِيقٍ، فَأَكَلْنَا، ثُمَّ شَرِبْنَا عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ، ثُمَّ مَضْمَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ فَصَلَّى

کچھ نہ پایا' پھر ہم نے اس میں پانی پیا' پھر حضور ﷺ نے کُلّی کی اور کھڑے ہوئے اور نماز پڑھائی۔

6344 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى خَيْبَرَ، فَنَزَلَ مَنْزِلًا قَرِيبًا مِنْهَا يُقَالُ لَهُ: الصَّهْبَاءُ، فَدَعَا أَصْحَابَهُ بِمَا بَقِيَ مِنْ زَادِهِمْ، فَلَمْ يَأْتُوهُ إِلَّا بِسَوِيقٍ، فَخَلَطَهُ، وَأَكَلَ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ، فَقَامَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ خیبر کی طرف آئے' آپ قریب اُترے اُس مقام کو صہباء کہا جاتا تھا' آپ نے اپنے صحابہ سے باقی زادِ راہ مانگا' آپ کے پاس ستّو لائے گئے' آپ نے کھائے اور کُلّی کی اور کھڑے ہو کر نمازِ مغرب پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' نَحْوَهُ.

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدُ بْنُ بِشْرٍ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

بْنِ الْمُفَضَّلِ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ غَزَا خَيْبَرَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

کہ ہم غزوۂ خیبر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

سُوَيْدُ بْنُ حَنْظَلَةَ

حضرت سوید بن حنظلہ رضی اللہ عنہ

سويد بن حنظلة

6345 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أَبِيهَا سُوَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا نُرِيدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ، فَأَخَذَهُ عَدُوٌّ لَهُ، فَتَحَرَّجَ الْقَوْمُ أَنْ يَحْلِفُوا، وَحَلَفْتُ أَنَا أَنَّهُ أَخِي، فَخُلِّيَ سَبِيلُهُ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّ الْقَوْمَ تَحَرَّجُوا أَنْ يَحْلِفُوا، وَحَلَفْتُ أَنَّهُ أَخِي، فَقَالَ: صَدَقْتَ، الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ

حضرت سوید بن حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نکلے ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جانا چاہتے تھے ہمارے ساتھ وائل بن حجر بھی تھے ان کو ان کے کسی دشمن نے پکڑ لیا لوگوں نے قسم اُٹھانے کو ناجائز سمجھا میں نے قسم اُٹھائی کہ یہ میرا بھائی ہے آپ کو چھوڑ دیا میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا لوگوں نے قسم اُٹھانے کو عار سمجھا میں نے قسم اُٹھائی کہ یہ میرا بھائی ہے آپ نے فرمایا: تُو نے سچ کہا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔

6346 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أَبِيهَا سُوَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا نُرِيدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سوید بن حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نکلے ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جانا چاہتے تھے ہمارے ساتھ وائل بن حجر بھی تھے ان کو ان کے ایک دشمن نے پکڑ لیا لوگوں نے قسم اُٹھانے کو ناجائز سمجھا

وَسَلَّمَ وَمَعَنَا وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ، فَأَخَذَهُ عَدُوٌّ لَهُ، فَتَحَرَّجَ الْقَوْمُ أَنْ يَحْلِفُوا، فَحَلَفْتُ أَنَّهُ أَخِي، فَخَلَّوْا سَبِيلَهُ، فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: صَدَقْتَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ

سُوَيْدُ بْنُ قَيْسٍ الْعَبْدِيُّ يُكْنَى أَبَا مَرْحَبٍ

6347 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، أَخْبَرَنِي سُوَيْدُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: جَلَبْتُ أَنَا وَمَخْرَمَةُ الْعَبْدِيُّ، بَزًّا مِنْ هَجَرَ، فَأَتَيْنَا بِهِ مَكَّةَ، فَأَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، فَابْتَاعَ مِنَّا سَرَاوِيلَ، وَثَمَّ وَزَّانٌ يَزِنُ بِالْأَجْرِ، فَقَالَ: يَا وَزَّانُ، زِنْ وَأَرْجِحْ

سُوَيْدُ بْنُ عَامِرٍ سُوَيْدٌ أَبُو عُقْبَةَ

6348 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جَابِرِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ، ثنا الْحِمْصِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُقْبَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ

6349 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَعَبْدُ

میں نے قسم اُٹھائی کہ یہ میرا بھائی ہے' آپ کو چھوڑ دیا' میں حضورﷺ کے پاس آیا' لوگوں نے قسم اُٹھانے کو عار سمجھا' میں نے قسم اُٹھائی کہ یہ میرا بھائی ہے' آپ نے فرمایا: تُو نے سچ کہا' مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔

حضرت سوید بن قیس العبدی رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابومرحب ہے

حضرت سوید بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور مخرمہ العبدی اکٹھے کپڑے کا کاروبار کرتے تھے پھر دونوں مکہ آئے' رسول اللہﷺ ہمارے پاس منٰی میں آئے' ہم نے آپ نے تلوار خریدی' پھر آپ نے فرمایا: وزن کرو اور جھکاؤ اور ثواب حاصل کرو۔ آپ نے فرمایا: اے وزن کرنے والے!

حضرت سوید بن عامر رضی اللہ عنہ' حضرت سوید ابوعقبہ رضی اللہ عنہ

حضرت عقبہ بن سوید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اُحد ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

حضرت عقبہ بن سوید اپنے والد سے روایت

اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ نَضْلَةَ الْغِفَارِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ بْنَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُحَدِّثُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشَّاةِ؟ قَالَ: لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ، قَالَ: وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْبَعِيرِ؟ وَكَانَ إِذَا غَضِبَ عُرِفَ ذَلِكَ فِي حُمْرَةِ وَجْنَتَيْهِ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهُ؟ مَعَهُ سِقَاؤُهُ وَحِذَاؤُهُ، يَرِدُ الْمَاءَ، وَيَصْدُرُ الْكَلَأَ، خَلِّ سَبِيلَهُ حَتَّى يَلْقَى رَبَّهُ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے گم شدہ بکری کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: وہ تیرے لیے یا تیرے بھائی کے لیے ہے یا بھیڑیا کے لیے ہے۔ میں نے آپ ﷺ سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ غصہ ہوئے' جب آپ کو غصہ آتا تھا تو آپ کے چہرہ کی سرخی کی بناء پر معلوم ہو جاتا تھا' آپ نے فرمایا: آپ کو اس سے کیا ہے اور اس کو تم سے کیا تعلق ہے' اس کے ساتھ اس کا مشکیزہ اور برتن ہے' وہ پانی بھی پی لیتا ہے اور گھاس بھی کھالیتا ہے' اس کو چھوڑ دے حتیٰ کہ وہ اپنے مالک کو مل جائے گا۔

6350 - وَسَأَلْتُهُ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: عَرِّفْهَا، ثُمَّ أَوْثِقْ وِكَاءَهَا، وَصِدَارَهَا، فَإِنْ جَاءَ طَالِبُهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ، وَإِلَّا فَشَأْنُكَ بِهَا

میں نے آپ سے گم شدہ شی کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: ایک سال اس کا اعلان کرو' اگر اس کا مالک آجائے تو اسے دیدو' ورنہ خود رکھ لو۔

6351 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُقْبَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةٍ، فَلَمَّا بَدَا لَنَا أُحُدٌ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، أُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ

حضرت عقبہ بن سوید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' کیونکہ ان کے والد رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے تھے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک جہاد سے واپس آ رہے تھے' جب ہمیں اُحد نظر آیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' اُحد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

سُوَيْدُ بْنُ هُبَيْرَةَ

حضرت سوید بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ

6352 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا

حضرت سوید بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي نَعَامَةَ الْعَدَوِيِّ، حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ بُدَيْلٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ زُهَيْرٍ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَالِ الْمَرْءِ سِكَّةٌ مَأْبُورَةٌ أَوْ مُهْرَةٌ مَأْمُورَةٌ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا بہترین مال مابورہ کا سکہ یا مہر مامورہ ہے۔

6353 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا أَبُو نَعَامَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ بُدَيْلٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَالِ الرَّجُلِ مُهْرَةٌ مَأْمُورَةٌ، أَوْ سِكَّةٌ مَأْبُورَةٌ

حضرت سوید بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا بہترین مال درست کی ہوئی کھجور اور دیگر درختوں کی قطار' سکہ یا اطاعت کرنے والا نوجوان گھوڑا (جو سرکش نہ ہو) ہے۔

سُوَيْدٌ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْأَلْهَانِيُّ

حضرت سوید ابوعبداللہ الہانی رضی اللہ عنہ

6354 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ ذِي غَضْوَانَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُوَيْدٍ الْأَلْهَانِيِّ، فَخِذٌ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَهُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ جَعَلَ هَذَا الْحَيَّ مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ مَغُوثَةً بِالشَّامِ بِالظَّهْرِ وَالضَّرْعِ كَمَا جَعَلَ يُوسُفَ بِمِصْرَ مَغُوثَةً لِأَهْلِهَا

حضرت عبداللہ بن سوید الہانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا' یا مجھے اس نے بتایا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے بنایا ہے اس قبیلہ بنولخم اور بنوجذام کو شام میں مدد' غلبہ اور عاجزی کے ساتھ جس طرح کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے مصر میں مصر والوں کے لیے امداد مقرر فرمائی۔

سُوَيْدٌ

حضرت سوید بن غفلہ مخضرم ہیں

بْنُ غَفَلَةَ مُخَضْرَمٌ

(رسول ﷺ کا زمانہ پایا لیکن شرفِ زیارت کا موقع نہ ملا)

6355 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ مَيْسَرَةَ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: سِرْتُ، أَوْ أَخْبَرَنِي مَنْ سَارَ مَعَ مُصَدِّقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَأْخُذْ مِنْ رَاضِعِ لَبَنٍ، وَلَا تَجْمَعْ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں چلا' یا اس نے بتایا جو رسول اللہ ﷺ کے زکوٰۃ لینے والے کے ساتھ چلا' اُس نے بتایا: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کہ آپ نے فرمایا: دودھ پلانے والی کو نہ پکڑو' علیحدہ رہنے والوں کو جمع نہ کرو اور جمع نہ رہنے والوں کو علیحدہ نہ کرو۔

6356 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي زُرْعَةَ، عَنْ أَبِي لَيْلَى الْكِنْدِيِّ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: أَتَانَا مُصَدِّقُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ، وَأَخَذَ بِيَدِي، فَقَرَأْتُ فِي عَهْدِهِ: أَنْ لَا تَجْمَعْ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ عَظِيمَةٍ، فَأَبَى أَنْ يَأْخُذَهَا، ثُمَّ أَتَاهُ بِأُخْرَى دُونَهَا، فَأَبَى أَنْ يَأْخُذَهَا، ثُمَّ قَالَ: أَيُّ أَرْضٍ تُقِلُّنِي؟ وَأَيُّ سَمَاءٍ تُظِلُّنِي؟ إِذَا أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَخَذْتُ خِيَارَ مَالِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا زکوٰۃ لینے والا ہمارے پاس آیا' اُس نے میرا ہاتھ پکڑا اور میں نے اس کا ہاتھ پکڑا' میں نے آپ کے زمانہ میں پڑھا کہ علیحدہ کو جمع اور جمع کو علیحدہ نہ کرو صدقہ کے ڈر سے۔ ایک آدمی بڑی اونٹنی لے کر آیا' اس نے لینے سے انکار کر دیا' پھر دوسری اس سے کم لے کر آیا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا' پھر کہا: کون سا ملک مجھے کم دے گا؟ کون سے نام مجھے سایہ کریں گے؟ جب میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو میں نے مسلمان کا اچھا مال لیا تھا۔

مَنِ اسْمُهُ سَوَادٌ

سَوَادُ بْنُ قَارِبٍ السَّدُوسِيُّ

6357 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ حُجْرٍ السَّامِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَنْصُورٍ الْأَنْبَارِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَقَّاصِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَاعِدًا فِي الْمَسْجِدِ مَرَّ رَجُلٌ فِي مُؤَخَّرِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَتَعْرِفُ هَذَا الْمَارَّ؟ قَالَ: لَا، فَمَنْ هُوَ؟ قَالَ: هَذَا سَوَادُ بْنُ قَارِبٍ، وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ لَهُ فِيهِمْ شَرَفٌ وَمَوْضِعٌ، وَهُوَ الَّذِي أَتَاهُ رِئِيُّهُ بِظُهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَلَيَّ بِهِ، فَدُعِيَ لَهُ بِهِ، قَالَ: أَنْتَ سَوَادُ بْنُ قَارِبٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَنْتَ الَّذِي أَتَاكَ رِئِيُّكَ بِظُهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَنْتَ عَلَى مَا كُنْتَ عَلَيْهِ مِنْ كِهَانَتِكَ؟ فَغَضِبَ غَضَبًا شَدِيدًا وَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَا اسْتَقْبَلَنِي بِهَذَا أَحَدٌ مُنْذُ أَسْلَمْتُ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كُنَّا عَلَيْهِ مِنَ الشِّرْكِ أَعْظَمُ مِنْ كِهَانَتِكَ، أَخْبِرْنِي بِإِتْيَانِكَ رِئِيِّكَ بِظُهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

جن کا نام سواد ہے

حضرت سواد بن قارب سدوسی رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن کعب قرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے' اسی دوران ایک آدمی مسجد کے پاس سے گزرا' پس ایک آدمی نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! کیا آپ اس گزرنے والے آدمی کو پہچانتے ہیں؟ فرمایا: کون ہے وہ؟ عرض کی: یہ سواد بن قارب ہے اور اس آدمی کا تعلق یمن والوں سے ہے' یہ ان میں بڑی بزرگی اور مقام والا ہے اور وہی ہے جس کے پاس اس کے جن نے آ کر رسول کریم ﷺ کی آمد کی خبر دی۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو میرے پاس لاؤ۔ پس اسے بلایا گیا' آپ نے فرمایا: کیا تو سواد بن قارب ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تو وہی ہے جس کے پاس اس کے جن نے رسول کریم ﷺ کی آمد کی خبر دی' اس نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: ابھی تک تو اسی پرانی کہانت پر ہے؟ پس وہ سخت غصے میں آ گیا اور کہنے لگا: اے امیر المؤمنین! جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے' اس طرح میرے ساتھ کوئی بھی پیش نہیں آیا' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واہ سبحان اللہ! قسم بخدا! جس شرک پر ہم تھے وہ تیری کہانت سے بڑا

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، بَيْنَا أَنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ إِذْ أَتَانِي رِئِيِّي فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: قُمْ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ، فَافْهَمْ وَاعْقِلْ إِنْ كُنْتَ تَعْقِلُ، إِنَّهُ قَدْ بُعِثَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ يَدْعُو إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَإِلَى عِبَادَتِهِ، ثُمَّ أَنْشَأَ يَقُولُ:

(البحر السريع)

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَتَجْسَاسِهَا ...وَشَدِّهَا الْعِيسَ بِأَحْلَاسِهَا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا خَيِّرُ الْجِنِّ كَأَنْجَاسِهَا

فَارْحَلْ إِلَى الصَّفْوَةِ مِنْ هَاشِمٍ ...وَاسْمُ بِعَيْنَيْكَ إِلَى رَأْسِهَا

قَالَ: فَلَمْ أَرْفَعْ لِقَوْلِهِ رَأْسًا، وَقُلْتُ: دَعْنِي أَنَمْ، فَإِنِّي أَمْسَيْتُ نَاعِسًا، فَلَمَّا أَنْ كَانَتِ اللَّيْلَةُ الثَّانِيَةُ أَتَانِي فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: أَلَمْ أَقُلْ لَكَ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ، قُمْ فَافْهَمْ وَاعْقِلْ، إِنْ كُنْتَ تَعْقِلُ، إِنَّهُ قَدْ بُعِثَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ يَدْعُو إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِلَى عِبَادَتِهِ، ثُمَّ أَنْشَأَ الْجِنِّيُّ يَقُولُ:

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَتَطْلَابِهَا ...وَشَدِّهَا الْعِيسَ بِأَقْتَابِهَا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا صَادِقُ الْجِنِّ كَكَذَّابِهَا

ہے آپ مجھے بتائیں! کیا واقعی آپ کے جن نے آ کر آپ کو رسول کریم ﷺ کے ظہور کی خبر دی؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! اے امیر المؤمنین! اسی دوران کہ ایک رات میں جاگنے اور سونے کی درمیانی کیفیت میں تھا' جب میرے پاس میرا جن آیا۔ پس اس نے مجھے اپنے پاؤں سے ٹھوکر مار کر کہا: اے سواد بن قارب! اُٹھ' سمجھ اور عقل کی گولی کھا' اگر تیرے اندر عقل ہے کیونکہ بنولوی بن غالب قبیلہ سے ایک رسول ﷺ تشریف لا چکا ہے' اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہے اور اس کی عبادت کی طرف بلاتا ہے۔ پھر اس نے یہ کلام پڑھنا شروع کر دیا:

''جن اور اس کی جستجو کی وجہ سے اور اس کے عمدہ اونٹوں پر ٹاٹ یا دری باندھنے کی وجہ سے مجھے تعجب ہوا'

جو مکہ کی طرف' ہدایت تلاش کرنے کی خاطر جانا پسند کرتا ہے' جنوں میں سے بہتر' ان کے پلیدوں کی مانند نہیں ہیں'

پس بنوہاشم قبیلہ میں سے چُنی ہوئی ہستی کی طرف کوچ کر اور اپنی دونوں آنکھوں کو ان کے سردار کی طرف بلند کر''۔

کہتے ہیں: اس کی بات کی وجہ سے میں نے سر نہیں اُٹھایا اور میں نے کہا: مجھے چھوڑ و سونے دو کیونکہ میں نے اونگھتے ہوئے شام کی ہے۔ پس جب دوسری رات آئی تو وہ میرے پاس آیا' پس اس نے اپنے پاؤں سے ٹھوکر مار کر مجھے کہا: اے سواد بن قارب! کیا

سواد بن قارب السدوسی

فَارْحَلْ إِلَى الصَّفْوَةِ مِنْ هَاشِمٍ ...لَيْسَ قُدَامَاهَا كَأَذْنَابِهَا

قَالَ: فَلَمْ أَرْفَعْ بِقَوْلِهِ رَأْسًا، فَلَمَّا أَنْ كَانَ اللَّيْلَةُ الثَّالِثَةُ أَتَانِي فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ:

أَلَمْ أَقُلْ لَكَ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ ...افْهَمْ وَاعْقِلْ إِنْ كُنْتَ تَعْقِلُ،

إِنَّهُ قَدْ بُعِثَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ - يَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

وَإِلَى عِبَادَتِهِ، ثُمَّ أَنْشَأَ الْجِنِّيُّ يَقُولُ:

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَأَخْبَارِهَا ...وَشَدِّهَا الْعِيسَ بِأَكْوَارِهَا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا مُؤْمِنُ الْجِنِّ كَكُفَّارِهَا

فَارْحَلْ إِلَى الصَّفْوَةِ مِنْ هَاشِمٍ ...بَيْنَ رَوَابِيهَا وَأَحْجَارِهَا

فَوَقَعَ فِي نَفْسِي حُبُّ الْإِسْلَامِ، وَرَغِبْتُ فِيهِ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ شَدَدْتُ عَلَى رَاحِلَتِي، فَانْطَلَقْتُ مُتَوَجِّهًا إِلَى مَكَّةَ، فَلَمَّا كُنْتُ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ أُخْبِرْتُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَأَتَيْتُ الْمَدِينَةَ، فَسَأَلْتُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لِي: فِي الْمَسْجِدِ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَعَقَلْتُ نَاقَتِي، وَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ حَوْلَهُ، فَقُلْتُ: اسْمَعْ مَقَالَتِي يَا رَسُولَ اللَّهِ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ

میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ بنولؤی بن غالب سے ایک رسول ﷺ مبعوث ہو چکے ہیں۔ اللہ کی طرف بلاتے ہیں اور اس کی عبادت کی دعوت دیتے ہیں' پھر میرے جن نے یہ شعر پڑھنے شروع کر دیئے:

''جن اور جن کی تلاش و جستجو' نیز اس کے عمدہ اونٹوں پر لوٹے باندھنے سے مجھے تعجب ہوا (جب سفر ہوتا ہے تو ساتھ لوٹے بھی)'

جو ہدایت کی تلاش کیلئے مکہ کی طرف جانے کو محبوب رکھتا ہے' سچے جن اور ہوتے اور جھوٹے جن اور ہوتے ہیں'

چل سفر شروع کر' وہ ہاشم قبیلہ کی منتخب شخصیت ہیں' ان کے پہلے ان کے پچھلوں کی طرح نہیں ہیں''۔

کہتے ہیں: اس کی بات سن کر میں نے سر نہ اُٹھایا' پس جب تیسری رات آئی تو اس نے مجھے پاؤں کی ٹھوکر ماری اور کہا: اے سواد بن قارب! کیا میں نے تجھے نہیں کہا' سمجھ لے اور عقل سے کام لے' اگر تُو عقلمند ہے کیونکہ لؤی بن غالب سے ایک عظمت والا رسول مبعوث ہوا ہے' وہ اللہ اور اس کی عبادت کی طرف بلاتا ہے' پھر جن نے کہنا شروع کر دیا:

''میں جن اور ان کی خبر سے حیران ہوا' اور ان کے عمدہ اونٹوں پر کجاوے باندھنے کی وجہ سے بھی حیران ہوا'

وہ ہدایت تلاش کرنے کیلئے مکہ جانے کی خواہش رکھتا ہے' مؤمن جنوں کی باتیں اور ہوتی ہیں اور کافر

اللّٰهُ عَنْهُ: ادْنُهْ، ادْنُهْ فَلَمْ يَزَلْ بِي حَتَّى صِرْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: هَاتِ، فَأَخْبِرْنِي بِإِتْيَانِكَ رِئِيَّكَ، فَقُلْتُ:

(البحر الطويل)

أَتَانِي نَجِيِّي بَعْدَ هُدْءٍ وَرَقْدَةٍ ...وَلَمْ يَكُ فِيمَا قَدْ بَلَوْتُ بِكَاذِبِ

ثَلَاثَ لَيَالٍ قَوْلُهُ كُلَّ لَيْلَةٍ ...أَتَاكَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ

فَشَمَّرْتُ مِنْ ذَيْلِ الْإِزَارِ وَوَسَّطَتْ ...بِيَ الذِّعْلِبُ الْوَجْنَاءُ بَيْنَ السَّبَاسِبِ

فَأَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ لَا رَبَّ غَيْرُهُ ...وَأَنَّكَ مَأْمُونٌ عَلَى كُلِّ غَائِبِ

وَأَنَّكَ أَدْنَى الْمُرْسَلِينَ وَسِيلَةً ...إِلَى اللّٰهِ يَا ابْنَ الْأَكْرَمِينَ الْأَطَايِبِ

فَمُرْنَا بِمَا يَأْتِيكَ يَا خَيْرَ مَنْ مَشَى ...وَإِنْ كَانَ فِيمَا جَاءَ شَيْبُ الذَّوَائِبِ

وَكُنْ لِي شَفِيعًا يَوْمَ لَا ذُو شَفَاعَةٍ ...سِوَاكَ بِمُغْنٍ عَنْ سَوَادِ بْنِ قَارِبِ

قَالَ: فَفَرِحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ بِإِسْلَامِي فَرَحًا شَدِيدًا، حَتَّى رُؤِيَ فِي وُجُوهِهِمْ، قَالَ: فَوَثَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَيْهِ، وَالْتَزَمَهُ، قَالَ: قَدْ كُنْتُ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَ هَذَا مِنْكَ

جنوں کی باتیں اور ہیں'

پس کوچ کر اس ہستی کی طرف جو بنو ہاشم سے انتخاب شدہ ہے' ان کی زرخیز زمینوں اور پتھروں کے درمیان''۔

پس میرے دل میں اسلام کی محبت گھر کر گئی' پس جب میں نے صبح کی تو میں نے اپنی سواری پر زین کس لی۔ پس میں مکہ کی طرف متوجہ ہوا۔ پس جب میں نے راستے میں ایک جگہ تھا تو مجھے خبر ملی کہ نبی کریم ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کر لی ہے' پس میں مدینے آیا۔ پس میں نے نبی کریم ﷺ کے بارے سوال کیا تو مجھے بتایا گیا کہ آپ ﷺ مسجد میں ہیں' پس میں مسجد میں آیا تو میں نے اپنی سواری کا پاؤں باندھا' اچانک میری نگاہ پڑی تو رسول کریم ﷺ موجود تھے اور آپ ﷺ کے اردگرد لوگ تھے' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میری بات بھی سماعت فرمائیں۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ ﷺ کے قریب ہو جا! قریب ہو جا! پس وہ مجھے یہ بات کہتے رہے حتیٰ کہ میں آپ ﷺ کے سامنے ہو گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: لاؤ وہ خبر جو تجھے تیرے جن نے دی ہے۔ پس میں نے یہ شعر سنائے:

''جب میں نے تھوڑی دیر سکون اور نیند کر لی تو میرے پاس میرے ساتھ سرگوشی کرنے والا میرا جن آیا' اس سے پہلے اس نے کبھی مجھ سے جھوٹ نہیں بولا تھا'

تین رات آتا رہا اور ہر رات ایک ہی بات تھی'
لوی بن غالب قبیلہ سے ایک عظمت والا رسول تیرے پاس آیا ہے'
پس میں نے چادر کے پلو سنبھالے اور کمر باندھی'
پس میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی رب نہیں اور آپ پر غائب پر امن والے ہیں'
اور بے شک آپ سب رسولوں سے قریبی وسیلہ ہیں' اللہ کی بارگاہ میں اے عزت و پاکیزگی والوں کے بیٹے!
اے وہ ہستی جو ہر چلنے والے سے بہتر ہے' اب ہمیں حکم دیں جو آپ کے پاس ہوتا ہے' اگرچہ اب بالوں کی سفیدی بڑھاپے کی نشانی آ گئی ہے'
میرے سفارشی بنو اس دن جس دن کوئی سفارشی نہ ہوگا' آپ کے علاوہ اور سواد بن قارب کو بے پرواہ کر دو''۔

فرماتے ہیں: میرے اسلام لانے پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام بہت زیادہ خوش ہوئے یہاں تک کہ ان کے چہروں میں خوشی کے آثار دیکھے گئے۔ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اچھل کر ان کی طرف آئے اور ان سے چمٹ گئے' فرمایا: میں پسند کرتا تھا کہ میں یہ بات آپ سے سنوں۔

6358 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ يَعْلَى

حضرت سواد بن قارب ازدی فرماتے ہیں کہ میں سراۃ کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ میں سویا ہوا تھا' پس کوئی آنے والا آیا' پس اس نے مجھے پاؤں سے

بْنِ عَطَاءٍ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ: أَخْبَرَنِي سَوَادُ بْنُ قَارِبٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: كُنْتُ نَائِمًا عَلَى جَبَلٍ مِنْ جِبَالِ السَّرَاةِ، فَأَتَى آتٍ فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: قُمْ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ، أَتَاكَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ، فَاسْتَوَيْتُ قَاعِدًا، وَأَدْبَرَ وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر السريع)

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَتَجْسَاسِهَا ...وَشَدِّهَا الْعِيسَ بِأَحْلَاسِهَا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا صَالِحُوهَا مِثْلَ أَرْجَاسِهَا

، قَالَ: ثُمَّ عُدْتُ، فَنِمْتُ، فَأَتَانِي فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: قُمْ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ، أَتَاكَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ، وَأَدْبَرَ وَهُوَ يَقُولُ:

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَأَخْبَارِهَا ...وَرَحْلِهَا الْعِيسَ بِأَكْوَارِهَا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا مُؤْمِنُوهَا مِثْلَ كُفَّارِهَا

قَالَ: ثُمَّ عُدْتُ فَنِمْتُ، فَأَتَانِي فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: قُمْ يَا سَوَادُ بْنَ قَارِبٍ، أَتَاكَ رَسُولٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ، فَاسْتَوَيْتُ قَاعِدًا، وَأَدْبَرَ وَهُوَ يَقُولُ:

عَجِبْتُ لِلْجِنِّ وَتَطْلَابِهَا ...وَشَدِّهَا الْعِيسَ بِأَذْنَابِهَا

ٹھوکر مار کر کہا: اے سواد بن قارب! اُٹھو! لؤی بن غالب قبیلہ سے پیغامبر تیرے پاس آیا ہے' پس میں اُٹھ کر سیدھا بیٹھ گیا اور وہ پیٹھ پھیر کر جاتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا:

''مجھے تعجب ہوا' جن اور اس کی تلاش و جستجو کی وجہ سے اور اس کے عمدہ اونٹوں پر جھل کے نیچے ٹاٹ باندھنے کی وجہ سے'

وہ مکہ جانے کی خواہش کرتا ہے تاکہ ہدایت کو تلاش کرے' جنوں کے نیک لوگ' ان کے پلیدوں کی مثل نہیں ہیں''۔

فرماتے ہیں: پھر میں دوبارہ سو گیا' پس اس نے میرے پاس آ کر اپنے پاؤں سے ٹھوکر ماری اور کہا: اے سواد بن قارب! اُٹھو! تیرے پاس قبیلہ لؤی بن غالب سے رسول ﷺ آیا ہے اور وہ واپس جاتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا:

''جن اور اس کی خبروں کی وجہ سے مجھے تعجب ہوا اور اس کے عمدہ اونٹوں پر کجاوے باندھنے سے تعجب ہوا'

وہ مکہ کی طرف جانا پسند کرتا ہے تاکہ ہدایت کو تلاش کرے' جنوں کے مؤمن ان کے کفار کی مانند نہیں ہیں''۔

فرماتے ہیں: میں سہ بارہ سو گیا تو وہ میرے پاس آیا' پس اس نے اپنے پاؤں سے مجھے ٹھوکر مار کر کہا: اے سواد بن قارب! اُٹھو! تمہارے پاس لؤی بن غالب سے رسول آ گیا ہے' پس میں سیدھا ہو کر بیٹھ گیا

تَهْوِي إِلَى مَكَّةَ تَبْغِي الْهُدَى ...مَا صَادِقُوهَا مِثْلَ كُذَّابِهَا

فَارْحَلْ إِلَى الصَّفْوَةِ مِنْ هَاشِمٍ ...وَاسْمُ بِعَيْنَيْكَ إِلَى رَأْسِهَا

قَالَ: فَأَصْبَحْتُ، فَاقْتَعَدْتُ بَعِيرًا إِلَى حَتَّى أَتَيْتُ مَكَّةَ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ظَهَرَ، فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، وَاتَّبَعْتُهُ

اور واپس لوٹتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا:

''جن اور اس کی تلاش سے مجھے تعجب ہوا اور اس کے اونٹوں کی دُمیں باندھنے پر بھی تعجب ہوا'

ہدایت کو تلاش کرنے کے لیے وہ مکہ جانے کو محبوب رکھتا ہے' ان کے سچے ان کے جھوٹوں کی مانند نہیں ہیں'

پس تُو بنوہاشم قبیلہ کی چنی ہوئی ہستی کی طرف سفر کا آغاز کر اور اپنی آنکھوں کو ان کے سردار کی طرف اُٹھا''۔

کہتے ہیں: میں نے صبح کی تو میں اپنے اونٹ پر بیٹھ کر مکہ آیا' اچانک میری نگاہ پڑی تو رسول کریم ﷺ تشریف لا چکے تھے' پس میں نے آپ ﷺ کو خبر دی اور آپ ﷺ کی پیروی کی۔

سَوَادُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ

6359 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، وَالْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ سَوَادِ بْنِ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي رَجُلٌ حُبِّبَ إِلَيَّ الْجَمَالُ، وَأُعْطِيتُ مِنْهُ مَا تَرَى، فَمَا أُحِبُّ أَنْ يَفُوقَنِي أَحَدٌ فِي شِسْعِ نَعْلِي -أَوْ قَالَ: شِرَاكِ نَعْلِي -أَفَمِنَ الْكِبْرِ ذَاكَ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ:

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں' مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں' مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے' تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

فَمَا الْكِبْرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَنْ سَفِهَ الْحَقَّ وَغَمَصَ النَّاسَ

6360 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ سَوَادِ بْنِ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ حُبِّبَ إِلَيَّ الْحُسْنُ وَالْجَمَالُ، حَتَّى إِنِّي لَا أُحِبُّ أَنْ يَفُوقَنِي أَحَدٌ بِشِرَاكٍ، أَفَمِنَ الْكِبْرِ ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ غَمَصَ النَّاسَ، وَبَطَرَ الْحَقَّ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

6361 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّ سَوَادَ بْنَ عَمْرٍو كَانَ رَجُلًا جَمِيلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُعْطِيتُ مِنَ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ، وَحُبِّبَ إِلَيَّ، فَلَا أُحِبُّ أَنْ يَفْضُلَنِي أَحَدٌ بِشِرَاكِ نَعْلِي، أَفَمِنَ الْكِبْرِ هُوَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

مَنِ اسْمُهُ سَوَادَةُ: سَوَادَةُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجَرْمِيُّ

جن کا نام سوادہ ہے حضرت سوادہ بن ربیع جرمی رضی اللہ عنہ

6362 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ رَاشِدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا آپ نے میرے لیے

سُلَيْمَانُ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ لِي بِذَوْدٍ، وَقَالَ لِي: عَلَيْكَ بِالْخَيْلِ، فَإِنَّ الْخَيْلَ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اونٹ کا حکم دیا اور مجھے فرمایا: تم گھوڑے لو کیونکہ گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی لکھ دی گئی ہے۔

6363 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا سُلَيْمَانُ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے (دستِ مبارک میں) انگوٹھی دیکھی (یا آپ ﷺ پر مہر نبوت دیکھی)۔

6364 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ لِي بِذَوْدٍ، قَالَ: إِذَا رَجَعْتَ إِلَى بَيْتِكَ، فَقُلْ لَهُمْ فَلْيُحْسِنُوا أَعْمَالَهُمْ، وَمُرْهُمْ فَلْيُقَلِّمُوا أَظْفَارَهُمْ، وَلَا يَخْدِشُوا بِهَا ضُرُوعَ مَوَاشِيهِمْ إِذَا حَلَبُوا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے میرے لیے اونٹ دینے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: جب اپنے گھر کی طرف جاؤ تو ان گھر والوں سے کہنا کہ اچھے اعمال کریں اور ان کو حکم دینا کہ اپنے ناخن کاٹیں تاکہ جب جانوروں کا دودھ دھوئیں تو ان کے تھنوں کو خراش نہ آئے۔

مَنِ اسْمُهُ سُلَيْمَانُ
سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ الْخُزَاعِيُّ يُكْنَى أَبَا الْمُطَرِّفِ

جن کا نام سلیمان ہے
حضرت سلیمان بن صرد الخزاعی رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابومطرف ہے

6365 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ سَنَةَ خَمْسٍ وَسِتِّينَ ' قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَبَلَغَنِي: أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدَ

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہما (یعنی امام باقر رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان بن صرف الخزاعی اور حضرت میّب بن نجبہ فزاری چار ہزار آدمیوں کا لشکر لے کر نکلے' حضرت سیّد

الْخُزَاعِيَّ، خَرَجَ هُوَ وَالْمُسَيَّبُ بْنَ نَجَبَةَ الْفَزَارِيُّ فِي أَرْبَعَةِ آلَافٍ، فَعَسْكَرَا بِالنُّخَيْلَةِ، يَطْلُبُونَ بِدَمِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَعَلَيْهِمْ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ، وَذَلِكَ لِمُسْتَهَلِّ رَبِيعِ الْآخِرِ سَنَةَ خَمْسٍ وَسِتِّينَ، ثُمَّ سَارُوا إِلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ، فَلَقُوا مُقَدِّمَتَهُ، فَاقْتَتَلُوا، فَقُتِلَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ وَابْنُ نَجَبَةَ فِي شَهْرِ رَبِيعِ الْآخِرِ

الشہداء امام عالی مقام سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ لینے کے لیے' ان کے امیر حضرت سلیمان بن صرد تھے' یہ وقت ربیع الاخر ۶۵ ہجری کا تھا' پھر یہ حضرات عبیداللہ بن زیاد کی طرف چلے' پس وہ اس کے مقدمۃ الجیش سے ملے تو ان سے قتال کیا' حضرت سلیمان بن صرد اور ابن نجبہ' ربیع الآخر کے مہینہ میں شہید کیے گئے۔

مَا أَسْنَدَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

6366 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدَ الْخُزَاعِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ: الْآنَ نَغْزُوهُمْ، وَلَا يَغْزُونَا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر فرمایا: اب ہم اُن سے جہاد کریں گے اور وہ ہمارے ساتھ نہیں کریں گے۔

6367 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ: الْيَوْمَ نَغْزُوهُمْ وَلَا يَغْزُونَا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر فرمایا: آج ہم ان سے جہاد کریں گے اور وہ ہمارے ساتھ نہیں کریں گے۔

6368 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبِي، ثنا أَبُو سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ لِسُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ أَوْ

حضرت خالد بن عرفطہ نے حضرت سلیمان بن صرد سے یا حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ سے حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو پیٹ کی بیماری میں مر

سُلَيْمَانُ لِخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ: أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: نَعَمْ

جائے' اُسے عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ اُن میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: جی ہاں!

6369 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ قَرْنٌ، فَأَخَذَهَا بَعْضُ الْقَوْمِ، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: فَأَيْنَ الْقَرْنُ؟ فَكَأَنَّ بَعْضَ الْقَوْمِ ضَحِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُرَوِّعَنَّ مُسْلِمًا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' اس کے پاس سینگ تھا' کسی آدمی نے اسے اس سے پکڑ لیا' جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو دیہاتی نے کہا: سینگ کہاں ہے؟ کچھ لوگ ہنس پڑے تو حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پرایمان رکھتا ہے' اُس کے لیے جائز نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔

6370 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا جَدِّي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَضِبَ أَحَدُهُمَا غَضَبًا شَدِيدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً، لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ، لَوْ قَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس لڑ پڑے' ان میں سے ایک کو سخت غصہ آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر وہ پڑھ لے جو یہ غصہ پاتا ہے تو وہ چلا جائے گا' اگر یہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ لے تو اس کا غصہ چلا جائے گا۔

6371 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے دو آدمیوں کو سنا اس حال میں کہ

الْأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ وَهُمَا يَتَقَاوَلَانِ، أَحَدُهُمَا يَغْضَبُ، فَاشْتَدَّ غَضَبُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الشَّيْطَانُ، فَأَتَاهُ الرَّجُلُ، فَقَالَ: قُلْ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ

دو آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس لڑ پڑے ان میں سے ایک کو سخت غصہ آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر وہ پڑھ لے جو یہ غصہ پاتا ہے تو وہ چلا جائے گا' اگر یہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ لے تو اس کا غصہ چلا جائے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْأَكْرَمِ، رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَكَثَ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَى طَعَامٍ 'أَوْ لَمْ نَقْدِرْ' قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ: فَذَكَرْتُ هَذَا الْحَدِيثَ لِأَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَاسْتَحْسَنَهُ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے' آپ ﷺ تین رات ٹھہرے' ہم کھانے کی طاقت نہیں رکھتے تھے یا طاقت نہ رکھتے تھے (یعنی خوشی سے)۔ حضرت عبداللہ بن احمد فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث اپنے والد کے سامنے ذکر کی تو آپ نے اس کو حسن قرار دیا۔

سُلَيْمَانُ بْنُ أُكَيْمَةَ اللَّيْثِيُّ

حضرت سلیمان بن اکیمہ لیثی رضی اللہ عنہ

6372 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو السَّكُونِيُّ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أُكَيْمَةَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا لَهُ: بِآبَائِنَا أَنْتَ وَأُمَّهَاتِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَسْمَعُ مِنْكَ الْحَدِيثَ ' فَلَا نَقْدِرُ

حضرت یعقوب بن عبداللہ بن سلیمان بن اکیمہ لیثی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' ہم نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ہم آپ سے حدیث سنتے ہیں' ہم اس طرح بیان نہیں کر سکتے ہیں جس طرح آپ سے سنی ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: جب تم حلال

أَنْ نُؤَدِّيَهُ كَمَا سَمِعْنَاهُ؟ فَقَالَ: إِذَا لَمْ تُحِلُّوا حَرَامًا، وَلَمْ تُحَرِّمُوا حَلَالًا، وَأَصَبْتُمُ الْمَعْنَى ' فَلا بَأْسَ

کو حرام اور حرام کو حلال نہ کرو تو روایت بالمعنیٰ بھی کر لو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سِنَانٌ

جس کا نام سنان ہے

سِنَانُ بْنُ سَنَّةَ الْأَسْلَمِيُّ

حضرت سنان بن سنہ اسلمی رضی اللہ عنہ

6373 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي حُرَّةَ، عَنْ عَمِّهِ حَكِيمِ بْنِ أَبِي حُرَّةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَنَّةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ مِثْلُ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

حضرت سنان بن سنہ اسلمی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کھا کر شکریہ ادا کرنے والا ایسے ہے جس طرح صبر کرنے والا روزہ دار ہوتا ہے۔

سِنَانُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ أَبُو طَرِيفٍ الْهُذَلِيّ

حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ابوطریف الہذلی رضی اللہ عنہ

6374 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا حَجَّاجٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ تَصَدَّقَ بِأَرْضٍ لَهُ عَظِيمَةٍ عَلَى أُمِّهِ، فَمَاتَتْ وَلَيْسَتْ لَهَا وَارِثٌ غَيْرُهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أُمِّي فُلَانَةَ

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین میں سے ایک آدمی تھا' اُس نے اپنی والدہ پر اپنی بڑی زمین کو صدقہ کر دیا' اُس کی والدہ فوت ہو گئی' اس کا کوئی وارث نہیں تھا' وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میری فلاں والدہ فوت ہو گئی' وہ لوگوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب اور عزت والی

كَانَتْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَأَعَزِّهِمْ عَلَيَّ، وَإِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَيْهَا بِأَرْضٍ لِي عَظِيمَةٍ، فَمَاتَتْ وَلَيْسَ لَهَا وَارِثٌ غَيْرِي، فَكَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَصْنَعَ بِهَا؟ قَالَ: قَدْ أَوْجَبَ اللّٰهُ أَجْرَكَ، وَرَدَّ عَلَيْكَ أَرْضَكَ، اصْنَعْ بِهَا مَا شِئْتَ

تھی‘ میں نے اس پر بڑی زمین صدقہ کی تھی‘ وہ فوت ہو گئی ہے‘ اس کا میرے علاوہ کوئی وارث نہیں ہے‘ آپ مجھے کیا کرنے کا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیرے لیے اجر کو ثابت کر دیا اور تیری زمین واپس کر دی ہے‘ اب تُو اس کے ساتھ جو چاہے کر‘ یعنی زمین کے ساتھ۔

6375 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَى أُمِّي بِصَدَقَةٍ، وَإِنَّهَا هَلَكَتْ، وَكَيْفَ أَصْنَعُ؟ قَالَ: قَدْ رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ أَرْضَكَ، وَقَبِلَ صَدَقَتَكَ

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا‘ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنی والدہ پر صدقہ کیا تھا‘ وہ فوت ہوگئی ہیں تو اب میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیری زمین تجھے واپس کر دی ہے اور تیرے صدقہ کو قبول کیا ہے۔

6376 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ خَالِدٍ الْأَشَجِّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى جَذَعَةٍ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: مَا ضَرَّ أَهْلَ هَذِهِ لَوِ انْتَفَعُوا بِمَسْكِهَا

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک مردار جذعہ (یعنی بھیڑ کے بچہ) کے پاس آئے‘ آپ نے فرمایا: اس کے مالک کے لیے کوئی حرج نہیں تھا کہ وہ اس کی کھال سے فائدہ اُٹھاتا۔

سِنَانُ بْنُ وَبَرَةَ الْجُهَنِيُّ

حضرت سنان بن وبرہ جہنی رضی اللہ عنہ

6377 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ،

حضرت سنان بن وبرہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے

ثنا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْخَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ رَافِعٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ وَبَرَةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْمُرَيْسِيعِ، فَكَانَ شِعَارُنَا: يَا مَنْصُورُ، أَمِتْ أَمِتْ

ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ مریسیع کیا' ہمارا اُس وقت شعار تھا: اے مدد کیے ہوئے ہے مار دے! مار دے!

سِنَانُ بْنُ غَرَفَةَ

حضرت سنان بن غرفہ رضی اللہ عنہ

6378 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ عَرَفَةَ، وَلَهُ صُحْبَةٌ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ مَعَ النِّسَاءِ، وَالْمَرْأَةِ تَمُوتُ مَعَ الرِّجَالِ، وَلَيْسَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا مَحْرَمٌ، قَالَ: يُتَيَمَّمَا، وَلَا يُغَسَّلَا

حضرت سنان بن عرفہ رضی اللہ عنہ' انہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس آدمی کے متعلق جو عورتوں کے ساتھ مر جاتا ہے اور عورت جو مردوں کے ساتھ مر جاتی ہے اور ان میں کسی کا محرم نہ ہو' آپ نے فرمایا: ان کو تیمم کروایا جائے گا اور غسل نہیں کروایا جائے گا۔

سُنَيْنٌ أَبُو جَمِيلَةَ

حضرت سنین ابو جمیلہ رضی اللہ عنہ

6379 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى أَهْلِهِ، وَقَدِ الْتَقَطَ مَنْبُوذًا، فَذَهَبَ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَكَرَهُ لَهُ، فَقَالَ عُمَرُ: عَسَى الْغُوَيْرُ أَبْؤُسًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا الْتُقِطَ إِلَّا وَأَنَا غَائِبٌ، وَسَأَلَ عَنْهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأُثْنِيَ عَلَيْهِ خَيْرًا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَلَاؤُهُ لَكَ، وَنَفَقَتُهُ عَلَيْنَا مِنْ بَيْتِ الْمَالِ

حضرت زہری سے روایت ہے کہ ایک آدمی اپنے گھر والوں کے پاس آیا جبکہ اس نے راہ پڑی چیز اُٹھائی تھی' پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا تو اس کا ذکر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آدمی نے عرض کی کہ جب یہ گری ہے تو میں وہاں نہیں تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو لوگوں نے اس کی تعریف کی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: پس اس کی ولاء تیرے

لیے ہے اور اس کا نفقہ بیت المال سے ہم پر لازم ہوگا۔

6380 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي أَبُو جَمِيلَةَ، أَنَّهُ وَجَدَ مَنْبُوذًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ بِهِ، فَاتَّهَمَهُ بِهِ عُمَرُ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْرًا، فَقَالَ عُمَرُ: فَهُوَ حُرٌّ، وَوَلَاؤُهُ لَكَ، وَنَفَقَتُهُ مِنْ بَيْتِ الْمَالِ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ ابوجمیلہ نے مجھے حدیث سنائی کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں ایک گری ہوئی چیز پائی' پس وہ لے کر آئے' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر تہمت لگائی (کہ اس نے چوری کی ہے) لیکن لوگوں نے اس کی اچھی تعریف کی۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ آزاد ہے اور اس کی ولاء بھی اسی کے لیے ہے اور اس کا خرچہ بیت المال سے ہوگا۔

6381 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ أَبَا جَمِيلَةَ أَخْبَرَهُ، وَنَحْنُ مَعَ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ جُلُوسٌ، فَزَعَمَ أَبُو جَمِيلَةَ أَنَّهُ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مَعَهُ عَامَ الْفَتْحِ

حضرت ابوجمیلہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سعید بن میسب کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے' ابوجمیلہ کا خیال تھا کہ اُس نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا' فتح والے سال آپ کے ساتھ تھا۔

6382 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَجُلًا أَخْبَرَهُ أَنَّهُ الْتَقَطَ وَلَدَ زِنًى، فَجَاءَ بِهِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاسْتَرْضِعْ بِمَالِ اللّٰهِ، وَلَكَ وَلَاؤُهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَالرَّجُلُ الَّذِي الْتَقَطَهُ، فَجَاءَ بِهِ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَخْبَرَنِي ذَلِكَ نَفْسُهُ

ابن شہاب بتاتے ہیں کہ ایک آدمی نے بتایا کہ اس کو ولدالزنا راستے پہ گرا ہوا ملا' وہ اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور بیت المال کے مال سے اس کو دودھ پلاؤ اور اس کی ولاء تمہارے لیے ہے۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: وہ آدمی جو گم شدہ کو لے کر آیا تھا' وہ اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تھا' اس نے مجھے خود بتایا تھا۔

مَنِ اسْمُهُ سِمَاكٌ

سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ أَبُو دُجَانَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

جن کا نام سماک ہے

حضرت سماک خرشہ ابودجانہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

6382م- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ أَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ خَرَشَةَ بْنِ لَوْذَانَ بْنِ عَبْدِ وُدِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابودجانہ سماک بن اوس بن خرشہ بن لوذان بن عبدوڈ بن زید بن ثعلبہ کا بھی ہے۔

6383 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ أَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ الَّذِي أَخَذَ سَيْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابودجانہ سماک بن خرشہ کا بھی ہے آپ کو اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کی تلوار مبارک پکڑنے کا شرف حاصل ہوا تھا۔

6384 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

6385 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا

حضرت محمد بن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

6386 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

6387 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى فَاطِمَةَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: خُذِي هَذَا السَّيْفَ غَيْرَ ذَمِيمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَئِنْ كُنْتَ أَحْسَنْتَ الْقِتَالَ، لَقَدْ أَحْسَنَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَأَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کے پاس اُحد کے دن آئے کہا: یہ تلوار پکڑ و بغیر پریشانی کے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو اچھی لڑائی لڑا کرتا ہے تو بے شک سہل بن حنیف اور ابودجانہ سماک بن خرشہ بھی اچھی لڑائی لڑتے ہیں۔

6388 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرْمُطِيُّ، مِنْ وَلَدِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعُثْمَانِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت خالد بن سلیمان بن عبداللہ بن خالد بن سماک بن خرشہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ سرخ رنگ کے کپڑے کا جھنڈا پکڑے ہوئے تھے حضور ﷺ نے انہیں دیکھا یہ دوصفوں کے درمیان اکڑ اکڑ کر چل رہے تھے حضور ﷺ نے فرمایا: اس

خَالِدِ بْنِ سِمَاكِ بْنِ خَرَشَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ أَبَا دُجَانَةَ يَوْمَ أُحُدٍ أَعْلَمَ بِعِصَابَةٍ حَمْرَاءَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُخْتَالٌ فِي مِشْيَتِهِ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ، فَقَالَ: إِنَّهَا مِشْيَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ إِلَّا فِي هَذَا الْمَوْضِعِ

طرح چلنا اللہ کو ناپسند ہے لیکن جنگ کے موقع پر (کافروں پر رعب ڈالنے کے لیے اس طرح چلنا جائز ہے)۔

مَنِ اسْمُهُ سَلِيطٌ
سَلِيطٌ أَبُو سُلَيْمَانَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

جن کا نام سلیط ہے
حضرت سلیط ابوسلیمان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

6389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ سَلِيطُ بْنُ قَيْسِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَامِرٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عدی بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سلیط بن قیس بن عمرو بن عبیداللہ بن مالک بن عدی بن عامر کا بھی ہے۔

6390 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ سَلِيطٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهِجْرَةِ، مَعَهُ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ وَابْنُ أُرَيْقِطٍ يَدُلُّهُمُ الطَّرِيقَ، فَمَرَّ بِأُمِّ مَعْبَدٍ الْخُزَاعِيَّةِ، وَهِيَ لَا تَعْرِفُهُ، فَقَالَ لَهَا: يَا أُمَّ

حضرت محمد بن سلیمان بن سلیط انصاری نے اپنے والد سے' اُنہوں نے ان کے دادا سے حدیث بیان کی: جب رسول کریم ﷺ ہجرت کے موقع پہ تشریف لے چلے' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق' عامر بن فہیرہ اور ابن اریقط تھا جو راستہ بتا رہا تھا تو اُم معبد خزاعیہ کے پاس سے گزرے جبکہ وہ آپ ﷺ کو نہیں پہچانتی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم معبد! کیا تیرے پاس کچھ دودھ ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں!

مَعْبَدٍ هَلْ عِنْدَكِ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، وَإِنَّ الْغَنَمَ لَعَازِبَةٌ قَالَ: فَمَا هَذِهِ الشَّاةُ الَّتِي أَرَاهَا فِي كِفَاءِ الْبَيْتِ؟ قَالَتْ: شَاةٌ خَلَّفَهَا الْجَهْدُ عَنِ الْغَنَمِ، قَالَ: أَتَأْذَنِينَ فِي حِلَابِهَا؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا ضَرَبَهَا مِنْ فَحْلٍ قَطُّ، وَشَأْنُكَ بِهَا، فَمَسَحَ ظَهْرَهَا وَضَرْعَهَا، ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ يَرْبِضُ الرَّهْطَ، فَحَلَبَ فِيهِ، فَمَلَأَهُ، فَسَقَى أَصْحَابَهُ عَلَلًا بَعْدَ نَهَلٍ، ثُمَّ حَلَبَ فِيهِ أُخْرَى، فَمَلَأَهُ، فَغَادَرَهُ عِنْدَهَا، وَارْتَحَلَ، فَلَمَّا جَاءَ زَوْجُهَا عِنْدَ الْمَسَاءِ قَالَ لَهَا: يَا أُمَّ مَعْبَدٍ مَا هَذَا اللَّبَنُ، وَلَا حَلُوبَةٌ فِي الْبَيْتِ، وَالْغَنَمُ عَازِبَةٌ؟ فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، إِلَّا أَنَّهُ مَرَّ بِنَا رَجُلٌ ظَاهِرُ الْوَضَاءَةِ، مَلِيحُ الْوَجْهِ، فِي أَشْفَارِهِ وَطَفٌ، وَفِي عَيْنَيْهِ دَعَجٌ، وَفِي صَوْتِهِ صَحَلٌ، غُصْنٌ بَيْنَ غُصْنَيْنِ، لَا تَشْنَؤُهُ مِنْ طُولٍ، وَلَا تَقْتَحِمُهُ مِنْ قِصَرٍ، لَمْ تَعْلُوهُ ثُجْلَةٌ، وَلَمْ تَزْرِ بِهِ صَعْلَةٌ، كَأَنَّ عُنُقَهُ إِبْرِيقُ فِضَّةٍ، إِذَا نَطَقَ فَعَلَيْهِ الْبَهَاءُ، وَإِذَا صَمَتَ فَعَلَيْهِ الْوَقَارُ، كَلَامُهُ كَخَرَزِ النَّظْمِ، أَزْيَنُ أَصْحَابِهِ مَنْظَرًا، وَأَحْسَنُهُمْ وَجْهًا، مَحْشُودٌ غَيْرُ مُفْنَدٍ، لَهُ أَصْحَابٌ يَحُفُّونَ بِهِ، إِذَا أَمَرَ تَبَادَرُوا أَمْرَهُ، وَإِذَا نَهَى انْتَهَوْا عِنْدَ نَهْيِهِ، قَالَ: هَذِهِ صِفَةُ صَاحِبِ قُرَيْشٍ، وَلَوْ رَأَيْتُهُ لَاتَّبَعْتُهُ، وَلَأَجْهَدَنَّ أَنْ أَفْعَلَ وَلَمْ يَعْلَمُوا بِمَكَّةَ أَيْنَ تَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَمِعُوا هَاتِفًا يَهْتِفُ عَلَى أَبِي قُبَيْسٍ:

قسم بخدا! بے شک بکریاں تو گھر سے گئی ہوئی ہیں، پس یہی ایک بکری ہے جو آپ گھر کے خیمے میں دیکھ رہے ہیں۔ اُم معبد کا بیان ہے: وہ ایسی بکری تھی جو اپنی کمزوری کی وجہ سے دیگر بکریوں کے ساتھ جانے سے رہ گئی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیری اجازت ہے ہم اس کا دودھ نکال لیں؟ اس نے عرض کی: کوئی نر کبھی اس بکری کے قریب نہیں کیا، اس سے آپ کا کام کیسے ہوگا۔ پس آپ ﷺ نے اس کی پیٹھ اور کھیری پر ہاتھ پھیرا، پھر برتن منگوایا جو ایک گروہ کو سیر کر دینے والا تھا، پس اس برتن میں اس بکری کا دودھ نکالا، پس اسے بھر دیا۔ پس وہ اپنے ساتھیوں کو ایک سیر کر کے پلانے کے بعد پھر پلایا، پھر دوسری بار دودھ نکالا تو اسے بھر دیا، پس آپ وہ برتن اس کے پاس رکھ کر کوچ کر گئے، پس جب شام کے وقت اس کا خاوند آیا تو اس نے اس سے کہا: اے اُم معبد! یہ دودھ کیسا ہے؟ جبکہ گھر میں کوئی دودھ دینے والا جانور ہی نہیں ہے اور بکریاں جنگل کو گئی ہوئی ہیں۔ اس نے جواب دیا: نہیں! قسم بخدا! مگر ہمارے پاس سے ایک آدمی گزرا، جس کا ظاہر روشن، چہرے پہ مدحت، ہونٹوں میں سرخی، آنکھوں میں سرمہ، آواز میں گرج، جیسے دو ٹہنیوں کے درمیان ایک لچکدار ٹہنی، قد لمبا ہونے کا عیب نہیں، قد کے چھوٹا ہونے کی کمزوری نہیں، بالوں کے لمبا ہونے کی بدصورتی نہیں اور سر کے گنجا ہونے کا عیب نہیں، ان کی گردن گویا کہ چاندی کی صراحی، جب گفتگو فرماتے ہیں تو ان کے چہرے پر رونق

(البحر الطويل)

جَزَى اللّٰـهُ خَيـرًا ' وَالْـجَزَاءُ بِكَفِّـهِ ـ
رَفِيقَيْنِ قَالَا خَيْمَتَيْ أُمِّ مَعْبَدِ

هُـمَا نَزَلَا بِالْبِرِّ وَارْتَحَلَا بِهِ ...فَقَدْ فَازَ مَنْ
أَمْسَى رَفِيقَ مُحَمَّدِ

فَـمَا حَـمَلَتْ مِنْ نَاقَةٍ فَوْقَ رَحْلِهَا ...أَبَرَّ
وَأَوْفَى ذِمَّةً مِنْ مُحَمَّدِ

وأَكْسَـى لِبَـرْدِ الْـحَـالِ قَبْـلَ ابْتِذَالِهِ ـ
وَأَعْطَى بِرَأْسِ السَّائِحِ الْمُتَجَرِّدِ

ويَهْنِ بَنِي كَعْبٍ مَكَانَ فَتَاتِهِمْ ...ومَقْعَدُهَا
لِلْمُؤْمِنِينَ بِمَرْصَدِ

آ جاتی ہے اور جب خاموشی اختیار کرتے ہیں تو سراپا وقار ہوتے ہیں' ان کا کلام گویا کہ موتی پرو دیئے گئے ہیں' اپنے دوستوں میں سے خوبصورت منظر والے اور ان میں سے زیادہ حسین چہرے والے' قابلِ احترام ہیں' کمزور لگتے نہیں' ان کے صحابہ ان کو گھیرے میں لے لیتے ہیں' جب حکم صادر فرماتے ہیں تو وہ بجالانے میں جلدی کرتے ہیں اور جب کسی کام سے منع کرتے ہیں تو فوراً رُک جاتے ہیں۔ اس نے کہا: یہ تو قریشیوں کے ساتھی کی صفات ہیں' اگر میں ان کو دیکھ پاؤں تو پیروی کروں اور میں یہ کام کرنے کی پوری کوشش کروں گا' مکہ والوں کو ابھی معلوم نہیں ہوا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں تشریف لے گئے ہیں' حتیٰ کہ وہ سنیں! ان دو دوستوں کو غائبانہ آواز دینے والے کو جو ابوقبیس کے پہاڑ پر آواز لگائے:

''اللہ اچھی جزاء دے! (جبکہ جزاء اس کی مٹھی میں ہے) جنہوں نے اُم معبد کے خیموں میں قیلولہ کیا'

وہ دونوں نیکی کے ساتھ اترے اور نیکی کے ساتھ ہی وہاں سے کوچ فرمایا' پس تحقیق وہ کامیابی کی منازل طے کر گیا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھی بن گیا'

کسی اونٹنی نے اپنے کجاوے پر کسی کو نہیں اُٹھایا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ نیک ہو اور اپنی ذمہ داری کو زیادہ پورا کرنے والا ہو'

چادر کے پرانا ہونے سے پہلے اس کو فوراً پہنانے والا ہو' اکیلے چلنے والے یا سیر کرنے والے کے سر کے

ساتھ زیادہ عطا کرنے والا ہو
کعب قبیلے کی دوشیزاؤں کی بجائے ان کے بیٹوں کو مبارک ہو ان کے بیٹھنے کا مؤمنین کیلئے انتظار کیا جاتا ہے''۔

سَلِيطُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ وَقْشٍ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سلیط بن ثابت بن وقش انصاری رضی اللہ عنہ

اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اُحد کے دن شہید ہوئے تھے۔

6391 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبْتِ سَلِيطُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ وَقْشٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ انصار میں سے جو شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلیط بن ثابت بن وقش کا بھی ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سَبْرَةُ

جن کا نام سبرہ ہے

سَبْرَةُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ عَوْسَجَةَ الْجُهَنِيُّ

حضرت سبرہ بن معبد بن عوسجہ جہنی رضی اللہ عنہ

وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي نَسَبِهِ

آپ کے نسب میں اختلاف کیا گیا ہے۔

6392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ أَبُو جَعْفَرٍ التِّرْمِذِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَمْرِو

محمد بن احمد بن نصر ابوجعفر ترمذی فرماتے ہیں کہ ہمیں حارث بن معبد نے حدیث بیان کی، اُنہوں نے حضرت عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ بن معبد بن عمرو بن

بْـنِ صُـحَارَةَ بْنِ جُرَيْجِ بْنِ ذُهْلِ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُهَيْنَةَ بْنِ قُضَاعَةَ

صحارہ بن جریج بن ذھل بن زید بن جہینہ بن قضاء سے۔

الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم ایسے معاملے کیلئے عمل کریں گے جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ایسے کام کیلئے جس کو ہم نے نئے سرے سے کرنا ہے؟ فرمایا: ایسے کام کیلئے جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: پھر عمل کس لیے ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر کام کرنے والے کا کام آسان بنا دیا گیا ہے۔

6441 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حج کرتے ہوئے رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے

مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا ' مَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، وَلَا نَنْوِي غَيْرَهُ ' حَتَّى إِذَا كَانَ بِسَرِفٍ، حَاضَتْ عَائِشَةُ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: أَصَابَنِي الْأَذَى، قَالَ: إِنَّمَا أَنْتِ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ يُصِيبُكِ مَا يُصِيبُهُنَّ ' قَالَ: فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ كَمَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَذَاكَرْنَا بَيْنَنَا، فَقُلْنَا: خَرَجْنَا حُجَّاجًا، وَلَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، وَلَا نَنْوِي غَيْرَهُ، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَاتٍ إِلَّا أَرْبَعُ لَيَالٍ وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ الْمَنِيَّ مِنَ النِّسَاءِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ: إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلَوْلَا الْهَدْيُ لَأَحْلَلْتُ، فَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا حَدِيثَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا هَذَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لِلْأَبَدِ ' فَأَتَيْنَا عَرَفَةَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الِانْصِرَافِ ' قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكُمْ قَدْ طُفْتُمْ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ أَكُنْ طُفْتُ؟ فَقَالَ: إِنَّ

جابر عن سراقة

ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا اور اس کے علاوہ ہم نے کوئی نیت نہیں کی حتیٰ کہ جب ہم مقامِ سرف پہ تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ماہواری کا خون شروع ہو گیا' پس رسول کریم ﷺ ان کے پاس آئے' درانحالیکہ وہ رو رہی تھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم کیوں رو رہی ہو؟ عرض کی: مجھے تکلیف والا معاملہ پیش آ گیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو بھی آدم کی بیٹی ہے' تجھے بھی وہ تکلیف لاحق ہوتی ہے جو آدمی کی بیٹیوں کو لاحق ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں: ابھی ذوالحجہ سے چار راتیں باقی تھیں' جب ہم مکہ پہنچے' پس ہم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی جیسے ہمیں رسول کریم ﷺ نے حکم دیا' پس ہم نے باہم مذاکرہ کیا تو ہم نے عرض کی: ہم حاجی بن کر نکلے' حج کے علاوہ نہ ہمارا کوئی ارادہ تھا اور نہ کوئی نیت تھی حتیٰ کہ جب ہمارے اور عرفات کے درمیان چار دن کا فاصلہ رہ گیا ہے تو حال یہ ہے کہ ہمارے مرد اپنی عورتوں کو منی ٹپکانے لگے ہیں۔ پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچ گئی۔ پس آپ ﷺ ہمیں خطبہ دینے کیلئے کھڑے ہوئے' فرمایا: بے شک عمرہ حج میں داخل ہے اور اگر میں کوئی شروع کرتا ہوں تو اسے ادھورا نہیں چھوڑتا' جو میں قربانی لایا ہوں اور اگر میں قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی احرام کھول دیتا' پس جس کے پاس قربانی نہیں ہے تو اسے چاہیے احرام کھول دے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس قوم کے ساتھ بات کرنے

لَكِ مِثْلَ مَا لِلْقَوْمِ قَالَتْ: فَإِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي؟ قَالَ: فَوَقَفَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى وَادِي مَكَّةَ، وَأَرْدَفَهَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى أَتَتِ التَّنْعِيمَ

کی مانند ہم سے بات کریں جو آج پیدا ہوئی ہے۔ کیا ہمارا یہ عمرہ ہمارے اسی سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔ پس ہم عرفات آئے، پس جب واپسی کا وقت تھا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ لوگوں نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی لیکن میں طواف (وسعی) سے محروم رہی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آپ کو وہی ثواب ملے گا جو دوسرے حاجیوں کو ملے گا۔ انہوں نے عرض کی: میرا دل مطمئن نہیں ہو رہا ہے؟ راوی کا بیان ہے: ان کیلئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وادی مکہ کی بلندی پر پڑاؤ ڈالا اور ان کو حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر کے پیچھے بٹھایا حتیٰ کہ وہ مقام تنعیم پر آئیں (اور وہاں سے احرام باندھ کر طواف وسعی کی سعادت حاصل کی)۔

6442 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيحَةَ أَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ كُلُّنَا، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَصَلَّيْنَا وَسَعَيْنَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَنَا فَقَصَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: أَحِلُّوا، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حِلُّ مَاذَا؟ قَالَ: حِلُّ مَا يَحِلُّ الْحَلَالَ مِنَ النِّسَاءِ وَالطِّيبِ قَالَ: فَغُشِيَتِ النِّسَاءُ، وَسَطَعَتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کی صبح کو حج کا احرام باندھتے ہوئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ آئے، پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں طواف کعبہ، نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کا حکم دیا، پھر حکم دیا تو ہم نے بال کم کروائے، پھر فرمایا: احرام کھول دو! ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کون سی چیز حلال ہوگی؟ فرمایا: عورتوں اور خوشبو وغیرہ میں سے جو بھی حلال ہے وہ حلال ہوگا۔ راوی کا بیان ہے: بیویوں کے حقوق پورے کیے گئے اور خوشبوؤں کے حُلّے اُٹھے۔ راوی کہتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ

الْمَجَامِرُ، قَالَ: وَبَلَغَهُ أَنَّ بَعْضَهُمْ يَقُولُ: أَينطَلِقُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ فَخَطَبَهُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِى مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْىَ، وَلَوْ لَمْ أَسُقِ الْهَدْىَ حَلَقْتُ، أَلَا فَخُذُوا مَنَاسِكَكُمْ قَالَ: فَأَقَامَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، وَأَرَادُوا التَّوَجُّهَ إِلَى مِنًى أَهَلُّوا بِالْحَجِّ، قَالَ: كَانَ الْهَدْىُ عَلَى مَنْ وَجَدَ، وَالصِّيَامُ عَلَى مَنْ لَمْ يَجِدْ، وَأَشْرَكَ بَيْنَهُمْ فِي هَدْيِهِمْ، الْجَزُورُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَالْبَقَرَةُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَكَانَ طَوَافُهُمْ بِالْبَيْتِ وَسَعْيُهُمْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ طَوَافًا وَاحِدًا، وَسَعْيًا وَاحِدًا، لِحَجِّهِمْ وَعُمْرَتِهِمْ، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

بات پہنچی کہ بعض کہہ رہے ہیں کہ کیا ہم میں سے کوئی منیٰ جائے گا اس حال میں کہ وہ منی ٹپکا رہا ہو گا؟ تو آپ ﷺ نے ان کو خطبہ دیا' پس اللہ کی حمد و ثناء بیان کی پھر فرمایا: میں کوئی حکم دے کر واپس نہیں لیتا' میں جو قربانی لایا ہوں' اگر میں قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی حلق کرواتا' تم احکامِ حج کیوں نہیں سیکھ لیتے۔ راوی کا بیان ہے: پس ساری قوم احکامِ حج پورے کرنے کو تیار ہو گئی حتیٰ کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا اور سب نے منیٰ جانے کا ارادہ کیا تو انہوں نے حج کا احرام باندھا' فرمایا: قربانی اس پر لازم ہے جو قربانی کا جانور پائے اور روزے اس پر ہیں جو قربانی کا جانور نہ پائے' قربانی کے اپنے جانور میں باہم ایک دوسرے کے ساتھ شریک بھی ہو سکتے ہیں' اونٹ میں بھی اور گائے میں بھی سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک طواف وہ بیت اللہ شریف کا کریں گے اور صفا و مروہ کی ایک بار سعی کریں گے' اپنی حج اور عمرہ کے لیے انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

6443 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو شِهَابٍ مُوسَى بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا مُتَمَتِّعٌ بِعُمْرَةٍ، فَقَدِمْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، فَقَالَ لِي أَهْلُ مَكَّةَ: تَصِيرُ الْآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً، فَدَخَلْتُ عَلَى عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ أَسْتَفْتِيهِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ حَجَّ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَاقَ

حضرت ابوشہاب موسیٰ بن نافع فرماتے ہیں: میں مکے آیا اس حال میں کہ میں عمرہ کا احرام باندھنے والا تھا۔ پس تین دن آٹھویں ذوالحجہ سے پہلے آئے۔ پس مکہ والوں نے مجھ سے کہا: اب آپ کی حج مکی ہو جائے گی' میں فتویٰ لینے کیلئے حضرت عطاء بن ابورباح کی خدمت میں حاضر ہوا' پس انہوں نے فرمایا: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث سنائی کہ

الْبُدْنَ، وَقَدْ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحِلُّوا مِنْ إِحْرَامِكُمْ بِطَوَافٍ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَقِيمُوا حَلَالًا، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَأَهِلُّوا بِالْحَجِّ، وَاجْعَلُوا الَّذِي قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً، قَالُوا: كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً، وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ؟ فَقَالَ: افْعَلُوا مَا أَمَرْتُكُمْ، فَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي أَمَرْتُكُمْ، وَلَكِنِّي لَا يَحِلُّ مِنِّي حَرَامٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ، فَفَعَلُوا، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

انہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ حج کیا اس دن جس دن وہ قربانی کا جانور ہانک کر لے گئے اس حال میں کہ اُنہوں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا' پس رسول کریم ﷺ نے انہیں فرمایا: بیت اللہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کر کے تم احرام کھول دو اور بغیر احرام کے مقیم ہو جاؤ یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آئے تو حج کا احرام باندھو اور جس کے ساتھ تم آئے ہو اسے احرامِ تمتع بنا لو! صحابہ نے عرض کی: ہم اس کو تمتع کیسے بنائیں حالانکہ ہم نے اس کا نام حج رکھا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے وہ کرو' پس اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا تو اسی کی مثل کرتا جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے لیکن احرام کھولنا مجھے روا نہیں ہے یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا' لیکن حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں فرمایا۔

6444 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَلَمَّا طَافُوا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا عُمْرَةً، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ لَبَّوْا بِالْحَجِّ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ طَافُوا بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ آئے' ذوالحجہ کی چار تاریخیں گزر چکی تھیں' پس جب لوگوں نے طواف کعبہ اور صفا و مروہ کی سعی کر لی تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو عمرہ بنا لو' پس جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آ جائے تو حج (کا احرام باندھ کر) تلبیہ کہو' جب قربانی کا دن ہو تو بیت اللہ شریف کا طواف کرو لیکن صفا و مروہ کی سعی نہ کرو۔ انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

يَذْكُرُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

6445 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ح وَعَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَا: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ صُبْحَ رَابِعَةٍ مُهِلُّونَ بِالْحَجِّ ' لَمْ يُخَالِطْهُ شَيْءٌ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا ' فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً ' وَأَنْ نَحِلَّ إِلَى نِسَائِنَا، فَقِيلَتْ فِي ذَلِكَ الْقَالَةُ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: فَيَرُوحُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ وَقَالَ جَابِرٌ: فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ أَقْوَامًا يَقُولُونَ كَذَا وَكَذَا، وَاللّٰهِ لَأَنَا أَبَرُّ وَأَتْقَى لِلّٰهِ مِنْهُمْ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلَا أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ ' فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' أَهِيَ لَنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ لِلْأَبَدِ وَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ: أَحَدُهُمَا يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ، وَقَالَ الْآخَرُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِيمَ عَلَى إِحْرَامِهِ ' وَأَشْرَكَهُ فِي الْهَدْيِ

حضرت طاؤس اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام (مکہ) آئے' حج کا احرام باندھے ہوئے تھے' (حج کے ساتھ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی اور شی کی نیت نہیں کی۔ پس جب ہم آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا۔ پس ہم نے اس کو عمرہ بنالیا اور یہ کہ ہم اپنی بیویوں کو حلال سمجھیں۔ پس اسی سلسلہ میں ایک بات کی گئی۔ حضرت عطاء نے فرمایا: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم میں سے کوئی منیٰ کی طرف جا رہا ہو جبکہ اسکے منی کے قطرے گر رہے ہوں؟ پس یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچ گئی تو آپ خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے' فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ بعض گروہ اس اس طرح کہتے ہیں' قسم بخدا! میں ان سے زیادہ نیکی کی راہ چلنے والا ہوں اور ان سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں' جو ہدایت میں جاری کروں اور اگر میرے ساتھ بھی قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ حکم صرف ہمارے لیے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔ حضرت علی بن ابوطالب آئے' عرض کی: دو میں سے ایک کہتا ہے: میں نے اس چیز کے ساتھ احرام باندھا جس کے ساتھ

نبی کریم ﷺ نے احرام باندھا اور دوسرا کہتا ہے: میں نے نبی کریم ﷺ کی طرح حج کا احرام باندھا' پس ان کو رسول کریم ﷺ نے حکم دیا کہ وہ اپنے احرام کی حالت میں مقیم ہوں اور ان کو اپنی قربانی میں شریک فرمایا (جبکہ وہ خود بھی اپنی قربانی لے کر آئے تھے)۔

6446 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَهْلَلْنَا مَعَهُ بِالْحَجِّ خَالِصًا، حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ صُبْحَ رَابِعَةٍ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنَّا سَاقَ هَدْيًا أَنْ يَحِلَّ، قَالَ: وَلَمْ يَعْزِمْ فِي أَمْرِ النِّسَاءِ، قَالَ جَابِرٌ فَقُلْنَا: تَرَكَنَا ' حَتَّى إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ إِلَّا خَمْسُ لَيَالٍ، أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ ' فَنَأْتِي عَرَفَاتٍ وَالْمَذْيُ يَقْطُرُ مِنْ مَذَاكِيرِنَا، وَلَمْ يَحْلِلْ هُوَ؟ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَاقَ الْهَدْيَ، قَالَ: فَبَلَغَ قَوْلُنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ' وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الَّذِي بَلَغَهُ مِنْ قَوْلِهِمْ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي أَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَصْدَقُكُمْ وَأَبَرُّكُمْ وَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَحَلَلْتُ، وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ اور ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ خالص حج کا احرام باندھا حتیٰ کہ ہم چار ذوالحجہ کو مکہ آ گئے' ہم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی' پھر رسول کریم ﷺ نے حکم فرمایا: ہم میں سے جو شخص قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا' وہ احرام کھول دے لیکن عورتوں کے معاملے میں عزم نہ کرے۔ حضرت جابر فرماتے ہیں: پس ہم نے (آپس میں) کہا: آپ ﷺ نے ہمیں چھوڑ دیا حتیٰ کہ جب نویں ذوالحجہ سے پانچ راتیں باقی رہ گئیں تو آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں۔ پس ہم عرفات کے میدان کی طرف اس حال میں آئیں کہ ہماری منی کے قطرے گر رہے ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے خود احرام نہیں کھولا؟ اس وجہ سے ہے کہ نبی کریم ﷺ قربانی کا جانور لے کر آئے تھے فرماتے ہیں: یہ بات رسول کریم ﷺ کو معلوم ہوگئی تو آپ لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے' پس آپ ﷺ نے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر اس بات کا تذکرہ کیا جو لوگوں کی طرف سے آپ کو معلوم ہوئی تھی' اس کے بعد فرمایا: میں تم سے

أَمْرِى مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: فَسَمِعْنَا وَأَطَعْنَا، فَحَلَلْنَا قَالَ اللَّيْثُ: يُرِيدُ الْمُتْعَةَ، وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

زیادہ اللہ سے ڈرنے والا تم سے زیادہ سچا اور تم سے زیادہ نیکی اختیار کرنے والا ہو اور اگر میں بھی قربانی کا جانور ساتھ نہ لایا ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا اگر میں کسی کام میں آگے بڑھتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹتا جو ہدایت میں دیتا ہوں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم نے سن کر اطاعت کی پس ہم نے احرام کھول دیئے۔ حضرت لیث فرماتے ہیں: وہ حج تمتع کا ارادہ رکھتے تھے۔ حضرت لیث نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

جابر عن سراقة

6447 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، وَابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ، فَأَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ، فَقُلْنَا: أَيُّ الْحِلِّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، قُلْنَا: نَغْدُو إِلَى مِنًى وَأَحَالِيلُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا، قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، فَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَصَنَعْتُ مِثْلَ الَّذِي صَنَعْتُمْ قَالَ: فَأَحْلَلْنَا وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ، وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُيَيْنَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چار ذوالحجہ کو ہم رسول کریم ﷺ کی معیت میں مکہ آئے پس آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ کیسا احرام کھولنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مکمل احرام کھولنا ہے یعنی ہر چیز حلال ہوگی۔ ہم نے (آپس میں) کہا: کل ہم نے منٰی جانا ہے حال یہ ہوگا کہ ہمارے احلیلے منی کے قطرے گرا رہے ہوں گے۔ (پس جو بھی ہو) آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ہر چیز حلال ہے۔ پس اگر میں کوئی حکم جاری کر دوں تو اسے واپس نہیں لیتا میں بھی وہی کام کرتا جو تم نے کیا ہے (اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا)۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے احرام کھول دیئے ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق پورے کیے لیکن حضرت ابن عیینہ نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

6448 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَذَّنَ فِينَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ، فَخَرَجَ ' حَتَّى إِذَا قَدِمْنَا الْمَسْجِدَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ نَزَلَ وَنَزَلْنَا، ثُمَّ رَكِبْنَا فَوَقَفْنَا نَنْتَظِرُ حَتَّى رَكِبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طَافَ وَطُفْنَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَرَأَ فِيهِمَا قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثُمَّ طُفْنَا بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ' حَتَّى إِذَا كُنَّا عِنْدَ الْمَرْوَةِ، قَالَ مَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْدَى فَلْيَحِلَّ ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَوَيْنَا الْحَجَّ قَالَ: دَخَلَ الْحَجُّ فِي الْعُمْرَةِ ' فَأَصَبْنَا النِّسَاءَ وَالطِّيبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ أَنْ نَأْتِيَ مِنًى أَرْبَعَةُ أَيَّامٍ ' فَنَأْتِيَ مِنًى وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مِنْ نِسَائِنَا؟ فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: أَبِنْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَقَوْمٍ إِنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، قَالَ: إِنَّ الْحَجَّ قَدْ دَخَلَ فِي الْعُمْرَةِ قَالَ: لَنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے اندر حج کا اعلان فرمایا' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے یہاں تک کہ جب ہم درخت کے پاس مسجد میں پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اُترے اور ہم بھی (اپنی سواریوں سے) اترے' پھر ہم سوار ہوئے اور انتظار کرنے کیلئے کھڑے ہوگئے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے' پس جب ہم مکہ پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طواف کیا' ہم نے بھی طواف کیا اور دو رکعتیں پڑھیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان رکعتوں میں قل یا ایھا الکافرون اور قل ھواللہ احد پڑھی' پھر ہم نے صفا و مروہ کی سعی کی یہاں تک کہ جب ہم مروہ کے پاس تھے' تو آپ نے فرمایا: جو قربانی نہیں لایا وہ احرام کھول دے۔ پس ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نے حج کی نیت کی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہو چکا ہے۔ پس ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق ادا کیے اور خوشبو لگائی' پس جب ہم آئے تو ہمارے منیٰ جانے کو صرف چار دن باقی تھے۔ (ہم نے کہا:) ہم اس حال میں منیٰ آئیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہوگی؟ پس حضرت سراقہ بن مالک نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں اچھی طرح آگاہ فرمائیے! (اس معاملے میں ہم) اس قوم کی مانند ہیں جو آج پیدا ہوئی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہے۔ انہوں نے عرض کی: صرف ہمارے لیے یا ہمیشہ کیلئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6449 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بن عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَنَحِلَّ، وَكَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو بِشْرٍ فِي حَدِيثِهِ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کا احرام باندھ کر آئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہم اس کو عمرہ بنالیں اور احرام کھول دیں' حضور ﷺ کے پاس اپنی قربانی تھی' پس آپ ﷺ اسے عمرہ نہیں بنا سکتے تھے اور حضرت ابو بشر نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6450 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: بِأَيِّ شَيْءٍ أَهْلَلْتُمْ؟ فَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْحَجِّ، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْعُمْرَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالَّذِي أَهْلَلْتَ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' قَالَ: فَأَحِلُّوا جَمِيعًا إِلَّا مَنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ مَعَكُمْ حَلَالًا ' قَالَ: وَسَاقَ مِائَةَ بَدَنَةٍ لِيُقَلِّدَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب رسول کریم ﷺ مکہ آئے تو آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کرام سے فرمایا: تم نے کس چیز کا احرام باندھا تھا؟ پس ان میں سے بعض نے عرض کی: حج کا۔ بعض نے عرض کی: عمرہ کا' اور بعض نے عرض کی: جس چیز کے ساتھ آپ نے احرام باندھا تھا (ہم نے بھی اسی چیز کے ساتھ احرام باندھا) اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: سارے احرام کھول دو مگر وہ لوگ جو قربانی کا جانور ساتھ لے کر آئے ہیں' اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی اک جانور ساتھ نہ لایا تو میں بھی تمہارے ساتھ ہی احرام کھولنے والا ہوتا۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ سو اونٹ ساتھ لائے تھے تاکہ اس کو قلادہ ڈالیں اور حضرت محمد بن سلمہ نے سراق بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس سال آپ ﷺ نے حج کیا' میں رسول

خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ، فَسَأَلَ النَّاسَ: بِمَ أَحْرَمْتُمْ؟ قَالَ نَاسٌ: أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، وَقَالَ آخَرُونَ: قَدِمْنَا مُتَمَتِّعِينَ، وَقَالَ آخَرُونَ: أَهْلَلْنَا بِإِهْلَالِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ قَدِمَ وَلَمْ يَسُقْ هَدْيًا فَلْيَحْلِلْ، فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ حَلَالًا، فَقَالَ لَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

کریم ﷺ کے ساتھ آیا' پس لوگوں سے آپ ﷺ نے سوال کیا: تم نے کس چیز کے ساتھ احرام باندھا تھا؟ کچھ لوگوں نے عرض کی: ہم نے حج کا احرام باندھا' کچھ دوسرے لوگوں نے عرض کی: ہم حج تمتع کرنے کے لیے آئے' اور کچھ لوگوں نے یہ بھی عرض کی کہ جس چیز کا حرام آپ نے باندھا' اسی کا ہم نے بھی باندھا' اے اللہ کے رسول! پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو آیا اور اپنا قربانی کا جانور نہیں لایا وہ احرام کھول لے کیونکہ میں جب ایک کام کیلئے آگے قدم بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی نہ لاتا تو احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ اسی سال کیلئے ہے؟ یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6452 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عُمْرَتُنَا هِيَ لَنَا خَاصَّةً، أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6453 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ آئے' ہمارا ارادہ حج کرنے کا ہی تھا' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے وہ اس کو عمرہ بنا لے۔ پس لوگوں پر یہ بات گراں گزری۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ کے پاس قربانی کا جانور تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے

فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ، وَكَانَ مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ هَدْيٌ، وَقَدِمَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْيَمَنِ، فَسَأَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ أَهْلَلْتَ؟ قَالَ: بِمَا أَهْلَلْتَ بِهِ، وَكَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيٌ وِمِائَةُ هَدْيٍ، فَقَالَ سُرَاقَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَجَّتُنَا هَذِهِ ' لِعَامِنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

تشریف لائے' پس رسول کریم ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا: آپ نے کس چیز کا احرام باندھا؟ عرض کی: جس چیز کا آپ نے باندھا' جبکہ رسول کریم ﷺ ایک قربانی کا جانور (ان کے لیے) اور سو قربانی کے جانور (اپنے لیے) لائے تھے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا یہ حج' ہمارے اس سال کیلئے ہے (آئندہ سال اور کرنا پڑے گا) یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمیشہ کیلئے ہے۔

6454 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى أَبُو مَالِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ، ثنا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ، فَدَخَلْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَذِهِ الْمُتْعَةُ لَنَا خَاصَّةً أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا ' بَلْ لِلْأَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالقعدہ کے پانچ دن باقی تھے' ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے' ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' ہم مکہ میں داخل ہوئے۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ نفع (حج تمتع) ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے' قیامت کے دن تک کیلئے عمرہ' حج میں داخل ہے۔

6455 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهْلَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ احرام باندھا تو مکہ پہنچے' جب ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' پس رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں اور اس کو عمرہ بنالیں۔ پس ہم نے مکمل طور پر احرام کھول دیئے' پس ہم کعبہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحِلَّهَا وَنَجْعَلَهَا عُمْرَةً، فَأَحْلَلْنَا الْحِلَّ كُلَّهُ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى، إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَمَرَنَا فَأَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: خَرَجْنَا مِنْ أَرْضِنَا ' حَتَّى إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مِنًى إِلَّا أَرْبَعٌ ' نَخْرُجُ وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا؟ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَالَ: أَتَتَّهِمُونِي وَأَنَا أَمِينُ أَهْلِ السَّمَاءِ وَأَهْلِ الْأَرْضِ؟ أَمَا إِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا كَانَ الْهَدْيُ إِلَّا مِنْ مَكَّةَ وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

کر چکے تھے یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا تو ہم نے آپ ﷺ کے حکم سے حج کا احرام باندھا۔ پس ہم سے بعض نے بعض سے کہا: ہم اپنے وطن سے نکلے یہاں تک کہ جب منٰی جانے کو ہمیں چار دن باقی رہ گئے تو (اب) ہم اس حال میں نکلیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہو گی؟ پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچ گئی' آپ ﷺ نے فرمایا: تم مجھے متہم کرتے ہو حالانکہ میں آسمان و زمین والوں کا امین ہوں؟ بہرحال بے شک میں اگر کسی معاملے میں قدم آگے بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں' قربانی نہیں ہے مگر مکہ سے اور انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں کیا۔

حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

6456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثنا رَبَاحُ بْنُ أَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الْعُمْرَةُ لِعَامِنَا هَذَا ' أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6457 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم نے کھڑے ہو کر عرض کی:

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: عُمْرَتُنَا لِعَامِنَا هَذَا، أَمْ لِأَبَدٍ أَبَدٍ؟ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى، وَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ ' لَا بَلْ لِأَبَدِ أَبَدٍ

اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگلیوں میں سے ایک کو دوسری میں داخل کیا اور فرمایا: عمرہ حج میں داخل ہے' عمرہ حج میں داخل ہے (صرف اس سال کیلئے) نہیں بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

عروہ بن زبیر' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6458 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ الضَّالَّةَ تَرِدُ عَلَى حَوْضِ إِبِلِي هَلْ لِي أَجْرٌ إِنْ سَقَيْتُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فِي الْكَبِدِ الْحَارَّةِ أَجْرٌ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے اس حال میں کہ آپ درد کی حالت میں تھے' عرض کی: آپ کیا فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی گم شدہ اونٹنی میرے اونٹوں کے حوض پر آ کر پانی پئے تو کیا میرے لیے اجر ہوگا؟ فرمایا: جی ہاں! ہر گرم جگر والی چیز میں اجر ہے (یعنی جس کو بھی پیاس لگتی ہے)۔

مُجَاهِدٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت مجاہد' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6459 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ ' أَنَعْمَلُ عَلَى مَا قَدْ جَفَّ

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم عمل کرتے رہیں اس پر جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے یا

بِهِ الْقَلَمُ ' وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَوْ لِأَمْرٍ مُسْتَقْبَلٍ؟ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ اعْمَلْ لِمَا جَفَّ بِهِ الْقَلَمُ ' وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، فَإِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ

ایسے امر کیلئے جو آنے والا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے سراقہ! اس کے ساتھ عمل کرو جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے' کیونکہ ہر عمل آسان کر دیا گیا ہے۔

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

علی بن رباح' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6460 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ جُعْشُمٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ ' وَأَهْلِ النَّارِ؟ فَقَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ ' فَكُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ، وَأَمَّا أَهْلُ الْجَنَّةِ فَالضُّعَفَاءُ ' الْمَغْلُوبُونَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے سراقہ! کیا میں تجھے خبر نہ دوں کہ جنتی کون ہیں اور جہنم والے کون ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جہاں تک بات ہے جہنمیوں کی تو ہر متکبر اور جنت والے پس وہ کمزور اور وہ لوگ جن پر غلبہ پایا گیا ہے۔

6461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ کسی دوسرے کو سجدہ کرے تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

6462 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، ثنا

حضرت موسیٰ بن علی بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد گرامی کو ذکر کرتے ہوئے سنا: حضرت

مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُلَيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَذْكُرُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ، ابْنَتُكَ مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

سراقہ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہاری راہنمائی نہ کروں کہ سب سے زیادہ فضیلت والا صدقہ کون سا ہے؟ تیری وہ بیٹی جو تیری طرف لوٹا دی جائے اور تیرے سوا اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

6463 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَابِهْرَامَ الْأَيْذَجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شَاهِينُ بْنُ حَيَّانَ، أَخُو فَهْدٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَعْظَمِ الصَّدَقَةِ، إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الصَّدَقَةِ أَجْرًا ابْنَتُكَ ' مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا میں تیری راہنمائی سب سے بڑے صدقہ پر نہ کروں؟ بے شک سب سے بڑا صدقہ اجر کے لحاظ سے وہ ہے' تیرا اپنی اس بیٹی پر خرچ کرنا جو تیری طرف واپس کر دی گئی ہو اور اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

طَاوُسٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

طاؤس' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6464 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت سراقہ بن مالک مدلجی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں کوئی ایسا عمل کروں جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ہم نئے سرے سے عمل کریں؟ آپ ﷺ

أَنَعْمَلُ شَيْئًا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ ، أَمْ نَسْتَأْنِفُ الْعَمَلَ؟ قَالَ: بَلْ لِعَمَلٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلٌّ مُيَسَّرٌ لَهُ عَمَلُهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، الْآنَ الْجِدُّ ، الْآنَ الْجِدُّ

نے فرمایا: بلکہ اس کام کیلئے کوشش کرو جس سے فراغت پالی گئی ہے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر عمل کس چیز میں ہوگا؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر آدمی کیلئے اس کا کام آسان بنا دیا گیا ہے، عرض کی: اے اللہ کے رسول! اب کوشش ہے، اب کوشش ہے۔

طاوس عن سراقة بن مالك

6465 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعُقَيْلِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَاتِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّمَرِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الضَّالُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَجَّ قَامَ إِلَيْهِ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، افْعَلْ بِنَا فِعْلَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، فَلَمَّا أَتَوُا الْبَيْتَ أَمَرَهُمْ فَطَافُوا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَامَ فِي أَعْلَى الْوَادِي، فَخَطَبَهُمْ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت طاؤس سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج فرمایا تو حضرت سراقہ بن مالک اُٹھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے ساتھ وہی سلوک فرمائیں جو ایسے گروہ کے ساتھ کیا جاتا ہے جو گویا کہ آج پیدا ہوا ہے، پس جب وہ بیت اللہ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو حکم دیا کہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر لیں، پھر وادی کی بلند جگہ کھڑے ہو کر فرمایا: قیامت کے دن تک عمرہ، حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6466 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خبردار! بے شک عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6467 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ،

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ

وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيَّانِ قَالَا: ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ابْنُ أَبِي عُتْبَةَ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ الزَّرَّادِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

فرماتے ہیں کہ بطحا وادی میں رسول کریم ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

النَّزَّالُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ سُرَاقَةَ

نزال بن سبرہ' حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6468 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ جَمِيعًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حج و عمرہ دونوں کا احرام اکٹھے باندھا' پس میں نے آپ ﷺ سے سماع کیا' آپ ﷺ فرما رہے تھے: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک بن جعشم اپنے چچا حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6469 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی مرضِ مرگ میں آپ ﷺ

بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ، فَسَأَلْتُهُ، فَمَا سَأَلْتُهُ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرَنِيهِ، حَتَّى إِنِّي لَأَذْكُرُ شَيْئًا اللَّيْلَةَ فِيمَا أَذْكُرُهُ، قَالَ: فَكَانَ مِمَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ أَنْ قُلْتُ لَهُ: أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يُفْرِغُ فِي حَوْضِهِ، فَتَرِدُ عَلَيْهِ الْهَمَلُ مِنَ الْإِبِلِ وَالضَّالَّةُ، أَلَهُ أَجْرٌ فِي أَنْ يَسْقِيَهَا؟ فَقَالَ: لَكَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

کی خدمت میں حاضر ہوا جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح قبض فرمائی' پس میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا: پس میں نے آپ ﷺ سے جس شی کے بارے بھی پوچھا تو آپ ﷺ نے ہمیشہ مجھے بتایا ہے' حتیٰ کہ میں اس رات میں کسی شی کا ذکر کرتا ہوں' اس چیز میں جو میں ذکر کرتا ہوں' فرماتے ہیں: جو میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا' وہ یہ تھا کہ میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: آپ کا کیا خیال ہے کہ آدمی اپنے حوض میں ڈول بھرے تو اس کے پاس اونٹوں میں سے آزاد چھوڑے ہوئے اور گم شدہ اونٹنی (سارے مل کر پی لیں) کیا اس کیلئے اس اونٹنی کو پلانے میں اجر ہوگا؟ فرمایا: اجر ہے تیرے لیے ہر گرم جگر رکھنے والی چیز میں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ عَمِّهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی اس بیماری کے دوران حاضر خدمت ہوا' جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی جان قبض فرمائی' اس کے بعد اسی طرح کی حدیث ذکر کی۔

كَعْبُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَنْ أَخِيهِ سُرَاقَةَ

حضرت کعب بن مالک بن جعشم اپنے بھائی حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6470 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّالَّةِ تَرِدُ عَلَى حَوْضِهِ، هَلْ لَهُ فِيهَا أَجْرٌ إِنْ أَشْبَعَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

ہے کہ اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا اس گم شدہ جانور کے بارے میں جو کسی آدمی کے حوض پر وارد ہو (اور وہ اسے پانی پلائے) کیا اس کیلئے اجر ہے اگر وہ اس کو خوب سیر کر کے پلائے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر گرم جگر رکھنے والی چیز میں اجر ہے۔

6471 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ سُرَاقَةَ يَقُولُ: جَاءَتْنَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَيْشٍ يَجْعَلُونَ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ دِيَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِمَنْ قَتَلَهُمَا، أَوْ أَسَرَهُمَا، قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِي مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ أَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتَّى قَامَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا سُرَاقَةُ إِنِّي رَأَيْتُ آنِفًا أَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ، أُرَاهَا مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ، قَالَ سُرَاقَةُ: فَعَرَفْتُ أَنَّهُمْ هُمْ، فَقُلْتُ: إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِهِمْ، وَلَكِنَّكَ رَأَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا انْطَلَقُوا بُغَاةً، قَالَ: ثُمَّ مَا لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ إِلَّا سَاعَةً، حَتَّى قُمْتُ فَدَخَلْتُ بَيْتِي، فَأَمَرْتُ جَارِيَتِي أَنْ تُخْرِجَ لِي فَرَسِي، وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ أَكَمَةٍ تَحْبِسُهَا عَلَيَّ، وَأَخَذْتُ رُمْحِي،

حضرت امام زہری سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن کعب مدلجی سے روایت ہے کہ ان کے والد گرامی نے ان کو خبر دی کہ انہوں نے حضرت سراقہ کو کہتے ہوئے سنا: کفارِ قریش کے قاصد ہمارے پاس آئے جو رسول کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں سے ہر ایک کی دیت مقرر کرنے والے تھے اس آدمی کیلئے جو ان دونوں کو قتل کرے یا کم از کم ان کو قید کر کے لائے۔ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ میں بنومدلج قبیلے میں سے اپنی قوم کی مجلسوں میں ایک مجلس میں بیٹھا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی آیا یہاں تک کہ ہمارے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے کہا: اے سراقہ! میں نے تھوڑی دیر پہلے ساحل سمندر کے ساتھ سائے دیکھے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ ایک محمد ﷺ ہیں اور ان کے صحابہ۔ حضرت سراقہ نے کہا: پس مجھے پتہ چل گیا کہ وہ وہی ہیں پس میں نے کہا: بے شک وہ وہ نہیں ہیں بلکہ تُو نے فلاں (نام ذکر کیا) اور فلاں (نام بتایا)

فَخَرَجْتُ بِهِ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ، فَخَطَطْتُ بِرُمْحِي
فِي الْأَرْضِ، وَخَفَضْتُ عَالِيَةَ الرُّمْحِ، حَتَّى أَتَيْتُ
فَرَسِي فَرَكِبْتُهَا فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي، حَتَّى رَأَيْتُ
أَسْوِدَتَهُمْ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُمْ حَيْثُ يَسْمَعُونَ
الصَّوْتَ عَثَرَتْ بِي فَرَسِي، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَقُمْتُ
فَأَهْوَيْتُ بِيَدِي إِلَى كِنَانَتِي، فَأَخْرَجْتُ مِنْهَا
الْأَزْلَامَ، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا ' أَضُرُّهُمْ؟ أَمْ لَا؟ فَخَرَجَ
الَّذِي أَكْرَهُ، أَنْ لَا أَضُرَّهُمْ، فَرَكِبْتُ فَرَسِي '
وَعَصَيْتُ الْأَزْلَامَ، فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي مِنْهُمْ أَيْضًا،
حَتَّى إِذَا دَنَوْتُ سَمِعْتُ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَلْتَفِتُ، وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ يُكْثِرُ الِالْتِفَاتَ، سَاخَتْ يَدَا فَرَسِي فِي
الْأَرْضِ حَتَّى بَلَغَتِ الرُّكْبَتَيْنِ، فَخَرَرْتُ عَنْهَا،
فَزَجَرْتُهَا، فَنَهَضَتْ، فَلَمْ تَكَدْ تَخْرُجُ يَدَاهَا، فَلَمَّا
اسْتَوَتْ قَائِمَةً ' إِذْ لِأَثَرِ يَدَيْهَا عُثَانٌ سَاطِعٌ فِي
السَّمَاءِ مِنَ الدُّخَانِ، -قَالَ مَعْمَرٌ: قُلْتُ لِأَبِي
عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ: مَا الْعُثَانُ؟ فَسَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ
قَالَ: هُوَ الدُّخَانُ مِنْ غَيْرِ نَارٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ
الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ -فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْأَزْلَامِ،
فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ أَنْ لَا أَضُرَّهُمَا، فَنَادَيْتُهُمَا
بِالْأَمَانِ، فَوَقَفَا، وَرَكِبْتُ فَرَسِي حَتَّى جِئْتُهُمْ، وَقَدْ
وَقَعَ فِي نَفْسِي حِينَ لَقِيتُ مِنْهُمْ مَا لَقِيتُ مِنَ
الْحَبْسِ عَنْهُمْ، أَنَّهُ سَيَظْهَرُ أَمْرُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ قَوْمَكَ جَعَلُوا فِيكَ

کو دیکھا ہے' وہ باغی بن کر نکلے ہیں۔ حضرت سراقہ
کہتے ہیں: پھر میں مجلس میں صرف ایک گھڑی ٹھہرا
یہاں تک کہ کھڑا ہوا' اپنے گھر میں داخل ہو کر اپنی
لونڈی کو حکم دیا کہ میرے لیے میرا گھوڑا نکالے جبکہ وہ
ٹیلوں کے پیچھے میرے لیے روک کر کھڑی ہو گئی' میں
نے اپنا نیزہ پکڑا' پس میں وہ لے کر اپنے گھر کے پیچھے
سے نکلا' پس میں نے اپنے نیزے کے ساتھ زمین میں
لکیر ماری اور نیزے کا اوپر والا سرا نیچے کیا حتیٰ کہ میں
اپنے گھوڑے کے پاس آیا' پس میں اس پر سوار ہوا' میں
نے اس کو تیز کیا تاکہ وہ مجھے (جلدی) قریب کرے
یہاں تک کہ میں نے ان کے سائے دیکھے تو میں ان
کے قریب ہو گیا اتنا کہ وہ میری آواز سن سکتے تھے' میرا
گھوڑا ٹھوکر کھا کر پھسل گیا تو میں اس سے گر گیا۔ پس
میں کھڑا ہوا تو میں نے اپنا ہاتھ اپنے ترکش کی طرف
بڑھایا۔ میں نے ان میں فال کا تیر نکالا اور فال پکڑنے
لگا کہ میں ان کو نقصان دے سکوں گا یا نہیں؟ پس تیر وہ
نکلا جسے میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان کو نقصان نہیں پہنچ
اسکوں گا۔ پس میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور میں نے
فال کے تیر کو جھٹلا دیا' پس میں نے گھوڑے کو تیز کیا
تاکہ وہ مجھے ان کے قریب کرے یہاں تک کہ جب
میں قریب ہوا تو میں نے رسول کریم ﷺ کی قرأت
سنی جبکہ آپ ﷺ کی توجہ بالکل نہ تھی لیکن حضرت
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بار بار توجہ فرما رہے تھے'
میرے گھوڑے کے دونوں ہاتھ زمین میں دھنس گئے حتیٰ

الدِّيَةَ، وَأَخْبَرْتُهُمْ مِنْ أَخْبَارِ سَفَرِهِمْ، وَمَا يُرِيدُ النَّاسُ بِهِمْ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ، فَلَمْ يَرْزَءُونِي شَيْئًا، وَلَمْ يَسْأَلُونِي إِلَّا أَنْ: أَخْفِ عَنَّا، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَكْتُبَ لِي كِتَابَ مُوَادَعَةٍ، آمَنُ بِهِ فَأَمَرَ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ، فَكَتَبَهُ لِي فِي رُقْعَةٍ مِنْ أَدَمٍ، ثُمَّ مَضَى

کہ گھٹنوں تک زمین میں چلے گئے' پس میں اس سے گر پڑا۔ میں نے اسے ڈانٹا' پس میں اُٹھا لیکن میرا گھوڑا اپنے ہاتھ زمین سے نہ نکال سکا۔ پس جب وہ سیدھا کھڑا ہوا کیونکہ اس کے ہاتھوں کے نشان کی وجہ سے ایک ڈنڈے کی مانند دھواں تھا جو آسمان تک پھیلا ہوا تھا۔ حضرت معمر کہتے ہیں: میں نے ابوعمرو بن علاء سے سوال کیا: عُثان کیا چیز ہے؟ پس وہ ایک گھڑی خاموش رہے' پھر فرمایا: وہ بغیر آگ کے دھواں ہے۔ (راوئ حدیث) حضرت معمر کا قول ہے: حضرت امام زہری نے اپنی حدیث میں فرمایا: پس میں نے فال کا تیر نکالا تو وہ تیر نکلا جس کو میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان دونوں کو کوئی نقصان نہ دے سکوں گا۔ پس میں نے ان کو آزاد دی تک مجھے امان دو۔ پس وہ دونوں کھڑے ہو گئے' میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس گیا' جب میں ان سے ملا تو میرے دل میں آیا جس نے مجھے ان سے روک دیا تھا کہ ابھی رسول کریم ﷺ کا حکم سامنے آئے گا۔ پس میں نے ان سے عرض کی: بے شک آ کی قوم نے آپ کے لیے دیت مقرر کر دی ہے اور میں نے ان کو ان کے سفر کی خبروں سے آگاہ کر دیا ہے۔ اور (میں نے بتایا کہ) لوگ ان کے حوالے سے کیا چاہتے ہیں۔ میں نے ان کی خدمت میں زادِ راہ اور مال و متاع پیش کیا' لیکن انہوں نے کسی چیز سے روکا رنہ رکھی' نہ کوئی چیز مجھ سے مانگی مگر یہ کہ ہماری خبر کو چھپانا۔ پس میں نے ان سے ایک خط لکھ کر دینے کا مطالبہ کیا جو میرے

لیے امن کی ضمانت ہو پس حضرت عامر بن فہیرہ کو حکم ہوا تو انہوں نے ایک چمڑے کے ٹکڑے میں میرے لیے رقعہ لکھا اور وہ چلے گئے۔

6472 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ مَالِكًا أَخْبَرَهُ أَنَّ أَخَاهُ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ جَعَلَتْ قُرَيْشٌ لِمَنْ رَدَّهُ عَلَيْهِمْ مِائَةَ نَاقَةٍ، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ فِي نَادِي قَوْمِي جَاءَ رَجُلٌ مِنَّا، فَقَالَ: وَاللهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَكَبَةً ثَلَاثَةً مَرُّوا عَلَيَّ آنِفًا، إِنِّي لَأَظُنُّهُ مُحَمَّدًا قَالَ: فَأَوْمَأْتُ إِلَيْهِ: أَنِ اسْكُتْ، وَقُلْتُ: إِنَّمَا هُمْ بَنُو فُلَانٍ يَتَّبِعُونَ ضَالَّةً لَهُمْ ' قَالَ: لَعَلَّهُ ثُمَّ سَكَتَ، فَمَكَثْتُ قَلِيلًا، وَقُمْتُ ' فَأَمَرْتُ بِفَرَسِي، فَقِيدَ إِلَى بَطْنِ الْوَادِي، فَأَخْرَجْتُ سِلَاحِي مِنْ وَرَاءِ حُجْرَتِي، ثُمَّ أَخَذْتُ قِدَاحِي الَّتِي أَسْتَقْسِمُ بِهَا، ثُمَّ لَبِسْتُ لَأْمَتِي، ثُمَّ أَخْرَجْتُ قِدَاحِي، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا، وَقَالَ: فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ: لَا يَضُرُّهُ، وَكُنْتُ أَرْجُو أَنْ أَرُدَّهُ، فَآخُذَ الْمِائَةَ النَّاقَةَ، فَرَكِبْتُ عَلَى أَثَرِهِمْ ' فَبَيْنَمَا فَرَسِي يَشْتَدُّ بِي عَثَرَ، فَسَقَطْتُ عَنْهُ، فَأَخْرَجْتُ قِدَاحِي فَاسْتَقْسَمْتُ فَخَرَجَ السَّهْمُ

حضرت سائب بن یزید فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں قصے بیان نہیں کیا جاتا تھا' حضرت تمیم الداری پہلے آدمی ہیں جنہوں نے قصہ بیان کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اجازت چاہی' آپ نے اجازت دی' حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر قصہ بیان کیا۔

6517 - حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ الْحَلَبِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي مَنِيعٍ الرُّصَافِيُّ، ثنا جَدِّي، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بیماری متعدی نہیں ہوتی ہے اور صفر اور ہامہ کی نحوست کوئی شی نہیں ہے۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى وَلَا صَفَرَ وَلَا هَامَةَ

(عربوں کے اعتقاد کے مطابق زمانۂ جاہلیت میں ہامہ یہ تھا کہ جب کوئی قتل کیا جاتا ہے تو اس کے سر سے ایک پرندہ نکل کر اس بدلہ لینے تک اسقونی اسقونی کہتا رہتا ہے)

6518 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جَابِرِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ الطَّائِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِيهِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا صَفَرَ وَلَا هَامَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بیماری متعدی نہیں ہوتی ہے اور صفر اور ہامہ منحوس نہیں ہے۔

6519 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أَخْبَرَ أَبُو أُمَيَّةَ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ عَتَّابٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا صَفَرَ وَلَا هَامَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بیماری متعدی نہیں ہوتی ہے اور صفر اور ہامہ نہیں ہے۔ (زمانۂ جاہلیت میں عربوں کا خیال تھا کہ صفر ایک سانپ ہے جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے اور بھوک کے وقت آدمی کو ستاتا ہے اور یہ ایک متعدی بیماری ہے)

6520 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي كَبْشَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنْ مَجُوسِ هَجَرَ، وَأَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَخَذَ مِنْ مَجُوسِ فَارِسَ، وَأَخَذَهَا عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فارس کے مجوسیوں سے لیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بربر سے لیا۔

مِنْ بَرْبَرَ

6521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْخَيَّاطُ، قَالَ: ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ خُطْبَتَيْنِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن دو خطبے دیتے تھے اور دونوں کے درمیان میں بیٹھتے تھے۔

6522 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يَتَّخِذَا قَاضِيًا، وَأَوَّلُ مَنِ اسْتَقْضَى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَهُ: رُدَّ عَنِّي النَّاسَ فِي الدِّرْهَمِ وَالدِّرْهَمَيْنِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قاضی نہیں بنایا تھا' سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے قاضی بنانے کی چاہت کی تو آپ نے فرمایا: مجھ سے لوگوں کو ایک درہم اور دو درہم کے فیصلہ میں پھیر دو۔

6523 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عِيسَى بْنِ سَبْرَةَ أَبِي عُبَادَةَ الزُّرَقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ خَاتَمُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى هَلَكَ، ثُمَّ فِي يَدِ عُمَرَ حَتَّى هَلَكَ، ثُمَّ فِي يَدِ عُثْمَانَ حَتَّى سَقَطَ فِي بِئْرِ أَرِيسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی انگوٹھی مبارک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال تک آپ کے ہاتھ میں رہی' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں شہید ہونے تک' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی' پھر آپ کے ہاتھ سے اریس نامی کنویں میں گر گئی۔

6524 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں دیت سو اونٹ تھے'

صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَتِ الدِّيَةُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ: أَرْبَعَةَ أَسْنَانٍ، خَمْسَةً وَعِشْرِينَ حِقَّةً، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ جَذَعَةً، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ بَنَاتِ لَبُونٍ، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ بَنَاتِ مَخَاضٍ حَتَّى كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَمَصَّرَ الْأَمْصَارَ قَالَ عُمَرُ: لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُونَ الْإِبِلَ، فَقَوِّمُوا الْإِبِلَ أُوقِيَّةً أُوقِيَّةً، فَكَانَتْ أَرْبَعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتِ الْإِبِلُ أُوقِيَّةً وَنِصْفًا، فَكَانَتْ سِتَّةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتْ أُوقِيَّتَيْنِ فَكَانَتْ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتْ ثَلَاثَةَ أَوَاقٍ، فَكَانَتِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا، فَجَعَلَ عَلَى أَهْلِ الْوَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا، وَعَلَى أَهْلِ الْإِبِلِ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ، وَعَلَى أَهْلِ الذَّهَبِ أَلْفَ دِينَارٍ، وَعَلَى أَهْلِ الْحُلَلِ مِئَتَيْ حُلَّةٍ قِيمَةُ كُلِّ حُلَّةٍ خَمْسَةُ دَنَانِيرَ، وَعَلَى أَهْلِ الضَّأْنِ أَلْفَ ضَائِنَةٍ، وَعَلَى أَهْلِ الْمَعْزِ أَلْفَ مَاعِزَةٍ، وَعَلَى الْبَقَرِ مِئَتَيْ بَقَرَةٍ

چار قسم کی عمر کے، پچیس حقہ، پچیس جذعہ، پچیس بنت لبون، پچیس بنت مخاض۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو شہروں کی تعمیر ہونے لگی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سب لوگوں کے پاس اونٹ نہیں ہیں، اونٹوں کی قیمت لگائی گئی اوقیہ کے ساتھ ایک اوقیہ چار ہزار درہم کا تھا، پھر اونٹ مہنگے ہو گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت ڈیڑھ اوقیہ لگائی گئی، اس کی قیمت سولہ درہم ہوئی، پھر اونٹ مہنگے ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت دو اوقیہ لگائی گئی، آٹھ ہزار درہم کا ایک اوقیہ ہو گیا۔ پھر اونٹ مہنگے ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت تین اوقیہ لگائی گئی اور تین اوقیہ کی قیمت پندرہ ہزار درہم ہوئے، چاندی والوں پر پندرہ ہزار، اونٹ والوں پر سو اونٹ، سونے والوں پر ایک ہزار دینار اور حلّوں والوں پر دو سو حلّے، ہر حلہ کی قیمت پانچ دینار تھی اور بھیڑ والوں پر سو بھیڑ اور بکریوں والوں پر ایک ہزار بکریاں اور گائے والوں پر دو سو گائے مقرر کی۔

6525 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ رِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ فئی تقسیم کیا جو اللہ عزوجل نے جنگ حنین میں ہواز قبیلے کے عمال غنیمت دیئے تھے، مکہ

بْنِ يَزِيدَ، وَعُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ الْفَيْءَ الَّذِي أَفَاءَ اللّٰهُ بِحُنَيْنٍ مِنْ غَنَائِمِ هَوَازِنَ، فَأَفْشَى الْقَسْمَ فِي أَهْلِ مَكَّةَ مِنْ قُرَيْشٍ وَغَيْرِهِمْ، فَغَضِبَ الْأَنْصَارُ، فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُمْ فِي مَنَازِلِهِمْ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ هَهُنَا لَيْسَ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلْيَخْرُجْ إِلَى رَحْلِهِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، قَدْ بَلَغَنِي مِنْ حَدِيثِكُمْ فِي هَذِهِ الْمَغَانِمِ الَّتِي آثَرْتُ بِهَا أُنَاسًا أَتَأَلَّفُهُمْ عَلَى الْإِسْلَامِ، لَعَلَّهُمْ أَنْ يَشْهَدُوا بَعْدَ الْيَوْمِ وَقَدْ أَدْخَلَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمُ الْإِسْلَامَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَمْ يَمُنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِالْإِيمَانِ، وَخَصَّكُمْ بِالْكَرَامَةِ، وَسَمَّاكُمْ بِأَحْسَنِ الْأَسْمَاءِ: أَنْصَارَ اللّٰهِ، وَأَنْصَارَ رَسُولِهِ؟ وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا، وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيَكُمْ، أَفَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِهَذِهِ الْغَنَائِمِ، الشَّاةِ وَالنَّعَمِ وَالْبَعِيرِ، وَتَذْهَبُونَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْأَنْصَارُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: رَضِينَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجِيبُونِي فِيمَا قُلْتُ؟ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَجَدْتَنَا فِي ظُلْمَةٍ فَأَخْرَجَنَا اللّٰهُ بِكَ إِلَى النُّورِ، وَوَجَدْتَنَا عَلَى شَفَا

والے قریش اور ان کے علاوہ پر مال تقسیم کیا گیا تو انصار ناراض ہوئے جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات سنی تو آپ ان کے گھروں میں آئے پھر فرمایا: جو بھی انصاری ہے وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر آئے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا' اللہ کی حمد کی' پھر فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا اللہ عزوجل نے تم پر ایمان لانے کا احسان نہیں کیا' تمہیں عزت کے ساتھ خاص نہیں کیا' تمہارا اچھا نام نہیں رکھا' تم اللہ اور اس کے رسول کے مددگار نہیں ہو؟ اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا' اگر لوگ ایک وادی میں چلیں اور تم دوسری وادی میں چلو تو میں تمہاری وادی میں چلوں' کیا تم خوش نہیں ہو کہ لوگ مالِ غنیمت' بکریاں' جانور اور اونٹ لے کر جائیں اور تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جاؤ! جب انصار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات سنی تو اُنہوں نے عرض کی: ہم خوش ہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو میں نے کہا وہ مجھے بتاؤ؟ انصار نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اندھیرے میں تھے اللہ عزوجل نے آپ کے ذریعہ ہمیں نور کی طرف نکالا' ہم جہنم کے کنارے پر تھے اللہ عزوجل نے ہمیں آپ کے ذریعہ بچالیا' ہم گمراہی میں تھے اللہ عزوجل نے آپ کے ذریعے ہمیں ہدایت دی' ہم اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر خوش ہیں' یارسول اللہ! جو چاہیں آپ کریں مقامِ حلّ کی وسعتوں میں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر تم اس کے علاوہ

حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنقَذَنَا اللّٰهُ بِكَ، وَوَجَدْتَنَا ضُلَّالًا فَهَدَانَا اللّٰهُ بِكَ، فَرَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، فَاصْنَعْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا شِئْتَ فِي أَوْسَعِ الْحِلِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ أَجَبْتُمُونِي بِغَيْرِ هَذَا الْقَوْلِ، لَقُلْتُ: صَدَقْتُمْ، لَوْ قُلْتُمْ: أَلَمْ تَأْتِنَا طَرِيدًا فَآوَيْنَاكَ، وَمُكَذَّبًا فَصَدَّقْنَاكَ، وَمَخْذُولًا فَنَصَرْنَاكَ، وَقَبِلْنَا مَا رَدَّ النَّاسُ عَلَيْكَ؟ لَوْ قُلْتُمْ هَذَا لَصَدَقْتُمْ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: بَلْ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ الْمَنُّ، وَالْفَضْلُ عَلَيْنَا، وَعَلَى غَيْرِنَا، ثُمَّ بَكَوْا، فَكَثُرَ بُكَاؤُهُمْ، فَبَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ، وَرَضِيَ عَنْهُمْ، فَكَانُوا بِالَّذِي قَالَ لَهُمْ أَشَدَّ اغْتِبَاطًا وَأَفْضَلَ عِنْدَهُمْ مِنْ كُلِّ مَالٍ

بات کرتے تو میں تمہاری تصدیق کرتا' اگر تم کہتے کہ کیا آپ ہمارے پاس نہیں آئے' ہم نے آپ کو پناہ دی' آپ کو جھٹلایا گیا تو ہم نے آپ کی تصدیق کی' آپ کو پریشان کیا گیا تو ہم نے آپ کی مدد کی' ہم نے قبول کیا جو لوگوں نے آپ کی طرف واپس کیا' اگر تم یہ کہتے تو میں تصدیق کرتا۔ انصار نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول نے احسان کیا اور ہم پر فضل کیا اور ہمارے علاوہ پر۔ پھر انصار کثرت سے رونے لگے' حضور ﷺ بھی ان کے ساتھ رونے لگے' آپ ان سے راضی ہوئے' وہ ایسے ہو گئے جس طرح کہ ان سے سخت محبت ہوتی ہے' ان کے پاس ہر قسم کا مال تھا۔

خُصَيْفَةُ أَبُو يَزِيدَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

حضرت خصیفہ ابو یزید' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

6526 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَوَارِيَ يَتَغَنَّيْنَ يَقُلْنَ: تُحَيُّونَا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چند بچیوں سے ملے جو پڑھ رہی تھیں' تم ہمیں زندہ رکھو' ہم تمہیں زندہ رکھیں گے' رسول اللہ ﷺ ٹھہرے' پھر ان کو بلوایا' آپ نے فرمایا: تم ایسے نہ کہو بلکہ پڑھو: ہم کو اور تم کو زندہ رکھا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ لوگوں کے لیے یہ

نُحَيِّكُمْ، فَوَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ دَعَاهُنَّ، فَقَالَ: لَا تَقُولُوا هَكَذَا، وَلَكِنْ قُولُوا: حَيَّانَا وَإِيَّاكُمْ ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتُرَخِّصُ لِلنَّاسِ فِي هَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ ' إِنَّهُ نِكَاحٌ لَا سِفَاحٌ، أَشِيدُوا بِالنِّكَاحِ

رخصت دے رہے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ نکاح ہے خون نہیں ہے' اس کے ذریعہ نکاح کا اعلان کرو۔

6527 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا هَلَكَ ابْنُهُ طَاهِرٌ ذَرَفَتْ عَيْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' بَكَيْتَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَيْنَ تَذْرِفُ، وَإِنَّ الدَّمْعَ يَغْلِبُ، وَإِنَّ الْقَلْبَ يَحْزَنُ، وَلَا نَعْصِي اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لخت جگر حضرت طاہر رضی اللہ عنہ کا وصال باکمال ہوا تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ رو رہے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آنکھ روتی ہے' آنسو غالب آ جاتے ہیں اور دل پریشان ہوتا ہے' لیکن ہم اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے ہیں۔

6528 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّصْرِ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ كِبْرٍ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْنَا، وَكَيْفَ لَنَا أَنْ نَعْلَمَ مَا فِي قُلُوبِنَا مِنْ ذَلِكَ الْكِبْرِ؟ وَأَيْنَ هُوَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ الصُّوفَ أَوْ حَلَبَ الشَّاةَ أَوْ أَكَلَ مَعَ مَا مَلَكَتْ يَمِينُهُ، فَلَيْسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہوا' وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ہلاک ہو گئے' یہ کیسے معلوم ہو کہ ہمارے دلوں میں تکبر ہے اور وہ کہاں ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صوف پہنی اور بکری کا دودھ پیا' اپنے غلام کے ساتھ کھایا' اگر اللہ نے چاہا تو اس کے دل میں تکبر نہیں ہوگا۔

فِی قَلْبِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْكِبْرُ

يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنِ السَّائِبِ

حضرت یزید بن خصیفہ' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6529 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَاهَرَ يَوْمَ أُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اُحد کے دن دو زرہیں پہن کر نکلے۔

6530 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: بِحَسْبِ امْرِءٍ أَنْ يَدْعُوَ، أَنْ يَقُولَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ فرماتے تھے کہ آدمی کے دعا کرنے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ یہ پڑھے: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل کر۔

6531 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْأَسْوَدِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ أُمَّتِي عَلَى الْفِطْرَةِ مَا صَلُّوا الْمَغْرِبَ قَبْلَ اطِّلَاعِ النُّجُومِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت فطرت پر رہے گی جب تک نمازِ مغرب ستاروں کے طلوع ہونے سے پہلے ادا کرتے رہیں گے۔

6532 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ،

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے شراب پی' اللہ عزوجل اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں کرے گا۔

عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَرِبَ مُسْكِرًا مَا كَانَ، لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِينَ يَوْمًا

6533 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ إِنْسَانٍ يَكُونُ فِي مَجْلِسٍ، فَيَقُولُ حِينَ يُرِيدُ أَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ ، فَحَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِيثِ يَزِيدَ بْنَ خُصَيْفَةَ، فَقَالَ: هَكَذَا حَدَّثَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اسماعیل بن عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں: مجھے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے مجلس میں کھڑے ہونے سے پہلے سبحانک اللّٰھم لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک پڑھا' اس کے پڑھنے سے مجلس میں ہونے والی غلطی معاف ہو جائے گی۔ میں نے یہ حدیث یزید بن خصیفہ سے بیان کی آپ نے فرمایا: اسی طرح مجھے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے بیان کی ہے۔

6534 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِخَمْسٍ: بُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً، وَادَّخَرْتُ شَفَاعَتِي لِأُمَّتِي، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ شَهْرًا أَمَامِي ' وَشَهْرًا خَلْفِي، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے دیگر انبیاء پر پانچ لحاظ سے فضیلت دی گئی ہے: مجھے تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا' میں نے اپنی اُمت کے لیے شفاعت رکھی ہے' میری ایک ماہ کی مسافت سے آگے اور پیچھے تک رعب کے ذریعے مدد کی گئی ہے اور میرے لیے روئے زمین کو مسجد اور پاک کرنے والا بنا دیا گیا اور میرے لیے مالِ غنیمت حلال کی گئی جو مجھ سے پہلے حلال نہیں تھی۔

وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي

6535 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، أَخْبَرَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: اشْتَكَيْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحُمِلْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُهُ يَرْقِينِي بِالْقُرْآنِ، وَنَفَثَ عَلَيَّ بِهِ، وَاللَّفْظُ لِهِشَامِ بْنِ عَمَّارٍ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بیمار ہوا' مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جایا گیا' میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے مجھے قرآن کے ذریعے دَم کیا اور مجھ پر پھونک ماری۔ یہ الفاظ حدیث ہشام بن عمار کے ہیں۔

سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنِ السَّائِبِ

حضرت سعد بن سعید انصاری' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6536 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ الْكِنْدِيَّ، ابْنَ أُخْتِ النَّمِرِ، يَقُولُ: فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ زِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ، وَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ

حضرت نمر کی بہن کے بیٹے حضرت سائب بن یزید الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز دو دو رکعتیں فرض کی گئی تھی پھر حالتِ اقامت میں دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا اور سفر کی نماز کو برقرار رکھا گیا۔

6537 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ

حضرت نمر کی بہن کے بیٹے حضرت سائب بن یزید الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز دو دو رکعتیں

سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ زِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ وَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ

فرض کی گئی تھی پھر حالتِ اقامت میں دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا اور سفر کی نماز کو برقرار رکھا گیا۔

مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

محمد بن یوسف' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

6538 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حُجَّ بِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ حجۃ الوداع (الوداعی حج) کیا' اس وقت میری عمر سات سال تھی۔

6539 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

6540 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ عُبَيْسِ بْنِ مَرْحُومٍ الْعَطَّارُ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، أَوْ غَيْرِهِ - شَكَّ بِشْرٌ - عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: ذَهَبَتْ بِي خَالَتِي إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِي يَشْتَكِي فَتَوَضَّأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری خالہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گئی' عرض کی: یارسول اللہ! میری بہن کا بیٹا بیمار ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا' میں نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی پیا' پھر میں آپ کی پشت انور کے پیچھے کھڑا ہوا' میں نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان چکور کی گھنڈی کی طرح مہر دیکھی۔

فَشَرِبْتُ وَضُوءَهُ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَرَأَيْتُ خَاتَمَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ

الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ السَّائِبِ

6541 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ لِيَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ: كَانَ الصَّاعُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدًّا وَثُلُثًا بِمُدِّكُمُ الْيَوْمَ، فَزِيدَ فِيهِ فِي زَمَنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: وَقَالَ السَّائِبُ: حُجَّ بِي فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا غُلَامٌ

6542 - ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، قَالَ: ذَهَبَتْ بِي خَالَتِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِي وَجِعٌ، فَمَسَحَ رَأْسِي، وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ

جعید بن عبدالرحمٰن، حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

حضرت جعید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ صاع حضورﷺ کے زمانہ میں ایک مُد اور تہائی کا تھا آج کے تمہارے مُد کی طرح۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں اضافہ کیا گیا۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد کے ساتھ رسول اللہﷺ کے زمانہ میں حج کیا جبکہ میں بچہ تھا۔

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری خالہ مجھے رسول اللہﷺ کے پاس لے گئی، عرض کی: یارسول اللہ! میری بہن کا بیٹا بیمار ہے، آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور میرے لیے برکت کی دعا کی، پھر آپ نے وضو کیا اور میں نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی پیا، پھر میں آپ کی پشت کے پیچھے کھڑا ہوا، میں نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان چکور کی گھنڈی کی طرح مہر نبوت دیکھی۔

6543 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَبَعْضِ زَمَنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا لَا نَجْلِدُ فِي الْخَمْرِ حَتَّى عَتَوْا فِيهَا، فَجَلَدَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ثَمَانِينَ، فَلَمْ يُبَكِّتُوا، فَجَعَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِيهَا ثَمَانِينَ، وَقَالَ: إِنَّهُ إِذَا سَكِرَ افْتَرَى، وَقَالَ الْبُهْتَانَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے دورِ خلافت میں شراب کی حد میں کوڑے لگاتے تھے یہاں تک کہ اس میں اضافہ ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے مارے' ڈانٹ ڈپٹ نہیں کی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے سزا رکھی' فرمایا: جب نشہ آئے تو اس نے بہتان باندھا (اور بہتان کی سزا اسّی کوڑے ہے' اس لیے شراب پینے کی سزا بھی اسّی کوڑے ہے)۔

6544 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّويَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ جُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: أُتِيَ بِرَجُلٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ هَذَا سَرَقَ جُلَّ بَعِيرٍ أَوْ جُلَّ دَابَّةٍ ' فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا إِخَالُهُ فَعَلَ ' ثُمَّ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ هَذَا سَرَقَ ' قَالَ: مَا إِخَالُهُ فَعَلَ ، حَتَّى شَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ شَهَادَاتٍ ' فَقَالَ: اذْهَبُوا بِهِ، فَاقْطَعُوهُ، ثُمَّ ائْتُونِي بِهِ فَقَطَعُوهُ، ثُمَّ جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَيْحَكَ تُبْ إِلَى اللَّهِ ، قَالَ: تُبْتُ إِلَى اللَّهِ قَالَ: اللَّهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا' اُس نے اونٹ یا کسی جانور کی جل چوری کی تھی' حضورﷺ نے فرمایا: میرا گمان نہیں ہے کہ اس نے یہ کام کیا ہو' پھر اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: میں خیال نہیں کرتا کہ اس نے یہ کام کیا ہے یہاں تک کہ اس نے اپنے اوپر مکمل گواہی دی' آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور اس کا ہاتھ کاٹ دو پھر میرے پاس لاؤ۔ اس کا ہاتھ کاٹا پھر رسول اللہﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! تُو اللہ سے توبہ کر۔ اس نے عرض کی: میں نے اللہ سے توبہ کی' آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کی توبہ قبول فرما۔

6545 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا

حضرت جعید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے پاس تھا'

الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ إِذْ جَاءَهُ الزُّبَيْرُ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَفِي وَجْهِهِ أَثَرُ السُّجُودِ، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قِيلَ: الزُّبَيْرُ قَالَ: لَقَدْ أَفْسَدَ هَذَا وَجْهَهُ، أَمَا وَاللَّهِ، مَا هِيَ السِّيمَاءُ الَّتِي سَمَّاهَا اللَّهُ، وَلَقَدْ صَلَّيْتُ عَلَى وَجْهِي ثَمَانِينَ سَنَةً مَا أَثَّرَ السُّجُودُ بَيْنَ عَيْنَيَّ

اچانک حضرت زبیر بن سہیل بن عبدالرحمٰن بن عوف آئے' ان کے چہرے پر سجدوں کے نشانات تھے' جب آپ نے دیکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ کہا گیا: زبیر ہے' آپ نے فرمایا: اس نے اپنے چہرے کو خراب کیا ہے' اللہ کی قسم! یہ وہ نشانی نہیں ہے جو اللہ نے بیان فرمائی ہے' میں اسّی سال سے نماز پڑھ رہا ہوں' میری دونوں آنکھوں کے درمیان سجدہ کے نشانات نہیں ہیں۔

6546 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ امْرَأَةً دَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَتَعْرِفِينَ هَذِهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَغَنَّتْهَا، فَقَالَ: لَقَدْ نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِي مِنْخَرَيْهَا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تُو اسے جانتی ہے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جی ہاں! اس نے گایا تھا' آپ نے فرمایا: اس کے گلے میں شیطان نے پھونک ماری تھی۔

يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

یوسف بن یعقوب' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6547 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْرَجَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ خَنْظَلٍ مِنْ تَحْتِ أَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ بَعْدَ هَذَا صَبْرًا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے عبداللہ بن خنظل کو کعبہ کے پردہ سے نکالا اور اسے قتل کیا' پھر فرمایا: آج کے بعد کسی قریشی کو باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا۔

أَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ عَنِ السَّائِبِ

6548 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ الْمُغِيرَةِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنِي أَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ خَرَجَ النَّاسُ يَتَلَقَّوْنَهُ، فَخَرَجَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ، قَالَ السَّائِبُ: فَكُنْتُ فِيمَنْ تَلَقَّاهُ مَعَ الصِّبْيَانِ، حَتَّى لَقِينَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ

ابومودود عبدالعزیز بن ابوسلیمان مدنی' حضرت سائب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ آئے' غزوۂ تبوک سے واپسی پر تو لوگ آپ سے ملاقات کے لیے نکلے' عورتیں اور بچے بھی نکلے۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی بچوں کے ساتھ آپ کو ملا' ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ثنیۃ الوداع کے مقام پر ملے۔

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْمُغِيرَةِ النَّوْفَلِيُّ عَنِ السَّائِبِ

6549 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ السُّحُورُ التَّمْرُ

حضرت عبدالملک بن مغیرہ نوفلی' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھی سحری وہ ہے جو کھجور سے کی جائے۔

6550 - وَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُتَسَحِّرِينَ

اور آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل سحری کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔

6551 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اچھا سالن سرکہ ہے۔

6552 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا خَلْفَهُ يُقَلِّبُ الْحَصَى، وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مَنْ قَلَّبَ الْحَصَى؟ فَقَالَ رَجُلٌ: أَنَا ' فَقَالَ: ذَلِكَ حَظُّكَ فِي صَلَاتِكَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کے دوران حضور ﷺ نے اپنے پیچھے سنا کہ ایک آدمی کنکریاں پلٹا رہا تھا' آپ نے فرمایا: کس نے کنکری پلٹی ہے؟ ایک آدمی نے عرض کی: میں نے! آپ نے فرمایا: تیری نماز میں تیرا یہی حصہ ہے۔

دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

داؤد بن قیس الفراء' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6553 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ يَقُولُ: عَوَّذَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ تفلا

حضرت داؤد بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ نے سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا۔

عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ عَنِ السَّائِبِ

6554 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَخِي النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ، قَالَ: كَانَ وَسَطُ رَأْسِ السَّائِبِ أَسْوَدَ، وَبَقِيَّةُ رَأْسِهِ وَلِحْيَتُهُ أَبْيَضَ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا سَيِّدِي، وَاللّٰهِ، مَا رَأَيْتُ مِثْلَ رَأْسِكَ هَذَا قَطُّ، هَذَا أَبْيَضُ وَهَذَا أَسْوَدُ، قَالَ: أَوَلَا أُخْبِرُكَ يَا بُنَيَّ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: إِنِّي كُنْتُ مَعَ صِبْيَانٍ نَلْعَبُ، فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَضْتُ لَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ، مَنْ أَنْتَ؟ فَقُلْتُ: أَنَا السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ أَخُو النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ، فَمَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسِي، وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَا يَبْيَضُّ أَبَدًا، أَوْ قَالَ: لَا يَزَالُ هَكَذَا أَبَدًا

حضرت سائب کے غلام عطاء حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ نمر بن قاسط کے بھائی حضرت سائب رضی اللہ عنہ کے سر کے درمیان والا حصہ کالا تھا اور ان کا باقی سر اور داڑھی سفید تھی' میں نے ان سے عرض کی: میرے آقا' اللہ کی قسم! میں نے آپ کی طرح کسی کو نہیں دیکھا ہے' یہ بال سفید ہیں اور یہ کالے ہیں۔ فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا میں تمہیں بتاؤں! میں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے تو میں آپ کے سامنے ہوا' میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے فرمایا: تجھ پر سلامتی ہو! تو کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں سائب بن یزید' نمر بن قاسط کا بھائی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سر پر اپنا دستِ مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ تمہیں برکت دے! حضرت سائب نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ ہمیشہ کے لیے سفید نہیں ہیں' یا فرمایا: ہمیشہ ایسے ہی رہیں گے جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دست مبارک پھیرا۔

الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيتِ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

6555 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ

زبیر بن خریت' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ أَبِي بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا الزُّبَيْرُ يَعْنِي ابْنَ الْخِرِّيتِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَ حَسَنًا، فَقَالَ لَهُ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ: لَقَدْ وُلِدَ لِي عَشْرٌ مَا قَبَّلْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ

کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو چوما تو آپ سے حضرت اقرع بن حابس نے عرض کی: میرے دس بچے ہیں لیکن میں نے ان میں سے کسی کو کبھی نہیں چوما ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ اُس پر رحم نہیں کرتا ہے۔

إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ السَّائِبِ

اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ بن عبیداللہ' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6556 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّي عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، فَبَعَثَنِي إِلَيْهِ، فَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الشَّيْخِ، فَقُلْ لَهُ: يَقُولُ لَكَ عَمِّي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ: هَلْ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: نَعَمْ، قَدْ رَأَيْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلْتُ عَلَيْهِ أَنَا وَغِلْمَةٌ مَعِي، فَوَجَدْنَاهُ يَأْكُلُ تَمْرًا فِي قِنَاعٍ وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَبَضَ لَنَا

حضرت اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا عیسیٰ بن طلحہ کے ساتھ مسجد میں داخل ہوا' حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ آئے' مجھے آپ کی طرف بھیجا' فرمایا: اس بزرگ کی طرف جاؤ! اس نے عرض کی کہ میرے چچا عیسیٰ بن طلحہ عرض کرتے ہیں کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے؟ میں آپ کی طرف گیا' آپ نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ میں اور بچے جو میرے ساتھ تھے' آپ کے پاس آئے' پھر آپ کو کھجوریں کھاتے ہوئے پایا' آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ تھے' آپ نے ایک مٹھی کھجور ہمیں دی اور ہمارے سروں پر اپنا دست مبارک پھیرا۔

مِنْ ذَلِكَ التَّمْرِ قَبْضَةً، وَمَسَحَ عَلَى رُءُوسِنَا

إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ

ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ‘ حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6557 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ الْعَلَّافُ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ السُّحْتِ: ثَمَنُ الْكَلْبِ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ، وَكَسْبُ الْحَجَّامِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کتے کی کمائی اور زانیہ کی کمائی اور حجام کی کمائی حرام فرمائی ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سُلَيْكٌ

جن کا نام سلیک ہے

سُلَيْكُ بْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ ابْنُ هُدْبَةَ الْغَطَفَانِيُّ

حضرت سلیک بن عمرو‘ آپ کا نام ابن ھدبہ غطفانی بھی ہے

6558 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ سُلَيْكٌ مِنْ غَطَفَانَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سُلَيْكُ، قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس کا نام سُلیک تھا‘ قبیلہ غطفان کا رہنے والا‘ اس حالت میں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے‘ حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر دو رکعتیں پڑھو۔

6559 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ، وَدَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، ح وَأَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزْ فِيهِمَا

آدمی آیا جس کا نام سُلیک تھا' قبیلہ غطفان کا' اس حالت میں کہ حضورﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے' حضورﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر رکعتیں پڑھو۔

6560 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ يَعْنِي ابْنَ نَافِعٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يُحَدِّثُ أَنَّ سُلَيْكًا جَاءَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَجَلَسَ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس کا نام سلیک تھا' قبیلہ غطفان کا رہنے والا' اس حالت میں کہ حضورﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے' پس وہ بیٹھ گیا تو حضورﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر رکعتیں پڑھو۔

6561 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: جَاءَ رَجُلٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ: أَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے' ایک آدمی آیا' حضورﷺ نے اسے فرمایا: تم نے دو رکعت نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: نماز پڑھو۔

6562 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ: إِذَا كَانَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے: جب تم میں سے کوئی جمعہ کے دن آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو یا وہ نکلے تو دو رکعت پڑھو۔

أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، أَوْ قَدْ خَرَجَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

6563 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ قَالَ: فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے ایک آدمی آیا' حضورﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: نماز پڑھو۔ راوی کا بیان ہے: اس نے دو رکعت نماز پڑھی۔

6564 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا أَبِي، عَنْ حَبِيبٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ غَطَفَانَ جَاءَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ، وَأَخِفَّهُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور قرأت مختصر کرو۔

6565 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6566 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ

الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6567 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: هَلْ صَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: قُمْ فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو اور نماز ادا کرو۔

6568 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، وَعَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ: صَلَّيْتَ يَا فُلَانُ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: قُمْ فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے اسے فرمایا: اے فلاں! تُو نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو! دو رکعتیں ادا کرو۔

6569 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَاتِ الْقَزَّازُ، ثنا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سُلیک نامی قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپﷺ نے اسے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6570 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضورﷺ خطبہ

جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: دَخَلَ سُلَيْكُ بْنُ عَمْرٍو الْغَطَفَانِيُّ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6571 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: فَأَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن سُلیک غطفانی آیا' جبکہ حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو۔

6572 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ، خَتَنُ عَمْرِو بْنِ عَوْنٍ الْوَاسِطِيِّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا، وَقَالَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن سُلیک غطفانی آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے حکم فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو' اور فرمایا: جب تم میں سے کوئی آدمی آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو اسے چاہیے کہ دو رکعت ادا کرے اور ان میں اختصار سے کام لے۔

6573 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي كَبْشَةَ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز

حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ، أَنَّهُ جَاءَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَكَعْتَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزْ فِيهِمَا

پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو۔

مَا أَسْنَدَ سُلَيْكٌ

حضرت سلیک رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

6574 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَيُّوبَ الضَّبِّيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ السُّكَّرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ، وَلَا تَوَضَّئُوا مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ، وَصَلُّوا فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَلَا تُصَلُّوا فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ

حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرو (یعنی کلی وغیرہ کرو) اور بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرو اور بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھنے کی اجازت ہے اور اونٹ باندھنے کی جگہ نماز نہ پڑھو۔

☆☆☆☆☆